مجرباتِ لقمانی
حکیم عبدالرحیم جلیل
اعجاز پبلشنگ ہاؤس
نئی دہلی

ولقد اتینا لقمان الحکمة

حکیم عبدالرّحیم جلیل زبدۃ الحکماء (گولڈمیڈلسٹ)

کی زندگی کے تجربات کا نچوڑ

مُجرّباتِ لُقمانی

اوّل و دوم

اعجاز پبلشنگ ہاؤس

۲۰۶۰۔ کوچہ چیلان دریاگنج۔ نئی دہلی۔۱۱۰۰۰۲

عرضِ ناشر

اللہ رحیم و کریم نے فروغ علم کی جو خدمت ہمارے ذمہ لگائی ہے ہم اپنی سی کوشش کر کے اس اہم شاہراہ پر باد مخالف کے منہ زور تھپیڑوں' ریت کے شدید طوفانوں اور بحر ظلمات کی طوفانی لہروں کا قوت ایمانی سے مقابلہ کرتے ہوئے دکھی انسانیت کے دکھوں کا مداوا کرنے کے لئے عزم صمیم اور ثابت قدمی سے مسلسل اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہیں۔

اب تک ہم نے جو کتب اعلیٰ معیار کے ساتھ شائع کر کے مارکیٹ میں پیش کی ہیں الحمد اللہ ہر حلقہ ہائے علم خصوصاً طبی حلقوں کی طرف سے ہماری بہت حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔ اسی حوصلہ افزائی کے نتیجہ میں ہمارے ارادوں میں فولادی مضبوطی آئی ہے۔

مطب کی رونق کو دوبالا کر دینے والا عظیم طبی شاہکار "قرابادین اکسیر اعظم" معالج اور ہر لائبریری کی اہم ترین ضرورت (زیر طبع)

حکیم و ڈاکٹر غلام جیلانی کی صدیوں زندہ رہنے والی انمول طبی لغت "مخزن الجواہر" اعلیٰ طباعتی معیار کے ساتھ قارئین کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں (زیر طبع)

پیش لفظ
حکیم حافظ طاہر محمود
فاضل الطب و الجراحت

لقمانی مجربات کے مؤلف حکیم عبدالرحیم جلیل مرحوم ہندوپاک کے ان چیدہ چیدہ حکماء کی فہرست میں شامل ہیں جنہوں نے اپنے "صدری نسخہ جات" اور مطب کے "خفیہ راز" دل کھول کر اطباء اور شائقین طب کی خدمت میں پیش کر دیئے ہیں۔ یہ انہی کا خاصہ تھا کہ اپنی تصنیفات میں بھرتی کا نسخہ تحریر کرنے اور محض "خانہ پری" کو وہ جرم عظیم سمجھتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ حکیم صاحب مذکور کی تصانیف نے چاردانگ عالم میں وہ مقبولیت حاصل کی جو صرف گنتی کے چند حکماء کی تصانیف کو ہی نصیب ہوئی ہے۔

حکماء متقد مین کا مقصد صرف فروغ طب اور فلاح انسانیت تھا۔ سچائی' خلوص' ان تھک محنت اور خدمت خلق کا جذبہ ان میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ وہ آخرت میں رب ذوالجلال کے حضور دنیاوی اعمال کی جواب دہی کے احساس کے ساتھ اپنی زندگی کا ہر لمحہ گزارتے تھے اور صرف رزق حلال پر اکتفا کرتے تھے۔

وہ چوبیس گھنٹوں میں اپنی دینی' نجی اور مطب کی مصروفیات سے قرآن کریم اور حدیث مبارکہ کے ساتھ طبی کتب کے مطالعہ کے لئے کچھ نہ کچھ وقت ضرور نکال لیتے تھے۔ ان کی زندگیاں ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔

بحرحال لقمانی مجربات حکیم عبدالرحیم جلیل صاحب کی ایک اچھی کاوش ہے۔ اس کتاب کے نسخہ جات تجربہ کی کسوٹی پر پرکھے جاچکے ہیں اور اعتماد کے ساتھ ان کو درست طریقے سے تیار کرکے مختلف امراض میں کامیابی سے استعمال کرایا جاسکتا ہے۔

یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے پہلے حصے میں امراض راَس تا امراض متفرقہ کا ذکر ہے جبکہ حصہ دوم جنسی امراض کے علاج پر مشتمل ہے بلاشبہ پیش نظر کتاب اطباء کرام اور طب اسلامی کی افادیت پر یقین رکھنے والے دیگر معالجین کے لئے ایک بہترین راہنما ثابت ہوگی۔

وما علینا الا البلاغ

فہرست ابواب مجربات لقمانی

صفحہ

Scanned by CamScanner

فہرست:

میں ابواب کا تذکرہ ہے جن امراض کا نیچے ذکر کیا گیا ہے۔ ان کے نسخہ جات کتاب میں مذکور ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

الحمد للہ العالی العظیم والصلوٰۃ والسلام علی نبیہ الکریم

تمام تعریفیں اس ذات ستودہ صفات کو ہیں جس کا نام ہی "شافی الامراض" ہے۔ درود و سلام ہمارے طبیب روحانی و جسمانی سرکار مدینہ سردار عالم سیدالاولین والاخرین خاتم النبین حضرت محمدؐ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہو جن کی اتباع سے ہمیں شرک جیسی خطرناک مرض سے نجات ملی:۔

اما بعد جب آپ کے نیازمند (زبدۃ الحکماء حکیم عبدالرحیم جلیل گولڈ میڈلسٹ مدیر لقمان) نے لقمانی گائیڈ جلد اول لقمانی گائیڈ جلد ثانی۔ معالج النساء اور محافظ میان کو اپنے احباب اور ہم مشرب بھائیوں کے سامنے پیش کیا تو ہر طرف سے مطالبہ شروع ہوا۔ مجربات کی ایسی نادرہ روزگار کتاب تدوین ہونی چاہئے جس کے ہوتے ہوئے تمام پرانی قرابادینوں اور نئے فارماکوپیوں (جو صرف تسوید اوراق کا کام دے رہے ہیں) سے نجات مل جائے۔ ایک ایسا دستور طب ہو جس میں کسی بھی خزف ریزہ کو جگہ نہ مل سکے بلکہ تمام کے تمام ہی تابندہ الماس ہوں۔

میں نے احباب کے اشتیاق کو دیکھتے ہوئے تہیہ کر لیا کہ معززین کے خیالات کو عملی جامہ پہنانا ایک فنی خدمت ہوگی بنابریں میں نے اس ارادہ کی تکمیل شروع کردی۔

جب سے لقمان جاری ہوا تھا اس میں سے تمام مجربات کو چھانٹ لیا جن کی محبان لقمان کی طرف سے بارہا بار تصادیق موصول ہو چکی تھیں جنہیں میں نے بھی اپنے مطب میں استعمال کرکے بہترین پایا تھا علاوہ بریں ایسے جواہرات بھی پیش کئے جو آج تک سینہ کی مقفل دیواروں سے باہر نہ آسکے تھے ان کو بھی ساتھ ہی امراض وار تدوین کیا کتاب کے دو حصے بنائے مگر ایک ہی جلد میں مرقع کرکے احباب کی تمنا کو پورا کرنے کے لئے پیش کردیا۔

اس کتاب کو میں نے اپنی انتہائی کوشش' چھان بین اور دیانتداری سے لکھا ہے تاکہ نووارد اقلیم طب کیلئے مشعل راہ ثابت ہو۔

صاحب نظر و فطین کو اپنی خوش ذوقی کی وجہ سے ایک کیف و سرور پیدا ہوگا کیونکہ بخل جیسی مذموم عادت سے مجھے قدیم سے ہی نفرت تھی۔

میری محنت و کارگزاری کا بہترین ثمرہ آپ کے سامنے ہے جسے آپ مطالعہ فرماکر بے ساختہ یہ شعر گنگنا رہے ہیں ؎

للہ الحمد ہرآں چیز کہ خواطر میخواست
آخر آمدزپس پردہ تقدیر پدید

یہ عرض کئے بغیر نہیں رہا جاسکتا۔ تدوین ابواب میں میرا مسلک تمام مصنفین سے آپ کو

الگ نظر آئے گا۔

کتاب کے گو دو حصے ہیں مگر ایک ہی جلد میں پیش کر دیئے گئے ہیں پہلے حصہ میں امراض عامہ اور دوسرے میں خاصہ کو احاطہ تحریر میں لایا گیا ہے۔

ہر باب میں فصول اور نوٹ بڑھا کر وقت اور کاغذ کو ضائع نہیں کیا گیا بلکہ امراض سر ایک ہی باب میں، امراض چشم ایک ہی باب میں ور امراض ناک بتمامہ ایک ہی باب میں مع نسخہ جات پیش کر دیئے گئے ہیں وقس علی ذالک الیواقی۔ جیسا کہ ناظر کو اس کی ماسبق فہرست اور آئندہ ہر باب کا مطالعہ فرماتے وقت معلوم ہو جائے گا۔

میں نے اس کتاب میں عمداً" تشخیص مرض، اسباب مرض، علامات مرض کو چھوڑ دیا ہے کیونکہ اس سے قبل ماثل و دل کے پیش نظر اپنی سابقہ تصنیفات میں وہ رموز و نکات بیان کر دیئے جن سے ماخوق التذکرہ کی بالوضاحت تمیز ہو سکتی ہے۔

میرے احباب نے اگر عادت مستمرہ کی طرح حوصلہ افزائی فرمائی تو وہ دن دور نہیں جس میں آپ کے لئے دو اور نادر الوجود کتابیں—— پیش کرنے کی سعادت حاصل کر سکوں گا۔ باللہ التوفیق۔

ایک کتاب کشتہ جات پر جس کا مسودہ کافی حد تک تیار کیا جا چکا ہے جس کا میں نے "کشتہ جات لقمانی" نام تجویز کیا ہے۔ اس میں وہی اکسیری تراکیب درج ہوں گی جن کو میں نے ادارہ لقمان نے یا میرے ان احباب نے تیار کیا ہوگا جن پر مجھے پورا پورا بھروسہ و اعتماد ہے کہ وہ اپنے ہاتھ سے ضرور ایسے کشتہ جات تیار کرتے رہتے ہیں۔

اس کتاب میں ان ہی کشتہ جات کی تراکیب ہوں گی جو اکسیری اثرات کے حامل اور ہر ایک سے تیار ہو جانے والے ہوں گے بنا بریں ایسی آسان تراکیب اور تاثیرات اکسیری کے حامل کشتہ جات اگر کوئی مہربان اپنے نام سے اس کتاب میں شائع کرانا چاہیں تو ان کے معزز نام سے شائع کئے جا سکتے ہیں بشرطیکہ وہ احباب فنی خدمت کے پیش نظر ارسال فرمائیں جن کشتہ جات کو

انہوں نے کئی دفعہ تیار کیا ہو اپنے مطب میں کثرت سے مرضار پر استعمال کر کے ان کی قلبی دعائیں لی ہوں۔ کیونکہ میں نے عہد کیا ہوا ہے "بھرتی کا نسخہ اپنی تصنیفات میں لکھنا جرم عظیم تصور کرتا ہوں"۔

دوسری کتاب میرے ذہن میں "تشخیص لقمانی" ہے جس میں ان رموز و کنایات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں جن پر مطب لقمانی کی اساس قائم ہے بن کی وجہ سے آپ کے خادم نے شہرت تامہ حاصل کی ہوئی ہے۔ انسان کی چال سے امراض کا پتہ لگانا مریض کے چہرہ سے امراض کا ڈایا گنوز کرنا آنکھ سے امراض کی تشخیص کرنا۔ دانت اور زبان سے سقم کی ٹوہ لگانا' نبض اور ملمس سے امراض کا پتہ لگانا' تھوک اور بلغم سے امراض کا سمجھنا۔ پیشاب اور پاخانہ سے امراض کا پتہ کیسے لگایا جاتا ہے۔ اطبائے عصر کس طرح امراض کی تشخیص کے بعد اپنی علمی فطانت سے لازوال شہرت حاصل کرسکتے ہیں۔

اس کتاب کا ماحصل یہ ہوگا کہ "مریض کے بتائے بغیر تشخیص مرض کس طرح کی جاسکتی ہے مریض پر اپنی حذاقت کا سکہ بٹھا کر کس طرح اسے شفا کا پیام دیا جاسکتا ہے"۔

میرا گمان ہے کہ ایسی جامع کتاب آپ کی نظروں نے آج تک نہ دیکھی ہوگی۔

یونانی طب میں تشخیص ہی ایک بہترین فن تھا جس پر کوئی جامع کتاب آج تک نہیں دیکھی گئی۔

میں اپنے تجربات کی بناء پر ایک ایسا ہی "فارمولا" پیش کرنے والا ہوں جسے دوران دیکھ کر میرے حق میں دعائے خیر کریں گے۔ وباللہ التوفیق۔

ان دونوں کتابوں کی جن کا میں اوپر ذکر کر چکا ہوں ضرورت ہو تو میری معاونت کی جائے جس کا واحد ذریعہ ادارہ لقمان سے وابستگی اور ادارہ کی ناشرہ کتب و مشتہرہ ادویات کی خریداری ہے۔

"لقمان" ادارہ کی طرف سے مجلہ میہ ہے جس نے چار دانگ عالم میں وہ مقبولیت حاصل کی ہے جو اس کے شان کے لائق ہے کیا آپ بھی اسے پسند کرتے ہیں آپ کی رائے مبارکہ کی بھی ضرورت ہے۔

ان چند الفاظ کے ساتھ دیباچہ کو ختم کرتے ہوئے آپ سے فہمائش کروں گا کہ ادارہ آپ کا خادم ہے اس کی کدمت سے فائدہ اٹھایئے۔ واللہ الہادی۔

پیر عبدالرحیم جلیل زبدۃ الحکما گولڈ میڈلسٹ
مستند پنجاب یونیورسٹی۔ نظام آباد

امراض سر

درد سر ـــــ عصابہ ـــــ شقیقہ ـــــ ضعف دماغ ـــــ بے خوابی ـــــ
سرسام ـــــ عطاش ـــــ نسیان ـــــ سدر ودوار ـــــ صرع ـــــ سکتہ ـــــ
فالج و لقوہ ـــــ کزاز و تمدد ـــــ نزلہ وزکام ـــــ ام الصبیان

درد سر

نسوار برائے نزلہ و زکام و درد شقیقہ ــ: ساٹھی کے چاول حسب ضرورت ایک پیالی میں ڈال کر اوپر آگ کا دودھ اس قدر ڈالیں کہ وہ ڈھک جائیں جب دودھ سوکھنے کے قریب ہو۔ تب اور دودھ ڈال دیں۔ اسی طرح تین یا سات بار کریں۔ پھر سکھا کر باریک پیس کر مریض کو ایک ذرہ بھر نسوار سنگھا دیں بہت سی چھینکیں آکر ریزش نکل جائے گی۔ اور نزلہ و زکام سر کا درد دور ہو جائے گا اسی طرح دیسی چاولوں سے بھی نسوار بنائی جاتی ہے۔

مرہم دافع صداع ــ: روغن کدو شیریں، روغن کاہو، روغن بادام شیریں، روغن خشخاش، روغن گل، موم دیسی ہر واحد ۵ تولہ، ان سب دواؤں کو قلعی دار برتن میں ڈال کر ہلکی آگ پر گرم کریں۔ جب موم پگھل جائے تو آگ سے اتار لیں۔ اور اس میں ڈیڑھ تولہ کافور دیسی باریک کرکے ملادیں۔ اور فوراً لکڑی سے چلا کر کپڑے میں چھان لیں اس میں روغن دار چینی۔ روغن الائچی ڈیڑھ تولہ پیپر منٹ ۶ ماشہ اور ملا دیں اور شیشی میں بھر کر رکھ دیں۔ کچھ دیر بعد مانند گھی جم جائے گا۔ دو تین چنے کے برابر پیشانی پر ملیں۔ درد سر، گرمی، سردی بخار کی وجہ سے ہو بلاشبہ دور کرتا ہے۔ لیکن حیض کی خرابی وغیرہ دائمی درد سر کو عارضی فائدہ دیتا ہے۔

اکسیر دماغ ــ: مغز کشنیز، مغز بادام، مغز سونف، ہر واحد ۱۲ تولہ دانہ الائچی ۶ تولہ، طباشیر ۴ تولہ، مصری یک سیر، منقہ ۵ تولہ، روغن گاؤ ۱۰ تولہ، ورق نقرہ ۵ عدد۔ سب کو ملا کر باریک کرلیں۔ روغن میں چرب کرکے مصری کے قوام میں معجون بنائیں۔ ۵ تولہ ہر دو وقت دودھ گائے نیم گرم سے استعمال کریں۔ یہ اکسیر دماغ، کمزوری دماغ، نزلہ و زکام دائمی کے لئے مفید ہے۔

سودیشی پین کلر دافع درد ــ: موم عمدہ ۱۰ تولہ، روغن نارجیل ۲۰ تولہ آگ پر گرم کرکے یکجان کریں۔ سرد ہونے پر کھرل میں ڈال کر پیپر منٹ ڈیڑھ تولہ روغن دار چینی ۶ ماشہ، کافور ۳ ماشہ، روغن لونگ ۳ ماشہ، ملا کر یکجان کریں اگر زیادہ خوشبو چاہیں تو تیل لونڈر ملالیں۔ ہر قسم کے دردوں خصوصاً درد سر کو فوری نفع دیتی ہے۔ درد کی جگہ مالش کریں۔

کرم دماغ کا مجرب علاج ــ: بیخ کیوڑہ خشک کرکے رکھ لیں۔ وقت ضرورت ناس لیں

تمام کرم ناک سے خارج ہو جائیں گے۔

دیگر —: فینائل کی گولیاں کوٹ کر سنگھاتے رہیں۔ کرم بینی خارج ہو جائیں گے۔

نسوار برائے درد شقیقہ و اخراج کرم بینی —: برنج ساٹھی کو تین مرتبہ شیر مدار میں تر و خشک کریں۔ اور نسوار کے طور پر استعمال کیا کریں ہزار پایہ کو سایہ میں خشک کر کے مثل سرمہ باریک کیا جائے اور ہفت روز تک قدرے قدرے سنگھا دیں۔ کرم فانی ہو جائیں گے اور پھر کبھی نہ ہوں گے۔

نسوار بجلی —: ایک تولہ چاول باسمتی سفید براق لے کر ۲ تولہ شیر مدار ڈال کر خشک کریں۔ بعدہ پوٹاسی پر مگناس ا رتی ملا کر کھرل کریں کہ برنگ سرخ نسوار بن جائے۔ نزلہ زکام' سر درد اور درد شقیقہ میں اکسیر ہے۔

آدھے سر کا درد

تریاق عصابہ و شقیقہ —: پوست ہلیلہ کابلی ا تولہ' اسطو خودوس ڈیڑھ تولہ' بادیان ۶ ماشہ' کشنیز خشک ۹ ماشہ' مرچ سیاہ ۲ ماشہ دانہ الائچی کلاں ۶ ماشہ' پوٹاشیم برومائیڈ ۶ ماشہ' اسپرین ۳ ماشہ' سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ پوٹاشیم برومائیڈ و اسپرین بعد میں شامل کریں دوا تیار ہے۔ بقدر ۳ ماشہ رات کو سوتے وقت ہمراہ آب نیم گرم اور صبح کو سورج نکلنے سے پیشتر ۳ ماشہ ہمراہ آب نیم گرم دیں۔ مسکن الم۔ منقی دماغ اور قبض کشا ہے۔ ۵ / ۴ حصہ کا استعمال عصابہ و شقیقہ کو قطعی طور پر زائل کر دیتا ہے۔

درد شقیقہ کافوری اثر علاج —: لونگ' سنڈھ' مرچ سیاہ' ہر سہ مساوی الوزن لے کر پانی میں ضماد کریں۔ مقام درد پر لیپ کریں انشاء اللہ فوراً سر درد بند ہوگا۔

دیگر —: بیخ بیدانجیر' زعفران ہر دو کو پانی میں سحق فرما دیں اور سر پر مالش کریں۔ انشاء اللہ مالش کرتے کرتے درد موقوف ہوگا۔

درد سر کا جادو —: کیفین سائٹراس ۳ گرین' انٹی فیبرین ۲ گرین سوڈا بائیکارب ۷ گرین' تمام کو ملا کر ایک پڑیہ بنادیں اور تازہ پانی کے گھونٹ سے استعمال کرادیں۔ ۵ منٹ مین درد سر رفع ہو جائے گا۔

درد ال

نسوار نجوبہ —: نکچھکنی' کائپھل' تخم سرس' بالچھڑ' الائچی خورد' ہم وزن لے کر باریک پیس

کر نسوار بنائیں۔ سر درد بطور ہلاس مقدار مناسب نتھنوں میں چڑھائیں۔ درد سر، زکام نزلہ، درد شقیقہ، آنسو بہنا، سرخی چشم، ہچکی، فالج، لقوہ، نکسیر یا بخار میں مفید ہے۔

برقی نسوار ---: کائپھل ایک تولہ، پوٹاسی پرمگناس ا ماشہ، دونوں کو باریک کرکے سفوف بنائیں اور شیشی میں سنبھال کر رکھیں۔ بوقت ضرورت بقدر ایک چاول ناس میں زور سے چڑھائیں۔ زکام کی وجہ سے ناک بند ہو۔ اور سر میں سخت درد ہو۔ تو اس کے استعمال سے رکا ہوا مواد خارج ہو کر سر ہلکا ہو جائے گا۔

درد شقیقہ ---: مریض کو پہلے اگر ضروری ہو تو ہلکا سا جلاب دے کر یہ دوا سنگھا دیں۔ افیون اڑھائی رتی زعفران عمدہ ۴ رتی، روغن گل ۲ تولہ، افیون کو تھوڑے عرق بادیان میں گھس کر اس میں زعفران پسا ہوا ملاکر روغن گل ملادیں۔ اور تھوڑا جوش دے لیں مصفیٰ شیشی میں بند کردیں۔ اور محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت مخالف سمت ناک میں دو قطرے دماغ تک کھنچوا دیں فوراً آرام ہو گا۔ احتیاطاً تین بار تین تین پہر کے وقفہ سے استعمال کرائیں۔ اگر دردال کا ہو تو دونوں نتھنوں میں ڈلوائیں۔ میرے مجربات سے ہے۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

دردال کا علاج ---: مرغی کا انڈہ لے کر اس میں سے زردی و سفیدی نکال دیں۔ پھر اس خالی انڈے کو چھلکے سمیت کوئلوں میں جلاکر راکھ کرلیں۔ جب سیاہ کوئلہ ہو جائے کپڑ چھان کرکے رکھ لیں۔ ایک ہی دفعہ کی نسوار سے دردال جاتا رہے گا۔

نکسیر کی عادت ---: جس مریض کو نکسیر زیادہ اور جلد جلد جاتی ہو۔ اس کے لئے ایک عجیب مجرب عمل ہے۔ علی الصباح حاجات ضرور یہ سے فارغ ہو کر تخلیہ میں کسی تخت یا فرش پر پلوتھی مار کر بیٹھ جاؤ اور دائیں ہاتھ سے دائیں پاؤں کا انگوٹھہ پکڑ کر بائیں کان تک لے جاؤ۔ روزانہ ۸ / ۷ مرتبہ ۸/۷ دن تک ایسا کرنے سے نکسیر کا چھوٹنا بند ہو جائے گا۔

نزلہ زکام ---: کنیر سفید خواہ سرخ پھول و برگ کو سایہ میں خشک کرکے نسوار بنالو اور قدرے اس میں سے روزانہ صبح و شام استعمال کرا دیں ایک دو دن میں بالکل صحت ہوگی۔ ترشی تیل سے پرہیز کریں اور اگر قبض کی شکایت ہو تو اسے ضرور رفع کرلو۔

دیگر ---: سردی کی وجہ سے زکام نے تنگ کیا ہو۔ تو صرف زنجبیل کو بطور نسوار بناکر نسوار لینے سے فوراً فائدہ ہوتا ہے۔

تریاق نزلہ ---: بیخ حنظل پاؤ، ما لکنگنی پاؤ۔ دونوں کو کوٹ کر دو سیر پانی میں آگ پر پکائیں جب نصف رہ جائے۔ تو روغن تل نصف ملاکر اس میں حل کرلیں۔ جب پانی جل کر تیل رہ جائے تو مل کر چھان لیں۔ کسی شیشی میں محفوظ رکھ دیں۔ بوقت ضرورت سر پر لگالیا کریں۔ زکام، دائمی

نزلہ، دور کر دیتا ہے اور سفید بال سیاہ کرتا ہے۔ مجرب ہے۔

نسوار غوری ---: گل کنیر سفید، نرکچور، کشمیری پتر، بالچھڑ، اسطوخودوس ہر ایک ایک تولہ، کافور ۳ ماشہ، سب کو باریک باریک غبار کی طرح کر کے کپڑ چھان کرلیں نسوار تیار ہے۔ بگڑی ہوئی زکام اور بند زکام کیلئے اور درد شقیقہ کے واسطے مفید ہے۔ بوقت ضرورت بقدر ۲ رتی ناک میں پھونکیں۔

نسوار کرم دماغ ---: اس نسوار کے استعمال سے دماغ کے کیڑے دور ہو جاتے ہیں۔ تیز پات، سینڈھا نمک، ہم وزن باریک کر کے بطور نسوار سنگھا دیں دماغ کے کیڑے نکل جائیں گے۔

برائے نزلہ و زکام ---: سہاگہ شگفتہ باریک پیس کر کپڑ چھان کرلیں اور اس کو گیرو سے رنگین کرلیں بس تیار ہے خوراک صرف ایک رتی ہمراہ آب کھانسی، نزلہ، زکام، اور آواز بگڑنے کو مفید ہے۔

حلوا مقوی دماغ دافع نزلہ زکام ---: مغز بادام، مغز کدو، مغز تربوز، مغز پستہ، کمد ۲ تولہ، خشخاش سفید ۴ تولہ، الائچی خورد ۶ ماشہ، الائچی کلاں ۶ ماشہ، نشاستہ گندم ۵ تولہ، روغن گاؤ ۱۰ تولہ، بورہ کھانڈ ۱۵ تولہ، نشاستہ کو روغن میں بریاں کر کے پھر بدستور حلوا تیار کریں۔ دو تولہ صبح دو تولہ شام کھائیں۔

خوش ذائقہ چٹنی ---: مغز بادام مقشر ۱۵ عدد۔ چھوہارہ گٹھلی دور کردہ ۲ عدد، الائچی خورد ۴ عدد، مرچ سیاہ ۷ عدد، مصری ۲ تولہ، مکھن تازہ ایک چھٹانک، جملہ ادویات کو باریک پیس کر مکھن میں ملائیں۔ ایک رتی کشتہ چاندی کے ہمراہ روزانہ نہار منہ نوش فرمائیں۔ انشاء اللہ تھوڑے عرصہ میں دماغ کی تکالیف کا قلع قمع ہو کر دماغ طاقتور ہو جائے گا۔

سر چکرانا یا اندھالی آنا ---: تخم نیلوفر (ناپے کے بیج) تخم بالنگو ہر دو مصفا چھ چھ ماشہ لے کر سالم ہی علی الصبح ہمراہ شیر تازہ استعمال کریں حسب ضرورت مصری ملالیا کریں۔ کھڑے کھڑے آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جانا۔ چکر آنا کو مفید ہے۔

اکسیر درد سر و بخار ہر قسم ---: کشتہ سنکھ ۱ تولہ، نوشادر ۱ تولہ انٹی فیور ۱ تولہ، کافور ۶ ماشہ، سب کو ملا کر کھرل کریں۔ خوراک ۲ رتی ہمراہ پانی دیں۔ خواہ یونہی پھنکا دیں یا کیپ سول میں بھر کر فیشن ایبل بنا کر تجارت کریں۔ درد سر کو پانچ منٹ میں دور کر دیتی ہے۔ اگر بخار میں دیں تو چڑھے ہوئے بخار کو پسینہ لا کر اتار دیتی ہے۔

درد ال کا سنیاسی چٹکلہ ---: جس کی آنکھ (ابرو) میں درد شدید ہو۔ نہایت بے چین کرنے والا درد جس کی ٹیس پڑتی ہو۔ اس کے لئے بہترین دوا ہے۔ ایک ہی دن میں شفا ہو جاتی ہے۔

چھوٹی کیٹلی یا کنڈیاری جس کو چھمک نمولی بھی کہتے ہیں۔ سالم پودا جڑ سمیت اکھاڑ کر اس کو حمام دستہ سے اتنا کوٹیں۔ کہ اسمیں ذرا بھی رڑک باقی نہ رہے۔ پھر اس کی ٹکیہ بناکر آنکھ پر رکھ کر پٹی باندھ دیں۔ تین گھنٹہ کے بعد ٹکیہ بدل دیں درد ایک روز میں موقوف ہوگا۔

درد عصابہ ــــ: مریض صبح سویرے ضروری حاجات سے فارغ ہوکر مکان کی چھت پر بیٹھ جائے۔ اور معالج ٹھنڈے پانی کی ایک بالٹی اپنے پاس رکھ لے اور جب ٹھیک سورج کی ٹکیہ نصف اندر اور نصف باہر ہو جائے تو مریض کو معالج اپنے سامنے کرسی پر بٹھا کر اور ایک لوہے کی چوڑے اور چھدرے ہوئے سوراخوں والی چھلنی مریض کے ہاتھوں میں دے کر مریض کو کہو کہ ٹھیک اپنی پیشانی کے سامنے ذرا فاصلے پر رکھو۔ اور اس کے اندر سے بغیر آنکھ جھپکے ٹکٹکی باندھ کر معالج کی طرف دیکھتے رہو۔ کہ آنکھ بالکل جھپکنے نہ پائے اور معالج پانی کا چلو بھر بھر کر چھلنی کے اندر سے مریض کی آنکھوں اور پیشانی پر چھڑکتے جائیں ۱۰/۸ منٹ یہ عمل کریں۔ اور پھر بند کردیں۔ برائے نام مریض کی تسلی و تشفی کے لئے کچھ کلام بالٹی والے پانی پر پھونکتا جائے۔ برسوں کا درد عصابہ ہمیشہ کیلئے دور ہوگا۔

دیگر ــــ: ایک پیسہ کی مصری لے کر سورج چڑھنے سے پیشتر اس کا شربت بناکر پی لیا جائے۔ پہلے ہی دن ورنہ دوسرے دن آرام آجائے گا۔

تریاق صداع ــــ: ہر قسم کے درد سر کا تریاق ہے۔ کھلاتے ہی فوراً پانچ منٹ میں درد رفع ہوگا۔ شدت سرد کی حالت میں تخفیف درد کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔ بخار کی حالت میں بھی دیا جاتا ہے۔ جس سے علاوہ تسکین درد کے بخار بھی کم ہو جاتا ہے۔ آفسٹین ۲ تولہ۔ کیفین سائیٹراس ۱ تولہ، قند سفید ٦ تولہ۔ گیرو ۴ سرخ۔ سب کو باریک کرکے ملالیں۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ آب تازہ کے دیں۔

سعوط درد سر ــــ: شدت درد کی حالت میں فوراً تسکین بخشتا ہے اور نہایت ہی مفید ہوتا ہے۔ کافور، افیون، ہم وزن لے کر عورت کے دودھ یا عرق گلاب میں پیس کر ناک میں سعوط اور پیشانی پر ضماد کریں۔

تریاق صداع ــــ: سوڈا سیلی سلاس ۱ تولہ، اسپرین ۳ ماشہ، سور نجان شیریں ۳ ماشہ، دانہ الائچی خورد ٦ ماشہ، پوٹاشیم برومائیڈ ۳ ماشہ، قند سفید ۲ تولہ، سب کو باریک سفوف بنائیں۔ دورہ کے وقت یہ دوا ۲ ماشہ سے ۳ ماشہ تک ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔ صداع مزمن میں ۱ ماشہ صبح و شام کچھ عرصہ تک معجون بنائیں۔ صداع شقیقہ ــــ صداع عصبی، صداع نزلی، وجع المفاصل، سردی کے دردوں اور تھکے ہوئے دماغ کے لئے ایک بھروسہ کی دوا ہے۔

معجون مقوی دماغ ــــ: مغز کشنیز، خشخاش ملاکر ۱۰ تولہ، دال ماش ٦ چھٹانک، اول خشخاش اور

دال کو تمام رات پانی میں تر رکھیں۔ صبح دونوں کو گھوٹ کر روغن زرد ڈیڑھ پاؤ میں بریاں کریں۔ اور مصری ۹ چھٹانک کا قوام کرکے پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ بادیان مقشر۔ کھوپرہ۔ مغز بادام مقشر۔ مغز پستہ۔ و چہار مغز ہر واحد ۵ تولہ تمام ادویات کو باریک پیس چھان کر قوام میں ملا دیں۔ یہاں تک کہ خوب یکجان ہوجائیں۔ بس تیار ہے کسی روغنی برتن میں بھر رکھیں اور ہر روز نہار منہ ایک تولہ سے تین تولہ تک ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم نوش کیا کریں۔ اور بادی ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

دیگر معجون مقوی دماغ ---: جوہر برہمی بوٹی ۲ تولہ، جوہر ترپھلہ ۱ تولہ، اسطوخودوس ڈیڑھ تولہ، کشنیز ۲ تولہ، مغز بادام ۵ تولہ، مغز کدو شیرین ۲ تولہ، مغز تربوز، مغز خربوزہ، مغز تخم خیارین، مغز نارجیل ہر واحد ۲ تولہ، خشخاش سفید ۳ تولہ، ورق نقرہ کلاں ۵۰ عدد کشتہ مرجان ۲ ماشہ، مصری کوزہ ایک سیر، تمام ادویہ سوائے جوہر برہمی و ترپھلہ کا سفوف تیار کریں اور مصری کا قوام بناکر سفوف ملادیں۔ معجون تیار ہے۔ فوائد۔ ازحد مقوی دماغ ہے اس سے بہتر دماغ کے لئے قوت دینے والی دوا کا ملنا محال ہے۔ دماغی کام کرنے والون کیلئے ایک نعمت غیر مرتقبہ ہے۔ مقوی بصارت اس قدر ہیکہ اس کے چند روز کے استعمال سے عینک کی ضرورت نہیں رہتی۔

اکسیر ضعف دماغ ---: مغز کشنیز، مغز سونف، مغز بادام، مغز خربوزہ ملاکر ۵ تولہ، مصری کوزہ یا کالپی ۲۰ تولہ، سب کو باریک سفوف بنائیں۔ بقدر ۲ ماشہ بوقت صبح ہمراہ شیر تازہ استعمال کریں۔ اگر اس میں مغز کدو ۵ تولہ، اور الائچی سبز ۳ تولہ، ورق نقرہ ۲۰ عدد کا اضافہ کیا جائے تو اور بھی مفید ہے۔ فوائد۔ ریزش، نزلہ، زکام وضعف دماغ کے لئے بہترین لذیذ چیز ہے۔

دماغی ---: مغز سونف، مغز بادام، مصری کالپی ہر ایک ۲ تولہ ورق نقرہ ۱ تولہ، سفوف بنائیں۔ بقدر ۳ ماشہ رات کو استعمال کریں۔ غذا لطیف کھایا کریں۔ چالیس روز کے اندر غیر معمولی حافظہ کے اندر ترقی ہوگی اور دماغی کمزوری دور ہوگی۔

مقوی دماغ ---: مغز کشنیز، مغز پستہ، مغز بنولہ، خشخاش سفید ہر ایک ۱۰ تولہ، مغز بادام ۵ تولہ، مغز خیارین، مغز خربوزہ، مغز تخم تربوز ہر ایک اڑھائی تولہ، کھاجہ (جاپانی مونگ پھلی) ۱۰ تولہ زردی بیضہ مرغ ۱۵ عدد مغز سر بز نوجوان ۲ عدد۔ میدہ گندم، گھی بقدر ضرورت، مصری تمام ادویات سے دو چند مغز بز کو گھی میں اچھی طرح بریاں کریں۔ پھر میدہ گندم کو بریان کریں۔ پھر اسی طرح باقی ادویہ ملاکر گھی میں بریان کریں پھر کھانڈ کی چاشنی تیار کرکے اس میں ملاکر خوب گھوٹیں اور کسی تھالی میں پھیلا کر مثل برفی کے ...الیں ایک تولہ روزانہ ہمراہ شیر گاؤ یا ایسے ہی کھالیا کریں۔ ایک ہفتہ میں حیرت انگیز اثر ہوگا۔ موسم سرما کا تحفہ ہے۔ زبردست مقوی دماغ ہے۔ بلکہ نیا دماغ پیدا کرتا ہے۔ حافظہ بڑھاتا ہے۔

ہلاس عجیب ـــ: درد شقیقہ اور درد دندان کو نہایت ہی مفید ہے۔ نوشادر ا تولہ' کافور ا ماشہ' باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت بقدر ایک چٹکی دونوں طرف ناک میں خوب چڑھائیں اور بصورت درد دندان ایک چٹکی درد ناک دانت پر رکھیں آرام ہوگا۔

ضماد برائے درد شقیقہ ـــ: مرکی' افیون بزرالبنج' تخم کاہو' صندل سفید' ہر ایک ۵ ماشہ' کندر ۲ ماشہ' انزروت' گل ارمنی آنولہ خشک سب کو عرق گل سرخ اور کاہو بقدر ضرورت میں خوب باریک پیس کر تین تین ماشہ کی ٹکیاں بنالیں۔ اور پھر پانی میں گھول کر پیشانی پر ضماد کریں تھوڑی دیر میں درد رفع ہو جائے گا۔

مقوی دماغ ـــ: درخت بل کی جڑ کا تازہ چھلکا ایک تولہ روزانہ بااضافہ ۲/۳ سیاہ مرچ۔ حسب پسند نمکین یا شیریں مثل سردائی خوب گھوٹ چھان کر استعمال کریں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔ ترشی' تیل' گڑ' جماع سے تااستعمال پرہیز کریں۔ چھلکا روزانہ تازہ ہونا ازحد ضروری ہے۔ منی کے پتلا پن اور جریان وغیرہ تک کو بھی مفید ثابت ہوا ہے۔

شاہی دماغ ـــ: نمک ترپھلہ ۲ تولہ' مغز سونف ۱۵ تولہ' مغز دھنیا ۱۰ تولہ' دانہ الائچی خورد ۲ تولہ' مغز بادام ۱۰ تولہ' پستہ ۵ تولہ' مغز چلغوزہ ۱۰ تولہ' چہار مغز ۵ تولہ' طباشیر نقرہ ۳ تولہ' ورق نقرہ ۵۰ عدد مصری کوزہ اڑھائی تولہ' شہد خالص حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت ـــ: جملہ ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک کرکے ملالیں اور حسب ضرورت شہد ملاکر معجون تیار کرلیں خوراک بچوں کو ۶ ماشہ' بڑوں کو ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ شیریں ایک پاؤ۔

ترکیب نمک ترپھلہ ـــ: آملہ' بلیلہ' ہلیلہ ہر ایک آدھ آدھ سیر ملاکر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھ دیں۔ جب تینوں جل کر سفید خاکستر بن جائیں تو ۴ سیر پانی ڈال کر رکھ دیں۔ اور روزانہ دو تین بار ہلا دیا کریں۔ تیسرے دن زلال اتار لیں اور سابقہ خاکستر ۴ سیر پانی اور ڈال کر تین گھنٹ بعد زلال لے لیں اور تلچھٹ پھینکدیں۔ پھر دونوں زلالوں کو ملاکر مصفے کڑاہی میں ڈال کر آگ پر پانی اڑا دیں۔ باقی سفید رنگ کا سفوف رہ جائے گا۔ یہی نمک ترپھلہ ہے۔

ترکیب مغز سونف و دھنیا ـــ: ہر دو کو علیحدہ علیحدہ اور باری باری حمام دستہ میں آہستہ آہستہ کوٹیں۔ یہاں تک کہ مغز اور چھلکا علیحدہ ہو جائے چھلکا اڑا دیں اور مغزیات کام میں لائیں۔

سفوف تقویت دماغ ـــ: برہمی بوٹی سایہ میں خشک کرکے اور شیر گاؤ میں تر کرکے پھر خشک کریں پھر روغن زرد میں بریان کریں۔ ۵ تولہ برہمی بریان' مغز بادام مقشر ۳ تولہ' مغز پستہ ا تولہ' چہار مغز ہر واحد ایک تولہ' دھنیا مقشر ۳ تولہ' دانہ الائچی خورد ا تولہ' باریک کرکے سفوف بنائیں۔

خوراک ۶ ماشہ بوقت صبح ہمراہ شیر گاؤ تازہ کھلائیں۔ بے حد مفید اور مجرب نسخہ ہے۔

برائے سبات ـــــ: اسطوخودوس میں نمک بقدر ذائقہ ڈال کر بطور چائے دو چلے تک استعمال کرنے سے یہ مرض جاتا رہے گا۔

اکسیر مقوی دل و دماغ ـــــ: کشتہ مرجان، کشتہ سنگ یشب کشتہ صدف مروارید ہر واحد ۶ ماشہ، ورق طلاء ۲۰ عدد، ورق نقرہ ۱۰۰ عدد، کہربا، طباشیر، زہرمہرہ خطائی، صندل سفید، الائچی سبز، ہر واحد ایک تولہ، سب کو باریک کرکے روح گلاب ۲ چھٹانک میں کھرل کریں پھر کیوڑہ اور بید مشک میں کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک ماشہ ہمراہ دوہز منقی اوپر سے عرق بید مشک ۱۰ تولہ پلائیں۔ امراض سل دق دل کا دھڑکنا، غشی، ضعف دماغ پرانے بخار کو مفید ہے۔

اکسیر نقرئی ـــــ: طباشیر، دانہ الائچی خورد، ورق نقرہ، صدف مرواریدی سب ایک ایک ماشہ لے کر اس کو تین گھنٹہ تک کھرل کریں اکسیر نقرئی تیار ہے۔

روغن مقوی دماغ ـــــ: تخم حنظل، ما لکنگنی، دونوں ایک ایک پاؤ لے کر ذرا کوٹ لیں ان کو تین سیر پانی میں پکائیں ایک سیر پانی رہنے پر نیم سیر تل کا تیل ڈال کر پکائیں تیل رہنے پر اتار لیں سر پر مالش کیا کریں۔

اکسیر دل و دماغ ـــــ: سونف کے چاول (مغز) ایک حصہ، سونٹھ مدبر ایک حصہ، دونوں کے وزن برابر شکر سفید ملا کر بند بوتل میں محفوظ رکھیں۔ اکسیر تیار ہے۔

سونف کو کوٹ کر چاول (مغز) نکال لیں اور سونٹھ حسب ضرورت لے کر شام کو پانی میں بھگو دیں اور صبح اس پانی کو نکال دیں۔ دوبارہ تازہ پانی ڈال دیں۔ شام کو وہ گرا کر پھر تازہ پانی ڈال دیں۔ ایسا ہی تین یوم کریں۔ سونٹھ مدبر تیار ہے۔ بعد میں اس سونٹھ کو خالص گھی میں بھون کر کوٹ لیں۔ یہ اکسیر دل و دماغ کو نہایت درجہ تقویت بخشتا ہے۔ خفقان، بلغمی ریحی بیماریوں کو آناً فاناً نابود کرتی ہے۔ روزانہ کھانا کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد ہر دو وقت ۶ ماشہ گرم میٹھے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

غشی میں ریٹھا ـــــ: پانی کے چند قطرے پتھر کی سل پر ڈال کر ریٹھے کا چھلکا اس قدر گھسیں کہ پانی گاڑھا ہو جائے۔ آدھے سر کے درد میں جانب مخالف میں چند قطرے نتھنوں میں ڈال کر بقدر ۲ رتی ڈال کر بانس کی نلکی میں پھونک لگائیں۔ فوراً غشی دور ہوگی۔ (مرگی، ہسٹریا یا کسی دیگر سبب سے غشی ہوگئی ہو تو بھی مفید ہے)۔

خناق میں ریٹھا ـــــ: ریٹھے کا چھلکا لے کر اسے باریک کرکے نیم سیر پانی میں نسے ٹا کر لیں۔ مریض خناق اس سے غرغرہ کریں۔ اس سے مادہ فاسد کا اخراج ہو کر مرض دور ہو جائے

گا۔ جب کڑوا لگے۔ سمجھیں مرض دور ہو چکا ہے۔

تریاق مجنون ـــ: زہرمہرہ' صندل سفید' کہربا' جدوار خطائی ـــ ابریشم مقرض' عود صلیب' ہر ایک ایک تولہ' افیون خالص ۶ ماشہ' تخم کاہو ۳ ماشہ' بادر نجبویہ ۶ ماشہ سب کا سفوف تیار کریں ایک تا ۲ ماشہ صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔ فوائد۔ جنون مالیخولیا' احتراق خون' مراق ہر قسم میں مفید ہے۔ پہلی ہی خوراک اثر کرتی ہے۔یہ تریاق بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

سر کے گنج کے لئے ـــ: وسلن ایک اونس' ریڈ آیوڈائیڈ آف مرکری ۴ گرین۔ ہر دو کو اچھی طرح ملالیں۔ اور مقام ماؤف پر ملا کریں۔ یہ مرہم انگلی کی مدد سے لگایا کریں یہ مرہم مسوں کے لئے بھی مفید ہے۔ مسے بھی رفع ہو جاتے ہیں۔

برائے جنون ـــ: جنون و سواس اور مالیخولیا کو آرام دیتی ہے۔ الو کا بھیجا ساڑھے تین ماشہ کوے کا تازہ خون ساڑھے تین ماشہ' بھیجا کو پگھلا کر کافور پیس کر اور کوے کا خون ملا کر اچھی طرح کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ضرورت کے وقت ایک گولی تلسی کے عرق میں گھس کر ناک کے اندر ٹپکائیں۔ عجیب چیز ہے۔

نیند آور کراماتی گولیاں ـــ: رب چھوٹی چندن ۸ تولہ' رب برگ اجوائن خراسانی (ایکسٹریکٹ ہائیو سائی مس) ۱ تولہ' چرس آدھ تولہ سفوف پیپلا مول ۱ تولہ' سب کو پیس کر پانی کی مدد سے دو دو رتی کی گولیاں بنالیں۔ رات کو سوتے وقت دو دو گھنٹہ قبل از وقت نیند اک گولی پانی یا دودھ سے دیں۔ ازالہ بے خوابی کے لئے یہ ایک مایہ ناز گولیاں ہیں۔ جو مریض ساری ساری رات کروٹیں بدلتے ہی گزار دیتے ہیں ایک دفعہ استعمال کر کے دیکھیں کہ کس طرح وہ مزے کی نیند سوتے ہیں۔ ان کراماتی گولیوں کی موجودگی میں دیسی طبیبوں کو کسی اور دوا کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ معمول مطب نسخہ ہے۔ جنون کے لئے بھی مفید ہے۔

ترکیب رب چھوٹی چندن ـــ: ایک سیر چھوٹی چندن کو کوٹ کر ۸ سیر پانی میں بارہ گھنٹے بھگو رکھیں۔ پھر اس کو نرم آنچ پر پکائیں۔ جب ۳ سیر پانی باقی رہ جائے تو اسے کپڑے میں سے چھان لیں اور پھر فضلہ میں آٹھ سیر پانی ڈال کر پکائیں۔ جب ۲ سیر پانی رہ جائے تو چھان لیں اب دونوں بار اکٹھے کئے ہوئے پانی کو باہم ملا کر نرم آنچ پر پکائیں۔ یہاں تک کہ قدرے غلیظ القوام ہو جائے۔ پھر اس کو پانی کی بھاپ پر پکائیں۔ تاکہ وہ صحیح طور پر غلیظ القوام ہو جائے۔ پھر نیچے اتار کر سرد کر لیں۔ بس یہی رب چھوٹی چندن تیار ہے جو کہ اندازاً ۸ تولہ تیار ہو گا۔

رب برگ اجوائن خراسانی بھی اسی طریقہ سے نکالا جاتا ہے۔

اکسیر صرع ـــ: کرم بنی اونٹ' آک کا ڈڈا' کنگھورا ہر واحد ۴ عدد تمام کو پرانے چمڑے یا

پاپوش میں لپیٹ کر گل حکمت کریں اور ۴ سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر اس میں کشمیری پتہ تمباکو گل کنیر سفید۔ انسان کی کھوپڑی کی ہڈی سوختہ ہر ایک مرچ سفید ۹ ماشہ سب کو باریک کرکے اس میں شامل کریں۔ بوقت ضرورت ناک میں پھونکیں۔ بفضل خدا صرع سے نجات حاصل ہوگی۔ ننانویں فیصدی مجرب ہے۔

حبوب فتاحی ـــ: سقمونیا ایک ماشہ، پوست ہلیلہ زرد ۹ ماشہ، کاسنی ۹ ماشہ، تربد مقشر ۴ تولہ، صبر زرد ۶ ماشہ، کوٹ کر حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔ خوراک ۵ ماشہ سے ۷ ماشہ تک۔ درد سر، درد گوش، درد چشم، نزلہ، ریزش دماغ و زیادتی بلغم کو ازحد مفید ہے۔ مجرب ہے۔

اکسیر زکام ـــ: افیون ۶ ماشہ، آک کی جڑ کا چھلکا ساڑھے تین تولہ، دونوں کو باریک کرکے ملادیں اور لعاب گوند سے بقدر دانہ ماش گولیاں بنائیں تین گولیاں دن بھر میں پانی سے دیں۔ ایک دن میں زکام سے نجات مل جائے گی۔ اگر قبض کی شکایت ہو تو رات کو کوئی قبض کشا دوائی استعمال کرنا ضروری ہے۔ تاکہ وفود مادہ میں کمی ہو جائے اور معتدبہ فوائد حاصل ہوں۔

بہتر یہی ہے۔ اطریفل زمانی، حبوب منقی، یا گلقند وغیرہ استعمال کریں۔ قبض کشائی سونے پر سہاگہ کا کام دے گی۔

نسوار غوری ـــ: گل کنیر سفید، نرکچور، کشمیر پتر، یا کھر، اسطوخودوس، ہر ایک ایک تولہ کافور ۳ ماشہ، تمام باریک غبار کی طرح کریں۔ اور کپڑ چھان کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں یہ نسوار بگڑی ہوئی زکام اور بند زکام کے لئے بہت مفید ہے۔ درد شقیقہ کے لئے بھی ازحد مفید ہے۔ بوقت ضرورت ناک میں بقدر ۲ رتی پھونکیں یعنی کشید کریں۔

درد سر ـــ: درد سر بذات خود کوئی مرض نہیں۔ بلکہ یہ کسی دوسرے عارضہ، مثلاً بے خوابی، تھکان، بخار، قبض، بدہضمی، گرمی، سردی، نزلہ، زکام، ضعف دماغ کے باعث لاحق ہو جایا کرتا ہے۔ چنانچہ طبی کتب میں اس کے بہت سے اقسام بیان کئے گئے ہیں:

چند مشہور اقسام درد سر کی کیفیت اور علاج ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

درد سر بوجہ بخار ـــ: بخار کی حالت میں ہونے والے سر درد کے لئے یہ دوا نہایت مفید ہے۔ پیپر منٹ کرسٹل ۱۰ گرین۔ یوکلپٹس آئل ۳۰ بوند۔ ویزلین سادہ ایک اونس۔ پہلے پیپر منٹ کو یوکلپٹس آئل میں حل کریں۔ پھر ویزلین ملا کر کسی چوڑے منہ کی شیشی میں بند کرکے رکھیں بوقت ضرورت اس میں سے ذرا سی دوائی [illegible] سے نکال کر پیشانی و کنپٹیوں پر اچھی طرح مل دیں۔ بس ملتے ملتے درد کافور ہو جائے گا۔

درد سر بوجہ قبض ـــ: قبض کی وجہ سے جب گندہ مواد انتڑیوں میں پھنس کر وہاں پر سڑتا

شروع ہو جاتا ہے اور پیٹ میں بدبو دار ریاح پیدا ہو کر وہ دماغ کی طرف جاتے ہیں۔ جس سے سر میں درد محسوس ہوتا ہے اس کا بہترین علاج قبض کا رفع کرنا ہے۔ رات کو سوتے وقت دو عدد مربہ ہلیلہ دودھ نیم گرم سے استعمال کرائیں۔ صبح کھل کر پاخانہ آجائے گا اور ریاح غلیظ خارج ہو کر درد سر کی شکایت رفع ہو جائے گی۔ ایسے سر درد کے لئے حسب ذیل نسخہ استعمال کرائیں۔ ہلیلہ کابلی اصلی ۲ تولہ' سنا کی مصفا ایک تولہ' گل سرخ ایک تولہ۔ بنفشہ ۹ ماشہ' مغز بادام ۲ تولہ' شکر تری (کھانڈ) ۳ تولہ' تمام ادویہ کو الگ الگ باریک پیس لیں۔ مگر ہلیہ کابلی کو ذرا ذرا سا رکھیں اب تمام ادویات کو ملا کر ایک شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اور اس پر لیبل قبض کشا دائی لگا دیں۔ رات کو سوتے وقت بقدر ۶ ماشہ ہمراہ شیر گرم استعمال کرائیں صبح اجابت بہت کھل کر ہو گی اور درد سر کو آرام ہو جائے گا۔ قبض کشائی کے لئے دوا تیر بے خطا ہے۔ سات آٹھ یوم کے استعمال سے پھر دوبارہ قبض کی شکایت نہیں رہتی۔

درد سر بوجہ بد ہضمی ---: اگر کسی وجہ سے معدہ ضعیف ہو جائے۔ اور غذا بخوبی ہضم نہ ہو تو معدہ میں پڑی پڑے سڑنے لگتی ہے۔ اور اس سے بخارات غلیظ اٹھ کر دماغ کی طرف چڑھتے ہیں۔ جس کے باعث سر میں گرانی اور درد محسوس ہوتا ہے۔ اس قسم کے درد سر کی مخصوص علامت یہ ہے کہ کھانا کھانے کے بعد فوراً درد پیدا ہو جاتا ہے۔ اور غذا ہضم ہونے کے بعد خود بخود رفع ہو جایا کرتا ہے۔ اس کا مستقل علاج معدہ کی اصلاح ہے۔

نوشادر ا تولہ' دانہ الائچی خورد ۹ ماشہ' نمک سیاہ ۶ ماشہ' مرچ سیاہ ۶ ماشہ' ست پودینہ ایک رتی تمام کو باریک کر کے سفوف بنائیں۔ اور کھانا کھانے کے بعد ایک دو رتی منہ میں ڈال کر رس چوسیں معدہ کا ثقل رفع ہو گا علاوہ دافع سر درد ہونے کے پیٹ درد' اپھارہ' غثیان' قےوع' جی کی مالش کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کو بطور چورن استعمال کرنا آروغ ترش' اور گرانی معدہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

درد سر بلغمی ---: سرد ہوا میں ننگے سر پھرنے ٹھنڈے پانی سے نہانے سے دماغ میں بلغمی مادہ جمع ہو جائے۔ یا دہی' اچار' چھاچھ' ترش میوے وغیرہ کھانے پینے سے معدہ میں بلغم پیدا ہو جائے۔ تو اس سے بخارات اٹھ کر دماغ کی طرف چڑھتے ہیں جس کی وجہ سے سر میں بھاری پن اور درد محسوس ہوتا ہے۔

علاج ---: اگر خارجی طور پر سردی لگنے سے سر میں درد پیدا ہو تو سر پر گرم ٹوپی رکھیں اور چائے جس میں دودھ زیادہ ڈالا گیا ہو پلائیں اس سے درد میں سکون پیدا ہو جاتا ہے یا بالکل جاتا رہتا ہے۔

اگر سر میں بھاری پن محسوس ہو تو یہ نسوار سونگھا دیں۔ کائپھل ا تولہ---- پوٹاسی

پر میگنیٹ ا ماشہ دونوں کو خوب باریک کرکے ڈبیہ میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت اس میں تھوڑی سی نسوار چٹکی میں نکال کر دونوں نتھنوں میں زور سے سونگھیں۔ تاکہ دماغ تک چڑھ جائے۔ اس سے بکثرت چھینکیں آئیں گی۔ اور دماغ کا رکا ہوا بلغمی مواد نکل کر سرہلکا پھلکا ہو جائے گا۔

مرہم درد سر ـــ: کافور ۲ تولہ' پیپر منٹ ا تولہ' ست اجوائن ٦ ماشہ' موم انگریزی ۲ تولہ' روغن زرد ۵ تولہ۔

ترکیب ـــ پہلے تینوں اجزاء کو ایک شیشی کے اندر باہم ملالیں اور کارک لگا کر چند منٹ دھوپ میں رکھ دیں تاکہ پگھل کر عرق کی صورت اختیار کرلے پھر روغن زرد کو آگ پر گرم کرکے موم بھی ملادیں۔ جب وہ بھی پگھل چکے تو برتن کو نیچے اتار کر عرق مذکور ملادیں اور سرد ہونے پر کھلی منہ دار شیشیوں یا ڈبیوں میں بند کرلیں۔ بس مرہم درد سر تیار ہے۔

امراض چشم

آشوب چشم ـــ بیاض چشم ـــ رمد چشم ـــ ضعف بصر ـــ سرخی چشم ـــ نزول الماء ـــ روہے ـــ ککرہ چشم ـــ جرب الاجفان ـــ پڑبال چشم ـــ سلاق ـــ شعیرہ ـــ شب کوری ـــ دمعہ ـــ جالا ـــ ناخونہ ـــ پھولا ـــ

پڑبال چشم و درد نیم سر

گٹھلی کھجور کو پانی کی مدد سے پتھر پہ گھس کر جس طرف درد نصف سر ہو۔ اس طرف کے نتھنے میں ڈالو۔ ۴/۳ روز متواتر عمل کرو۔ درد نیم سر کو فائدہ ہوگا اگر اسی طرح سلائی سے پڑبال اکھیڑ کر ایک دفعہ لگایا جائے۔ تو آنکھ میں پڑبال کا نکلنا بند ہو جائے گا۔

سرمہ نور علی نور ـــ: کشتہ جست' نوشادر' قلمی شورہ' سمندر سوکھ' دانہ الائچی خورد' مغز چاکسو' سہاگہ' سفیدہ' شیشہ نمک عمدہ لاہوری' رسوت' سرد چینی ـــ سورنجاں ہر واحد ۱۷ ماشہ زعفران' افیون ہر واحد ۲ ماشہ' زنگار ٦ ماشہ' کشتہ خرمہو زرد' مرچ سفید ہر واحد ۲ ماشہ' ہر ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کھرل کریں۔ یکجان کریں۔ بعدہ ۱۰ تولہ عرق لیموں میں کھرل کرکے ۱۰ تولہ عرق سبز مہندی میں کھرل کریں۔ بعدہ عرق گلاب یا کیوڑہ ایک بوتل میں کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت اللہ کا نام لے کر آنکھ میں ایک ایک سلائی لگا دیں۔ سرمہ تیز تو ہے۔ بعد میں ٹھنڈا لگتا ہے۔

درد چشم ---: شورہ، پھٹکڑی ملاکر ۳ ماشہ، کافور ایک ماشہ، نوشادر ۳ رتی، رسوت ایک تولہ، کھٹے دانہ انار کا پانی ۳ تولہ، ان سب ادویہ کو لے کر پانی انار مذکور میں کھرل کرکے شیشی میں رکھ دیں اور بوقت ضرورت سلائی سے لگائیں۔ ایک دو روز کے استعمال سے درد چشم، سرخی چشم، پانی بہنا وغیرہ بند ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

سرمہ اکسیر العین ---: یہ سرمہ بھی بہت سی امراض چشم کے لئے نہایت مفید ہے۔ خصوصاً پانی جانا، خارش، دھند، غبار کے لئے تو بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ اکثر تین ہی روز میں فائدہ نظر آجاتا ہے۔ اور چند روز میں عینک کی عادت بھی چھوٹ جاتی ہے۔ سیسہ مصفیٰ ۲ تولہ، پارہ مصفیٰ ۱ تولہ کو آپس میں ملالیں یعنی پہلے سیسہ کو آگ پر پگھلا کر پارہ میں ڈال دیں پھر کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیسیں حتیٰ کہ سیاہ ہو جائے پھر سرمہ سیاہ ۵ تولہ ڈال کر خوب باریک پیسیں خوب باریک ہونے پر کافور بھیم سینی ۴ ماشہ یا دیسی کافور ۶ ماشہ ملاکر رگڑیں اور آخر میں پیپر منٹ ۴ رتی ملاکر شیشیوں میں بھرلیں۔ (نوٹ) سیسہ کو جوشاندہ تربھلہ میں سات بار پگھلا کر بجھائیں اور پھر عرق لیموں میں سات بار بجھاؤ دینے سے صاف ہو جائے گا پارہ کو ہلدی کے سفوف میں ایک دن کھرل کرکے دس بار کھدر کے کپڑے میں چھان کر داخل کریں۔ انتباہ تربھلہ کے پانی اور عرق لیموں کے پانی میں سیسہ کو بجھاؤ دیتے وقت ان پانیوں کو کسی کوزے میں ڈال کر اوپر سوراخ دار ڈھکن سے کوزے کا منہ بند کردیں۔

سرمہ نور چشم ---: طوطیا، زنک سلفاس، قلمی شورہ، مرچ سیاہ، مشک کافور، افیون، زیرہ سفید، ہر واحد ایک ماشہ پھٹکڑی، سہاگہ، سمندر جھاگ، کباب چینی، الائچی کلاں ملاکر ۲ ماشہ سرمہ سیاہ ۵ تولہ، عرق گلاب ایک بوتل، سب کو عرق میں کھرل کریں۔ مانند سرمہ باریک کریں۔ رات کو دو دو سلائیاں آنکھ میں لگائیں۔ دھند، جالا، پڑبال، اندھیرا تا وغیرہ کو مفید ہے۔ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔

نایاب سرمہ ---: قلمی شورہ، شب یمانی، نوشادر دیسی، شیشہ نمک، سمندر جھاگ، ہر واحد ایک تولہ، نیلا تھوتھا ڈیڑھ ماشہ پہلے چاروں کو خوب باریک پیس کر سرمہ بنالیں۔ پھر سمندر جھاگ کو ملاکر خوب کھرل کریں۔ پھر نیلا تھوتھا باریک پیس کر ملادیں۔ اور آدھ گھنٹہ کھرل کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ جملہ امراض چشم، جالا، پھولا، دھند، غبار، پرانے ککرے، ناخونہ، پڑبال کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے دو یا تین سلائی دن کو کسی وقت لگا دیں اور سوتے وقت نہ لگائیں ورنہ نقصان ہوگا۔

اکسیر پڑبال ---: مچھلیاں خورد جن کو پنجابی میں پونگ کہتے ہیں۔ حسب ضرورت لے کر خشک کرکے پارچہ بیز کرکے رکھ دیں۔ پڑبال اکھاڑ کر اوپر لگا دیں اگر دوبارہ پیدا ہوں تو پھر اسی طرح کریں۔ پھر ہرگز ضرورت نہ رہے گی۔ پڑبال کا اکسیری تحفہ ہے۔

اکسیر العین ـــ: کشتہ جست اڑھائی تولہ، زنگار، پھٹکڑی بریاں، مغز تخم سرس، نمک شیشہ، فلفل دراز مل کر ۳ ماشہ، نوشادر ۶ ماشہ، سمندر جھاگ ۶ ماشہ، چاکسو مدبر بسر کین خر ۱ تولہ، طوطیا بریاں ۱ ماشہ، آب برگ سرس میں دوپہر کھرل کریں اور کپڑے میں چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں جملہ امراض چشم کا واحد علاج ہے۔

اکسیر بیاض چشم ـــ: چمگادڑ کو جلا کر راکھ بنالیا جائے سلائی کو شہد سے تر کرکے راکھ مذکورہ لگا کر نگل چشم پر لگائیں۔۔۔۔ سوائے چیچک کے پھولا کے آنکھیں نور علی نور ہو جائیں گی۔ صرف گیارہ روز لگانا کافی ہے۔

لوشن آشوب چشم ـــ: رسوت ۱ ماشہ، پھٹکڑی خام ۱ ماشہ ہلدی خام باریک پسی ہوئی (بازاری نہ ہو) ۱ ماشہ، کافور دیسی ۴ رتی، افیون خالص ۴ رتی عرق گلاب عمدہ ۵ تولہ، رات کو ایک تولہ عمدہ انار دانہ عرق میں بھگو دیں صبح کومل چھان کر رکھیں۔ ۴/۳ گھنٹہ کے بعد نتھار لیں۔ اس میں مذکورہ بالا دوائیں خوب کہرل کرکے بعدہ پن کر شیشی میں ڈالیں۔ دکھتی آنکھوں کا تریاق ہے۔ دن میں دو دفعہ دو دو بوند آنکھوں میں ڈالیں۔ چند دفعہ کی ڈالنے سے آرام ہوگا۔

شاہی سرمہ ـــ: سرمہ اصفہانی مدبر ۳۰ تولہ، سمندر جھاگ طوطیا بریان، گوند کیکر، کافور، پھٹکڑی شگفتہ، رسوت، سہاگہ شگفتہ، ہلدی، فلفل سفید، مصری کوزہ، آب لیموں کلغذی، ہر واحد اڑھائی تولہ، نوشادر، نمک شیشہ، کباب چینی، ہر واحد ڈیڑھ تولہ، کشتہ صدف مرواریدی ایک تولہ، تخم سرس سیاہ ۶ ماشہ، گودہ گھیکوار، آب برگ حنا یا جوشاندہ برگ حنا، جوشاندہ تر پھلہ ہر واحد ۵ تولہ، سرمہ کو کسی ٹھنڈے گھڑے میں جو پانی سے بھرا ہوا ہو۔ ایک ماہ رکھنے کے بعد مندرجہ ذیل پانیوں میں ایک ماہ کھرل کرکے عرق گلاب اٹ سٹ بوٹی کا رس چاکسو کا جوشاندہ پھر سب ادویات کو مانند غبار کے ملالیں۔ چھ ماہ میں یہ سرمہ تیار ہوتا ہے۔ مگر پھر تمام محنت بھول جاتی ہے۔

فوائد ـــ: دھند، جالا، غبار، موتیا، ککرے، کمزوری چشم، پانی آنا پڑبال، آشوب چشم، جملہ امراض چشم کو مفید ہے بلکہ عینک بھی چھوٹ جاتی ہے۔

کحل سبز ـــ: جست شیریں حقہ کا لے کر بقدر ضرورت لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر لوہاروں کی بھٹی میں آنچہ پر دھونکیں۔ جو حصہ شگفتہ ہوتا جائے۔ علیحدہ کسی مٹی کے کھلی برتن میں ڈالتے جائیں۔ یہاں تک کہ تمام کشتہ ہو جائے اس کو کانسی کے برتن میں ڈال کر بحساب فی تولہ ۱ ماشہ زنگار تانبہ ہلکی عمدہ قسم باریک پیس کر ملالیں اور اس پر لیموں کلغذی کا پانی اس قدر ڈالیں کہ خوب تر دو انگل اوپر آجائے۔ بعدہ نیم کے سوٹے سے جس کے سرے پر تانبہ کا موٹا پیسہ لگایا گیا ہو۔ اس قدر پیسیں کہ لیموں کا پانی خشک ہو کر مثل سرمہ کے ہو جائے۔ پھر کپڑ چھان کرکے محفوظ

رکھیں ایک ایک سلائی آنکھ میں لگائیں اور اس کے بعد کپاس کے گالے۔ وڈوڈہ کپاس غیر شگفتہ) کوٹ کر باندھ دیں۔ منہ نہ دھوئیں چھاچھ کا پرہیز رہے۔ اگر قبض ہو تو کوئی ملین دیں۔ معدہ اور دماغ کی اصلاح کا خیال رکھیں۔

فوائد ---: آشوب چشم نزلی ہو یا معدی' ککرے نئے ہوں یا پرانے خارش چشم وغیرہ کے لئے بے نظیر ہے۔

کحل بیاض ---: سمندر جھاگ' سنگ بصری' چونی چی' شورہ قلمی' سہاگہ' بھنکڑی بریان' مغز تخم سرس' مغز تخم پلاس' نوشادر دیسی' ہر ایک ایک تولہ' سرمہ سیاہ ۲ تولہ سب کو عرق لیموں میں ۱۲ گھنٹہ کھرل کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ سلائی سے دو دفعہ چوبیس گھنٹہ میں ایک ایک سلائی آنکھ میں لگائیں۔

فوائد ---: کل امراض چشم' جالا' پھولا' ٹینٹ' دھند' سبل' ناخونہ' ککرے' رمد مزمن میں بے نظیر ہے۔

اکسیر موتیا بند ---: جست ا تولہ' پارہ ۲ تولہ' کافور بھیم سینی اصلی ۲ ماشہ' نوشادر بھنکڑی ۲ ماشہ' کلی چنبیلی ا تولہ' تخم سرس سیاہ سالم ۶ ماشہ' اول جست اور پارہ کو عقد کریں۔ پھر دونوں کو دو دن تک خوب کھرل کریں۔ جب دونوں سیاہ ہو جائیں تو باقی تمام ادویہ کو ملاکر سات یوم کھرل کرکے سرمہ بنالیں۔ صبح و شام دو دو سلائیاں لگایا کریں۔ موتیا بند کو دور کرنے کے لئے اکسیر ہے۔ یہ سرمہ ذرا زیادہ لگتا ہے۔ اس لئے ابتدا میں کم لگانا چاہئے۔ بتدریج زیادہ کیا جاسکتا ہے۔ اس سرمہ کو مدت تک استعمال کرنے سے کلی فائدہ ہو جاتا ہے۔ اور نہ ہی اس کے استعمال سے زیادہ تکلیف ہی ہوتی ہے۔ بلکہ مداومت شرط ہے۔ سرمہ جس قدر زیادہ کھرل کیا جائے گا اتنا ہی زیادہ مفید ہوگا۔

سرمہ اکسیر چشم ---: جوہر نوشادر ایک تولہ' شورہ قلمی ۲ تولہ' نیلا تھوتھا خام ایک ماشہ' آب برگ سرس مقطر ۵ تولہ' آب لیموں مقطر ۵ تولہ' کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔ رات کو سوتے وقت دو دو سلائی استعمال کریں سخت سے سخت ناخونہ چالیس یوم میں دور ہوگا بیاض کو بھی مفید ہے۔

اکسیر چشم ---: صابن دیسی ۸ تولہ ۴ ماشہ' نیلا تھوتھا رال سفید ملاکر ساڑھے تین تولہ۔ پہلے صابن کو باریک کتر کر لوہے کے مصفیٰ برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پگھل جائے تب اس میں نیلا تھوتھا کا اولاً پسا ہوا سفوف ڈالیں۔ اس کے حل ہوجانے پر رال کا سفوف ڈال کر لوہے کی موصلی اس میں سرلانا شروع کردیں۔ نیچے آگ تیز کردیں۔ یہاں تک کہ دوا کا رنگ سیاہ ہو جائے۔ اتار کر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال ---: کسی باریک تار کو ذرا سا چپٹا کرکے اس سے ذرا سی دوا نکال کر جو صرف ایک خشخاش کے برابر ہو۔ سیپ میں ڈال کر ایک قطرہ پانی ڈالیں اور حل کرلیں۔ تب سلائی سے آنکھوں میں لگائیں اور آنکھوں کو پانچ منٹ بند رکھیں۔ دن میں صرف ایک بار لگائیں۔

فوائد ---: دھند، جالا، سفیدی چشم، ابتدائی نزول الماء وغیرہ کا لاثانی علاج ہے۔

اکسیر گوہانجنی ---: یہ ایک پھنسی جیسی آنکھ پر نکل آتی ہے---- تخم املی پانی میں گھس کر دن میں دو تین بار سے آٹھ دس بار لگاؤ ایک ہی دن میں آرام ہو جائے گا۔ آئندہ کبھی نہ ہوگی۔ اگر بے احتیاطی سے آنکھ کے اندر بھی پڑ جائے۔ تب بھی بے ضرر چیز ہے۔

حب سبز ---: سمندر جھاگ، پھٹکڑی سفید، شورہ قلمی، نمک سنگ، نوشادر، طوطیا، ناخن فیل، ہر ایک ۵ تولہ، زعفران اصلی قسم اڑھائی تولہ، گوند ببول ۱۰ تولہ، سب کو باریک کرکے نیم سیر عرق سنیاس سے کھرل کرکے خشک کرلیں۔ پھر ایک پاؤ عرق سرس۔ ایک پاؤ عرق نیم سے کھرل کرکے گولیاں بناکر رکھیں۔ بوقت ضرورت لوہے کے برتن پر ایک قطرہ پانی ڈال کر گولی کو تھوڑا سا گھس کر چوتھائی چاول سلائی سے آنکھ اٹھا کر ایک دو مرتبہ دن میں لگائیں۔ ایک مرتبہ رات کو لگائیں آنکھوں کا تریاق ہے۔ صدہا مرتبہ کا مصدقہ نسخہ ہے۔ عینک کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔ آشوب چشم، سرخی چشم، آنکھ سے پانی جانا، پلکوں کا گرنا، پھولا، ناخونہ، روہے، پڑبال، ضعف بصارت، توندی، وتودہی، ناسور چشم، زخم چشم، آنکھ کی پتلی کا باہر آنا (مور سرخ) نیز جملہ امراض چشم کا واحد علاج ہے نظر دگنی ہو جاتی ہے۔ آب زر سے لکھنے کے قابل نسخہ ہے۔

سرمہ نور نظر ---: سیاہ سانپ ہر جگہ آسانی سے مل جاتے ہیں اگر نہ ملیں تو دہلی سے منگوالیں۔ کیونکہ دہلی میں ایک محلہ ہی ایسا ہے جن کا پیشہ سانپ، بچھو وغیرہ زہریلے جانور فروخت کرنا ہے۔ سیاہ سانپ کو ایسے طریقہ سے ہلاک کریں کہ اس کا سر نہ کچلا جائے۔ پھر اسے مناسب دودھ میں (اگر گائے کا ہو تو بہتر ہے) دن بھر جوش دے کر رات کو ضامن لگائیں۔ صبح بلو کر مکھن نکالیں پھر اس کا گھی بناکر مٹی کے برتن میں اس کا کاجل اتاریں۔ بس یہ کاجل آنکھوں میں ڈالنے سے نیم اندھوں کو نظر تیز کرکے بینائی بخشتا ہے۔

برفانی سرمہ ---: اس سرمہ کے استعمال سے نظر بہت تیز ہو جاتی ہے عینک کی عادت جاتی رہتی ہے۔ آنکھوں کی عام خرابیوں کے لئے مفید ہے آدھ سیر سرمہ سیاہ لے کر اسے گڑھا کھود کر اس میں ڈال کر قدرتی برف سے اس گڑھے کو بھر دیں۔ چار ماہ کے بعد نکالیں۔ عرق گلاب ایک بوتل سے کھرل کرکے رکھ دیں۔ یہ نسخہ اس جگہ پر بن سکتا ہے۔ جہاں پر سردیوں میں برف پڑتی ہو۔ اور پھر گرمیوں میں پگھلتی ہو۔

امراض چشم

ناخونہ ---: زعفران اصلی پانی میں گھس کر سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔ چند روز میں ناخونہ دور ہو جائے گا۔

ڈھلکا ---: ہلیلہ زرد کو عرق گلاب میں گھس کر سلائی سے آنکھوں میں لگانے سے ڈھلکا جاتا رہے گا۔

دیگر ---: شوگر آف لیڈ دو گرین پانی ایک اونس میں حل کر کے ایک دو قطرے آنکھوں میں ڈالا کریں۔ چند یوم کے استعمال سے آرام آجائے گا۔

گوہانجنی ---: املی کا تخم پتھر پر پانی ڈال کر گھسیں۔ اور لعاب گوہانجنی پر لگادیں چند مرتبہ کے لگانے سے گوہانجنی پک کر پھوٹ جائے گی۔

دیگر ---: ہینگ کو سرکہ میں گھس کر گوہانجنی پر لگائیں جب پک جائے تو سوئی سے مواد نکال دیں۔

پھولا چشم ---: ناخن فیل سرس کے پتوں کے پانی میں گھس کر سرمچو سے پھولا پر لگائیں۔ ایک ماہ کے متواتر استعمال سے پھولا کٹ جائے گا۔

دیگر ---: نوشادر کو برگ سرس کے پانی میں تر وخشک کر کے حسب دستور جوہر اڑائیں اور بقدر ایک چاول یہ جوہر سلائی سے پھولا پر لگائیں۔ اس کے استعمال سے سفیدی اوپر کو ابھرتی ہے اور پھر ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکل جاتی ہے۔

پڑبال ---: پڑبالوں کو موچنے سے اکھیڑ کر نوشادر کی ڈلی پتھر پر پانی سے گھس کر لگائیں۔

دیگر ---: گیرو کو سرسوں کے تیل میں گھس کر پڑبالوں پر لگاتے رہیں یا سہاگہ کو لیموں کے رس میں گھس کر سلائی سے چند یوم لگائیں۔

شب کوری ---: پپلی کو گائے کے گوبر کے رس میں گھس کر سلائی سے آنکھوں میں لگایا کریں۔

دیگر ---: پوست ریٹھے کو پانی میں گھول کر جھاگ اٹھا دیں اور سلائی سے آنکھوں میں لگایا کریں۔

دیگر ---: پوست ریٹھے کو پانی میں گھول کر جھاگ اٹھائیں اور سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

دیگر ---: بورک ایسڈ سلائی سے آنکھ میں لگائیں اور پٹی باندھیں اور غروب آفتاب کے بعد

کھول دیں۔ یہ عمل سورج نکلنے سے پہلے آنکھ میں دوا لگا کر کرنا چاہئے۔ دن بھر پٹی بندھی رہے۔

ضعف بصارت ـــــ: جن کی آنکھ کی پتلی پھیل جاتی ہے۔ ان کی دور کی نگاہ کمزور ہو جاتی ہے اور جن کی پتلی سکڑ جاتی ہے ان کی نزدیک کی نگاہ کمزور ہو جاتی ہے۔ اگر پتلی پھیلی ہوئی ہو تو پھٹکڑی ۵ رتی عرق گلاب ایک چھٹانک میں حل کر کے ایک دو قطرے آنکھوں میں ڈالا کریں اور اس کے ساتھ چھلکا ہلیلہ زرد گھی میں چرب شدہ بقدر ایک ماشہ ہر دو وقت تازہ پانی سے کھایا کریں۔ اگر پتلی سکڑی ہوئی ہو تو نمک خوردنی ۵ رتی کو ۵ تولہ پانی میں حل کر کے دو دو قطرے آنکھوں میں ڈالا کریں اور ساتھ ہی مرچ سیاہ کا سفوف گھی سے چرب شدہ بقدر ۱ ماشہ تازہ پانی سے استعمال کیا کریں۔

سرمہ مقوی بصر ـــــ: سانڈے کا پیٹ چاک کر کے اس میں سرمہ سیاہ جس قدر سما سکے بھر دیں۔ اور اپلوں کی آگ میں جلالیں۔ پھر سرمہ کو نکال کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ روزانہ بطور سرمہ استعمال کرتے رہنے سے نگاہ خوب تیز ہو جائے گی۔

موتیا بند ـــــ: نرلی باریک کر کے شہد تازہ میں حل کرلیں اور سلائی سے لگائیں موتیا بند کے لئے اکسیر ہے۔

برائے رمد چشم ـــــ: افیون ۶ تولہ' زعفران ایرانی ۳ ماشہ' توتیا سبز خام ۳ ماشہ' مصری کوزہ ۱ تولہ' پھٹکڑی خام ۲ تولہ' رسوت مصفی ۲ تولہ' عرق گلاب ۲۰ تولہ' سب ادویات کو باریک کر کے عرق میں حل کر کے دوبارہ چھان لیں۔ ڈراپر سے آنکھ میں دو دو قطرے قطور کریں۔ دن میں کئی دفعہ استعمال کر سکتے ہیں۔ گرمیوں میں ایک نفع بخش قطور ہے آنکھ سے پانی جاتا ہو ـــــ نظر کمزور ہو ـــــ ککرے یا روہے ہوں ـــــ خارش اٹھتی ہو ـــــ سرخی ہو ـــــ پتلی پر سفیدی ہو ـــــ سب کے لئے بے خطا دوا ہے۔

سنگ بصری اصلی ۵ تولہ ایک کانسی کا کٹورا۔ نیم کا ڈنڈا چھلکا تنہ صاف کر لیا گیا ہو۔ اس کو کریدا جائے درمیان میں پیسہ لگا کر پھر جست اور سکہ کو پگھلا کر اس کے گردا گرد گرا دیں۔ تاکہ پیسہ جم جائے۔ مگر سب چیزیں ہموار سطح پر رہیں تاکہ ڈنڈے سے دوا گھوٹتے وقت تمام اشیاء گھستی رہیں۔ سنگ بصری باریک پیس کر کپڑ چھان کرلیں۔ پھر کانسی کے برتن میں ڈال کر قندھاری انار کا پانی نچوڑ کر گھوٹیں۔ اگر قندھاری انار نہ مل سکے تو انار دانہ کے زلال سے کام چلائیں۔ تین روز گھوٹنا ضروری ہے۔ جب دوا گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو بتیاں بنالیں۔ بوقت ضرورت پتھر پر پانی سے گھس کر سلائی سے آنکھوں میں ہر روز ڈالا کریں۔ مذکورہ امراض کا صفایا ہو جائے گا۔ اور جو احباب گاہے بگاہے اس دوا کو استعمال کرتے رہیں گے۔ وہ کبھی آنکھ کی امراض میں مبتلا نہ ہوں گے۔ موتیا بند سے مخلصی ہوگی۔ اس دوا کو اگر آنکھوں کا تریاق کہا جائے تو بجا ہے اسے

باریک پیس کر گلیسرین میں ملاکر لوشن بھی بنایا جا سکتا ہے۔ اس نسخہ میں جزواعظم سنگ بصری ہے۔ جب تک یہ اصلی اور عمدہ نہ ہوگا کام نہ چلے گا۔ اس کو کسی معتبر دواخانہ سے خریدیں یا اسے خود تیار کریں۔

کالی دوا —: سرخی چشم، پانی آنا، درد ٹیس، اور ورم وغیرہ کافور ہو جاتے ہیں اور آنکھ کو ٹھنڈک پڑ جاتی ہے۔ قدرے سلائی سے آنکھوں میں لگا دیا کریں۔

سمندر جھاگ، ہلیلہ سیاہ، اندر جو شیرین، اقلیمیائے فضہ، قرنفل، زاج احمر (بھنگڑہ سرخ) روغن گاؤ مکہ ۴ تولہ، تمام ادویات کو باریک پیس کر کانسی کے برتن میں ڈال کر کانسی کے ڈنڈے سے گھوٹیں۔ روغن گاؤ بھی ساتھ ہی شامل کرلیں۔ جب سیاہ مرہم تیار ہو جائے تو ڈبیہ میں سنبھال کر رکھیں ایک ہفتہ کے بعد قابل استعمال ہے۔ قدرے سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

جملہ امراض چشم کے لئے سرمہ

قلمی شورہ، بھنگڑہ سرخ، دونوں ہم وزن لے کر اس قدر پانی سے حل کریں کہ کوئی چیز تہ نشین نہ رہے۔ پھر اس کو کسی صاف مٹی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ کر پانی خشک کرلیں۔ پھر ان دونوں کا ذاتی پانی بھی جلاکر شگفتہ (کھیل) کرلیں بس تیار ہے اس کو سرمچو سے بہت تھوڑی مقدار میں آنکھ میں ڈالیں۔ جالا، پھولا وغیرہ دور ہوگا۔ مگر یہ دوا آنکھ کو لگتی ضرور ہے۔ مگر ناقابل برداشت نہیں۔

اب قلمی شورہ و بھنگڑہ مذکور شگفتہ شدہ ایک ماشہ میں ایک تولہ بورک ایسڈ ملاکر خوب کھرل کریں۔ پھر ایک رتی فی تولہ کے حساب سے کافور دیسی ملاکر کھرل کریں۔ مگر کافور پر قطرہ قطرہ سپرٹ ڈال کر کھرل کریں تو اس کا بہت جلد سفوف بن جاتا ہے۔ اگر اسے سیاہ کرنا مطلوب ہو، تو اس میں سرمہ سیاہ اس قدر ملائیں کہ اس کی رنگت بدل جائے۔ اس کا نرم اور تیز کرنا شورہ اور بھنگڑہ کے مرکب پر منحصر ہے۔ یہ دوا جملہ امراض چشم کے لئے مفید ہے۔

ڈھلکا چشم —: ایک ڈبل پیسہ تانبہ کا لے کر اسے دو تولہ سرمہ کی سفوف میں دبا کر گل حکمت کرکے دس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔ مانند سرمہ باریک پیس لیں اب اسے خالی ہی یا سرمہ میں ملاکر آنکھوں میں لگانے سے پرانے سے پرانہ ڈھلکا جاتا رہتا ہے۔

سرمہ روشن چراغ —: گاڈریج صابن (چابی مارکہ) سبز رنگ ایک ٹکیہ، ویزلین سفید حسب ضرورت۔ طوطیا سبز ۴ رتی۔

ترکیب —: اول ۳/۲ اونس پانی میں طوطیا کو خوب حل کرکے اس میں صابن مقرض ملالیں

اور آگ پر یہاں تک کہ بالکل دہی کی طرح یکساں بن جائے اب صابن کے وزن سے نصف وزن سفید ویزلین داخل کریں اور چھوٹی چھوٹی ٹین کی ڈبیوں میں بند کرلیں۔ بہتر ہے کہ فتنہ کی ڈبیوں میں ڈالی جائے اگر لکس کا صابن ڈالا جائے۔ تو نہایت سفید رنگ دوا تیار ہوگی۔

ترکیب استعمال —: بوقت ضرورت بمقدار نصف چاول دوائی ہتھیلی پر رکھ کر دو قطرہ پانی ملاکر سلائی سے دونوں آنکھوں میں ڈالیں اور پانچ منٹ آنکھیں بند کردیں۔ نہایت لیس دار پانی خارج ہوگا۔

فوائد —: دھند، خارش، ککرے، پلکوں کا گر جانا، آنکھوں کا گندہ پن کے لئے تریاق ہے۔

اکسیر موتیا بند —: ریزہ الماس جو بقدر ۵ رتی سالم ٹکڑہ ہو۔ ایک ڈانور کلاں (عنکبوت) کو الٹا پشت کے بل لٹائیں۔ اور ریزہ الماس بیچوں بیچ شکم الماس میں رکھ دیں۔ فوراً شکم پھٹ جائے گا۔ اور الماس اندرون شکم کے چلا جائے گا۔ پانچ منٹ میں رطوبت شکم کے الماس پھول جائے گا یعنی کشتہ ہو جائے گا۔ اس کو نہایت احتیاط سے نکال لیں۔ اب ۲۰ تولہ سرمہ کی ڈلی ایک سیر نیم کی چٹیوں کے درمیان رکھ کر ایک ہانڈی میں تین سیر پانی ڈال کر بھر دیں۔ اور ہانڈی کے لبوں کو آرو سے بند کردیں۔ ایک انگیٹھی پر رکھیں اور نیچے کوئلہ سلگائیں اور آگ بھی نیچے گول ہو۔ تاکہ اینٹ والی جگہ کو زیادہ سینک نہ لگے۔ پس جب آگ دواؤں کو لگے گی۔ تو اس کا دھواں بن کر اوپر جو برتن پانی کا بھرا ہوا رکھا ہے۔ اس کے پیندے میں لگ کر پھر وہ پیالی میں گرے گا۔ جب اوپر کے برتن کا پانی گرم ہو جائے۔ تو اس میں کپڑا تر کرکے پانی نکال کر اور پانی ڈال دیں۔ صرف ۲ گھنٹہ آہستہ آہستہ آگ دیں۔ پھر سرد ہونے پر نکال کر پیالی نکالیں۔ پیالی میں دو قسم کا تیل ہوگا۔ ایک نیچے گاڑھا وہ اصلی تیل ہے۔ اوپر پانی پیالی میں ہوگا۔ دونوں کو جدا جدا شیشی میں رکھیں۔ جو پیالی کے اوپر کا ہے وہ پانی ہے اس کو درد سر، لے کے ماتھے پر لگانا فوراً درد کو بند کر دیتا ہے۔ جو روغن گاڑھا ہے۔ وہ دافع ہیضہ، درد، ذات الجنب وغیرہ کے لئے ایک رتی بھر چٹا کر عرق بادیان پلائیں۔ اسہال پیچش کے لئے چٹائیں اوپر سے دودھ کی لسی پلائیں۔ ضیق النفس کے لئے عرق گاؤ زبان کے ہمراہ پلائیں۔ بلغمی کھانسی کے لئے ہمراہ ملٹھی کھلائیں۔ قوت باہ کے لئے پان یا بالائی میں کھلادیں۔ اور ساتھ شیر اور گھی کا خوب استعمال کریں۔ بہت ہی امراض کے لئے مفید پایا جاتا ہے۔ خوراک ہر ایک بیماری کے لئے صرف ایک رتی ہے۔

لوشن ککرہ —: نمک شیشہ، نیلا تھوتھا، پھٹکڑی مفید ہر ایک ایک تولہ، ہرسہ کو چینی شدہ برتن میں ایک سیر پانی ملاکر نرم آگ پر خشک کریں۔ نصف پانی رہ جانے پر پانی کو مقطر کریں۔ اور یہ نیلے رنگ کا لوشن محفوظ رکھیں۔ اگر عین جوش کی حالت میں پیسہ بھر رسونت ڈال دی جائے تو نہایت اعلیٰ درجہ کی رنگت ہو جاتی ہے۔ رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی سکڑیا چاندی کے سرمچو سے

ڈالیں۔ ڈراپر ہرگز استعمال نہ کریں۔ جب آنکھوں سے پانی خارج ہو جائے۔ تو آنکھوں میں گلیسرین یا ویزلین۔ بذریعہ سرمچو ڈال کر سوجائیں۔ چند دنوں میں ککرے نیست و نابود ہو جائیں گے۔ اگر آنکھ دکھنے والی ہو تو رات کو ایک سلائی آنکھ میں ڈال کر سوجائیں۔ آنکھ دکھنے سے رک جائے گی۔ دھند' جالا' ککرے و جملہ امراض چشم کا تریاق ہے۔ موتیا بند کے سوا ہر امراض چشم کو مفید ہے۔ احتیاط رہے کہ دوائی ڈراپر سے یا قطروں کی صورت میں آنکھ میں نہ ڈالیں اور تیاری کے وقت برتن لوہ چینی کا ہو لوہے کا نہ ہو۔ ورنہ رنگت خراب ہو جاتی ہے۔ اثر تو نسخہ کا ویسا ہی رہتا ہے۔

امراض ناک

رعاف ——— کرم بینی——— بواسیر الانف——— بدبوئے بینی——— زخم بینی——— نقصان و بطلان شامہ——— دیدان بینی———

نکسیر کا علاج

ٹنکچر سٹیل میں پھایہ تر کر کے ناک میں ٹھونس دیں۔ خون بند ہو جائے گا۔ ٹنکچر سٹیل ایک حصہ۔ پانی ۳ حصہ ملائیں۔ مجرب ہے۔

دیگر ———: پھٹکڑی باریک کر کے پانی میں حل کریں اور روئی کا پھایہ تر کر کے ایک دو قطرے ناک میں ٹپکائیں۔ مجرب ہے۔

دیگر ———: تخم ریحان ۹ ماشہ دودھ کی لسی سے پھانک لیں۔ پرانے سے پرانہ عارضہ دو تین یوم میں رفع ہو جائے گا۔

دیگر ———: گوند کیترا ۳ ماشہ رات کو تھوڑے سے پانی میں بھگو کر میٹھا ڈال کر صبح پی لیں اکسیر ہے۔

دیگر ———: کیلشیم لکٹیٹ ۵ گرین ایک اونس پانی میں حل کر کے پلائیں۔ نکسیر کے لئے لاجواب تحفہ ہے۔

دیگر ———: اونٹ کے بال جلا کر اس کی راکھ ناک کے اندر پھونکیں۔

دیگر ———: پھٹکڑی' ٹینک ایسڈ' کاغذ سوختہ ہر ایک ایک ماشہ سب کو پانی میں حل کر کے بذریعہ پچکاری ناک میں پہنچائیں۔

ففورخ علوی خان ———: گلنار افیون' دم الاخوین' کہربا شمعی مازو' ہر ایک ۱ ماشہ باریک پیس کر

رکھیں۔ پہلے ناک کو عرق گلاب سے بذریعہ پچکاری دھوئیں۔ پھر قدرے ناک میں نفوخ کریں۔ نکسیر بند ہو گی۔

دیگر ۔۔۔: مازو، آروماش، نیل، ہموزن باریک پیس کر پانی سے ماتھے پر ضماد کرنا مفید ہے۔

تریاق شمعی ۔۔۔: کیلشیم کیلیٹ، گیلک ایسڈ، گیرو، کہربا شمعی، دم الاخوائن، ہر ایک ایک تولہ، سفوف بنا کر بقدر ۲ ماشہ شربت انجبار آب بہی، آب انار وغیرہ سے دن میں ۳/۲ بار دیں۔ نکسیر روکنے میں لاجواب چیز ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

ضماد حابس نکسیر ۔۔۔: کشنیز خشک، آملہ خشک، دونوں کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے قرص بنا کر تالو پر رکھیں۔

دیگر ۔۔۔: کافور، افیون، ہموزن لے کر عرق گلاب یا روغن گل میں حل کر کے ناک میں ٹپکائیں۔ مجرب ہے۔

امراض کان

سیلان گوش ـــــ زخم گوش ـــــ درد گوش ـــــ بہرہ پن ـــــ کرم گوش ـــــ

کانوں سے پیپ خارج کرنا ـــ: سمندر جھاگ یا زرد کوڑی سوختہ باریک کر کے بقدر ۲ رتی کان میں ڈالیں۔ اوپر سے چند قطرے عرق لیمون یا سرکہ کے ڈالیں۔ کان میں جو سپیدا ہو گا۔ اور جھاگ ابھرے گی۔ جب جوش ساکن ہو جائے۔ تو کان کو کیک طرف جھکا کر روئی نکال دیں۔ اور روئی کے پھاہہ سے کان صاف کر لیں۔ (انگریزی دوا ہائیڈروجن پر اکسائیڈ سے جو کام لیاجاتا ہے۔ وہی اس نسخہ سے حاصل ہو گا۔ میل وغیرہ نکل کر کان صاف ہو جاتا ہے)

پیپ خشک کرنا ـــ: گوشت خورہ باریک کر کے شہد میں ملا کر بتی تر کریں اور کان میں رکھیں۔ پیپ چند روز میں خشک ہو جائے گی۔

دیگر ـــ: رتن جوت ایک تولہ کو روغن سرسوں آدھ پاؤ میں جلائیں اور چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت چند قطرے کان میں ڈالنے سے چند روز میں پیپ قطعی طور پر بند ہو جائے گی۔

دیگر ـــ: کالی زیری ایک تولہ گائے کے گھی میں جلا کر چھان لیں۔ بوقت ضرورت ذرا گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ ایک دو بوند کافی ہے۔

بہرہ پن ـــ: افستین رومی ۵ تولہ کو ادھ سیر پانی میں جوش دیں تہائی رہ جانے پر چھان کر ۱۰ تولہ بادام روغن شامل کر کے پکائیں۔ صرف روغن رہ جانے پر چھان کر محفوظ رکھیں= نیم گرم کان میں چند قطرے ڈالا کریں،بہرہ پن کیلئے اکسیر ہے۔

درد کان ـــ: تیل سرسوں ۲ تولہ۔ ہلدی ۲رتی۔ شیرہ برگ نیم ۱ تولہ شہد بقدر ضرورت ملا کر پکاویں اور چھان کر کان میں دالیں۔ کان میں کوئے تیز چیز نہ والا کریں۔

دیگر ـــ: پھٹکڑی سفید ۳ ماشہ۔ شراب دیسی ۶ماشہ۔ دونوں کر خوب حل کر کے اور اس میں بتی تر کی کے کانوں میں رکھیں۔ اور اس کا کچھ حصہ کان سے باہر رہے۔ چارپہر کے بعد بتی بدل دیا کریں۔ کان کی پیپ رفع ہو جائے گی۔

کان سے پیپ بند کرنے کا بے نظیر نسخہ

بورک ایسڈ (سہاگہ شگفتہ ولایتی) ۵ تولہ کو کھرل میں ڈال، کر اس میں سفید چنبیلی کے پھول کی پتیاں مناسب وزن میں لے کر باریک پیس کر اور صاف کپڑے میں دبا کر اور نچوڑ کر یہ رس تھورا

تھوڑا بورک ایسڈ کے ذریعہ سے جذب کریں۔ پھر انار کے پھول کی پتیوں کو رس مندرجہ بالا طریقہ سے ۵ تولہ نکال کر کھرل کریں۔ پھر نہایت باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال ـــ: ہر صبح کان کو روئی سے صاف کرکے دوا کان کے نصف سوراخ تک ڈال کر بھر دیں۔ اسی طرح ہر روز صبح کو ایک ماہ تک استعمال کریں۔

فوائد ـــ: کان سے بدبودار پیپ نکلنے کے عارضہ کو مفید ہے۔

اکسیر گوش ـــ: دھتورہ کے پھلوں کا رس اور اگر نہ ملے تو پتوں کا رس ایک پاؤ یا سرسوں بوزن ۱۰ تولہ میں ڈال کر دونوں کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی جل جائے تیل صاف کر کے رکھ لیں۔ اس کی ۲ بوندیں صبح وشام کان میں ڈالا کریں۔ بہرہ پن۔ یعنی کم سنائی دینا درد اور زخم کو مفید ہے۔

اکسیر وجع الاذن ـــ: لہسن ۱ تولہ۔ روغن کنجد ۲ تولہ میں جلائیں اور بعدہ اس میں ٹنکچر اوپیم ۳ ماشہ۔ ٹنکچر بیلا ڈونا ۳ ماشہ۔ گلیسرین ڈھائی تولہ ملائیں۔ بس تیار ہے۔ جب ضرورت ہو گرم کر کے ایک دو قطرے کان میں ڈالیں۔ درد کان کی اکسیری دوا ہے۔

گرم گوش ـــ: ریحان کے پتوں کا پانی ٦ قطرہ کان میں ڈالنے سے تمام کرم نکلنے شروع ہو جا ینگے۔ روئی سے صاف کرتے جاویں۔ دو دفعہ کے عمل سے صاف ہو جاوینگے۔

نوٹ ـــ: پتے و پھول اس کے زخم پر باندھنے سے یا پانی ٹپکانے سے سب کے سب کرم نکل آتے ہیں۔

برائے درد کان ـــ: ٹنکچر اوپیم ۱ ڈرام۔ گلیسرین ۱/۲ ڈرام۔ ریکٹی فائڈ سپرٹ ۱/۲ اونس۔ سبکو ملا کر چمچہ میں گرم کر کے اس میں تھوڑا سا یہ مرکب ڈال کر کان درد والے کے کان میں ڈالیں۔ آرام ہو گا۔

درد کان کا بہترین نسخہ

حسب ذیل نسخہ ہر قسم کے درد کان کیلئے بڑا ہی مفید ثابت ہو چکا ہے چاہے مریض درد کے مارے لوٹ رہا ہو۔ بس اس اکسیر کی چند بوندیں کان میں نیم گرم کر کے ڈال دیں۔ انشاءاللہ صرف پانچ منٹ میں درد بند ہو جائیگا۔ بڑا ہی بینظیر اور موثر دوا ہے جسکی قدر کرنی چاہیے۔ گدھے کی لید کا پانی۔ پیاز کا پانی۔ عرق گلاب۔ سرکہ۔ ہم وزن ملا کر شیشی میں رکھ لیں۔ اور بوقت ضرورت تڑپتے ہوئے مریض سے دعائیں لیں۔ اور اپنی حکمت کا سکہ جمائیں۔

امراض دندان

دردِدندان —— تحرک دندان —— ماسخورہ دندان —— دانتوں کا میل —— مسوڑوں اور دانتوں سے خون نکلنا۔

شفائے دندان

کاربالک ایسڈ ۱ ماشہ۔ کلورل ہائیڈریٹ ۵ ماشہ۔ کافور اصلی ۴ ماشہ۔ کوکین ۲ رتی۔ سب ادویہ کو چینی یا کانچ کے کھرل میں ڈال کر کھرل کریں جب سیال کی مانند ہو جائے۔ تو اس تیل کو شیشی میں محفوظ رکھیں۔ روئی سے حسب ضرورت لگاویں۔ داڑھ۔ دانت۔ سردرد۔ ذات الجنب وغیرہ کیلئے اکسیر ثابت ہوا ہے۔

ٹوتھ پاؤڈر —: سمندر جھاگ ڈیڑھ اونس۔ سوڈا کاربونیٹ ۱ اونس۔ کافور ۶ گرین۔ الائچی خورد ۳ ڈرام۔ طباشیر ۳ ڈرام۔ کاربالک ایسڈ ۲۰ منم عطرگلاب حسب ضرورت باہم ملا کر سفوف تیار کریں۔ ۴ گرین سے ۱۰ گرین تک صبح برش سے دانتوں پر ملیں۔ دانتوں کا درد رفع کرتا ہے۔ دانت چمکیلے ہو جاتے ہیں۔ منہ خوشبودار کرتا ہے۔ گو شخورہ مسوڑوں کا درد فوراً دور ہو جاتا ہے۔

اکسیری منجن —: کچلہ کو کوئلہ بنا لیجئے۔ راکھ نہ ہونے پائے۔ فی کچلہ بھنگڑی بریان ۱ ماشہ۔ طوطیا بریان ۱ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۱ ماشہ۔ منجن بنالیں اور رات کو یہ منجن مل کر کلی نہ کریں۔ سب امراض دندان کے لئے مفید ہے۔

محافظ دندان —: نمک لاہوری، مرچ سیاہ، مجیٹھ، لودھ پٹھانی، کتھ سفید، تمباکو خوردنی، سعد کوفی، گل ارمنی، گلنار، ریوند چینی—— گوند ڈھاک، بھنگڑی بریان، نیلا تھوتھا بریان ہر واحد ایک تولہ، تمام ادویہ کو باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں۔ اور دانتوں پر ملیں۔ تھوڑی دیر سرد پانی سے پرہیز کریں۔ دانتوں کا ہلنا۔ درد سیل کے لئے مجرب ہے۔

ٹوتھ پاؤڈر —: چاک، بھنگڑی مکد ۲ تولہ، کافور ایک تولہ، سفوف بنادیں اور بطور منجن استعمال کریں۔ بدبو دہن رفع کرتا ہے۔ مجلی دندان ہے دانتوں کو مانند موتیوں کے سفید کرتا ہے۔

منجن دندان —: سمندر جھاگ، بورک ایسڈ مکد ایک تولہ، کھڑیا مٹی پونے دو تولہ، سوڈا

یائیکا رب ۹ ماشہ، رنگ اور خوشبو حسب مرضی شامل کریں یا کاربالک ایسڈ ٹوتھ پاؤڈر بنانا ہو تو ۸ قطرے ایسڈ شامل کریں۔ منجن تیار ہو۔

درد دانت خون نکلنا بدبو وغیرہ

کچور، ماسخورہ، پھٹکڑی ہر واحد ٦ ماشہ، نیلا تھوتھا ۴ ماشہ، کھٹے مسور ایک تولہ، سب کا باریک سفوف تیار کریں۔ انگلی کے ذریعے تھوڑا سا سنون ملاکریں۔ اور منہ کو ڈھیلا چھوڑ دیں تاکہ پانی نکل جائے۔ جملہ امراض دندان کے لئے نہایت مفید ہے۔

درد داڑھ ---: عقر قرحا، فلفل سیاہ، کافور، نوشادر، ہر واحد ایک تولہ۔ سب کا سفوف تیار کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ قدرے ملنے سے درد رفع ہوگا۔

درد دندان ---: عرق گلاب سرکہ ملاکر ایک چھٹانک، مشک کافور ٦ ماشہ ملاکر نیم گرم غرارہ کریں۔ یا ہینگ، کافور، افیون، ایک ایک رتی ملاکر درد کی جگہ رکھیں یا کریا زوٹ، یا کاربالک ایسڈ، یا کلوروفارم روئی سے سوراخوں میں ایک دو بوند لگا دیں۔ یا کالی مرچ یا عقر قرحا باریک پیس لیں۔

نفیس ٹوتھ پاؤڈر ---: سنگجراح سیر بھر میں ایک تولہ پھٹکڑی اور ایک تولہ یوکلپٹس آئل ملاکر رکھیں۔ بس تیار ہے اگر گلابی رنگ بنانا ہو تو سنگجراح کو گلابی رنگ ایک ماشہ میں رنگ لیجئے۔ اور بعد ازاں سکھا کر پاؤڈر تیار کریں۔ دانتوں کی جملہ امراض کو مفید ہے۔ کاربالک ایسڈ ملانے سے کاربالک ٹوتھ پاؤڈر بن جاتا ہے۔

اکسیر دندان ---: دانت یا داڑھ کو کیڑا لگنا۔ یا پانی لگنا اور دانتوں کا ہلنا وغیرہ۔ امراض میں شرطیہ آرام ہوتا ہے۔ اور منٹوں میں آرام آتا ہے۔ غنچہ ناشگفتہ مدار ایک سیر۔ نمک سیاہ ۱۰ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱۰ تولہ، پہلے غنچہ مدار کو جو کوب کرکے ایک کوری ہنڈیا میں ڈالیں۔ اور نمک و مرچ سیاہ بھی جو کوب کرکے درمیان میں رکھ کر معمولی سمپٹ کرکے پندرہ، بیس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر حفاظت سے رکھیں۔ اکسیر تیار ہے۔ مفت دیں ورنہ تاثیر نہ ہوگی۔

امرت منجن ---: دانت یا درد داڑھ، کیڑا لگنا، یا پانی لگنا، خون آنا، سوجن ماسخورہ وغیرہ کو مفید ہے۔ کیڑے کی کھوڑ میں ایک چٹکی بھر دیں۔ بعد ازاں گرم پانی سے کلی کریں۔ دیگر جگہ ویسی ہی مل دیں۔ مصطگی رومی، الائچی سفید، مرچ سفید، عقر قرحا، پھٹکڑی سفید ہر واحد ٦ ماشہ گاؤزبان، سنگجراحت ہر ایک ایک پاؤ نمک لاہوری ا چھٹانک، کاربالک ایسڈ، یوکلپٹس آئل، کوڑی

زرد ہر واحد ۳ ماشہ شیر مدار سے تر کر کے انگاروں میں کشتہ کرلیں اور گودنتی بھی کشتہ کرلیں۔ پھر تمام چیزیں کوٹ کر کاربالک ایسڈ، یوکلپٹس آئل میں ملالیں۔ منجن تیار ہے اور مذکورہ بالا امراض کے لئے عمدہ منجن ہے۔

اکسیری منجن —: کتھ ۳ ماشہ، پھٹکڑی ۳۔ ماشہ، جڑپان ڈھائی تولہ، کافور ڈیڑھ تولہ، پوٹاس کلورس ۴ ماشہ، گیلک ایسڈ (ست ماجو) ساڑھے تین ماشہ، برادہ پوست ببول ساڑھے تین ماشہ۔ کھڑیا مٹی (چاک انگریزی) ۵ تولہ کوٹ پیس کر سفوف بنادیں اور بطور منجن استعمال کریں۔ جملہ امراض دانت کے لئے اکسیری منجن ہے۔

درد داڑھ —: نوشادر، سنگجراحت مکد ۲ ماشہ، چونہ ان بجھ ۳ ماشہ ہر سہ اجزاء کو باریک کرکے ہتھیلی پر یکے بعد دیگرے ان کا فرش دیں پھر ان پر پانی کا چھینٹا دیں۔ اور دوسری کف دست سے ملاکر مریض کے ناک میں سونگھا دیں——— اور حکم دیں کہ وہ اوپر کو سانس کھینچے۔ مریض خواہ کیسا ہی بے تاب ہو فوراً آرام ہو جائے گا۔

دانت داڑھ نکالنا —: کنکر بیل کا پھل کچل کر اس کا رس نکال کر شیشی میں رکھیں اور انگلی سے داڑھ کے ارد گرد لگا کر پانچ منٹ اثر ہونے دیں۔ پھر خدا کا نام لے کر انگلی سے پکڑ کر داڑھ نکال لیں۔ فوراً بغیر درد کے داڑھ نکل آئے گی۔ لیکن رس تازہ ہونی چاہیے۔

(نوٹ) کنکر بیل کو پنجابی میں گھگرویل اور طبی زبان میں بنڈال ڈوڈہ کہتے ہیں۔ یہ عام طور پر امراض مستورات میں مستعمل ہوتی ہے۔

دل پسند منجن —: سوڈا واشنگ ۶ تولہ، پھٹکڑی بریان، پھٹکڑی خام، سنگجراحت کشتہ ورنیم، سمندر جھاگ مکد ۴ تولہ، عقر قرحا ۳ تولہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ، الائچی دانہ خورد ایک تولہ، نمک لاہوری ۲ تولہ، ست پودینہ ۱ ماشہ، ست اجوائن ۲ ماشہ، مشک کافور ۳ ماشہ، کرسٹل کاربالک ایسڈ ۳ ماشہ، خشک ادویات کو باریک کرکے پھر ست و ایسڈ وں کو ایک شیشی میں بند کرکے دھوپ میں رکھیں کہ تیل ہو جائے۔ پھر کھرل کے ذریعہ باقی ادویات میں جذب کرادیں اور بذریعہ برش دانتوں کے اندر اور باہر منجن لگا دیا کریں۔ دانت درد، پیپ آنا، دانت ہلنا، دانتوں کی میل وغیرہ دور ہو کر موتیوں کی طرح چمک دار کرتا ہے۔ امراض دندان کا واحد علاج ہے اور چوٹی کا نسخہ ہے۔ مجربہ حکیم عنایت اللہ

تریاق پائیوریا —: بجردنتی بوٹی ۵ تولہ، زبدۃ بحر ۵ تولہ، مازو ۵ تولہ، پھٹکڑی شگفتہ ڈھائی تولہ، مینتھول ۳ ماشہ، ایسڈ کاربالک ۶ ماشہ، یوکلپٹس آئل ۶ ماشہ، سب کو سفوف بنادیں۔ پائیوریا و جملہ امراض دندان جڑیں ننگی ہو جانا۔ دانت ہلنا، خون یا پیپ آنا، یا بدبو آنا کو مفید ہے۔

بے نظیر منجن —: دانتوں اور مسوڑوں کے بہت سے امراض، مثلاً دانتوں کا ہلنا، پانی لگنا،

درد، میل کا جمنا، خون اور پیپ کا آنا، مسوڑوں کا پھوٹنا، دانتوں کا کیڑہ وغیرہ دور کرکے دانتوں کو مضبوط سفید صاف اور چمک دار بناتا ہے۔ اور متواتر استعمال سے دانت اور مسوڑوں کو بہت سے امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔

سرمہ سفید، سیلکڑی، پھٹکڑی، چھلکا مولسری خشک، چاروں ہم وزن لے کر کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔ اور استعمال میں لائیں۔

روغن عجیب

کریا زڈمائی پیورائی نصف ڈرام، ٹنکچر اوپیائی نصف ڈرام، ٹنکچر بنیز وائینی کو ایک ڈرام، کلوروفارم نصف ڈرام، تمام ادویہ کو ایک ہی شیشی میں ڈال کر محفوظ جگہ پر بند کرکے رکھ دیں۔ بوقت ضرورت روئی کی پھریری سے دانت یا داڑھ پر لگائیں۔ ایک منٹ میں درد کافور ہو جائے گا۔ کیڑا مرجائے گا مجرب المجرب ہے۔

فوائد ---: دانت یا داڑھ درد، کان درد، ورم حلب رخو، موچ، پھوڑا، پھنسی، دمل وغیرہ کو مفید ہے۔ کان درد میں ہمراہ روغن کنجد ملاکر استعمال کریں۔ مریض ہیضہ کو بھی مایوسی کی حالت میں بقدر ایک قطرہ ۶ ماشہ روغن بادام میں ملاکر دیں اور اس کو ہلکا کرنے کے لئے اسی نسبت سے استعمال کریں۔

درد دندان ---: دیسی سرخ مرچ جو لمبی ہو۔ پختہ کو لے کر پانی میں خوب جوش دیں اور اس پانی سے کلی کریں۔ درد و دندان کیڑا وغیرہ لگنے کو مفید ہے۔

درد دانت اور کیڑے نکالنا

پیاز کے رس میں کلونجی کو کھرل کرکے چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنالیں اور خشک کر رکھیں جب دانتوں سے کیڑے نکالنے مطلوب ہوں۔ ایک ٹکیہ چلم میں رکھ کر اوپر انگارہ رکھ کر دم لگوائیں۔ اور دھواں تھوڑی دیر منہ میں روکنے کی ہدایت کریں۔ پھر منہ کھول کر لعاب دہن پانی کے بھرے ہوئے برتن میں ڈالیں۔ تمام کیڑے اس میں گرتے رہیں گے۔

دیگر ---: باؤبڑنگ پانی میں جوش دے کر غرارے کرائیں۔ اس سے بھی تمام کرم دندان خارج ہو جاتے ہیں۔

اکسیری منجن ---: یہ منجن دانتوں کی تمام تکالیف کا مداوا ہے۔ دانتوں سے بدبو آنا۔ خون نکلنا، پیپ بہنا، پانی لگنا، دانتون کا ہلنا، کیڑا لگنا، مسوڑے پھول جانا، دانتوں کا سیاہ ہو جانا بلکہ

ماخورہ کے لئے بھی مفید ہے۔بوقت ضرورت رات کو سوتے وقت برش سے لگاکر دانتوں پر آہستہ آہستہ ملیں۔ پھر منہ کو ڈھیلا چھوڑ کر رال کو ٹپکائیں۔ پھر ایک بیڑہ پان کھا کر سوجائیں۔ صبح اٹھاکر غرارے کریں۔ پھراس کے فوائد معلوم ہو جائیں گے۔

نسخہ ـــ: مجیٹھ، باؤ بڑنگ، مازو بے سوراخ، کتھ سفید، مرچ سیاہ، سعدکوفی (متھراں) سنبل الطیب، دانہ ہائے الائچی، الائچی کلاں ہر ایک ۱ تولہ، طوطیا ۶ ماشہ، طوطیا کو تابہ آہنی پر رکھ کر نیچے آنچ جلائیں۔ جب بھن کر خاکستری مائل ہو جائے تو باقی ادویہ میں ملاکر مانند سرمہ کے کرکے ملالیں بس منجن تیار ہے۔

منجن طلسم ربی ـــ: طلسم ربی یعنی پتھر کا کوئلہ سوختہ مانند چونہ سفید شدہ جو کہ ریلوے انجن اور عالم سٹیم انجنوں میں جلایا جاتا ہے۔ باریک کپڑ چھان شدہ ۵ تولہ، چھلکا بادام سوختہ ۵ تولہ، سفوف ریٹھہ کپڑ چھان شدہ ۶ ماشہ، نمک شیشہ ۲ تولہ، کچلہ سوختہ ایک تولہ، سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کپڑ چھان کرکے ملالیں بس تیار ہے۔بوقت صبح انگلی سے دانتوں پر خوب مل کر منہ ڈھیلا کرکے لعاب بہنے دیں۔ دو منٹ بعد آب تازہ سے غرغرہ کریں۔ اسی طرح سے تین بار کریں۔ روزانہ اسی طرح کرنے سے دانت مثل موتی کے چمکدار ہو جاتے ہیں اور ابتدائی ماخورہ سے نجات مل جاتی ہے۔

ٹوتھ پاؤڈر ـــ: کھڑیا مٹی ۴ اونس، سمندر جھاگ ۳ اونس، سوڈا بائی کاربونیٹ ان تمام اشیاء کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر سفوف بنائیں اور باہم ملاکر گلابی رنگ ۳ ڈرام، عطر گلاب ۱۲ بوند شامل کریں اور بطور منجن استعمال کریں۔ دانتوں کی تمام امراض کو دور کرکے موتیوں کی طرح چمکاتا ہے اور خوشبو دار بھی ہے۔

روغن فوری اثر ـــ: درد کو فوراً بند کرنے کے لئے اس روغن سے بڑھ کر اور دوا ملنا مشکل ہے۔ مریض چاہے درد کی وجہ سے کتنا ہی بے چین کیوں نہ ہو۔ اس عرق میں سے ذرا سا روئی کے پھایہ پر لگاکر دانت کے اردگرد اور قدرے اوپر لگا دیں۔ انشاء اللہ اسی وقت درد بند ہو جائے گا۔ لیکن اس دوا سے مستقل فائدہ کم ہوتا ہے۔ بلکہ فوری آرام دہ ہے۔

نسخہ یہ ہے ـــ: کلورل ہائیڈریٹ ۴ ماشہ، کافور ۴ ماشہ، کوکین ۲۔ رتی، ہرسہ ادویات کو چینی یا کانچ کے کھرل میں ڈال کر کھرل کریں۔ تیل ہوجائے گا۔ خوب مضبوط کارک لگا کر شیشے میں حفاظت سے رکھیں۔

فوائد ـــ: اس روغن کو جس جگہ پر لگایا جائے اس جگہ کو بالکل بے حس کر دیتا ہے اس لئے سر درد، داڑھ درد، ذات الجنب بلکہ ہر ایک قسم کے درد کو روکنے کے لئے چند قطرے اوپر مل دیں۔ فوراً تسکین ہو جائے گی۔

منہ کے امراض

ہونٹ پھٹنا ــــــ قلاع دہن ــــــ ثبور دہن ــــــ زبان کا بھاری ہونا ــــــ

روغن منوہر اسراری ـــ: مشک کافور ۲ تولہ' کاربالک ایسڈ ا تولہ کو پہلے حل کریں اور پھر ٹنکچر آیوڈین ۲ تولہ ملاکر دانتوں پر روئی کے پھایہ سے خراب دانتوں پر طریق ذیل سے لگا دیں۔ اول نمک شیشہ ۵ منٹ سے لے کر ۱۰ منٹ تک مالش کریں غرارہ کرکے کپڑے سے صاف کرکے پھریری سے روغن کا لیپ کریں اور سوجائیں۔ صبح اٹھ کر منجن بالا کا استعمال کریں۔ ہلتے دانتوں کے لئے ٹنکچر سٹیل کی پھریری کافی ہے۔

قلاع دہن ـــ: کتھ' طباشیر' دانہ لاچی خورد' زیرہ سفید' گلسرخ' کباب چینی' کافور' سب کا ہم وزن سفوف بنا دیں اور چٹکی سے برک دیں۔ مجرب ہے۔

ورم ہونٹ ـــ: ہونٹوں کے ورم اور پھٹے کو آرام دیتی ہے۔ گائے کا گھی ۲ تولہ' نمک لاہوری ٦ ماشہ باریک پیس کر ہر دو کو ملاکر بقدر حاجت لگائیں۔

برائے ورم مسوڑہ ـــ: مازو' مائیں' پھٹکری' نیلہ تھوتھا' سہاگہ' فلفل گرد' نوشادر سب کو ہم وزن لے کر مانند غبار کھرل کریں اور قدرے مسوڑھوں پر لگا کر منہ ڈھیلا چھوڑ دیں اور پانی بہنے دیں۔ ورم مسوڑہ کے لئے مجرب ہے۔

امراض حلق

خناق ــــــ وجع الحلق ــــــ بحتہ الصوت ــــــ خنازیر گلے کا بیرونی ورم ــــــ ورم لہاۃ و ورم لوزتین ــــــ سقوت اللہاۃ ــــــ

گلے کی بیماریاں

اکسیر خنازیر ـــ: سیاہ سانپ تازہ مردہ لے کر کوزہ گلی میں بند کرو اور گل حکمت کرکے ایک من اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس رکھیں صرف ایک رتی مریض کی زبان پر رکھ کر دو چار چمچہ شہد ڈال دیں یا شہد میں رکھ کر چٹائیں۔ خناق خواہ کیسا ہی مہلک کیوں نہ ہو اس کے استعمال کے سامنے ہیچ ہے نیز اس کے استعمال سے ہر قسم کے اورام اور گلٹیاں تحلیل ہو جاتی ہیں۔

ضماد خنازیر ---: سانپ کی ہڈی، بلی کی ہڈی، مردار سنگ سندھور نیلا تھوتھا ہم وزن روغن سرشف حسب ضرورت، روغن سرشف کو آگ پر گرم کرکے اتار کر پہلے دونوں ہڈیاں باریک شدہ ڈالیں پھر باقی اشیاء باریک شدہ ڈالیں۔ بوقت ضرورت یہ مرہم خنازیر پر لیپ کریں۔ گلٹیاں پھوٹی ہوئی نہ ہوں تو پچھنے لگا کر لیپ کریں۔ شرطیہ آرام ہوگا۔

فقیرانہ دوا ---: ناگ پھنی بوٹی کا پھل جس کا رنگ اودا ہوتا اور ذائقہ آڑو کی طرح ترش ہوتا ہے اس مرض کے لئے نہایت مفید ہے تین یا چار پھل کھلائیں اور قدرے پیس کر لگائیں امید ہے کہ چند روز میں انشاء اللہ آرام ہوگا۔ ترشی اور ٹھنڈی چیزوں سے پرہیز کریں۔ بیسنی روٹی گھی کے ساتھ مونگ کی دال بکری کا شوربہ چائے بسکٹ وغیرہ۔

محلل اعظم برائے خنازیر ---: خنازیر اور ورم صلب کو تحلیل کرنے میں مجرب ہے۔ پرمیگنیٹ آف پوٹاش ۱ تولہ، شراب دیسی ۱۰ تولہ مصبر ۶ ماشہ، مصبر کو شراب میں حل کرلیں۔ ایک کافی بڑی بوتل لے کر اس میں ڈالیں اور پوٹاش کو باریک کرکے اس میں ڈال کر فوراً منہ بند کردیں۔ ورنہ سب دوا اڑ جائے گی۔ یا آگ لگ جائے گی بوتل بہت گرم ہو جائے گی اس کو ٹھنڈا ہونے تک چھونا نہ چاہئے۔ پھر ایک پھریری سے صبح و شام لگائیں۔ خواہ پھوٹی ہوئی ہوں یا بند۔ بوتل سے باہر اس دوا کو نہ بنانا چاہئے۔ ورنہ نقصان ہوگا۔ پھریری سے خنازیر پر لگایا کریں۔

دافع خنازیر ---: جوان بیل کے سینگ کا مغز ایک کوزہ گلی میں بند کرکے آنچ دیں۔ اور خاکستر کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک ۳ یا ۴ ماشہ ہمراہ شہد خالص۔ بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

رفیق ---: پھٹکڑی، نمک، سوڈا واشنگ، سب ہم وزن لے کر سفوف بنائیں۔ بقدر تین ماشہ لے کر گرم پانی میں ملاکر غرارے کرائیں۔ اس کا متواتر استعمال دانتوں کی سیاہی اور ٹمیالا پن کو دور کرتا ہے۔ منہ کے چھالے، زخم، جلن، زبان کا پکنا، خناق، پان وغیرہ کی غلط استعمال سے منہ کا آنا--- بدبو دہن، کوالٹکنا وغیرہ کو مفید ہے۔

دوائے حلق ---: کوے (لہاۃ) کے درد اور ورم کو آرام کرتی ہے۔ بارہ سنگے کا سینگ سوختہ، پھٹکڑی بریان، نوشادر، ہم وزن سفوف بناکر کوے اور حلق کے غدود پر لگائیں۔

کنٹھ مالا ---: ہزار پایہ مار کر سایہ میں خشک کرکے باریک پیس کر بقدر ضرورت شہد میں ملاکر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی روزانہ دیں۔

امراض سینہ

سعال خشک و تر —— سرفہ مزمن —— سرفہ سیاہ —— دمہ —— نزلہ دائمی —— نفث الدم —— سل —— نمونیا —— ذات الجنب ——

حب ضیق النفس

سم الفار ۱ گرین، بلاڈونا ۳ گرین، شیر مدار ۴۸ گرین، افیون ۲۴ گرین، سب کو ملا کر ۲۴ گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح ایک دوپہر اور ایک شام بعض کرنے بھی ہو جاتی ہے۔ لیکن مضائقہ نہیں۔ اور برابر ۲ گھنٹہ میں کیسا ہی زور سے دمہ اٹھا ہو۔ تو معاً دور ہو جاتا ہے اور اس سے بعض لوگوں کو ایک ہی روز میں دمہ جاتا رہتا ہے۔

سفوف دافع ضیق النفس ——: مندرجہ ذیل دواؤں کے سفوف کی چٹکی چلم میں رکھ کر کش لگائیں۔ یا صرف سفوف کی چٹکی اپلے کی آگ پر ڈالکر مناسب طریق سے اس کا دھواں کشید کریں۔ دمہ کا دورہ شرطیہ دور ہوگا۔ مگر کمزور آدمی کو چلم میں نہ پئے۔ کیونکہ اس میں گانجہ پڑتا ہے۔

نسخہ ——: برگ دھتورہ، شورہ قلمی، اجوائن دیسی، اجوائن خراسانی، ہلدی، گانجہ، ہر ایک ۶ ماشہ، افیون ۱ ماشہ۔

برائے دمہ ——: برگ بھنگ، قلمی شورہ، برگ دھتورہ، ہم وزن سفوف تیار کریں۔ بحالت دورہ ایک چٹکی آگ پر رکھ دھواں کھینچیں۔ دمہ کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔

دمہ دور ——: ایک سیر تمباکو کڑوا توڑ موڑ کر ۵ سیر پختہ پانی میں چار دن تک بھگو رکھیں۔ بعد ازاں نرم آگ پر اس قدر پکائیں کہ نصف رہ جائے۔ تو مل چھان کر ۵ تولہ پھٹکڑی ملا کر پکائیں۔ جب تمام پانی خشک ہوجائے اور صرف پھٹکڑی ہی باقی رہ جائے تو تیار ہے۔ ایک رتی بالائی میں دن کے چوتھے پہر میں کھلایا کریں۔ چند یوم کے استعمال سے ہر قسم کا دمہ کلی طور پر دور ہوگا۔
پرہیز:۔ پکوان تیل اور لیس دار ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

دمہ کا بے نظیر نسخہ ——: اجوائن، لونگ، نمک، ہم وزن لے کر باریک پیس کر ایک چینی کے پیالے میں ڈال دیں۔ اور اس پر شیر مدار اس قدر ڈالیں کہ دو انگلی اوپر تیرتا رہے۔ خشک ہونے پر ایک میٹھا انار لے کر اس کے دو ٹکڑے کرلیں ایک کے دانے نکال کر اس میں دوائی بھر کر دوسرا ٹکڑہ اوپر جوڑ کر دھاگہ سے باندھ دیں۔ اور اوپر مٹی کا لیپ کردیں۔ خشک ہونے پر پچاس عدد اپلے کلاں کی آگ دیں۔ ۲۴ گھنٹہ کے بعد نکالیں خاک شدہ علیحدہ برآمد ہوگا۔ پیس کر

شیشی میں نگاہ رکھیں۔ بس دمہ کا تریاق ہے۔ ۵ رتی سے ۷ رتی تک ہمراہ آب استعمال کریں۔ کوئی خاص پرہیز نہیں۔ دو ہفتہ تک کلی صحت حاصل ہوگی۔ یہ عجیب غریب پر تاثیر نسخہ ہے۔

اکسیر دمہ ــــ: باجرہ تین سال کا پرانا لے کر اس کو ڈیڑا تھوہر میں بھر کر گل حکمت کرکے آگ دیں۔ تین تولہ باجرہ کے لئے ایک سیر کی آگ کافی ہے۔ آگ سرد ہونے پر نکال لیں باجرہ کے دانے بالکل سفید اور چاندی کی طرح پھولے ہوئے نکلیں گے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک ۳ رتی سے ایک ماشہ تک دیں۔ مجرب ہے۔

سنجور دمہ ــــ: شورہ قلمی ۵ تولہ، برگ دھتورہ، لوبان، تمباکو ملاکر ۵ تولہ، سونف ۲ تولہ، سب کو باریک کرکے اس میں ۱۰ تولہ کھولتا ہوا پانی ڈال کر رکھ دیں۔ چار پہر کے بعد آگ پر خشک کریں۔ دمہ کی حالت میں اس کا دھواں لینے سے فورا رک جاتا ہے۔ آگ پر ۴ یا ۶ ماشہ ڈال کر دھواں اندر کھینچیں۔ یا تمباکو کی طرح نئے حقہ میں ڈال کر نوش کریں فورا دورہ رک جائے گا۔

برائے دمہ کھانسی بلغمی ــــ: خوب کلاں ایک تولہ، کیرا تولہ، سرخ کھانڈ (لال کھانڈ) ۴ تولہ، اول دوا کو قدرے بھون لیں۔ آنچ نرم ہو دوا جلنے نہ پائے۔ پھر سب ادویہ کو باریک کرکے ملالیں۔ ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب دیں۔ دمہ، کھانسی، بلغم شور والی کو نہایت مفید ہے۔

برائے دمہ ــــ: ہیرا ہینگ اصلی، افیون برابر وزن حسب ضرورت لے کر آگ پر بھون لیں۔ اور دونوں کے برابر سہاگہ اور مصبر اضافہ کرکے سہانجنہ کے رس میں کھرل کریں۔ پھر نخودی گولیاں بنائیں۔ صرف ایک گولی مویز منقی میں رکھ کر نگل جائیں۔ دمہ کو فوری آرام ہو جائے گا۔

اکسیر دمہ، کشتہ گوگرد ــــ: گندھک آملہ سار لے کر مٹی کی رکابی میں نرم آگ پر گلائیں۔ اور اس پر عرق کنوار گندل بقدر ۵ تولہ ڈال دیں جب خشک ہو جائے اسی قدر اور ڈالیں۔ حتیٰ کہ ایک سر عرق جذب ہو جائے سرد کرکے کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔ ایک ماشہ روزانہ ہمراہ مکھن استعمال کریں۔ ضیق النفس دمہ کے لئے اعجاز مسیحائی ہے۔ اس مرض کو بیخ سے اکھاڑ دیتی ہے۔

برائے دمہ ــــ: پوٹاسی آیوڈائڈ ۸ گرین، لائیکوار آرسنک ۹ منم ٹنکچر بیلا ایقرس ۳۰ منم، ٹنکچر بیلا ڈونا، ۱ منم، وائنم اپیکاک ۳۰ منم سیرپ ٹولو ۲ ڈرام۔ ایک ایک ایکوا کلوروفارم ۵ اونس۔ پانی آدھ سیر سب کو بوتل میں ڈال کر چار نشان کریں۔ دن میں چاروں خوراکیں ختم کردیں۔ خواہ کیسا ہی دمہ ہو فورا بند ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

خمیرہ روغن ماہی ــــ: کاڈلور آئل ۵ تولہ، گوند کیکر ۵ تولہ، کیلشیم ہائپو فاسفیٹ ۲ ماشہ

سکرین ۲ رتی، عرق سونف ۱۰ تولہ، سب سے پہلے گوند کیکر کے سفوف کو قدرے عرق سونف میں حل کریں۔ جس سے لئی کی طرح ہو جائے پھر اس میں کاڈ لور آئل تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔ حتیٰ کہ تمام عرق جذب ہو جائے پھر باقی ماندہ اشیاء ڈال کر کھرل کریں۔ اور باقی ماندہ عرق سونف ڈال کر کھرل کریں۔ بس خمیرہ ماہی تیار ہے۔ کھانسی، دمہ، ضیق النفس، ربو، دق و سل، بچوں کا کمزور اور دبلا پن، نفث الدم، وغیرہ امراض میں مفید ہے۔ جب تک مرض کی پوری صحت نہ ہوجائے۔ برابر استعمال رکھیں۔ بقدر ۴ ماشہ، ہر دو وقت غذا کے درمیان یا بعد از غذا دیں بچوں کو حسب عمر دیں۔ بوڑھوں، جوانوں، عورتوں میں یکساں مفید ہے۔

روغن نوشادر برائے ضیق النفس

نوشادر دیسی ۵ تولہ، چونہ آب نارسیدہ ایک مٹی کی ہانڈی میں باریک شدہ چونہ کے فرش و لحاف میں نوشادر کے ٹکڑے کرکے رکھ دیں۔ فرش و لحاف کو خوب دبا دیں۔ برتن اتنا ہو کہ ان چیزوں کے آنے سے خلا نہ رہے حسب ضرورت اور چونہ بڑھالیں۔ کوزہ کا منہ خام کرکے چولہے پر رکھ کر نیچے ۲ گھنٹہ کامل ہلکی آنچ دیں۔ پھر دو گھنٹہ تیز آنچ دیں۔ تب کوزہ کو سرد ہونے دیں۔ پھر تین پاؤ پانی میں حل کرکے مقطر لے لیں۔ دوسری بار پسماندہ میں آٹھ سیر پانی ڈال کر مقطر لے لیں۔ پھر تیسری بار پاؤ پانی میں مقطر لے لیں۔ پھر ان تینوں مقطروں کو ملاکر کسی مصفی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر گرم کریں۔ جب قریب قوام کے پہنچے تو کسی تام چینی کی پلیٹ میں ڈال کر شبنم یا نمدار جگہ پر ٹیڑھا کرکے رکھ دیں۔ نوشادر کا تیل خود بخود الگ ہو جائے گا۔ یہ تیل تین بوند تک مریض دمہ کو دیں۔ اکسیر ثابت ہوگا۔ بدہضمی، ضعف معدہ، اور ضعف طحال، بھڑ، بچھو، اور زہریلی مکھی کے کاٹنے پر لگادیں۔ سانپ کے کاٹے پر مفید ہے۔

سعال و سرفہ :۔ شکر تیغال، نشاستہ، کیرا مکد ۳ تولہ، تخم خشخاش، رب السوس، مغز بیدانہ مکد ۴ تولہ، مغز بادام شیریں ۱۰ تولہ، گوند کیکر ۳ تولہ، شکر طبرزد ۱۰ تولہ، سب کو کوٹ کر ا۔ سبغول یا بیدانہ کے لعاب میں گولیاں نخودی تیار کریں اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔ نہایت ہی مجرب ہیں۔

حبوب کھانسی :۔ کیرا ۷ ماشہ، کاکڑا سنگی ۵ ماشہ، رب السوس ۶ ماشہ نشاستہ ۵ ماشہ، سب کو کوٹ پیس کر شربت خشخاش سے بقدر کنار صحرائی گولیاں بنادیں۔ ایک دو گولی رات کو سوتے وقت منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں۔

برائے سرفہ بلغمی :۔ بیخ ستیاناسی جس پر پھول آچکے ہوں۔ اور ابھی پھل نہ لگے ہوں لے کر سایہ میں خشک کریں اور کوٹ چھان کر ہم وزن فلفل دراز ملالیں۔ عرق لہسن میں ایک

روز تک کھرل کر کے بقدر فلفل گرد گولیاں بنالیں۔ ایک گولی گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں صبح و سوتے وقت۔ کہنہ و بلغمی کھانسی کے ۹۰ فیصدی مفید ہے بلغم غلیظ پانی ہو کر روزانہ خارج ہوتی ہے۔ برائے تجربہ چند گولیاں پیس کر کف پر ڈالیں۔ اس کو پانی کر کے رواں کر دے گا۔ سرفہ معہ کف کو مفید ہے۔

برائے کھانسی از بس مفید ہے ـــ: گوند کیرا، رب السوس نشاستہ، تخم خشخاش، مکد ۷ ماشہ مویز منقیٰ، بادام مقشر گیارہ گیارہ دانہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ، مصری ۱ تولہ، لعاب بہیدانہ میں گولیاں بنا دیں اور رات کو منہ میں رکھ کر چوسا کریں۔

برائے کھانسی جو بسبب نزلہ و زکام کے ہو ـــ: گل بنفشہ تخم خطمی پانچ پانچ ماشہ، مویز منقہ ۹ دانہ، عناب ۵ دانہ، ملٹھی مقشر، گاؤ زبان پانچ پانچ ماشہ، سوڑیاں ۹ دانہ، سب کو پاؤ سیر گرم پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈال کر پلائیں۔

حب سعال ـــ: جند بیدستر ۵ ماشہ، زعفران ۵ ماشہ، کاکڑ اسنگی ۶ ماشہ، رب السوس ۹ ماشہ، گوند کیکر ۱۰ ماشہ، گوند کیرا ۱۰ ماشہ، نشاستہ ۱۰ ماشہ شکر تیغال ۱۲ ماشہ، دار چینی ۱۳ ماشہ، افیون ۱۳ ماشہ، سب کو باریک پیس کر لعاب بہیدانہ میں گولیاں نخودی تیار کریں۔ نزلہ و زکام پرانی کھانسی کو مفید ہیں۔ پہلی خوراک ہی اپنا جادو اثر دکھاتی ہے۔

کھانسی ـــ: کچلہ کو جلا کر کوئلہ کر لیں۔ ایک چاول پان میں رکھ کر صبح و شام کھلا دیا کریں۔ شام کو زیادہ مفید ہوتا ہے۔ اس سے بلغم خوب خارج ہوتا ہے۔ اور اکثر تین ہی یوم میں آرام آجایا کرتا ہے۔

برائے دمہ ـــ: دار چینی، لونگ، جائفل، دار فلفل، سونٹھ، مرچ سیاہ مکد ۶ ماشہ، عقر قرحا ۹ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، سب کو پیس کر پرانے گڑ میں نخودی گولیاں بنائیں۔ دو گولی منہ میں رکھ کر چوسیں ۔بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائے گا۔

اکسیر دمہ ـــ: سوما کلپا ایک پاؤ کو کوٹ کر ۲ سیر پانی میں بھگو دیں صبح اس پانی کو جوش دیں جب ایک سیر رہے تو ایک سیر مصری کوزہ ملا کر شربت تیار کر لیں۔ اور سرد کر کے بوتلوں میں بھر لیں۔ پھر اس میں پوٹاشیم آیوڈائیڈ ۲ تولہ ملا کر لیں۔ دن میں تین دفعہ ایک سے ۲ تولہ تک ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔ دوران استعمال میں دودھ کا استعمال رہے۔ ایک ہفتہ میں پرانے سے پرانہ دمہ دور ہو جاتا ہے۔

برائے دمہ ـــ: بلاٹنگ پیپر کو مندرجہ ذیل محلول میں بھگو کر خشک کر لیں۔ دمہ کے مریض کو اس بلاٹنگ پیپر کی دھونی ناک اور حلق سے دیں۔چند منٹ میں کف اور بلغم بالکل خارج ہو جائے

گا۔ بلاٹنگ پیپر کو اس محلول میں بھگوئیں۔ شورہ قلمی باریک پیس کر پانی میں حل کریں جب تک پانی میں شورہ حل ہوتا جائے ڈالتے جائیں۔ ایک حد پت پہنچ کر شورہ محلول ہونا بند ہو جائے گا۔ اس وقت اس کو چھان لیں اور اس میں بلاٹنگ پیپر کو بھگو دیں۔

برائے سرفہ کھانسی ۔۔۔: نوشادر، پھٹکڑی ۲ تولہ، اور پاؤ بھر دیسی نمک لے لیں۔ نمک کو باریک پیس کر آدھا آہنی توے پر ڈالیں اور اس پر نوشادر رکھ کر باقی نصف حصہ نمک اوپر پھیلا دیں اور پھر اس کو ایک پیالہ سے ڈھانپ کر نیچے آگ دیں۔ دو گھنٹہ کے بعد سرد ہونے دیں۔ نوشادر سفید زردی مائل حاصل ہوگا۔ اس کو بااحتیاط نکال کر کھرل کرکے پیچ دار شیشی میں رکھیں خشک کھانسی کے لئے ۲ رتی مکھن میں دیں۔ بلغمی کھانسی اور دمہ والے کو بتاشے میں دوا کسی صورت میں بھی زبان پر نہ لگے۔ دو تین دن میں شفاء ہو گی۔ مجرب المجرب ہے۔

کالی کھانسی ۔۔۔: کالی کھانسی کو میعادی تسلیم کیا جاتا ہے۔مگر ذیل کے نسخہ کے چند روزہ استعمال سے ہی ہمیشہ کے لئے اس نامراد مرض سے پیچھا چھوٹ جاتا ہے۔

ڈھاک (جس کے پتوں کے ڈونے بنتے ہیں) کے پتوں کی راکھ میں بقدر ضرورت بھونا ہوا نمک سونچل ملالیں۔ تاکہ ذائقہ ٹھیک ہو جائے۔ ایک دو رتی دن میں تین چار دفعہ چٹائیں۔ کالی کھانسی کا بہترین تریاق ہے۔

امراض قلب

ضعف قلب ـــــ خفقان ـــــ اختلاج

سفوف مقوی قلب

گلسرخ کی صرف سرخ پنکھڑیاں ا تولہ، بلوڈیجی ٹیلس (ڈیجی ٹیلس کے پتوں کا سفوف) ٦ ماشہ، ہر دو کو باریک سفوف بنائیں۔ تقویت قلب کے لئے ایک رتی ہمراہ عرق گاؤ زبان دیں۔

شربت مقوی دل ۔۔۔: آب سیب ۴۰ تولہ، آب گاجر بادامی رنگ ۲۰ تولہ، عرق بید مشک ۱۵ تولہ، عرق کیوڑہ ۱۵ تولہ، عرق گلاب ۱۵ تولہ، مصری ایک سیر بدستور معروف شربت تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ صبح دوپہر و شام کو سرد پانی ملاکر دیا کریں۔ جملہ امراض قلب کا خاتمہ کرکے دل کو مضبوط بنا دیتی ہے۔ اگر شربت کے ہمراہ ایک ایک رتی کشتہ عقیق دیتے رہیں تو اور زیادہ مفید ہو گا۔

معجون مفرح ۔۔۔: کشتہ مرجان، کشتہ عقیق، کشتہ یشب، کشتہ نقرہ، کہ ۳ ماشہ، مربہ گاجر، مربہ

سیب، مربہ بہی، مربہ آملہ، مربہ ہڑیڑ، کمد ۵ تولہ، مربہ جات کو کوٹ کر کشتہ جات ملا کر مثل معجون مفرح بنالیں۔ خوراک ۲ تولہ کھا کر اوپر سے کوئی مفرح شربت یا شیر گاؤ نوش کریں۔ غذا مقوی کھائیں۔ ترش اور حار اشیاء سے پرہیز کریں۔ مقوی قلب و دماغ ہے۔ تمام اعضائے رئیسہ کو طاقت بخشتا ہے۔ نہایت ہی مجرب نسخہ ہے۔

اوسبورن مکسچر —: پوٹاسی برومائیڈ ۱۲۶ گرین، کھانڈ خالص ۴۸ گرین، ٹنکچر کا ڈکو ۴۰ منم، ایکوا کلوروفارم ایک اونس سب کو باہم ملا کر رکھیں۔ غذا کے بعد ایک چمچہ مرگی کے دورہ کے لئے اور ضعف دل کے لئے یہ ولایتی دوا اکسیر الاثر ہے۔ فوری اثر کرتی ہے۔

جواہر مہرہ اکسیر قلب

یہ دوا امیروں رئیسوں کے لئے نایاب تحفہ ہے۔ دل کی تمام بیماریوں، اختلاج دل دھڑکنا، ضعف قلب، خفقان وغیرہ کو آب حیات ہے۔ اکثر ایک ہی خوراک سے دل کو طاقت ہونی شروع ہوجاتی ہے۔ اور چند خوراکوں میں تمام اعضائے رئیسہ طاقتور ہو جاتے ہیں اس لئے مقوی باہ بھی حد درجہ کا ہے۔ طب یونانی کا سب سے بہتر یہی نسخہ ہے کیونکہ اس کی ایک ہی خوراک ایک بار تو مریض کو بستر مرگ سے بھی اٹھا دیتی ہے۔ زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں جو صاحب بنائیں گے میرے بیان کی حرف بحرف تائید کریں گے جواہر مہرہ کے مختلف نسخہ جات ملتے ہیں۔ لیکن آپ کو جناب صادق الملک حکیم مولوی حافظ اجمل خان صاحب مرحوم کے مطب کا خاص نسخہ پیش کرتا ہوں۔

زہر مہرہ خطائی، مروارید ناسفتہ، بسد، کہربائے شمعی، لاجورد مغسول یا قوت سرخ، یاقوت کبود، یاقوت اصفر، یشب سبز، زمرد اخضر، عقیق سرخ درق نقرہ، مصطگی ہر ایک سات سات ماشہ، ورق طلاء جدوار خطائی۔ نارجیل خطائی۔ عنب الثعلب۔ کستوری نیپالی۔ مومیائی خالص ہر ایک ۳ ماشہ دو ہفتہ تک روح گلاب میں کھرل کرکے نہایت عمدہ شیشی میں سنبھال کر رکھیں۔ خوراک ۲ چاول سے ۴ چاول تک ہمراہ خمیرہ گاؤ زبان عنبری یا خمیرہ گاؤ زبان سادہ کھلاتے رہیں۔

نوٹ —: کھرل نہایت عمدہ لیں جس کا پتھر گھسنے والا نہ ہو۔ بہتر ہو کہ کھرل سنگ سماق کا ہو یا چینی کا ہو۔

امراض معدہ و امعاء

ورم معدہ ــــ ضعف معدہ ــــ ہیضہ ــــ ہچکی ــــ غثیان ــــ متلی ــــ
قے ــــ عطش ــــ قراقر ــــ قے الدم ــــ بدہضمی ــــ کمی اشتہاء ــــ
درد شکم ــــ نفخ شکم ــــ کرم شکم ــــ

برائے ہیضہ

فلفل سیاہ، نمک سیاہ، ادرک سبز، الائچی کلاں، پودینہ خشک سب ہم وزن کوٹ پیس کر گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

فوائد ــــ: ہیضہ، درد شکم، ضعف ہضم، وغیرہ امراض معدی میں مفید ہے۔ جوان آدمی کو ایک گولی ایک گھنٹہ کے بعد اور بچوں کو نصف گولی ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

تریاق ہیضہ ــــ: ہینگ ایک ماشہ، گندھک ۲ رتی، قلمی شورہ ۲ رتی، چونہ بجی کھار ۲ رتی، کافور ۲ چاول، ایک عدد لیموں کاغذی کے رس میں کھرل کرکے گولیاں بقدر نخود بنالیں۔ ہیضہ کے لئے بہترین اور مجرب چیز ہے۔

روغن کافور ــــ: مشک کافور ا تولہ، سپرٹ ۲ تولہ، مشک کافور پیس کر شیشی میں ڈال کر اوپر سے سپرٹ ڈال کر حل کریں اور محفوظ رکھیں۔ خوراک ۲ قطرہ سے ۳ قطرہ تک مصری یا بتاشہ پر ڈال کر ہر دو گھنٹہ کے بعد دے سکتے ہیں۔

فوائد ــــ: خون حنجرہ، قصبہ ریہ، مری، پھیپھڑے سے خون آنے کو مفید ہے۔ کثرت طمث، خونی اسہال اور بواسیری خون کو بھی ازحد مفید ہے۔ زیادہ سے زیادہ تین خوراکیں دینی پڑتی ہیں۔

نوٹ ــــ: ہیضہ کی اس حالت میں مفید ہے۔ جب مریض کا بدن سرد اور ناخن نیلے پڑ جائیں اسہال سے نڈھال اور بدن میں تشنجی دورے زوروں پر ہوں۔ اس کی ایک خوراک چمچہ میں ملاکر دینے سے مریض کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔ دست بند ہو جاتے ہیں اور بدن گرم ہو جاتا ہے۔ واقعی کم خرچ اور بالا نشیں ہے۔

روغن محلول کافور ــــ: مشک کافور ا تولہ، روغن تارپین ۲ تولہ دونوں کو باہم شیشی میں داخل کرکے ہلادیں۔ فوراً حل ہو جائے گا۔ اگر خوش رنگ بنانا ہو۔ تو برادہ صندل سرخ داخل کرکے دھوپ میں رکھ دیں۔ نہایت عمدہ سرخ رنگ ہوجائے گا۔

فوائد ــــ: اندرونی طور پر استعمال کرنے سے دافع کھانسی، پیچش، بدہضمی، اختلاج قلب، اور

قاتل دیدان امعاء ہے۔
بیرونی طور پر جلے ہوئے مقام پر لگانا فورا تسکین پیدا کرتا ہے۔ بلکہ نشان تک باقی نہیں رہتا۔

دانت درد کے لئے روئی تر کرکے دانت پر ملیں۔ ورم لثہ اور پائیوریا کا بہترین علاج ہے۔ درد کان کے لئے ایک قطرہ مسکن درد ہے۔ زبان کی پھنسیاں اور زنبور کے ڈنگ ہر دو واحد ورم پر درد سینہ چوٹ لگنا۔ درد مفاصل' نقرس' وغیرہ پر مالش کرنا مفید ہے۔ ہر جگہ کامیابی ہوتی ہے۔

نورانی قطرہ ---: کافور اصلی ایک تولہ کو سپرٹ ریکٹی فائیڈ ۲ تولہ میں ملاکر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ دو قطرہ سے چار قطرہ تک عرق سونف عرق پودینہ' حسب ضرورت ورم میں ملاکر پلائیں۔ اس کے استعمال سے ہیضہ ترش ڈکار۔بدہضمی زکام' اور کھانسی فورا کافور ہو جاتی ہے۔ اس نسخہ کو معمولی سمجھ کر نظر انداز نہ کردیں۔ دانت درد' کان درد' سر درد کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ روئی کا پھاہہ تر کرکے دانت کی کھوڑ میں رکھیں۔ کان میں ڈالیں ماتھے پر ملیں فوری اثر کرتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

اکسیری گولی برائے ہیضہ ---: گندھک آملہ سار' سہاگہ بریان' شنگرف رومی مدبر' عقر قرحا' مرچ سیاہ' فلفل دراز' برگ بھنگ' میٹھا تیلیہ' سونٹھ' کافور' پھول آک' مساوی الوزن لے کر تمام اشیاء مانند غبار کرکے پانی کی مدد سے گولیاں بقدر چنا تیار کریں۔ ایک ایک گولی ہر ایک گھنٹہ کے بعد ہمراہ عرق سونف دیں۔

شفائی گولیاں برائے ہیضہ ---: پوست بیخ مدار ۵ تولہ' تخم لیموں ۲ تولہ' ایلوا مصفی ۲ تولہ' نارجیل دریائی ۲ تولہ' ہیتہ ۲ تولہ' ہینگ بریاں ایک تولہ' مرکی ایک تولہ' زعفران کشمیری ۶ ماشہ' تمام ادویات باریک کرکے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔ ہر ایک دست آنے کے بعد ایک گولی ہمراہ عرق پودینہ دیں۔

اکسیر ہیضہ ---: کافور دیسی ۸ تولہ' الائچی خورد اڑھائی تولہ' ناگر موتھا ۱ تولہ' سونٹھ' اجوائن دیسی' مرچ سیاہ نکد ڈیڑھ تولہ' شراب دیسی درجہ اول ۱/۴ سیر تمام ادویات کو باریک پیس کر شراب میں ملاکر کسی شیشے یا چینی کے مرتبان میں بند کرکے پندرہ روز تک ٹھہرا رہنے دیں۔ ہر روز ایک دو دفعہ ہلا دیا کریں۔ پندرہ یوم کے بعد جب وہ نتھر جائے تو مقطر کرلیں خوراک ۱۰ بوند سے ۲۰ بوند تک ہمراہ عرق سونف ہر نصف گھنٹہ کے بعد۔

اکسیر ہیضہ ---: تخم مرچ سرخ ایک تولہ' ہینگ ایک تولہ' پپلی ایک تولہ کافور دیسی ایک تولہ۔ افیون ۳ ماشہ۔

ترکیب ---: تخم مرچ سرخ اور فلفل دراز کو لوہے کے ہاون دستہ میں خوب باریک مثل سرمہ

کے کرلیں۔ پھر پتھر کے کھرل میں ڈال کر باقی ادویات شامل کرکے آپس میں آمیز کریں۔ اور گولیاں بقدر ساڑھے چار رتی تیار کریں۔ دو خوراکوں سے مریض بالکل تندرست ہو جاتا ہے۔ قے، دست، پیٹ درد، وغیرہ سب دور ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ سنگرہنی و بچوں کے دست کی بھی یہ مجرب دوا ہے۔ فائدہ اٹھائیے۔

حبوب ہیضہ ـــ: گل مدار شگفتہ، سہاگہ بریان، پیپل، لونگ، سونٹھ، نمک سیاہ، ہر ایک ۵ ماشہ، سب کو باریک پیس کر پانی میں گوندھیں اور ۲ رتی کی گولیاں بنائیں۔ اور ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے ایک گولی الائچی اور پودینہ کے جوشاندہ سے کھلائیں۔ اگر قے اور دستوں کی زیادتی سے مریض بے حد کمزور ہو جائے تو اس وقت قوی یا بس ادویات استعمال کرائیں۔ مثلاً مندرجہ ذیل گولیاں دیں۔ جو قے اور دستوں کو بند کرنے کے علاوہ تریاقی اثرات بھی رکھتی ہیں۔

ھوالشافی ـــ سرخ مرچ، ہینگ خالص، کافور دیسی، ہر واحد ایک تولہ افیون خالص ۲ تولہ، پہلے مرچوں کو پانی میں گھوٹیں۔ جب وہ اچھی طرح باریک ہو جائیں تو ہینگ شامل کرکے کھرل کریں۔ اس کے بعد افیون ملائیں جب سب خوب آمیز ہو جائیں تو کافور شامل کریں۔ اچھی طرح کھرل کرنے کے بعد چنے کے برابر گولیاں بنا رکھیں۔ اور ایک ایک گولی تین تین گھنٹے کے وقفہ سے عرق پودینہ۔ عرق الائچی اور عرق گلاب کے ساتھ دیں۔

اگر مریض انتہائی حالت کو پہنچ گیا ہو۔ اس کے ہاتھ پاؤں سرد ہو گئے ہوں نبض ساقط ہو چکی ہو یا ساقط ہونے کے قریب ہو تو مندرجہ ذ-ل گولیاں عموماً مفید ثابت ہوتی ہیں۔ ان کے استعمال سے بخار ہو جاتا ہے اور مریض ہلاکت سے محفوظ رہتا ہے۔

ھوالشافی ـــ: میٹھا تیلیہ مدبر، شنگرف مدبر، افیون، عقر قرحا، پیپل، سہاگہ، لونگ، مرچ سیاہ ہر واحد ٦ ماشہ، لے کر ادرک کے رس میں کھرل کریں۔ اور چنے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی دو دو گھنٹہ کے وقفہ سے عرق پودینہ کے ساتھ کھلائیں۔

غذا اور پانی کا مسئلہ ہیضہ کے مریض کے لئے زبردست اہمیت رکھتا ہے۔ حالت مرض میں کوئی غذا ہرگز نہ دیں۔ البتہ جب مرض رفع ہو جائے تو اس کو پہلے سنگترے یا انار کا رس دیں۔ پھر مونگ کی دال کا پانی یخنی یا شوربہ پلائیں۔ اور پھر بتدریج ساگودانہ اور ملائم کھچڑی کھلائیں۔ پانی کو جوش دے کر رکھ لیا جائے پھر اس کو برف سے سرد کرکے پلائیں یا عرق پودینہ، عرق الائچی اور عرق گلاب ملا کر کے دیں۔ برف بھی ملا سکتے ہیں۔ ہیضہ کے مریض کو پانی پلانے میں ہرگز سستی نہ کریں۔

تریاق درد پیٹ ـــ: مرچ سیاہ ٦ ماشہ، نمک مدار ٦ ماشہ، سوڈا خوردنی ۱ تولہ، ست اجوائن ۳ ماشہ، کھجور ۲ تولہ، ہینگ بریان پہلے کھجور کو باریک کرکے ملائیں۔ پھر ہینگ بریان بعدہ ہر۔ ادویہ

ملاکر عرق پودینہ سے کھرل کرکے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ خوراک ایک سے دو حب ہمراہ عرق پودینہ دیں۔

پہلی خوراک سے درد پیٹ کافور ہو جاتی ہے۔ بدہضمی اور اپھارہ کو بھی مفید ہے۔

برائے ہیضہ :ـــ اجوائن خراسانی ۵ تولہ، تابہ آہنی پر ڈال کر اس قدر بھونیں کہ جل جائے۔ جل چکنے کے بعد اس میں کھانڈ ہم وزن ملالیں۔ بقدر ۶ ماشہ پانی سے دیں۔ مریض ہیضہ خواہ ردی حالت میں ہو کے لئے اکسیر الاثر ہے۔

عرق کافور :ـــ خالص کافور ساڑھے بارہ اونس، آئل منیتھا پیپرٹیا ۲ اونس، سپرٹ ریکٹی فائیڈ (۹۰ فیصدی) ۱۴ اونس۔ کافور کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے سپرٹ ریکٹی فائیڈ والی بوتل میں ڈال دیں۔ اور خوب ہلائیں کافور حل ہو جائے گا۔ بعد ازاں اس میں آئل منیتھا پیپرٹیا (روغن پودینہ ولایتی) بھی داخل کردیں۔ اعلیٰ درجہ کا روغن کافور تیار ہے۔

فوائد :ـــ ہیضہ، قے صفراوی، اسہال، پیٹ درد، دانت درد، بدہضمی اور زہریلے حشرات الارض کے کاٹے کے لئے مفید ہے۔ ہیضہ کے لئے تو معجزہ ہے۔

ہیضہ کی قے و پیاس

گلقند ۵ تولہ، کاسنی، دھنیا، الائچی دانہ کلاں ایک ایک تولہ سب کو خوب گھوٹ کر تین پاؤ پانی ڈال کر پن چھان کر مٹی کے برتن میں محفوظ رکھیں۔ اور تھوڑا تھوڑا مریض کو پلائیں۔ اضافہ سونف کا بھی کرلیں۔ یہ اکسیر اعظم ہے جو ہر قسم کی پیاس کی شدت کو جو ہیضہ میں ہوتی ہے اور قے کے لئے لاثانی چیز ہے۔

حابس قے :ـــ برگ تنب ۱ تولہ، کافور قصوری ۹ ماشہ، عرق سونف میں گھوٹ کر گولی بقدر نخود تیار کریں۔ ایک گولی ۶ ماشہ پانی میں گھس کر دیں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔ وبائی قے کے لئے بھی ایک گولی دیں۔

قے الدم :ـــ ٹینک ایسڈ ۱۰ گرین، ہنبرلین ۳۰ قطرہ، پانی ۱ اونس یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی تین خوراکیں دن میں تین دفعہ دیں۔ خون کا آنا فوراً بند ہو جاتا ہے۔

قے الدم :ـــ قے الدم، تفرق اتصال تمدد ضربہ اور سکتہ اور نکسیر کا خون حلق پر گرنے سے آتی ہے۔ اسہال الدم، بول الدم، نفس الدم، استحاضہ میں مفید ہے۔

کڑا چھال، کہربا، طباشیر، سپاری چکنی، کتھ سفید، افیون دم الاخوائن، گل انار، تخم خرفہ بریان، ہر واحد ایک تولہ، کشتہ سنگجراحت ورکدو ۲ تولہ سب کو باریک سفوف تیار کریں۔ ۲ تا ۳

ماشہ ہمراہ شربت صندل دیں۔

سفوف حابس الدم ـــ: ہلدی ۱ تولہ' دم الاخوائن ۶ ماشہ' گل ارمنی ۶ ماشہ' سفوف بنائیں۔ خوراک ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار دیں۔ اجراء خون کے روکنے کے لئے بہترین دوا ہے۔

قے بند کرنا ـــ: اگر قے بند نہ ہوتی ہو تو زہر مہو خطائی۔ دریائی نارجیل' مغز کنول ڈوڈہ' کتھ' گٹھلی چھوہارہ یہ سب ہم وزن لے کر پانی میں رگڑ کر دینے سے فوراً قے بند ہو جاتی ہے۔

دیگر ـــ: مکڑی کا گھر (گھکارن کا گھر) مکڑی کے تین، چار عدد گھر لے کر ایک سیر پانی میں ابال کر وہ پانی پلاتے رہیں قے بند ہو جائے گی۔

دیگر ـــ: سنگ دانہ مرغ کا باریک شدہ سفوف بقدر ۲ رتی ہمراہ آب کھلائیں۔ قے بند ہو گی۔ مریض قے کے دونوں بازو باندھ دینے بھی مفید ہیں۔

حابس قے ہر قسم ـــ: سلفیورک ایسڈ ۳ قطرہ ایک بوتل پانی میں ملالیں۔ ہلا کر رکھ چھوڑیں۔ بس دوائی تیار ہے۔ جس مریض کو قے آ رہی ہو اور کسی دوائی سے آرام نہ آتا ہو نصف اونس کی تین خوراکیں نصف نصف گھنٹہ کے بعد دیں۔ قے الفور قے بند ہو جائے گی۔ پانی اتنا ڈالیں کہ ترشی قابل استعمال ہو جائے۔ نہ کم نہ زیادہ ہو۔

قے سواری ـــ: اگر ہو سکے تو رتی بھر سرخ کاہی اور ۲ رتی نمک ملا کر گرم پانی میں پئیں۔ از حد قے آئے گی۔ بعد ازاں ۲۰ عدد بادام اور الائچی خورد ہر روز کھایا کرو۔ اگر فولاد کا کشتہ ہر روز تھوڑا سا کھاؤ تو بہتر ہے۔ اس سے پورا فائدہ ہوگا۔ اس کے بعد قے کا آنا موقوف ہو جائے گا۔

برائے قے حاملہ ـــ: کسی کے بچے کے بال جلا کر تین رتی کھلائیں۔ تو فوراً قے بند ہو جائے گی۔

دیگر ـــ: لکڑی کے کوئلہ کا سفوف کر کے دن میں چار مرتبہ ایک ایک ماشہ دیں۔ قے اور متلی رفع ہو گی۔

دافع قے ہر قسم ـــ: ریٹھہ کا مغز کوٹ کر پانی سے بقدر تین ماشہ پھانکیں فوراً قے رک جائے گی ورنہ دوسری دفعہ بھی ایک خوراک دیں برف چوسنے سے بھی قے رک جاتی ہے۔

دیگر ـــ: دار چینی چبانے اور اس کا جوشاندہ پینے سے ہر قسم کی قے بند ہو جاتی ہے۔

دیگر ـــ: درخت بڑ کی داڑھی بقدر ایک ماشہ کھانے سے جو قے کسی دوا سے نہ رکتی ہو وہ فوراً بند ہو جاتی ہے۔

حب فواق ـــ: مصطگی ۶ ماشہ، عقر قرحا ۶ ماشہ ایکسٹریکٹ بیلے ڈونا ۲ گرین، سب کو کھرل کر کے ۱۵ گولیاں بنالیں۔ ایک ایک گولی ہر چار گھنٹہ کے بعد دیں۔ ہر قسم کی ہچکی کے لئے اکسیر صفت ہے۔

برائے ہچکی ـــ: جب ہچکی کا دورہ ہو تو کوئی خوفناک بات سنائیں فوراً ہچکی رفع ہوگی۔ سرد پانی کے دو چار گھونٹ پلائیں ہچکی دور ہوگی اگر ہٹیلی مرض ہو جائے تو یہ چٹکلہ نہایت ہی کارآمد ثابت ہوا ہے جونہی ضرورت درپیش ہو۔ فوراً ایک عدد فلفل گرد۔ (مرچ سیاہ) میں سوئی چبھو کر اسے دیا سلائی سے آگ لگائیں۔ جب وہ جلنے لگ جائے تو پھونک مار کر آگ بجھائیں۔ اور جو اس طرح کرنے سے دھواں پیدا ہو اسے ناک کے ذریعے اندر کھینچیں۔ بس دھواں کے اندر جاتے ہی اس وقت ہچکی بند ہو جائے گی۔ اگر خدانخواستہ پھر دورہ ہو تو ویسی عمل پھر دوبارہ کریں۔ فوراً آرام ہو گا۔ غرضیکہ وقتی علاج کے لئے یہ ایک خاص چٹکلہ ہے۔ جو کہ بارہا کا تجربہ شدہ اور مجرب ہے۔

برائے ہچکی ـــ: ہلدی پسی ہوئی ۲ ماشہ کے قریب چلم میں رکھ کر پلائی جائے تو دو چار ہی کش میں ہچکی بند ہو جاتی ہے وقتی علاج ہے۔

اکسیر ہچکی ـــ: برگ بھنگ باریک مانند سرمہ کریں۔ بوقت ضرورت شیرزن میں حل کر کے سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ ہچکی فوراً بند ہو جائے گی۔

اکسیر ہچکی ـــ: سرکہ جامن ۲ ماشہ، نمک سیاہ ۴ رتی دونوں کو پانی میں حل کر کے ہچکی والے کو پلائیں یہ ایک خوراک ہے حلق سے اترتے ہی اپنا اثر دکھاتی ہے۔

قے و ابکائی ـــ: ایک چار پانچ گرہ ٹاٹ کا ٹکڑا جو سن کی رسی کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ لے کر جلا کر انگارہ کریں اور آدھ سیر پانی میں بجھاؤ دیں۔ جب راکھ تہ نشین ہو جائے تو مریض کو دو چار گھونٹ پانی پلائیں پہلی ہی خوراک میں قے و ابکائی بند ہو جائے گی۔ بعد پھر وہی پانی دیجئے۔

دافع قے ہر قسم ـــ: ریٹھہ کا مغز بقدر ۳ ماشہ کو لکر پانی سے پھانکیں۔ فوراً قے رک جائے گی۔ ورنہ دوسری دفعہ بھی ایک خوراک دیں۔ برف چوسنے سے بھی قے بند ہو جاتی ہے۔ دار چینی چبانے یا اس کا کاڑھا پینے سے ہر طرح کی قے بند ہو جاتی ہے۔ درخت بڑ کی داڑھی بقدر ایک ماشہ کھانے سے جو قے کسی دوا سے نہ رکے وہ فوراً بند ہو جاتی ہے۔

سفوف ہاضم ـــ: پودینہ، اجوائن ہر یک ۵ تولہ، نمک سونچل، نوشادر ہر یک ڈیڑھ تولہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ بایک سفوف کر کے ایک چٹکی ہمراہ آب گرم دیں۔ سب کو ہضم ہو جائے گا۔

اجوائن مدبر ـــ: اجوائن دیسی کو سات بار عرق لیموں تازہ میں اچھی طرح سے بھگو کر خشک

کرلیں بعد ازاں سفوف بنا رکھیں- یا سالم ہی رکھیں بوقت ضرورت ۳ ماشہ میں ہم وزن کھانڈ ملاکر تازہ پانی سے کھلادیں- ہضم کے لئے نہایت ہی مفید ہے-

اکسیر معدہ ---: مرچ سیاہ، نوشادر، نمک سیاہ ہر ایک ۳ تولہ، ست پودینہ، ست اجوائن، مشک کافور، ہر ایک ۳ ماشہ، ست لیموں ایک تولہ سب کو باریک پیس کر حفاظت سے رکھیں- بوقت ضرورت مندرجہ ذیل امراض پر دودھ یا پانی سے ایک چٹکی استعمال کرائیں-

درد معدہ، درد پیٹ، کمزوری معدہ، بدہضمی، قبض، اسہال، پیچش، درد شکم، متلی قے، ہیضہ نزلہ زکام، سردرد، ناک اور منہ کی بدبو، بخار ہر قسم میں نہایت مفید بلکہ اکسیر ہے--

حبوب ہاضم ---: درد شکم، دستوں کے لئے اور پانی لاگ کے لئے مفید ہے- آک کی ڈوڈیاں جو کھڑے ہوئے پھولوں کے اندر ہوتی ہیں- اور سنڈھ- مرچ سیاہ، کھاں اور ہرسہ اجوائن، پپلا مول، عقر قرحا، نمک سونچل، نمک لاہوری، نوشادر، سہاگہ بریان، جلوتری- دار چینی، زیرہ سیاہ، ناگ کیسر، واوڑنگ، سنگ دیسی، سب ہموزن باریک پیسکر ہمراہ آب ادرک یا آب لیموں گولیاں بقدر کوکن بیر بنائیں- خوراک ایک گولی ہمراہ پانی تین گولی تک-

حبوب عشری یا حب مدار ---: تشریخ مدار ایک تولہ، گل مدار مدھانی لکیروالے، ایک تولہ، نمک لاہوری ایک تولہ، مرچ سیاہ ۴ تولہ، عرق ادرک ۵ تولہ، سب کو باریک کرکے گولیاں بقدر دانہ مونٹھ کے تیار کریں- درد شکم، درد ہر قسم مثلاً وجع المفاصل، اور ذات الجنب، مشتی پرسوت زنان، ام الصبیان، مقوی معدہ، جملہ اقسام تپ کو نافع ہے- ہیضہ میں بھی مفید ہے- ایک گولی سے دو گولی تک ہمراہ آب گرم یا بدرقہ مناسبہ دیں-

حب حنظل ---: تمہ کو لے کر اس میں اجوائن بھر کر رکھ چھوڑیں- خشک ہونے پر نمک ملاکر باریک پیس کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں اور بوقت ضرورت نمک ملے ہوئے پانی کے ہمراہ ایک یا دو گولی مریض درد پیٹ والے کو دیں- فوراً درد رفع ہوگا- حب حنظل مشہور ہیں- ویسے ہی اجوائن رکھیں- تمہ کی اجوائن مشہور ہے-

حبوب ہاضمہ و دافع درد شکم

ٹھیکریہ نوشادر، فلفل سیاہ، نمک سیندھا، نفل دراز، گل مدار کے اندر کی لوگ (پھلی) تمام ادویہ کے برابر ادویہ کا باریک سفوف کرکے پھلی کے ہمراہ بغیرپانی خوب کوٹ کر نخود سے چھوٹی گولیاں بنائیں- ایک گولی سے تین گولی تک منہ میں رکھ کر چوسیں- خوش ذائقہ ہاضم اور دافع درد شکم وغیرہ ہیں- بسا اوقات دمہ میں بھی مفید ہیں-

اکسیر بدہضمی وغیرہ ---: سہاگہ، نمک سیاہ لے کر سہاگہ کو کڑچھی میں ڈال کر آگ پر

رکھیں۔ جب پگھل جائے تو اس پر پسے ہوئے نمک کی چٹکیاں دے کر ہلاتے جائیں جب سب کچھ مل جائے تو اتار لیں۔ دوا کو باریک پیس لیں ۲ چاول سے لے کر ۲ رتی تک حسب عمر بچہ۔ بدہضمی وغیرہ سفید دستوں کے لئے مفید ہے۔

نسخہ امراض معدہ —: ہرمچی ایک تولہ، قلمی شورہ، جوکھار، نوشادر، فلفل گرد، فنل دراز، دار چینی، دانہ الائچی کلاں، ہر واحد ۳ ماشہ۔ نمک چاروں ایک تولہ، ست پودینہ ڈیڑھ ماشہ، ہرمچی کو کپڑ چھان کر کے باقی ادویہ کو علیحدہ علیحدہ پیس کر اور چھان کر ملا لیں۔ مضبوط کارک لگا کر رکھیں ۱ تا ۲ رتی ہمراہ عرق چہار۔ یا عرق سونف امراض معدہ کے لئے مجرب ہے۔ اور دانت درد کے لئے بھی مفید ہے۔

اکسیر اعظم —: جملہ امراض شکم خصوصاً ہیضہ میں اکسیر اعظم ہے۔ شورہ قلمی، نمک سیاہ ہر ایک ایک پاؤ کو باریک کر کے لوہے کی کڑاہی میں پکاؤ کہ رنگ سفید ہو جائے۔ بعد سرد ہونے کے باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھو۔ بوقت ضرورت ۲ - ۴ رتی مناسب بدرقہ سے استعمال کرائیں بہت ہی اچھی چیز ہے۔

اکسیر معدہ یا پیغام شفاء —: نوشادر، گیرو مکد ۱ تولہ، پپلی، مرچ سیاہ، تخم دھتورہ سیاہ مکد ۳ ماشہ، نمک خوردنی ٦ ماشہ، ست پودینہ ۲ رتی سب کو باریک سفوف کریں۔ خوراک ۱ رتی، ہر مرض پر دے دیں۔ نقص معدہ، بخار، دمہ، کھانسی، درد ہر قسم، نمونیہ، اسہال، امراض اطفال وغیرہ پر غرضیکہ ہر مرض پر مفید ہے۔ امرت دھارا کی طرح کام دیتی ہے۔

امرت ساگر —: ترب پودینہ بند ۵ تولہ، نوشادر اصلی ۳ تولہ، کافور ٦ ماشہ، ست اجوائن ۳ ماشہ، رگڑ کر خشک کریں۔ دو پیالوں میں ڈال کر جوہر نکالیں اسے ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کے دیں معدہ کی تمام امراض کو مفید ہے آنتوں کی کل بیماریوں کو نافع ہے۔ قولنج، پیچش، اسہال کو مفید ہے۔ غرضیکہ پیٹ کی کوئی بیماری ہو سب کے لئے اکسیر ہے۔

اکسیر معدہ اسراریہ —: مرچ سیاہ ۵ تولہ، اجوائن دیسی ۸ تولہ، سنڈھ ۱ تولہ، زیرہ سیاہ تولہ، پوست ہرڑ زرد کلاں ۲ تولہ، چھلکا بیخ مدار در سایہ خشک کردہ ۲ تولہ، نمک دیسی ۸ تولہ، تیزاب گندھک خالص ۵ تولہ پینے والی ادویہ کو موٹا موٹا کوٹ لیں۔ چوڑے منہ والی بوتل میں اول قدرے دوائی ڈال دیں۔ اور اوپر قطرہ قطرہ تیزاب مذکور ڈالتے جائیں اور اسی طرح تمام دوائی میں تیزاب حل کر کے ختم کردیں اور دواؤں کو ساتھ ہلاتے جائیں۔ بعدہ شیشی کو خوب ڈھکن بند کر کے رکھ دیں۔ آٹھ گھنٹے کے بعد قابل استعمال ہے۔ دوائی سیاہ رنگ کی ہوگی۔ جوں جوں دوائی پرانی ہوگی زیادہ مفید ہوگی۔

بدہضمی والے کو ۴ رتی ہمراہ آب خالص دیں۔ یا بدرقہ مناسبہ سے دیں۔ پیچش،

قے دست ' ہیضہ والے کو ۴ رتی سے ایک ماشہ تک دیں۔ درد شکم کے لئے عرق سونف سے دیں۔ طاعون وبا میں ڈیڑھ ماشہ عرق گلاب یا سونف یا آب گرم سے دیں۔ چار گھنٹہ میں درد دانت وغیرہ والے کو قدرے دانتوں پر خوب ملیں اور رال ٹپکا دیں۔ بہت سی امراض کو مفید ہے۔

بے نظیر چورن: ـــ زیرہ سفید ۱۰ تولہ ' سونف عمدہ ۳ تولہ ' نمک سونچر ۲ تولہ ' مرچ سفید ۲ تولہ ' چلک ۲ تولہ ' اسے ال بید بھی کہتے ہیں ' نوشادر ٹھیکری ۲ تولہ ' ٹاٹری ۲ تولہ ' سب کو باریک کوٹ کر کپڑ چھان کریں۔ پیٹ کی جملہ امراض کو مفید ہے بہت عمدہ اور لذیذ چورن ہے۔

خوشگوار چورن ـــ: نمک لاہوری ' نمک سیاہ ' نمک شور ' نمک منہاری ' نمک سانبھر ' ہر واحد ایک تولہ ' سجی کھار ' جوکھار ' شورہ قلمی ' سہاگہ خام ' ہر واحد ۲ تولہ ' نوشادر دیسی ۴ تولہ ' عرق لیموں ۳۰ تولہ ' آب نیشکر ۲۰ تولہ ' آادرک ۲۰ تولہ آب کنوار گندل ۲۰ تولہ ' سب کو ایک کشادہ منہ بوتل میں ڈال کر آفتاب میں رکھیں۔ شیشی کا منہ ۲۱ روز تک بند رہے گا۔ اور ازاں بعد ۲۱ روز تک کشادہ دہن دھوپ میں رکھیں۔ پھر نکال کر استعمال کریں۔ خوراک ۲ رتی سے ایک ماشہ تک پرلے درجہ کا ہاضم۔ مشتہی ' دافع ریاح ' مقوی معدہ اور خوشگوار چورن ہے۔

سفوف محلل ریاح ـــ: اجوائن دیسی ' نوشادر دیسی ' پوست آملہ ' فلفل سیاہ ' ہر ایک ۲ تولہ ' الائچی کلاں ' الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ ' نمک شیشہ ' ست لیموں ست پودینہ ہر ایک ٦ ماشہ ' سفوف تیار کریں۔ ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف ۵ تولہ دیں۔ محلل ریاح ' ہاضم مقوی معدہ ' اور دافع امراض معدہ ہے۔ بد ہضمی ' نفخ شکم کے لئے نہایت مفید ہے۔

سفوف سبز ـــ: پوست ہلیلہ زرد ' نمک سیاہ ' سنا مکی ' سونٹھ ہر ایک ۵ تولہ ' سفوف بنا دیں۔ ایک تولہ روزانہ سوتے وقت ہمراہ عرق سونف دیں۔ درد معدہ ' ریح معدہ ' قبض دائمی ' بواسیر ریاحی ' نفخ درد گردہ کو دفع کرنے کے لئے مفید ہے۔

سفوف لاثانی ـــ: نمک سیاہ ۵ تولہ ' زیرہ سفید ' نوشادر ٹاٹرک ایسڈ ' فلفل سفید ہر ایک ۵ تولہ ' ست پیپر منٹ ۳ ماشہ ' ہینگ ٦ ماشہ ' نمک لاہوری ۱۰ تولہ ' سفوف بنائیں۔ بقدر ۳ ماشہ بعد از غذا ہمراہ پانی استعمال کریں۔ درد شکم ریاحی ' ہاضم ' مقوی معدہ ' متلی ' آروغ ترش وغیرہ امراض کو دور کر کے بھوک پیدا کرتا ہے۔ جملہ امراض معدہ کو مفید ہے۔

سفوف مشتہی ـــ: پوست بیرون پستہ ' پوست سنگدانہ مرغ ' پوست ترنج ' ہر ایک تولہ ' ست پودینہ ست اجوائن ' ہر ایک ۳ ماشہ سب کو ملا کر سفوف بنائیں۔ ایک رتی بعد از غذا کھلائیں۔ اعلیٰ درجہ کا مشتہی ہاضم دافع قے۔ اسہال ' مقوی معدہ دوا ہے۔ معدہ کی جملہ امراض کے لئے

لاثانی چیز مانی گئی ہے۔

امراض معدہ و جگر: سنگدانہ مرغ باریک پیس کر ہموزن کھانڈ ملا کر رکھیں۔ بقدر ۲ ماشہ کھلائیں۔ ضعف معدہ کو مفید ہے۔

معدی: ہزار مرتبہ مجرب جملہ امراض معدہ کا تیر بے خطا ہے۔ گندھک آنولہ سار ۲ تولہ کو آب لیموں ایک سیر میں کھرل کریں۔ جب سارا پانی جذب ہو جائے تو مرچ سیاہ، دار فلفل یعنی گھاس نوشادر نمک سیاہ نمک خوردنی دانہ الائچی کلاں۔ سونٹھ۔ دار چینی۔ لونگ۔ ہر ایک ۶ ماشہ سب ادویات کو الگ الگ باریک کر کے آپس میں ملالیں۔ بوقت ضرورت ۳ ماشہ ہمراہ عرق پودینہ یا سونف دیں۔ عجیب تحفہ ہے۔

سفوف اکسیر معدہ: نمک لاہوری، نمک سانبھر، نوشادر ہر ایک ۴ تولہ، سوڈا بائیکارب ۳ تولہ، پودینہ، سونٹھ، سونف، زیرہ سفید اذخر، ہر ایک ۲ تولہ، زیرہ سیاہ ڈیڑھ تولہ۔ تخم کرفس۔ حب قرطم افتیموں، دار چینی، ہر ایک ایک تولہ، زیرہ سیاہ کو مدبر کریں پھر سب ادویہ کو سفوف بنائیں۔ تیار ہے۔ بقدر ضرورت استعمال کریں۔ نہایت ہی خوش ذائقہ چورن ہے۔

شاہی چورن: ہرمچی ۳ تولہ، نوشادر ۲ تولہ، مرچ سیاہ ایک تولہ نمک لاہوری ۹ ماشہ، شورہ ایک تولہ، فلفل دراز، سہاگہ بریان۔ جوکھار ہر ایک تولہ الائچی کلاں ۲ تولہ، ست لیموں ۲ رتی سفوف بنائیں۔ بوقت ضرورت استعمال کریں۔

تریاق وجع الفواد نمبر۱: ہیرا ہینگ بقدر ایک رتی منقہ میں لپیٹ کر گولی بنا کر مریض کو دے دیں۔ پانچ منٹ میں آرام ہوگا۔ بے خطا اور مجرب المجرب نسخہ ہے۔

تریاق وجع الفواد نمبر۲: نمک لاہوری یعنی (شیشہ نمک) ۸ تولہ شیر شتر ڈیڑھ سیر پختہ ایک بڑی ہانڈی میں نمک کو شیر میں ڈال کر نرم آنچ پر آہستہ آہستہ پکائیں تاکہ جوش نہ کھائے۔ جب گاڑھا ہونے کے قریب ہو تو ۶ ماشہ زعفران در شیر سائیدہ پیس کر ڈال کر ملائیں۔ اور نیچے سے آگ نکال دیں صرف کوئلوں کا سینک دوا کو پہنچتا رہے۔ جب حلوہ کی مانند ہو جائے اتار کر سایہ میں خشک کر کے اور سفوف بنا کر بند کارک لگا کر محفوظ رکھیں۔ ایک سال تک یہ دوا خراب نہ ہوگی۔ ۲ رتی تا ۲ ماشہ ہمراہ آب سرد استعمال کریں۔ دودھ، دہی، چربی، چاول وغیرہ سے پرہیز کریں۔ کہنہ سے کہنہ وجع الفواد میں نہایت مفید ہے۔

دیدان امعا۔ یعنی کدو دانے: روغن تارپین اڑھائی تولہ، کسٹرآئل ۳ تولہ، روغن بادام شیریں ۲ تولہ، شیر گاؤ جو شیدہ ایک پاؤ۔ شکر سفید بقدر ضرورت سب کو ملا کر ایک دفعہ ہی پی جائیں۔ تمام کرم مر کر خارج ہو جائیں گے اور پھر پیدا نہ ہوں گے۔ صرف ایک دفعہ کے استعمال

سے مرض جاتی رہتی ہے۔

پیٹ کے کیڑے خارج کرنا ---: برگ آڑو، برگ ہرن کھری، کمیلہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ افسنتین ۹ ماشہ، رسوت ٦ ماشہ، مصبر ۲ تولہ سب کو کھرل کرکے پانی کی مدد سے گولیاں کنار دشتی تیار کرلیں۔ خوراک ایک دو گولی پانی سے دیں۔

دوا کرم امعاء ---: کمیلہ سن لائٹ انگریزی صابن ہم وزن ملاکر گولیاں نخودی بنائیں۔ ہر قسم کے کرم امعاء کو صرف ایک مرتبہ کے استعمال سے خارج کر دیتا ہے۔ آئندہ کسی قسم کا کرم پیدا نہیں ہوتا۔ خواہ کس قدر بڑے کرم پیدا ہو جائیں ان کو خارج کرتا ہے۔ پہلے بیس گھنٹہ مریض کو کھانا نہ دیا جائے۔ صرف دودھ چاول کھلائے جائیں اس کے بعد ایک گولی آب نمک سے دیں۔ اس کے بعد کوئی دوا معمول مسہل اور دے دی جائے۔ زیادہ دست آور دوا نہ دیں۔ صرف ایک دوا جابتیں ہو جائیں۔ اگر ساتھ آب قلعی بھی دیں تو زیادہ مفید ہے۔

کانچ نکلنے کا علاج ---: مازو عمدہ سبز ۵ تولہ، پھٹکڑی سفید ایک تولہ، انار کی کلی ایک تولہ، کسی دیگچہ میں دس سیر پانی ڈال کر اس میں ادویہ مذکورہ بالا ڈال کر جوش دیں نصف پانی رہنے پر کسی ٹب یا بڑے برتن میں ڈال کر جب ٹھنڈا ہو تو اس میں بچہ کو بٹھا دیں جس کی کانچ نکلتی ہو اسی طرح دن میں تین دفعہ نصف نصف گھنٹہ بٹھا دیا کریں۔ یہ عمل تین دن کریں۔ ہر روز نیا پانی تیار کریں۔ ضرور آرام آجائے گا۔

گوشہ یعنی فوطہ اترنے کا علاج ---: کائپھل، گھوڑا بچ، مغز تخم ارنڈ کھوپرہ، سب ہم وزن لے کر شیر گاؤ میں پیس کر آگ پر پکا کر نیم گرم فوطہ پر لیپ کرکے برگ ارنڈ اوپر رکھ کر لنگوٹ بندھوا دیں۔ اسی طرح چار، پانچ روز استعمال کریں۔ انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

پٹی ورم خصیہ ---: برگ، تمباکو تلخ خوردنی اڑھائی تولہ۔ تخم سویہ ۲ تولہ اجوائن دیسی ڈیڑھ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ دو عدد۔ روغن تارا میرا اڑھائی تولہ۔ سب کو ملاکر کھرل کریں۔ اور پٹی چڑھا دیں۔ انشاء اللہ فوراً آرام ہوجائے گا۔

کرم شکم ---: کھوپرا بقدر ۲ تولہ دو وقت کھانا چاہئے رات کو ہرن کھری (لیلی بوٹی) کا پانی بقدر اڑھائی تولہ پلا دیا کریں یہ علاج ایک ہفتہ تک کامیابی کرا دیتا ہے۔

زیرہ ہاضم

ایک پنساری کے پاس میں نے اس زیرہ کو دیکھا مجھے نہایت ہی لذیذ اور مفید معلوم ہوا۔

بمشکل نسخہ دریافت کرکے بلادریغ درج ذیل کرتا ہوں۔ یہ زیرہ پیٹ درد' سول' بدہضمی' پیٹ کے اپھارے عظم الطحال کو بے حد مفید ہے اگر کوئی صاحب خوبصورت ڈبوں میں بند کرکے اور نفیس لیبل لگا کر فروخت کریں تو بیحد فائدہ کا سودا ہے۔

زیرہ سفید ۱۰ تولہ' سرکہ خالص ۱۰ تولہ' تیزاب گندھک ۳ ماشہ' نمک سیاہ ۲ تولہ' ترکیب تمام ادویہ کو سفید بوتل میں ڈال کر کھلے منہ بوتل کو تین روز تک گردوغبار سے محفوظ جگہ رکھیں۔ پھر نکال کر سایہ میں خشک کرکے ڈبوں میں بند کردیں۔ زیرہ تیار ہے۔

آنتوں کے امراض

اسہال ــــ سنگرہنی ــــ ذرب ــــ خلفہ ــــ پیچش ــــ اسہال خونی ــــ قولنج ــــ قبض ــــ باؤلہ گولہ ــــ جلاب

جلاب

گلسرخ کی پنکھڑیاں ۵ تولہ' چاول باسمتی ۵ تولہ' دودھ گائے ۲۰ تولہ گھی ۵ تولہ' پانی ۴۰ تولہ' میٹھا حسب ضرورت۔

گلسرخ رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح اٹھ کر چولھے پر چڑھا کر جوش دیں۔ نصف پانی رہنے پر اتار کر چھان لیں۔ اور اس میں دودھ اور چاول ڈال کر کھیر پکانا شروع کردیں۔ نیم پختگی کی حالت میں گھی اور میٹھا شامل کردیں تیار ہونے پر سرد کرکے کھلائیں۔

لاجواب مسہل ــ: سنائکی ۱ تولہ' ہرڑ کا چھلکا ۴ ماشہ' دانہ الائچی خورد ڈیڑھ ماشہ' مصطگی رومی ۳ ماشہ' مصری کوزہ ۲ تولہ' سب اجزاء کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر پارچہ بیز کرلیں اور پھر باہم ملاکر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال ــ: رات کے وقت ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک گرم پانی یا گرم دودھ سے استعمال کریں۔

فوائد ــ: متواتر ایک ہفتہ کے استعمال سے دائمی قبض دور ہو گی۔ ایک صاحب اڑھائی روپیہ میں ۱۰ تولہ کی شیشی بنام لاجواب مسہل فروخت کرتے ہیں۔

مسہل شدید ــ: سم الفار ۳ ماشہ' نمک شیشہ ۳ ماشہ ــــ روغن جمال گوٹہ ۲ ماشہ' سب کو ملاکر کھرل کریں اور سفوف بنالیں خوراک بقدر ایک چاول بھر آتشک والے مریض کے لئے بے نظیر مسہل ہے۔

کیسٹو فین کیسٹر آئیل کی میٹھی ٹکیاں

سکرین (کھانڈ کا ست) ۸ گرین- کسٹر آئیل عمدہ ا اونس- مگنیشیا کاربونیٹ ا اونس- پاوڈر ریہائی نصف اونس- پوٹاشیم سلفیٹ ڈیڑھ اونس- گدی بناکر ۵ گرین سے ۸ گرین تک گولیاں بنالیں- اعلیٰ درجہ کی قبض کشا ہیں بچے بخوبی کھالیتے ہیں-

قبض کشا چورن ---: انار دانہ' زیرہ سفید' تر بھلہ' سیندھا نمک' کالا نمک' سانبھر نمک' پودینہ خشک' سونٹھ ملاکر ایک تولہ سنا کی مصفی ۱۰ تولہ- سفوف بنائیں ایک تا ۳ ماشہ گرم یا سرد پانی سے استعمال کریں-

سفوف مسہل ---: نوشادر' سونٹھ' جمال گوٹہ ہر ایک ایک تولہ ہاون دستہ میں ڈال کر سوا لاکھ ضرب لگائیں- ڈیڑھ ماشہ موصلی کے پانی سے دیں- ار جلاب نہ آئے سرد پانی سے ہاتھ سے دھلائیں- بند کرنا ہو تو گرم پانی سے منہ دھلائیں پیاس کے لئے املی کا پانی پلائیں-

روغن یا حبوب مسہل بلاضرر قوی

جمالگوٹہ مدبر' مغز بادام' مغز ارنڈ' ناریل' مغز پستہ' ہلیلہ سیاہ ہر ایک مساوی بطریق پتال جنتر روغن کشید کریں- بقدر ۴ رتی قند میں نیم گرم پانی سے یا گڑ کے ہمراہ دو دو ماشہ کی گولیاں یا سفوف ہی رکھ چھوڑیں- خوراک ۲ ماشہ- اگر دست نہ آئیں تو گلقند کھلائیں- مطلق بے ضرر اور قوی مسہل ہے- ہر مزاج میں بلا تخلف مفید ہے-

روغن مسہل عجیب ---: مغز جمالگوٹہ مدبر ا تولہ' مغز بادام شیریں ا تولہ' مغز ناریل تازہ ا تولہ' مغز تخم کدو شیریں ۲ تولہ' مغز تخم تربوز ۲ تولہ' مغز تخم خیارین ۲ تولہ' مغز تخم خربوزہ ا تولہ' مغز تخم پیٹھہ ا تولہ سب کا روغن کشید کریں- چند قطرے بتاشہ یا دودھ میں استعمال کرائیں- مجرب ہے-

جتنے دانے کھلائیں اتنے ہی دست آئیں-

اجوائن خراسانی ۵ تولہ' دودھ تھوہر ۵ تولہ' اجوائن خراسانی کو دودھ میں بھگو دیں- اور سایہ میں خشک ہونے کے لئے رکھ چھوڑیں- جب خشک ہو جائے تو مزید ۵ تولہ تھوہر کا دودھ ڈال دیں- اسی طرح دس مرتبہ تر و خشک کریں پھر کسی شیشی میں ڈال کر سنبھال کر رکھیں- بس جتنے

جلاب مریض کو دینے مقود ہوں اتنے ہی دانے کھلادیں۔ انشاء اللہ دانوں کی تعداد کے مطابق ہی اجابتیں آئیں گی۔ مگر چھوٹے بچوں پر اس تحریر کے مطابق اثر ہوتا ہے۔ بڑوں کے لئے اس جلاب کی خوراک زیادہ ہے۔ اسی طریقہ سے سونف اور دال بھی تیار کی جاتی ہے۔

اندضاع نزلات دماغی ـــ: سنا مکی ا تولہ' تربوی ا تولہ' گل بنفشہ ٦ ماشہ گل گاؤ زبان ٦ ماشہ' گل سرخ ٦ ماشہ' سونف ٨ ماشہ' عناب ٥ دانہ سب کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھائی حصہ رہے۔ چھان کر کھانڈ ملاکر پلائیں۔ دماغی نزلات دور ہوکر مریض تندرست ہو جائے گا۔ گودا املتاس بھی اس نسخہ میں اضافہ کرسکتے ہیں۔

کھی جلاب ـــ: جس کے ایک تنکہ بھر سے پانچ سات اسہال با فراغ ہو جاتے ہیں۔ نسخہ سم الفار سفید ا تولہ۔ کھکنی تازہ ایک پاؤ اپلہ صحرائی ڈیڑھ سیر کوزہ گلی ایک عدد۔

ترکیب تیاری ـــ: بدستور معروف سم الفار کو کھکنی کے نغدہ میں رکھ کر اور مضبوط گل حکمت کرکے آنچ دیں۔ خوب سرد ہونے پر تیار شدہ کشتہ نکال لیں۔

ترکیب استعمال ـــ: صرف ایک تنکہ بھر یہ کشتہ ہمراہ سونف (نہایت باریک پسی ہوئی) ا - ٢ تولہ دیں۔ جلاب لگ جائے گا۔ جب دس آچکیں پانچ سات یا حسب خواہش تو گرم دودھ ڈیڑھ پاؤ پی لیں۔ دست بند ہو جائیں گے۔ خوبی! نہایت ہی بے ضرر اور مفید مسہل ہے۔ کسی قسم کی گھبراہٹ متلی یا بے چینی نہیں ہوتی اور نہ ہی کمزوری ہوتی ہے۔

سفوف مسہل ـــ: مصبر' سورنجاں شیریں' سنا مکی' مصطگی رومی' پوست ہلیلہ زرد' ہر ایک ٣ ماشہ کوٹ چھان کر روغن بادام شیریں سے چرب کرکے حسب ضرورت استعمال کریں۔

حب قبض کشاء ـــ: سقمونیا' مصبر زرد' عصارہ ریوند چینی' نوشادر' ہر ایک ٢ تولہ' مصطگی رومی ایک تولہ گوند کیکر ٤ ماشہ سب کو باریک کرکے قطرہ قطرہ گلاب ڈال کر کھرل کریں۔ پھر گولیاں نخودی بنائیں۔ ٢ گولیاں رات کو سوتے وقت دیں۔ اور درد پیٹ کے واسطے ٣ گولیاں دیں۔

حب مسہل ـــ: صبر سقوطری کاست ایک تولہ شحم حنظل خالص ٣ ماشہ' غاریقون ٦ ماشہ' سقمونیا' ولایتی ٦ ماشہ' سب کو باہم ملاکر گولیاں نخودی تیار کریں۔ دائمی قبض کے لئے اکسیر ہے۔ قبض کے لئے ا سے دو گولی تک دیں۔ مسہل کے لئے تین سے چھ گولی تک پانی سے دیں۔

مسہل اکسیری ـــ: سم الفار ایک تولہ کی ڈلی لے کر اس پر آب حنظل ایک سیر کا چویہ دیں۔ کشتہ ہوکر سفید پھول جائے گا۔ ١/٤ چاول ہمراہ دودھ کسی چیز میں لپیٹ کر دیں۔ اسہال بند کرنے ہوں تو چھاچھ پلادیں۔ اس کے بعد شربت بنفشہ عرق سونف عرق بید مشک پلائیں۔ بے نظیر

سنیاسی مسہل ہے۔ خشخاش کے برابر دے کر محو حیرت کر دینے والی چیز ہے۔

مسہل :۔ شیرزقوم حسب ضرورت، بادیان ایک تولہ، مصری کوزہ مدو غن ارنڈ۔ پہلے بادیان کو شیرندکور میں تر کریں۔ پھری مصری کو پیس کر ملائیں۔ پھر روغن میں چرب کرکے حبوب بقدر سیاہ مرچ تیار کریں۔ ۲ حب ہمراہ دودھ تازہ بخورید نہایت ہی اعلیٰ جلاب ہے کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوتی۔

حب سلاطین :۔ مغز حب السلاطین دودھ میں جوش دے کر چھلکا اور پتہ دور کریں پھر روغن بادام میں بریاں کرکے اچھی طرح کھرل کرکے پھر دو چند رب السوس، سہ چند کشنیز ہموزن بادیان ملاکر قدرے پانی میں کھرل کرکے حبوب نخودی تیار کریں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک حب سے دو حب تک استعمال سے پہلے کھچڑی کھلائیں۔ صبح ایک گولی کھلائیں جب دو اسہال ہو جائیں تو دوسری گولی کھلادیں اسی طرح ۴ گولی تک استعمال کریں۔ اسہال کے بعد بادیان ۳ ماشہ مغز کشنیز ۳ ماشہ گرم پانی میں گھوٹ کر پلائیں۔ غذا مونگ کی کھچڑی کھلائیں جب پیاس لگے تو عرق بادیان یا جوشاندہ بادیان پلائیں۔

فوائد :۔ بے ضرر اسہال لاتی ہے۔ بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

نسخہ جلاب :۔ مغز جمالگوٹہ مصفی، تربد سفید، سنڈھ، سہاگہ بریان، کمیلہ سب ہم وزن کنوار گندل کے پانی میں گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ۴ گولی ہمراہ پانی کے دیں۔ عمدہ جلاب ہے۔

دیگر :۔ کھلی ۲ تولہ، سہاگہ بریان ایک تولہ، سونٹھ ایک تولہ، فلفل دراز ایک تولہ، تخم جمالگوٹہ مدبر ۴ تولہ سب کو کھرل کرکے نخودی گولیاں تیار کریں۔

دیگر :۔ مغز جمالگوٹہ مصفی، شورہ قلمی، کھاں، مغز بادام شیریں، مقشر، سب ہم وزن لے کر سب کو گھوٹ گھاٹ کر ٹکیاں بنالیں اور روغن زرد گاؤ میں بھون لیں۔ خوراک ۱ رتی ہمراہ آب جتنا پانی پیتے جاؤ گے دست آتے جائیں گے۔ گرم دودھ سے دست بند ہو جاتے ہیں۔

حبوب قبض کشا :۔ صبر، مصطگی رومی، عصارہ ریوند ہم وزن لے کر باریک کرکے عرق گلاب میں گولیاں بقدر دانہ جوار تیار کریں۔ رات کو سوتے وقت ایک سے تین گولی تک ہمراہ گرم دودھ یا گرم پانی استعمال کریں۔ صبح کو کھل کر اجابت ہوگی۔ ثقیل اشیاء سے پرہیز کریں۔ وہ لوگ جنہیں دائمی قبض ہو۔ یا کبھی کبھی رہتی ہو ضرور اس کو استعمال کریں۔

نرم جلاب :۔ گل گلاب ۳ تولہ، مصری ۳ تولہ، شیرگاؤ ڈیڑھ سیر اس کی کھیر تیار

کریں۔بوقت صبح کھلائیں۔ یہ نرم جلاب ہے امیرانہ طبع کو نہایت ہی مفید ہے۔

حب قبض کشا:— سقمونیا ولایتی ۵ تولہ کو آب ادرک تازہ ایک بوتل میں کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ ماش بنائیں۔ ایک دو گولی دودھ سے کھلائیں۔ بے ضرر مسہل ہے۔

شیریں کسٹر آئل:— کیسٹر آئل کے ذائقہ اور بو سے عموماً بعض اشخاص اور بچے خصوصاً متنفر ہوتے ہیں۔ بمبئی کی ایک فرم اس طریقہ سے تیار کر کے ۱۸ اونس کی شیشی دو روپے میں فروخت کرتی ہے۔ کیسٹر آئل ۸ اونس۔ الکحل ۲ ڈرام' آئل کپنی کلی ایک بوند۔ سکرین ۵ گرین سب کو یک جان کر کے ملائیں۔ شیریں کیسٹر آئل تیار ہے۔

حب احمر ملین:— شنگرف رومی ایک تولہ' سہاگہ خام ۲ تولہ' جمالگوٹہ مدبر ۴ تولہ' سب کو باریک پیس کر عرق لیموں کاغذی بیس عدد کا عرق نکال کر کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں تیار کریں۔ مسہل کے لئے ۲ سے ۳ تک اور قبض کشائی کے لئے ایک گولی گرم دودھ سے دیں۔ اس جلاب سے طبیعت میں کوئی کمزوری وغیرہ محسوس نہیں ہوتی۔ چند یوم کے استعمال سے مادہ آتشک بھی کلیتہ نکل جاتا ہے۔

کالوسنتھ ٹیبلائیڈز:— ایکسٹریکٹ آف کالوسنتھ ۳ ڈرام۔ ایکسٹریکٹ آف ایلوز ۲ ڈرام۔ پاؤڈر کروٹن ۱۰ گرین۔ پاؤڈر زنجبیل ۲۰ گرین گوند کیکرا ڈرام۔ سب کو مخلوط کر کے پانچ پانچ گرین کی گولیاں بنالیں خوراک ایک گولی پانی سے کھلائیں شدید مسہل ہے۔

مسہل سیاحین:— گندھک ایک تولہ' نوشادر ایک تولہ' سہاگہ ایک تولہ' سم الفار سفید ایک تولہ' طوطیا ۶ ماشہ' مغز جمالگوٹہ ۳ تولہ' سب کو یکجان کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔ ایک تنکہ اجوائن یا سرشف میں دیں۔ آتشک و جذام کے لئے اکسیر عجیب ہے۔

مسہل سم الفار:— سم الفار ایک تولہ' حب الملوک ایک تولہ' دونوں کو باریک کر کے اپنی کھٹی ایک پاؤ پانی میں کھرل کر کے بھی قرص بنا کر پتال جنتر سے تیل کشید کریں۔ بقدر ایک خس اجوائن یا قند سفید میں دیں۔

گلابی کھانڈ:— مغز جمالگوٹہ مدبر۔ مغز بادام۔ مغز ارنڈ۔ ہر ایک ڈیڑھ تولہ تمام ادویات کو کوٹ کر تین سیر دودھ گائے میں جوش دے کر گھی نکالیں۔ اور ایک ماشہ روغن ایک حصہ کھانڈ میں شامل کر کے قدرے گلابی رنگ ملالیں۔ بوقت ضرورت ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ اس سے قبض کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔ ۲/۴ مسہل آ کر معدہ کے تمام نقائص دور ہو جاتے ہیں۔ عمدہ چیز ہے۔

سفوف دائمی قبض:— سناء ۱ تولہ' ہرڑ زرد کا چھلکا ۴ ماشہ' دانہ الائچی ڈیڑھ ماشہ' مصطگی

رومی ۳ ماشہ، مصری کوزہ ۲ تولہ، تمام اجزاء کو الگ الگ کر کے ملالیں۔ اور بقدر ۲ یا ۳ ماشہ ہمراہ گرم پانی یا دودھ سے استعمال کریں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے دائمی قبض ہمیشہ کے لئے دور ہوگی۔ اور آئندہ پاخانہ بافراغت آتا رہے گا۔

سفوف قبض کشاء ---: مغز بادام مقشر ۱۰۰ عدد۔ سونف ۳ تولہ، برگ سناء کی صرف پتی ۳ تولہ، چہار مغز ۲ تولہ، تخم الائچی خورد ا تولہ، کھانڈ دیسی ۱۰ تولہ، سب کو کوٹ چھان کر رکھیں۔ ۹ ماشہ رات کو شیر گرم یا پانی نیم گرم سے دیں۔ ۱۵ یوم کے بعد متواتر ۶ ماشہ استعمال کریں ایک ماہ متواتر استعمال کریں۔ پیچش سدی والے کو ایک تولہ دیں۔ قبض دائمی اور اتفاقیہ دونوں کو مفید ہے۔ چہرہ پر رونق لاتا ہے۔ فعل معدہ کو درست کرتا ہے۔ جسم کو طاقت دیتا ہے اور وزن بڑھاتا ہے یہ نسخہ اپنے فوائد میں نہایت ہی عجیب چیز ہے۔

سفوف کرامت ---: جب دستوں سے مریض قریب المرگ ہو چکا ہو تو اس وقت یہ سفوف مسیحائی اثر دکھاتا ہے۔ اسہال کو بند کرنے میں اس سے بڑھ کر آج تک کوئی دوا دیکھنے میں نہیں آئی۔ اسہال خواہ جگری ہوں یا معدی ہوں یا ذوبانی یا افیونیوں کے دست ہوں سب کو بند کرنے میں جادو اثر ہیں۔ دانہ الائچی خورد، طباشیر، زہر مہرہ خطائی، گرد سماق زرشک، گل ارمنی ہر ایک ۳ ماشہ، نرکچور، بادیان ہر ایک ۱ ماشہ باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ پہلی خوراک اثر دکھاتی ہے۔ مجرب المجرب نسخہ ہے۔

سفوف سفید برائے پیچش ---: بستھ سب نائٹراس ۱۵ گرین۔ افیون ڈیڑھ گرین۔ دونوں کو ملاکر رکھیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی تین خوراک صبح دوپہر شام پانی کے ہمراہ دیں۔ پیچش کے لئے مفید ہے۔ بلکہ آب زر سے لکھنے کے قابل نسخہ ہے۔

اکسیر پیچش ---: افیون ۱ تولہ، بھنگڑہ ۱ تولہ دونوں کو ملاکر سفوف کرکے مٹی کے دو سکوروں میں گل حکمت کرکے پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک رتی ہمراہ شربت صندل یا انار دو تولہ کے استعمال کرائیں۔ ہر قسم کی پیچش کے لئے اکسیری دوا ہے۔ حتیٰ کہ حاملہ عورت کی پیچش بھی دو خوراک سے رفع ہو جاتی ہے۔

سفوف پیچش ---: بیخ انجبار ۳ تولہ، بیلگری ۲ تولہ، کوکنار ۲ تولہ، گوند کیکر ۲ تولہ، بہیدانہ ۱ تولہ، حب الآس ۱ تولہ، سفوف بناکر روغن زرد میں چرب کرلیں، ۶ ماشہ ہمراہ آب تازہ کے دیں غیر سدی پیچش میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

سفوف نجات ---: مغز بادام ۱۰۰ عدد، سونف ۳ تولہ، برگ سناء کی بریاں ۳ تولہ، چہار مغز ۲ تولہ، الائچی خورد ڈیڑھ تولہ کے دانے، کھانڈ دیسی ۱۰ تولہ، سفوف بنائیں۔ قبض دائمی کے لئے

نہایت مفید ہے چہرہ پر رونق لاتا ہے۔ وزن بڑھاتا ہے پیچش کاذب کو مفید ہے۔ اس میں خوبی یہ ہے کہ صرف پاخانہ کھول کر لاتا ہے۔ اور دست نہیں لاتا خوراک ۹ ماشہ ہمراہ شیر یا آب نیم گرم' پندرہ یوم کے بعد خوراک ۶ ماشہ کردیں پیچش کاذب کے واسطے رات کو ایک تولہ دیں۔

گندھار رس ــــ: گندھک مصفیٰ' پارہ مصفیٰ' ناگر موتھا' موچرس گل دھاوا' افیون' کڑاچھال' بل کتھ ہر ایک ایک تولہ' لودھ پٹھانی ۶ ماشہ' اندر جوشیریں ۶ ماشہ' پارہ اور گندھک کی کجلی تیار کریں۔ پھر باقی ادویہ باریک شدہ ڈال کر ایک گھنٹہ کھرل کریں بس تیار ہے۔ خوراک ۳ رتی تا ایک ماشہ ہمراہ آب انار دانہ۔ فوائد پیچش' مروڑ' اسہال سنگرہنی کافوری علاج ہے۔

لال چورن برائے پیچش ــــ: سونف بریاں ۵ تولہ' سونٹھ' کچور' جنگ' ہریڑ' کشنیز' پوست ڈوڈہ' ہر ایک ۴ تولہ' انار دانہ ۸ تولہ تمام ادویہ بریاں کرلیں۔ گدی ۴ تولہ' گل دھاوا ۲ تولہ' رال ۲ تولہ' افیون ۳ ماشہ خوراک ۲/۳ ماشہ تک ہمراہ چھاچھ دیں۔ پہلے تمام چیزوں کا سفوف بنالیں پھر افیون کو پانی میں حل کرکے ملائیں۔

فوائد ــــ: پیچش' سنگرہنی' ہیضہ' اسہال اور بدہضمی میں بہت ہی مفید ہے۔

سفوف زحیر ــــ: بیلگری حسب ضرورت مثل غبار کرکے رکھ لیں ۳' ۳ ماشہ دن میں تین دفعہ ہمراہ شربت انجبار کھلایا کریں پیچش اور اسہال کے لئے مفید ہے۔

کیسٹر آئل املشن ــــ: گوند کیکر ۲ تولہ' کیسٹر آئل ۱ تولہ' عرق سونف ۵ تولہ بطریق خمیرہ کے تیار کریں۔ کیسٹر آئل املشن تیر ہے پیچش اور مروڑ کے لئے نہایت مفید ہے۔ بقدر ایک دو تولہ فی خوراک بڑے آدمی کے لئے ہے۔ ایسی ۵/۴ خوراک دن میں دیں بچوں کے لئے حسب عمر کم مقدار میں دیں۔

اکسیر زحیر ــــ: رال سفید' گیری' گوند کیکر' نشاستہ ہر ایک ۹ ماشہ' پوست خشخاش مسلم تین عدد' سفوف بنائیں۔ ۳ ماشہ صبح' دوپہر' شام ہمراہ شربت انجبار دیں۔ زحیر غیر سدی پر کمال درجہ کا اکسیر ثابت ہوا ہے۔

دوائے پیچش خونی ــــ: ہلیلہ سیاہ' اجوائن دیسی' زیرہ سفید' گوند کیکر' پوست خشخاش ہر ایک تولہ' جو کوب کرکے نیم بریاں کریں۔ بقدر ۶ ماشہ ہمراہ دہی کی لسی کے استعمال کریں۔ خونی پیچش کے لئے نہایت ہی مجرب نسخہ ہے۔

سفوف شیریں قبض کشا ــــ: کالا دانہ چکی میں پسوا لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ تازہ پانی یا عرق سونف کے ہمراہ ۵/۳ ماشہ تک صبح یا شام کے وقت کھلادیں۔ قبض کشائی کے لئے بہترین چیز ہے ہر وقت استعمال کرسکتے ہیں۔

(نوٹ) اس میں شکر سفید ملا کر رکھیں۔

دیگر مسہل آسان ـــــ: عشق پیچہ کے ہموزن شکر سفید ملا کر رکھیں بس تیار ہے۔ ہتھیلی پر گرم پانی سے دیں۔ خوب جلاب ہوگا۔

حب القار ـــــ: پیچش کثرت اسہال اور سنگرہنی میں مفید و معمول ہے۔ پوست سنگدانہ مرغ شنگرف رومی، مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ، افیون ۶ ماشہ، سہاگہ بریاں ۳ ماشہ، سب کو باریک پیس کر لعاب بہیدانہ میں مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ آب تازہ۔

زحیر صادق و کاذب کے لئے حبوب خرما

چھوہارہ فربہ ۱ عدد۔ افیون خالص ۲ رتی۔ بیلگری ۶ رتی۔ چھوہارہ کی گٹھلی دور کر کے افیون کی بتی سی بنا کر اس پر بیلگری چڑھائیں۔ جوف چھوہارہ میں رکھ کر ایک چھٹانک گندھے ہوئے آرد گندم میں رکھ کر غلولہ سا بنالیں اور بھوبھل میں دبا دیں۔ جب آٹا سرخ ہو جائے چھوہارہ نکال کر کھرل کریں۔ اور حبوب نخودی تیار کریں۔

بوقت ضرورت ـــــ: آب آہن تاب سے چار چار گھنٹہ کے بعد مریض کو کھلائیں۔ یہ گولیاں خلو معدہ یا بعد ہضم طعام کھلانی چاہئیں۔

سنگرہنی ـــــ: کے لئے ۷۵ فیصدی کامیاب دوا ہے۔ زحیر صادق و کاذب اسہال مرلضاں نمونیہ، چیچک، موتی جھرہ، تپ محرقہ، ٹائیفائیڈ فیور اور ہر قسم کے دستوں کے لئے سو فیصدی مجرب و بے خطا نسخہ ہے۔ پہلے کیسٹر آئل دے کر پیچش سدی میں سدہ رفع کرلیں۔ بچہ، بوڑھا، جوان، مرد عورت سب کے لئے یکساں مفید ہے۔

حب اسہالی ـــــ: ہر قسم کے دستوں میں اکسیر ہے۔ افیونی کے دست بھی بند ہو جاتے ہیں۔ بچوں کے ہرے پیلے دست بند کرنے میں اکسیر ہے۔ اور خونی پیچش کے بند کرنے میں بھی اکسیر ہے۔

بیلگری ـــــ: کپور کچری، پکھان، آملہ خشک، رال سفید، افیون عمدہ ہر ایک ایک تولہ خوب باریک پیس کر مثل سرمہ کی تیار کریں۔ لعاب اسبغول کے ہمراہ گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ اور سایہ میں خشک کریں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ پانی تازہ صبح و شام بچوں کے لئے ہے جوان کے لئے ایک سے چار گولی تک۔ مجرب اور مفید ہے۔

اکسیر پیچش ـــــ: تنکار بریاں، شنگرف، افیون ہر سہ ہم وزن لے کر بقدر دانہ مونگ گولیاں

بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح و عصر ہمراہ میٹھے دہی کے استعمال کرائیں۔ پیچش کے لئے اکسیر ہے۔

برائے زحیر صادق ـــ: کتھ سفید جو پان میں کھاتے ہیں۔بقدر تین ماشہ کے پانی میں گھول کر پئیں۔ دو تین خوراک میں مروڑ وغیرہ اور خونی پیچش بھی رفع ہو جائے گی۔

سنگرہنی ہریوگ ـــ: شنگرف ۲۰ تولہ' بھلانوہ ٦ تولہ' ارنڈ کا تیل ٦٠ تولہ' گائے کا گھی ٦٠ تولہ' شہد خالص ٦٠ تولہ۔

۲۰ تولہ شنگرف کے بیس ٹکڑے کرلیں۔ اور ان ٹکڑوں کو ایک آہنی کڑاہی میں ترتیب دے کر رکھ دیں۔ اوپر سے بھلانوہ ٦٠ تولہ جسے احتیاط سے کوٹ لیا گیا ہو جمادیں یعنی ڈھیری لگادیں۔ اس کے اوپر ارنڈ کا تیل گائے کا گھی اور شہد ڈال دیں۔ پھراسے چولھے پر سوار کر دیں۔ اور آگ اس طرح روشن کریں کہ پہلے پہلے تھوڑی بعد میں تیز کردیں۔ جب تین حصہ مصالحہ جل جائے تو آگ اور بھی تیز کر دیں۔ اور کڑاہی میں بھی آگ لگادیں۔ جب آگ کڑاہی میں لگ جائے تو نیچے کی آگ نرم کردیں۔ جب تمام اشیاء جل جائیں تو کڑاہی ٹھنڈی ہونے پر نہایت ہوشیاری سے شنگرف کے ٹکڑے نکال لیں۔ اور باریک کرلیں۔ ازاں بعد شنگرف کے ہم وزن جلوتری' جائفل اور لونگ کا سفوف الگ الگ نہایت باریک پیس کر اور شنگرف کے کھرل شدہ سفوف میں ملاکر اور خوب زور دار ہاتھوں سے دو گھنٹہ تک کھرل کریں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں تیار ہے مقدار خوراک ایک سے دو رتی ہمراہ دہی۔

خوراک دہی باجرے کی روٹی یا جوار کی روٹی پہلے پہلے تو باجرے کی تھوڑی مقدار میں روٹی اور دہی زیادہ مقدار میں استعمال کرائیں۔ آٹھ دس دان کے بعد صرف دہی ہی مریض کو دینا چاہئے۔ اور بھوک زیادہ بھی لگی تو بھی زیادہ سے زیادہ ہی دہی کا استعمال کرایا جائے۔ کیونکہ پانی تو پورے طور سے چھوڑ دینے سے ہی فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اس دوا کے استعمال سے آٹھ دس بلکہ بارہ سیر تک دہی مریض کھاتی اور ہضم کرنے لگ جاتا ہے ایک ماہ کے بعد باجرے کی روٹی کا استعمال شروع کرا دیں۔ آہستہ آہستہ دہی کم کرا دی جائے۔ اسی طرح تقریباً ڈیڑھ ماہ تک یہ دوا استعمال کرائی جائے۔ بعد میں بھی مریض دہی چھاچھ طبیعت کے موافق استعمال کرتا رہے۔

اکسیر پیچش ـــ: پیچش خواہ کسی قسم کی ہو۔ مریض کی کیسی حالت ہو بلکہ سنگرہنی کو بھی اس سے آرام ہو جاتا ہے۔

کھیل پھٹکڑی ایک ماشہ تک سیاہ مرچ کے پانی سے دینے پر چند خوراکوں سے ہی آرام ہو جاتا ہے۔ (کھیل پھٹکڑی سے مراد شگفتہ پھٹکڑی ہے) مرچ سیاہ کا پانی اس طرح بنائیں کہ ۵ عدد مرچ سیاہ کو درردرا کر کے آدھ پاؤ پانی میں جوش دے لیں اور ٹھنڈا کر کے پانی کو چھان لیں بس تیار

ہے۔

امراض جگر و طحال

ضعف جگر ـــــ یرقان ـــــ سوء القنیہ ـــــ عظم الطحال ـــــ ورم الطحال ـــــ نفخ الطحال ـــــ استسقاء ـــــ عظم جگر ـــــ نفخ شکم ـــــ ورم جگر ـــــ حرارت جگر ـــــ سدہ جگر

دلبر فولادی شربت

فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس ۷ ماشہ، پوٹاشیم آیوڈائیڈ ۳ ماشہ، سپرٹ لیمون ایونڈیا سادہ شربت ایک پونڈ لے کر اس میں ایک ڈرام ا؎سنس لیمن ڈال دیں۔ تمام ادویات کو چینی کے کھرل میں خوب کھرل کریں۔ جب یکجان ہوجائیں تو تیار ہے۔ جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے۔ معدہ اور آنتوں کو طاقت دیتا ہے۔ قوت ہضم کو بیدار کرتا ہے۔ اسہال صفرادی کو بند کرتا ہے۔ خون صالح بکثرت پیدا کرتا ہے۔ رنگ کو نکھارتا ہے۔ نیز اگر اس کے اثرات کو اور بھی تیز کرنا ہو تو لائیکو آرسنی کیلس ایک ڈرام بوتل میں شامل کرلیں۔ اس کی مقدار خوراک ایک چمچہ چائے کا غذا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد۔

فیض فولادی ـــ: فیری ایٹ کونین سائٹراس ا تولہ، فیری ایٹ ایمونیا سائٹراس ا تولہ، میگنیشیا سلفاس ۱۵ تولہ، عرق سونف ایک بوتل تمام ادویات کو حل کرکے یکجان کرلیں۔

فوائد ـــ: ملیریا بخار، قبض، طحال کا بڑھ جانا، خرابی جگر کے لئے اکسیر ہے۔ نصف اونس صبح نصف اونس شام، اگر تکلیف زیادہ ہو تو دن میں تین بار بھی دے سکتے ہیں۔ دن میں دو تین دست آجایا کریں گے۔

مقوی شربت یا شربت فولاد یا خونی فوارہ

خونی فوارہ مقوی معدہ و دل و جگر مصفی خون و مولد خون ہے۔ کونین فولادی یعنی فیری ایٹ کونین سائٹرس ۱۰ گرین، ٹنکچر اسٹیل ۱۵ بونڈ۔ ٹنکچر نکس وامیکا ۱۰ بونڈ، میگنیشیا سلفاس ۶۰ گرین، ٹنکچر کاڈرمم ۲۰ بونڈ ٹنچر سپرٹ ایمونیا ارومیٹک ۱۵ بونڈ، انفیوزن آف ربب ۱/۲ ڈرام۔ سب کو باہم مخلوط کرکے حسب مزاج خوراکیں بناکر پلا دیں۔ غذا کے کھانے کے بعد دودھ میں عرق گلاب ایک تولہ، عرق گلاب ایک تولہ، عرق بادیان ایک پاؤ شربت انار سے میٹھا کرکے پلائیں۔

اکسیر مولد خون ـــ: فری ایٹ ایمونیا سائٹراس ست سلاجیت، گندھک آملہ سار ہر ایک

۲ تولہ، کشتہ منور، کشتہ فولاد، کشتہ شنگرف، ہر ایک ایک تولہ۔ تمام ادویات کو عرق گلاب میں کھرل کر کے حبوب بقدر ۲ رتی کے بنائیں۔ دونوں وقت ایسا کھانا کھانے کے بعد ایک ایک گولی تقریباً آدھ گھنٹہ سے دیا کریں۔ ایسا مولد خون نسخہ آپ کو ہرگز نہ ملے گا۔ جس کے چند یوم کے استعمال سے امید سے بالاتر خون پیدا ہوتا ہے۔ چہرہ کو سرخ اور بدن کو مضبوط بناتا ہے۔ زمانہ حال کے شربت فولاد یا اور کسی مولد خون ادویہ سے لاکھ درجہ بہتر ہے۔

اکسیر طحال و جگر:۔ خبث الحدید یعنی منڈور بقدر ایک سیر کو کوٹ کر سفوف بنا دیں۔ اس میں ڈیڑھ پاؤ کڑاہی میں رکھ کر اس پر پاؤ بھر نوشادر ٹھیکری کی ڈلی رکھ دیں۔ اس پر بقایا سفوف خبث الحدید رکھ دیں خواہ اسے گل حکمت کریں یا یونہی رکھ دیں۔ کڑاہی کے نیچے سات آٹھ سیر لکڑی کی آتش جلائیں۔ ٹھنڈا ہونے پر اتار لیں۔ سفوف اور نوشادر آپس میں مل کر پیلے یعنی زرد رنگ کے ہوجائیں گے۔ اب اسے باریک کرکے پانی میں گھول کر مقطر لیں اور فضلہ کو خشک کرکے سنبھال رکھیں یہ فضلہ خشک شدہ دو سے چار رتی تک امراض ذیل میں بدرقہ مناسبہ سے دیں۔

فوائد:۔ عظم الطحال، عظم جگر، یرقان کے لئے مفید ہے۔ اور جو مقطر لیا گیا ہے اس کو اس طرح سے کریں۔

ایک تولہ پارہ مصفی جست مصفی ایک تولہ کی گرہ بنائیں۔ یہ پیسک ہوگا اسے مندرجہ مقطر پانی میں سے چوتھائی پانی ڈال کر کھرل کریں۔ جب خشک ہونے کے قریب ہو تو نرم بھوبھل پر تشویہ دیں۔ یہاں تک کہ خشک ہوجائے۔ پھر اسے دوبارہ چوتھائی پانی ڈال کر خشک کریں۔ غرضیکہ چار بار میں چار بار کھرل کریں۔ تین بار تو نرم بھوبھل پر تشویہ دے کر خشک کریں۔ مگر چوتھی بار کھرل کرتے کرتے جب خشک ہونے لگے تو ٹکیہ بنالیں اور اچھی طرح سے خشک ہوجانے پر ان بجھ چونہ کے دابو میں چھ گھنٹہ آتش طعام دیں۔ سرد ہونے پر ٹکیہ نکال کر سنبھال رکھیں۔ یہ اکسیر شمسی ہے ایک تولہ کو ایک رتی یہ راز ہر ایک کے مقدر میں نہیں تجربہ بتا دے گا۔ ہم نے آپ کو کیا دیا اگر مقدر آپ کے یاوری کریں تو——

برائے قبض طحال:۔ سناء مکی ۵ تولہ، ہلیلہ کا چھلکا ۵ تولہ، آٹھ عدد حنظل (تمہ) کے پانی سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ گنٹھیا، طحال، قبض، درد پیٹ اور امراض سوداوی کو نافع ہے۔

سفوف قبض کشا:۔ گل گاؤ زبان پشاوری، باریک پیس کر اس کے برابر کھانڈ ملاکر محفوظ رکھیں۔ رات کو سوتے وقت ایک تولہ کی مقدار ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔ بغیر کسی تکلیف کے بوقت صبح اجابت بافراغت ہوجائے گی۔ اور طبیعت تمام دن ہشاش بشاش رہے اور [illegible]

گی۔

حبوب قبض کشاء ۔۔۔: بے ضرر مجرب المجرب معمول مطب نسخہ ہے۔ سقمونیا ولایتی، مغز بادام شیریں، گل بنفشہ ہر سہ ہموزن باریک کرکے ہمراہ آب گولیاں بقدر کنار دشتی تیار کریں خوراک ایک گولی ہمراہ شیر نیم گرم دیں۔

معجون قبض کشا ۔۔۔: برگ سنا کی ۲ تولہ، بادام ۵ تولہ، مرچ سیاہ ا تولہ، مصری ۵ تولہ، شہد ۲ تولہ، سب کو پیس کر شہد میں معجون بنالیں۔ خوراک ایک تولہ دیں۔

برائے قبض دائمی ۔۔۔: مربہ ہلیلہ ۳ تولہ، گلقند ۲ تولہ، گلقند بنفشہ ۴ تولہ، روغن بادام ۹ ماشہ، سب کو باہم ملالیں بس تیار ہے قبض دائمی کے مریض کو کھلائیں۔ شرطیہ دوا ہے۔

عرق طحال ۔۔۔: تلی خواہ کتنی بڑی ہو۔ چند روزہ استعمال سے صحت ہو جاتی ہے۔ شورہ قلمی، سہاگہ بریاں، نوشادر، ہر ایک ۳ تولہ، لیموں ۲ سیر خرمہو زرد ۷ عدد، عرق گندھک ۲ تولہ، سوزن پختہ ۷ عدد۔ سب کو ایک بوتل میں ڈال کر ایک دو ہفتہ دھوپ میں رکھیں پھر چھان لیں۔ خوراک صبح و شام ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک پلاکر اوپر سے ایک دو گھونٹ تازہ پانی پلا دیا کریں۔ مجرب ہے۔

طحال کی سو فیصدی مجرب دوا

ہمہ صفت موصوف ہے۔ جو کہ اپنے اثر میں ثانی نہیں رکھتا۔ برسوں کا مرض نیست و نابود ہو جاتا ہے۔ ہمیشہ کے لئے مرض سے نجات حاصل ہو جاتی ہے۔ بڑی سے بڑی طحال ایک ہفتہ میں اصلی حالت پر آجاتی ہے۔ تھوہر کی راکھ آدھ سیر کو ایک سیر پانی میں رات بھر بھگو رکھیں۔ ایک دو بار ہلا بھی دیا کریں۔ صبح کے وقت راکھ والے پانی کو کسی موٹے کپڑے میں چھان کر اس پانی کو آہنی کڑاہی میں آگ پر خشک کرکے نمک حاصل کریں۔ اس کے نصف حصہ پھٹکڑی سرخ ملاکر خوب باریک پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔ مریض کو نخود کے دانے چند چباکر پھانکنے تھوکنے کا حکم دیں۔ پھر بقدر ۴ رتی دوا کھلا کر اوپر سے قدرے اجوائن کا پانی پلا دیا کریں۔ چار پانچ روز میں تلی کا نام و نشان نہ رہے گا۔

برائے طحال ۔۔۔: جوہر پودینہ ایک ماشہ، روغن سونف خالص ایک ماشہ میگنیشیا سالٹ ساڑھے سات تولہ، کونین خالص ایک ماشہ، تیزاب گندھک ڈائیلوٹ ایک تولہ فیری ایٹ کونین سائٹراس ۲ ماشہ، کونین کو تیزاب میں حل کرکے بوتل میں داخل کریں۔ باقی ادویہ کھرل میں کسی عرق یا پانی میں حل کرکے شامل کریں۔ اور اخیر میں فیری ایٹ کونین سائیٹراس ملاکر حل کریں۔

بس تیار ہے۔ خوراک صبح و شام بعد از غذا دو تین چمچہ ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔ روغن زرد اور دودھ بکثرت استعمال کریں۔ طحال کو بہت جلد فائدہ کرتا ہے۔

سفوف طحال

یہ دوا اسی نام سے مشتہر ہو کر ہندوستانی دواخانہ سے بکثرت فروخت ہوتی ہے۔ بنانے میں نہایت ہی آسان ہے۔ فائدہ بھی بہت اچھا دیتی ہے۔

رائی ۳ تولہ' سہاگہ بریاں ۱ تولہ' کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۲ ماشہ سے اڑھائی ماشہ تازہ پانی کے ساتھ دیں۔ یہ دوا معدہ میں طاقت پیدا کرتی اور ورم وصلابت طحال کو چند روز میں دور کر دیتی ہے۔

پرہیز ـــــ: چکنی اشیاء اور مٹھائیاں آلواروی' ماش کی دال مکھن دودھ وغیرہ سے لازمی ہے۔

غذا ـــــ: معمولی اور بھوک سے کم مثلاً بکری کا شوربہ گیہوں کی روٹی پودینہ کی چٹنی مولی کا اچار جس میں سرکہ ملا ہو اونٹنی کا دودھ اور مولی انجیر اس مرض کے لئے سب سے بہتر ادویہ شمار کی جاتی ہیں۔

امراض مقعد

بواسیر خونی ـــــ بواسیر ریاحی ـــــ بھگندر ـــــ خروج المقعد ـــــ ورم مقعد ـــــ

بواسیر ہر قسم

برائے بواسیر ـــــ: عرق برگ گکر وندہ' عرق برگ گل صد برگ' عرق برگ شاہترہ' عرق برگ بانسہ' عرق برگ نولی' عرق گلو سبز' عرق برگ کنگھی' عرق برگ بکن' ہر واحد ۱۰ تولہ' پوست ہلیلہ زرد' پوست ہلیلہ کابلی' ہلیلہ سیاہ' نرکچور' مغز تخم نیم' پوست بلادر کا دور کردہ' مغز تخم بکائن ہر واحد ایک تولہ' مرچ سیاہ' دار فلفل' زنجبیل' ہر ایک ۶ ماشہ کنجد سیاہ ۲ تولہ' رسوت مصفی اڑھائی تولہ' گوگل مصفی اڑھائی تولہ' تمام ادویات کو باریک پیس کر عرقیات مذکورہ میں کھرل کرکے گولیاں بقدر کنار دشتی بنائیں اور سایہ میں خشک کرکے استعمال کریں۔ ایک صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ چالیس یوم متواتر استعمال کرنے سے مرض کا دورہ بالکل نہیں رہے گا۔ بواسیر بادی' خونی ہر قسم اور اس کے عوارضات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اور مسے خود بخود خشک ہو کر غائب ہو جاتے ہیں۔ ہر مزاج ہر موسم میں مرد عورت بچے بوڑھے کو یکساں مفید ہے۔

مسہ بواسیر ـــــ: مغز تخم کنول ڈوڈہ صبح و شام تھوک سے رگڑ کر لگاتے رہنے سے مسے

مرجھا کر گر جاتے ہیں۔

دیگر ـــــ: خواہ کسی قسم کی بواسیر ہو۔ گل صدبرگ کی پنکھڑیاں سایہ میں خشک شدہ کا سفوف بقدر ۳ ماشہ دونوں وقت کھانے سے ہفتہ عشرہ میں تخفیف پیدا ہو جاتی ہے۔

دیگر ـــــ: رسوت ایک تولہ' چھلکا ریٹھہ ایک تولہ' دونوں کو باریک کرکے حب بقدر نخود تیار کریں۔ چند دن کے استعمال سے افاقہ ہو جائے گا۔

دیگر ـــــ: بیخ حنظل سایہ میں خشک شدہ پانی کی مدد سے رگڑ کر بواسیر کے مسوں پر طلاء کریں سے خشک ہو کر مرجھا جائیں گے۔

دیگر ـــــ: مردار سنگ کو گھی میں کھرل کرکے مرہم سی بنالیں اور مسوں پر دن میں دو دو دفعہ لگایا کریں۔

کڑوی اکسیر برائے بواسیر ـــــ: مغز کرنجوہ حسب ضرورت باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ یا پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔ خوراک بقدر ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ بوقت صبح دیا کریں۔ بواسیر کے لئے نہایت ہی لاجواب چیز ہے دس پندرہ روز کے استعمال سے شفاء ہو جاتی ہے بواسیر کے درد کو مفید ہے۔ بخاروں کے لئے بھی مفید ہے۔

اکسیر بواسیر ـــــ: جس کو نہ لگانے کی حاجت نہ کھانے کی ضرورت صرف پاؤں لگانے سے شرطیہ مرض بواسیر رفع ہو جاتی ہے۔

حنظل بقدر چار سیر لے کر ایک کڑاہی میں ڈال کر اس پر مریض کو کھڑا کردیں۔ اور وہ پاؤں سے اس کو مسلتا رہے۔ یہاں تک کہ کڑواہٹ منہ میں محسوس ہونے لگے۔ مریض کو لٹا دیں اور ایک چھٹانک گھی گرم کرکے پلائیں اسی طرح ۳ یوم کریں۔ نصف گھنٹہ کے بعد بدبودار نہایت گندہ مواد خارج ہوا کرے گا۔ مسے خشک ہو کر جھڑ جائیں گے۔ عمر بھر کے لئے بواسیر سے صحت ہوگی۔

برائے بواسیر ـــــ: نیلا تھوتھا ایک تولہ کو سیر بھر پانی میں جوش دیں۔ اور نیم گرم رہنے پر آب دست لیا کریں۔ اس سے مسوں کا پھولنا درد وغیرہ بہت جلد دور ہو کر چند روز کے متواتر استعمال سے مسے مرجھا کر نیست و نابود ہو جاتے ہیں۔ فوائد میں یہ نسخہ ایک بے بہا چیز ہے۔

برائے بواسیر ریاحی ـــــ: بادبڑنگ' تخم حرمل' نمک لاہوری ہرسہ ۹ - ۹ ماشہ سفوف بنائیں۔ تین تین ماشہ کی پڑیاں بنالیں۔ علی الصباح ایک پڑیہ ایک پاؤ دہی کے ساتھ کھالیا کریں۔ نو دن کے اندر ہی بواسیر رفع ہو جائے گی۔ تصدیق شدہ نسخہ ہے۔

تریاق بواسیر ـــــ: بواسیر کے لئے مندرجہ ذیل نسخہ جو سہل الحصول قلیل الاجزاء نیز کثیر

المنفعت ہے۔

رسوت عمدہ ۷ تولہ، فلفل گردا تولہ، زیرہ سفید ا تولہ، کونپل نیم ا تولہ، آب مولی نیم سیر بوقت شب رسوت کو آب مولی میں بھگو دیں صبح کو ہاتھوں سے اچھی طرح مل کر نتھار لیں۔ پھر اس مقطر پانی کو کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب قوام غلیظ ہو جائے دیگر ادویہ (جو پہلے سے باریک کرکے رکھی ہوں) شامل کرکے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ خوراک ۲ گولی صبح ۲ گولی شام ان کے استعمال سے بواسیر ہمیشہ کے لئے رفع ہو جائے گی۔ ممنوعات سے پرہیز لازمی ہے۔ اگر چالیس یوم ان کا استعمال کیاجائے تو تازیست یہ مرض عود نہ کرے گا۔ مجرب المجرب نسخہ ہے۔

حب بواسیر ـــــ: کونپل نیم، گل نیم، مغز بکائن، رسوت خالص مصفے ہر ایک ایک تولہ، سفیدہ کاشغری ٦ ماشہ کوٹ چھان کر جنگلی بیر برابر گولیاں تیار کریں۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ۔ گیارہ سے اکیس روز میں تمام عمر تو نہیں کئی سال تک دورہ نہیں ہوتا۔

فوائد ـــــ: تمام تکالیف کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ ان گولیوں کو شیر جوشیدہ جس میں بادام روغن شامل کیا گیا ہو استعمال کرنا یا چھاچھ سے نگلنا زیادہ موزوں ہے۔

اکسیر بواسیر ـــــ: مشک کافور ۱۰ تولہ، مغز تخم نیم ۱۰ تولہ، دونوں کا بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ تین بوند پتاشہ میں ڈال کر ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں اور مسوں پر ذیل کا ضماد لگائیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ کے استعمال کے بعد بواسیر سے تمام عمر نجات مل جائے گی۔ نسخہ ضماد بواسیر ہے۔ مردار سنگ، مشک کافور، شنگرف، سندھور، ہر ایک ۳ ماشہ خوب باریک کرکے ۳ تولہ مکھن جو کہ ایک سو ایک بار دھلا ہوا ہو میں ملاکر مسوں پر لگائیں۔ اس ضماد کے استعمال سے بغیر کسی تکلیف کے مسے مرجھا جاتے ہیں۔ ایک دفعہ کے استعمال سے مریض کو آرام آنا شروع ہو جاتا ہے۔

برائے ناسور ـــــ: سانپ کی کینچلی جھلسا کر شیر برگد میں آلودہ کرکے مرہم سی بنالیں۔ اسی سی بتی تر کرکے ناسور میں رکھیں۔ خواہ کتنا پرانا ناسور ہو اس کے استعمال سے شفاء ہو جائے گی۔

برائے بواسیر ریاحی ـــــ: ناگ کیسر بقدر ا ماشہ پانی سے اکیس یوم کھلائیں جن لوگوں کی ہڈیوں سے آواز نکلتی ہے۔ یہ علامت بواسیر ریاحی کی ہوتی ہے۔

اکسیر بواسیر ـــــ: یہ عرق بواسیر بھی بلا تخلف اثر کرتا ہے۔ گل صد برگ ۵ سیر لے کر ۱۰ سیر پانی میں بھگو دیں۔ اور بطریق معروف دس بوتل عرق کشید کریں۔ بواسیر والا ایک چھٹانک روزانہ استعمال کرے۔ نہایت ہی مفید ہے۔

جید الاثر معجون بواسیر

چوب زرد، اندر جو تلخ، گوگل مدبر، فلافل مصری، ہر واحد اڑھائی تولہ مرچ سیاہ ایک تولہ، امر پھل ۶ ماشہ، گل سرخ ۳ ماشہ، بیخ ستیاناسی ۶ ماشہ، کشتہ قلعی ڈیڑھ ماشہ، کشتہ فولاد ڈیڑھ ماشہ، تخم بھلاواں ۶ ماشہ، بادیان ایک تولہ، بالچھڑ ۶ ماشہ، شہد خالص سہ چندہ۔ بطریق معروف معجون بنالیں۔ ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام ہمراہ آب سرد بواسیر کے لئے اس سے بہتر کوئی معجون نہیں ہے۔ مجرب ہے۔

حب ہاشمی ---: آب زہرہ بز سیاہ ۵ تولہ کو کسی چینی کی پیالی میں محفوظ رکھیں۔ جب سایہ میں رکھنے سے خشک ہو جائے۔ تو بقدر دانہ مونگ گولیاں بنالیں ایک گولی سے ۲ گولی تک باسی پانی سے کھلائیں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے ہر قسم کی بواسیر کا قمع ہو جاتا ہے۔ خون تو پہلے ہی روز بند ہو جاتا ہے۔

بواسیر میں ریٹھا ---: ریٹھے کا چھلکا ۱۰ تولہ، ہیرا کسیس ۵ تولہ دونوں کو خوب باریک پیس کر گولیاں تیار کریں۔ یہ گولیاں بواسیر کے مسوں کی حکمی دوا ہے۔ کھانے کے لئے چھلکا ریٹھا گائے کے تازہ دودھ میں خوب کھرل کرکے ایک ایک رتی کی گولیاں سایہ میں خشک کرکے بنائیں۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ چھاچھ دہی گائے۔

حب بواسیر ---: کونپل نیم ایک تولہ، گل نیم ایک تولہ، رسوت خالص مصفی ایک تولہ سفیدہ کاشغری ۶ ماشہ، کوٹ چھان کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ گیارہ حد اکیس روز کے استعمال سے تمام عمر تو نہیں کئی سال تک دورہ نہیں ہوتا۔ ساری تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔

اکسیر بواسیر ---: جو تجربہ پر سو فیصدی مجرب ثابت ہو چکی ہے۔ پہلے ہی روز خون جانا بند ہو جاتا ہے۔ ہفتہ میں ہر قسم کی بواسیر نیست و نابود ہو جاتی ہے۔ مسے کٹانے کی ضرورت نہ رہے گی۔ مسے گر جائیں گے۔ یہ صدری نسخہ ہے حنل بوٹی کا ساگ ہفتہ بھر استعمال شام کے وقت کریں۔ صبح کو آکسن بوٹی کا نمک مکھن میں کھلائیں۔ یہ بہتر علاج ہے۔

برائے بواسیر ---: جو کوسل بٹہ پر باریک پیس کر کپڑ چھان کرکے ایک بیضہ مرغ کی زردی میں حل کرکے لیپ سا بنا کر مسہ ہائے بواسیر پر لگا کر اپلہ کا سینک کریں۔ پانی ٹپکتا رہے۔ دن میں ۳/۴ مرتبہ لگا کر سینک دیں۔ چند روز میں مسے دور ہوں گے۔ تکلیف مطلق نہ ہوگی۔ ایک ہفتہ کافی ہے۔

تریاق بواسیر ---: سبز درخت کریر (ڈیلہ کا درخت) کی سبز نرم جڑ کو چھوٹے ٹکڑے ٹکڑے

کرکے ایک مٹی کی نئی ہانڈی میں ڈال کر منہ اس کا مضبوطی سے بند کرکے اس کے پیندے میں چند سوراخ یا ایک ایک سوراخ پونا انچ کرکے ایک گڑھا کھود کر اس میں ایک کٹورہ کانسی یا لوہے کا ہنڈیا کے سوراخ کے نیچے رکھ دیں۔ ہنڈیا گڑھے سے اوپر رہے اور اردگرد ایک من اپلہ صحرائی چن کر آنچ دیں۔ صبح کو راکھ دور کرکے احتیاط سے کٹورہ نکال لیں۔ کٹورہ عرق سے پر ہوگا۔

ترکیب استعمال :- دن میں چار مرتبہ روئی کا پھایہ عرق سے تر کرکے مقعد میں رکھ لیں۔ اوپر لنگوٹ کس دیں مسے مرجھا کر جھڑ جائیں گے اور پرانی سے پرانی بواسیر ہفتہ عشرہ میں دور ہو جائے گی۔ اور پھر کبھی عود نہ کرے گی۔

(نوٹ) ہر قسم کی کہنہ سے کہنہ بواسیر بغیر اپریشن کے چلی جاتی ہے۔ یہ ایسا نسخہ ہے جو آپ نے نہ دیکھا نہ سنا ہوگا۔

بواسیر ہر قسم :- تخم بکائن، تخم نیم، چاکسو، سپاری کا سوختہ ہر ایک ۱ تولہ، رسوت ہلیلہ سیاہ ہر ایک اڑھائی تولہ، پتہ بکری ۱۲ عدد، آب باراں میں رسوت کو بھگو کر صبح کو باقی ادویہ کھرل شدہ میں شامل کرلیں۔ اور نخودی گولیاں تیار کریں۔ ایک گولی ہر سہ گھنٹہ بعد کھلائیں اوپر سے شیر میش پی جائیں۔ ہفتہ بھر میں دیرینہ بواسیر بھگندر دور ہوگی۔

برائے بواسیر :- مغز تخم نیب، مغز تخم بکائن، رسوت، اکسٹریکٹ ہے میلس لیکوئیڈ، سب ہم وزن پہلی تینوں دواؤں کو کھرل کرکے اکسٹریکٹ میں حل کرکے حب بقدر نخود بنائیں۔ بواسیر نکسیر غرضیکہ ہر قسم کے خون کو بند کرنے میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

دیگر :- کڑا چھال کو جلا کر اس کی راکھ کو بطریق نمک نکالنے کے نمک نکالیں۔ خوراک ۲ رتی ہمراہ مکھن یہ بواسیری خون کا تریاق ہے۔

دیگر :- اعجاز مسیحا، بواسیری خون خواہ سیروں آتا ہو۔ اس کی دو خوراک ہی سے رک جاتا ہے چند روزہ استعمال مرض کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے جو احباب اس کی تلخی سے گریز کرتے ہوں۔ تو اس کا نمک استعمال کریں۔ کڑا چھال حسب ضرورت کوٹ کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ صبح و شام ہمراہ روغن گائے ۲ تولہ یا آب شبینہ سے دیں۔

بواسیر کے لئے مجرب نسخہ :- سفوف ریٹھہ، کتھ، رسوت ہر ایک ۶ ماشہ کشتہ سونا مکھی ۳ ماشہ (دربرگ مہندی) گولیاں نخودی بنائیں خوراک ایک گولی چار تولہ مکھن کے ہمراہ دیں۔

بواسیر خونی :- رسوت ڈیڑھ تولہ، کیرا ۷ ماشہ، مازو سبز، سنگجراحت، گیرو، ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، کوٹ چھان کر نخودی گولیاں بنالیں۔ گولیاں آب گندنا یعنی بھوگاٹ سے باندھیں۔ دو گولی

سے چار گولی تک علی الصباح باسی پانی سے دیں۔ سرخ مرچ، گرم اشیاء سے پرہیز متواتر پندرہ یوم کے استعمال سے بواسیر خواہ کتنی ہی پرانی ہو آرام ہوگا۔

سفوف بواسیر:۔ ایک نارجیل کے اوپر کا پوست جلائیں اس کے ہم وزن قند سفید ملاکر تین خوراکیں کریں صبح کو پانی کے ہمراہ دیں۔ بواسیر کا خون کبھی جاری نہیں ہوگا۔

خارش خشک و تر:۔ رتن جوت تازہ ۲ تولہ کو روغن کنجد ایک سیر خام میں ڈال کر جلائیں۔ جب جل جائے تو نیچے اتار کر گھوٹ لیں۔ تیل بررنگ سرخ ہو جائے گا۔ جب تیل ہو جائے بوتل میں بھر لیں۔ اور جسم پر مالش کریں۔ (نوٹ) مالش کرکے ایک گھنٹہ توقف کریں۔ برگ نیم سبز پانی میں پکا کر غسل کریں۔ انشاء اللہ دو چار روز یہ عمل کرنے سے بحکم خدا آرام ہوگا۔

اکسیر بواسیر خونی:۔ کشتہ سونا کھی ایک تولہ، رسوت مصفی اصلی ۵ تولہ دونوں کو ملاکر گولیاں نخودی بنائیں۔ بس تیار ہے۔ ایک حب صبح نہار منہ ایک شام کو مناسب بدرقہ سے استعمال کرائی جائے۔ انشاء اللہ ۲۷ یوم میں مرض بالکل دور ہو جائے گا۔ پرہیز ترش، بادی، گرم اشیاء و سرخ مرچ سے کیا جائے دوسرا نسخہ جس کی حب سوتے وقت ہمراہ آب تازہ پہلے نسخہ کے ساتھ ۲۷ یوم استعمال کریں۔

دوسرا نسخہ:۔ رسوت مصفی، پوست ہلیلہ زرد، گوگل مصفی، مکد ایک تولہ، عرق مولی سبز ۶ تولہ، عرق گکر دندہ ۱۲ تولہ، میں ادویہ مندرجہ نمبر۱ تا نمبر۳ پیس کر کہ قابل حب بنانے کے ہو جائے حبوب نخودی بنائیں۔ سوتے وقت ایک گولی استعمال کریں۔ انشاء اللہ ان ادویہ کے استعمال سے چودہ سال تک کا مریض اچھا ہو جائے گا۔

برائے بواسیر:۔ گڑ ھنکہ دو حصہ، تمباکو نوشیدنی ایک حصہ، کوٹ کر تولہ، تولہ کے قرص بنائیں اور مریض کو حصہ میں تمباکو کی طرح پلائیں انشاء اللہ ایک ہفتہ میں آرام آجائے گا۔ کئی مریضوں پر تجربہ پر مفید ثابت ہوا ہے۔

کاجل برائے بواسیر:۔ ریکپور ایک تولہ لے کر روغن تارا میرا ۲۰ تولہ میں خوب کھرل کریں اور چراغ میں ڈال کر بتی جلائیں اور کاجل حاصل کریں اس کاجل کو ۲۱ یوم نمناک زمین میں دفن کریں۔ پھر نکال کر محفوظ رکھیں۔ ایک رتی ہمراہ مسکہ ۵ تولہ بوقت صبح استعمال کریں۔ شفاء ہوگی۔

دھونی برائے بواسیر:۔ بھنگ ۳ تولہ، ہینگ ۱ تولہ، سنکھیا سفید ۱ تولہ باریک کرکے دس ٹکیہ تیار کرلیں۔ ایک ٹکیہ کو الگ کردیں ـــــ باقی ۹ ٹکیہ کو اس طرح کریں کہ ہر روز تین ٹکیہ

کی دھونی لیں۔ چولہے پر بیٹھ کر پاس ٹکیہ رکھ لیں۔ ایک کپڑے میں منہ آنکھ بند کر کے بچا کر دھونی لیں۔ ٹکیہ ہاتھ میں نہ رکھیں۔ تینوں کی دھونی لیں خونی بواسیر کو مفید ہے۔

بواسیری مرہم ـــ: گندھک آملہ سار، گندھک موصلی ہر دو ایک ایک ماشہ نیلا تھوتھا ۲ رتی خوب باریک کر کے گائے کے تازہ گھی اڑھائی تولہ میں ملا کر رکھیں۔ صبح و شام مسوں پر لگا کر یا چک و شتی نصف گھنٹہ سینک دیا کریں۔ مسوں کے لئے یہی ایک نسخہ کافی ہے۔ اگر اس نسخہ میں ایک ماشہ مردہ سنگ کا اضافہ کیا جائے تو ہفتوں کا کام دنوں میں ہو گا۔

بواسیری ـــ: بارمشک (ناگیسر اڑھائی ماشہ کنجد مقشر اڑھائی ماشہ کشتہ سونا مکھی ڈیڑھ رتی روغن زرد ۵ ماشہ شکر سفید ۸ ماشہ تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر شکر میں ملا کر علی الصباح چاٹ لیں۔ اسی طرح دونوں وقت (صبح و شام) استعمال کریں۔ کم از کم چالیس یوم۔ زیادہ سے زیادہ دو ماہ استعمال کرنے سے تمام عمر کے لئے ہر دو اقسام کی بواسیر جاتی رہے گی۔ اور مسہ ہائے بواسیر خود بخود خشک ہو جائیں گے۔

اکسیر بواسیر ـــ: سم الفار ایک تولہ نصف سیر شیر خرماہ میں بذریعہ کھرل جذب کریں۔ مانند مرہم ہو جائے گا۔ کسی کھلے منہ کی شیشی میں سنبھال کر رکھیں۔ مسوں کے سروں پر آہنی سلائی کے ذریعہ لگائیں ۴/۳ یوم میں مسے گر جائیں گے۔ اگر مسے کے علاوہ کسی دوسری جگہ دوا لگ جانے سے درد شروع ہو جائے تو مندرجہ ذیل دوا لگائیں۔ درد رفع ہو گا۔

چربی بز ایک تولہ، افیون ایک تولہ، پھٹکڑی شگفتہ ۶ ماشہ باہم پیس کر ملا کر درد کی جگہ لگا دیں۔ درد کافور ہو گا۔

خوراکی دوا ـــ: رسوت ۲ تولہ، چاکسو ۲ تولہ، ورق نقرہ ۲ عدد، ورق طلاء ۲ عدد، مروارید ڈیڑھ ماشہ، بل کتھ ایک ماشہ، باریک پیس کر ایک کریلہ میں کھرل کر کے کوکن بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح ہمراہ پانی دیا کریں۔ صرف ہفتہ دو ہفتہ استعمال کریں۔

ریاحی ـــ: تخم سویا، تخم گزر، تخم کرفس ہر ایک تولہ مصطگی رومی عود ہندی قرنفل ہر ۳ ماشہ شہد خالص سہ چند حسب معمول معجون تیار کریں۔ مقوی معدہ، دافع ریاح اور مقوی باہ ہے۔ سات روز کا لگاتار استعمال ذہنی قوت پیدا کرتا ہے۔ خوراک ایک تولہ سادہ پانی سے۔

برائے بواسیر و اکسیر درد ریحی!

ناگ کیسر نمبر ۱ مغز تخم نیم نمبر ۲ طباشیر نمبر ۳ ہر ایک تولہ ناریل نمبر ۴ کے بالوں کی راکھ ۳ تولہ اول نمبر ۱ پھر نمبر ۲ پھر نمبر ۳، ۴ ملا کر خوب پیس کر سفوف تیار کریں۔ ۶ ماشہ روزانہ نہار منہ ہمراہ پانی کھلائیں۔ بواسیر خونی کو اکسیر ہے۔ کتنا ہی خون آتا ہو پہلی ہی خوراک سے بند ہو

جاتا ہے۔ پرہیز تیل، اچار، گڑ وغیرہ۔

بواسیر کے مسے گرانے والا نسخہ

سم الفار، رسکپور، دار چکنہ، سیماب، زرنیخ زرد، ہر ایک ایک تولہ نوشادر ۲ تولہ، طوطیا سبز ۷ ماشہ، تیزابی مٹی ۲ ماشہ، کاہی سرخ ۲ ماشہ، کاہی سبز ۲ ماشہ، پھٹکڑی سفید ۳ ماشہ، سرکہ ا بوتل، ان تمام ادویہ کو سرکہ کے ہمراہ کھرل کریں۔ جب نصف کے قریب سرکہ جذب ہو جائے۔ تمام ادویہ کو بقیہ سرکہ میں ڈال دیں۔ منہ بند کر کے چالیس یوم روڑی میں دبا دیں۔ بعد ازاں کھول کر حسب دستور جوہر حاصل کرلیں۔ بقدر ایک رتی مکھن یا لعاب دہن میں حل کر کے مسوں پر ضماد کریں۔ اگر تکلیف ہو تو پنیر اور کافور اوپر باندھیں مسے گرنے پر مندرجہ ذیل مرہم لگادیں۔ یہ جوہر گو بواسیر کا مکمل علاج ہے۔ مگر لگتا بہت ہے تکلیف دیتا ہے اور عمر بھر کے لئے مرض بواسیر سے نجات ہو جاتی ہے اگر اس جوہر میں کوکین ملالی جائے تو پھر یہ تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔

نسخہ مرہم:۔ موم زرد ۲ تولہ، چربی، رال، سفیدہ کاشغری، سیندھور، زنگار، مکد ا تولہ، طوطیا سبز ۳ رتی، روغن سیاہ میں مرہم بنائیں۔

مسے گرانا:۔ سیالکوٹی موٹے کاغذ کی ایک بتی بنائیں۔ اور اس کے ایک طرف آگ لگادیں۔ پھر اس سلگتی بتی کا دھواں اور کچھ سینک اس مسہ کو پہنچائیں۔ یعنی ایسے موقعہ پر بتی رکھیں۔ کہ مسہ پر دھواں اچھی طرح اثر کرے چھ روز تک روزانہ دو دفعہ کرنے سے انشاء اللہ مسے خود بخود گر جائیں گے۔

دیگر:۔ کچلہ کو کسی پتھر پر پانی کے ساتھ گھس کر دن میں تین مرتبہ مسہ پر لگائیں۔ ایک ہفتہ تک مسے خشک ہو کر خود بخود گر جائیں گے۔

برائے مسہ ہائے بواسیر:۔ ست لیموں کو لے کر مسے کے اوپر رگڑیں مسے سے سفید رنگ کا پانی خارج ہو گا۔ جب وہ سوکھ جائے تو روغن زرد سے چپڑتے رہیں۔ تیسرے دن میں کھرنڈ اترے گا اور بعد میں وہاں پر کبھی مسہ نہ ہو گا۔

مسوں کو خشک کرنے والا اکسیری روغن

یہ روغن ہر قسم کے بدنی مسوں کو بالعموم اور بواسیری مسوں کو بالخصوص خشک کرنے کے لئے مفید ہے۔ اگر چند روز اس تیل کو مسوں پر لگایا جائے تو مسے بغیر کسی قسم کی تکلیف کے رفع دفع ہو جاتے ہیں۔

روغن کنجد نصف چھٹانک کسی پیتل کی بڑی سی دیگچی میں ڈال کر ہلکی ہلکی آگ جلائیں۔ جب جوش آچکے تو بھلانوہ پانچ عدد (جن کی ٹوپی دور کر کے دو دو ٹکڑے کر لئے ہوں) تیل کے اندر ڈال دیں۔ جب بھلا نوے جل جائیں۔ تو دیگچی کو آگ سے اتار کر بھلانوں کے ٹکڑے نکال کر تیل کے سرد ہونے پر منسل ٦ ماشہ باریک شدہ ڈال کر لوہے کے دستہ سے خوب گھوٹ کر یکجان کردیں اور پھر دو سیر پختہ پانی اسی تیل کے اوپر ڈال دیں۔ تھوڑی دیر کے بعد جو تیل پانی کے اوپر آجائے۔ وہ ہاتھ سے اتار کر شیشے میں ڈالیں۔ بس تیل تیار ہے۔

ترکیب استعمال ---: دن میں دو تین مرتبہ مسوں پر لگایا کریں۔ نیز کوئی اندرونی خوراکی دوا بھی استعمال کراتے رہیں۔ چند روز میں مسے انشاء اللہ دور ہو کر آرام ہو جائے گا۔ یہ روغن تمام قسم کے مسوں کو خشک کردیتا ہے۔

امراض گردہ مثانہ

ریگ گردہ و مثانہ---- درد گردہ---- سنگ گردہ و مثانہ---- قرح گردہ---- ذیابیطس---- سلسلس البول---- حبس البول---- عسر البول---- بول الدم---- کثرت البول---- بول فی الفراش

اکسیر ذیابیطس

کشتہ فولاد ایک ماشہ' کشتہ سونا ایک ماشہ' کافور ڈیڑھ ماشہ' زعفران ٣ ماشہ افیون ٣ ماشہ' خستہ جامن ١٤ ماشہ' برگ کیکر برابر ہمہ سب کو پیس کر گولیاں بقدر نخود بنالیں۔ اور آب پوست کیکر سے دیں۔ نان گندم کھلائیں۔

دیگر ---: گڑماربوٹی ٣ ماشہ' گلوخشک ٢ ماشہ' مغز خستہ جامن ٢ ماشہ' سونٹھ ٤ رتی' سلاجیت ٦ رتی' کشتہ فولاد ١ رتی' سفوف بنائیں یہ ایک خوراک ہے روزانہ دودھ سے کھلائیں۔

برائے ذیابیطس دماغی ---: دو عدد بیضہ مرغ لے کر عصر کے وقت تیز سرکہ میں بھگوئیں۔ دوسرے روز انڈے کو نیم برشت کر کے زردی اور سفیدی کھا لیا کریں۔

دیگر ---: مغز پنبہ دانہ ٢ تولہ پانی میں پیس کر بلاشیرنی چالیس یوم تک استعمال کریں۔ نہایت ہی مجرب ہے۔

ذیابیطس دماغی ---: مغز بادام شیریں مقشر ٢ تولہ' مغز پنبہ دانہ ایک تولہ' تخم خشخاش سفید ٩ ماشہ' تخم کدو شیریں ٧ ماشہ' چاول سفید ایک تولہ' مصری ٤ تولہ' روغن گائے ایک تولہ' بدستور

حریرہ بنائیں، اگر پانی کی بجائے عرق بید مشک و گاؤ زبان ملائیں تو بہتر ہوگا۔ ہر روز علی الصباح یہ حریرہ کھلائیں۔

ذیابیطس جگری :۔ مفرح بارد، مروارید، کہربا، گل ارمنی، گوند کیکر ہر ایک ۲۱ ماشہ، رب السوس ۱ ماشہ، تخم خشخاش سفید، مغز تخم خیارین ہر ایک ۵ ماشہ، کشنیز بریان بہیدانہ بریان ہر ایک ۴ ماشہ بگ مورد ۳ تولہ، شربت سیب شیریں دو چند ادویہ مفرح بنائیں۔ خوراک صرف ۶ ماشہ

قرص ذیابیطس :۔ تخم خرفہ، تخم کاہو، مکد ۱۵ حصہ، طباشیر، رب السوس، مکد ۵ حصہ، تخم کشنیز، تخم حماض، گل ارمنی، مکد ۳ حصہ، صندل سفید، گلنار، ساق صمغ عربی، مکد ۲ حصہ، کافور نصف حصہ، سب کو کوٹ کر آب خرفہ یا آب انار کے ساتھ قرص بنائیں۔ خوراک ۷ ماشہ صبح و شام ہمراہ زلال تمرہندی۔

قرص کافور :۔ مروارید نا سفتہ، بسد، کہربا، زہرمہرہ مکد ۳ ماشہ، طباشیر، رب السوس مکد ۴ ماشہ، تخم خرفہ، تخم کاہور مکد ۱۱ ماشہ، کشنیز خشک، تخم خشخاش، گل ارمنی، زرشک مکد ۳ ماشہ، صندل سفید بگلاب سائیدہ ۵ گلنار، پوست حماض، صمغ عربی، مکد ۲ ماشہ، کافور ۱ ماشہ، کشتہ قشر بیضہ مرغ ۴ ماشہ، سب کے ۱۵ قرص بنائیں۔ خوراک ایک قرص صبح و شام ہمراہ عرق کافور۔

ترکیب عرق کافور :۔ برادہ صندل سفید، کشنیز، صندل سرخ، مکو، گل سرخ، مکد ۱۰ تولہ، تخم کاسنی، گل نیلوفر، مکد ۲۰ تولہ، برگ حنا اسیر گلو تازہ ۲ سیر پانی میں تر کرکے ادویہ کے برابر عرق نکالیں اور کافور ۳ ماشہ کی پوٹلی قرع انبیق کے منہ میں باندھیں۔

آردجو، گلسرخ، صندل سفید، برگ مغیلاں، اقاقیا، کافور پیس کر جگر و گردہ کے مقام پر لیپ کریں۔

غذا خمیری روٹی، تازہ مکھن، یا سبزی کے ہمراہ پینے کے لئے گلو سبز کچل کر پانی میں بھگو کر دو پانی دیں۔ اور جب تک گلو کا ذائقہ باقی ہو پانی بدلتے رہیں۔

ذیابیطس سادہ کا علاج :۔ (۱) افیون ایک حصہ، مغز خستہ جامن ۶ حصہ سفوف کریں۔ خوراک ۲ ماشہ صبح و شام دیویں۔

(۲) گلو خشک، مغز خستہ جامن، کشتہ قلعی، کشتہ مرجان، مروارید، نا سفتہ، گلسرخ، گلنار، گل ارمنی، تخم خشخاش سفید، تخم کاہو، اصل السوس مقشر، نیلوفر، گاؤ زبان، صمغ عربی، کتیرا ہر ایک ایک تولہ، افیون خالص ۲ ماشہ، پیس کر ۶۴ پڑیاں بنائیں۔ صبح و شام ایک پڑیہ پانی کے ساتھ دیں۔

(۳) سم الفار سفید ۱ رتی، کشتہ طلاء، عنبر اشہب، مکد ۴ رتی کشتہ سنگ یشب، کشتہ عقیق، مکد ڈیڑھ ماشہ، مروارید ۴ ماشہ، کشتہ نقرہ مکد ۳ تولہ، سب ادویہ کو صمغ عربی کے پانی کے ساتھ حل کرکے ایک قرص بنائیں پہلے ہفتہ تک نصف قرص صبح و شام بعد از غذا استعمال کراتے رہیں۔ ہفتہ کے

بعد ایک قرص صبح و شام۔ ۲۰ دن کا وقفہ کرکے بدستور ایک قرص صبح و شام دیں۔ غذا کے لئے گیہوں کی روٹی گھی میں بریاں کرکے گوشت کے ہمراہ کھلائیں۔

ذیابیطس غذائی کا علاج :- (۱) برگ نیم تازہ ڈھائی تولہ، گرم پانی کے ایک پیالہ میں رات بھر بھگو دیں علی الصباح نہار منہ صاف کرکے پی لیں پانچ ۶ ماہ متواتر استعمال کریں۔ کلی فائدہ ہوگا۔

(۲) مرجان کو کسی مٹی کی کلیا میں ڈال کر آب گلو تازہ سے پر کریں اور بند کرکے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر آب گلو تازہ سے کھرل کرکے قرص بنائیں۔ اور بدستور آگ دیں۔ اسی طرح سے ۷ دفعہ آگ دیں۔ پھر اسے پیسیں اور برابر وزن کندر، طباشیر، دانہ الائچی سفید، گل ارمنی، مصطگی سفوف کرکے ملادیں۔ خوراک ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

(۳) انڈے کے چھلکے اندرونی و بیرونی سے صاف کرکے کسی برتن میں لوٹہ بجی کے پانی سے تر کریں۔ تین دن بعد نکال کر کسی کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے کمہار کے پژاوہ میں آگ دیں۔ شگفتہ ہوں گے۔ بطرز تکرار عمل کریں۔ اب یہ کشتہ سم الفار ایک رتی ملاکر کھرل کرکے رکھیں۔ خوراک ایک، تا دو رتی۔

برائے ذیابیطس :- صندل سرخ، صندل سفید، جفت بلوط ہر ایک ساڑھے چار ماشہ تخم کاہو، ساق، تخم خرفہ، تخم خشخاش، کیرا، صمغ عربی، رب السوس نشاستہ بریاں، ہر ایک ۷ ماشہ، گل ارمنی، گل سرخ، ہر ایک ۹ ماشہ، اقاقیا، گلنار فارسی، عدس مقشر، طباشیر ہر ایک ساڑھے ماشہ سب کو کوٹ چھان کر لعاب اسبغول سے قرص بنائیں۔ خوراک ایک مثقال صبح و شام ہمراہ گلاب ایک چھٹانک

دیگر :- پوست بیخ جھڑبیری ۲ ثار کوٹ کر گیہوں ثار پانی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ تاکہ دونوں گل جائیں۔ بس گیہوں نکال کر سایہ میں خشک کرکے باریک پیس کر بعدہ موصلی سفید ۶ ماشہ خستہ جامن ۶ ماشہ کوکنار ۶ ماشہ خستہ فالسہ ۶ ماشہ سب کو باریک پیس کر ملائیں اور ایک تولہ صبح و شام دہی کے پانی سے کھلائیں۔

نسخہ برائے ذیابیطس :- پوست درخت برنا، برگ گزمار، پھل پختہ برگد، کونپل نرم پیپل، خستہ جامن، مغز خستہ انبہ، پلکش یعنی پلکھن کا چھلکا ہر ایک ڈھائی ڈھائی سیر جملہ اشیاء کو علیحدہ علیحدہ دس دس سیر پانی میں نیم کوب کرکے ۲۴ گھنٹے تک بھگوئے رکھنے کے بعد آگ پر پکائیں۔ جب پانچ سیر پانی رہ جائے تو ہاتھ سے اچھی طرح مل کر کپڑے سے چھان کر پھر آگ پر مانند گاڑھا افیون کی طرح ہو جانے پر اتار کر دھوپ میں خشک کرلیں۔ اس جوہر کو پیس کر حفاظت سے رکھیں۔ اگر ان ساتوں اشیاء کے جوہر علیحدہ علیحدہ تیار کئے جائیں تو زیادہ موزوں ہے۔ جوکھار اصلی، گوکھرو، کاتھی، ہر ایک تولہ تولہ ان کو بھی باریک پیس کر جوہر میں شامل کرکے

ایک روز پورا کھرل کریں۔ اب مذکورہ مرکب سے ۲ تولہ کشتہ بیضہ مرغ، نک مدار، کشتہ ہیرا کسیس شنگرفی رنگ کا کشتہ مرجان، ہر ایک ۶ - ۶ ماشہ، افیون خالص ایک ماشہ شامل کرکے کھرل کریں۔ تیار ہے۔ بقدر ۳ رتی مسکہ گاؤ میں نگلوائیں۔ دن میں ایک خوراک دی جائے۔

غذا:- زردی بیضہ مرغ، گوشت، مسکہ گاؤ، مغز بادام مقشر غذا میں کھلائیں۔ چکی کا موٹا آٹا کپڑے سے چھنا ہوا جو کپڑے میں رہ جائے۔ قریباً تین چھٹانک آٹا اور دو انڈوں کی زردی اور آدھ پاؤ مسکہ ملاکر بجائے پانی کے دودھ ملاکر گوندھ کر حسب ترکیب روٹی پکائیں اور گوشت مصالحہ دار کے ساتھ کھلائیں۔ سوائے اس غذا کے اور کوئی غذا نہ دیں۔ ۲۱ یوم میں مکمل صحت ہوگی۔

ترکیب کشتہ ہیرا کسیس شنگرفی:- جو داخل نسخہ ہے۔ ہیرا کسیس پھولا ہوا حسب ضرورت لے کر آہنی کڑاہی میں تیز آنچ پر رکھ کر چمچہ سے الٹ پلٹ کرتے رہیں جب ایسا کرنے سے ہیرا کسیس کا سرخ رنگ ہو جائے قریباً ۵ گھنٹہ تیز آگ دینے سے یہ عمل ختم ہو جاتا ہے۔ سرخ شدہ ہیرا کسیس اور اس کے برابر وزن مسوقہ ڈال کر کوار گندل کے لعاب میں کھرل کرکے ٹکیہ بناکر نئی ہانڈی میں رکھ کر پھر گودہ کوار گندل سے ہانڈی بھر کر گل حکمت کرکے ۱۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پھر ایک ہانڈی میں ڈال کر جغرات یعنی دہی سے ہانڈی بھر دیں۔ ۲۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ نہایت سرخ رنگ کشتہ تیار ہوگا۔

برائے ذیابیطس:- مرغ کی کلغی کا احراق تیار کریں۔ ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کے دیویں۔ مرض دور ہوگا۔

برائے ذیابیطس:- گوڑمار ۳ تولہ، برگ نیم ۲ تولہ، مرچ سیاہ ۳ تولہ، کشتہ سیماب ایک تولہ، کشتہ ابرک سیاہ ایک تولہ، کشتہ سیم ایک تولہ، کشتہ طلاء ایک تولہ، مغز تخم جامن ۱۳ تولہ، ہر ہشت اجزاء کو کھرل کرکے لعاب بہیدانہ کے ذریعہ گولیاں بقدر نخود تیار کریں اور صبح شام ۵ ۵ گولی سادہ پانی سے استعمال کرائیں۔ ہر موسم و مزاج کے لئے مفید ہے۔

ذیابیطس:- شنگرف ایک تولہ، پوست قشر بیضہ مرغ ۸ عدد میں کھرل کرکے گولی بناکر مٹی کی ڈولی بناکر اس میں بند کرکے ۲۰ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اس سے کشتہ پوست بیضہ و شنگرف عجیب سفید ہوگا۔ نکال کر باریک پیس لیں۔ اور اقاقیا ایک تولہ، کشتہ فولاد ۶ ماشہ، طباشیر کبود ۱۰ ماشہ، تخم خشخاش ۷ ماشہ باریک ملاکر نگاہ رکھیں۔

خوراک:- ۳ چاول سے ۲ رتی ہمراہ مسکہ گاؤ مغز بادام ۶ دانہ صبح و شام ہر درجہ کو مفید ہے۔ (تجربہ کنندہ) سفید کی بجائے کشتہ بھورا ہوگا۔

برائے ذیابیطس:- ذیابیطس کے لئے نہایت مفید اعلیٰ اکسیری تحفہ ہے خواہ آخری درجہ

پر مرض ہو۔ چند ہی روز کے استعمال سے آرام ہو جاتا ہے خوراک ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب انار ترش ۲ تولہ کے دیں۔

کشتہ فولاد، کشتہ قلعی ۴-۴ ماشہ، کشتہ یشب ۳ ماشہ، کشتہ قشر بیضہ مرغ ۳ ماشہ، کشتہ مرجان ۳ ماشہ، کشتہ صدف صادق ۶ ماشہ، ورق نقرہ ۴۰ عدد۔ ست برگد ۶ ماشہ، ستاور ۴ ماشہ، اسگند ۴ ماشہ، افیون بیکانیری ۶ رتی۔ زعفران ۴ رتی۔ مغز تخم جامن ۳ ماشہ، تخم سلارا، تخم پلکو کتہ سفید ۶-۶ ماشہ سب کو سفوف بنا کر کشتہ جات شامل کرلیں بس تیار ہے۔

برائے ذیابیطس —: افیون ایک حصہ، خستہ جامن ۶ حصہ ملا کر اس کے قرص بنائیں۔ بقدر ۲ ماشہ کھلانے سے شکر آنے کو بہت جلد روکتا ہے۔ افیون کم و بیش کرسکتے ہیں۔

برائے ذیابیطس —: اگر حالت زیادہ خراب ہو تو یہ نسخہ دیں۔ تخم کینچ مینچ (مکو) گوکھرو، گل ببول، چھلکا خام بیخ ببول، گوند ببول، خاکستر خار ببول، مکد ایک تولہ، کاسنی ۴ تولہ، خرفہ ۶ دام، مغز تخم جامن ۲ تولہ، الائچی خورد، طباشیر، ست سلاجیت، ست گلو، کافور، کونین خالص ہر ایک ۳ ماشہ، تاج خروس سوختہ ۴ عدد سب کو ملا کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ کے ہر روز دیں۔

سفوف برائے ذیابیطس —: گڑمار بوٹی، خولنجاں، مغز تخم جامن، ہر ایک ۳ تولہ، نبات سفید ۳ تولہ، خوراک ایک تولہ ہمراہ آب ہفتہ عشرہ تک دیں غذا گوشت۔

برائے ذیابیطس —: کشتہ قلعی، کشتہ فولاد، کشتہ مرجان، کشتہ صدف مرواریدی، کشتہ عقیق، کشتہ زمرد، کشتہ چاندی ہر واحد ۶ ماشہ، کشتہ پوست بیضہ مرغ ایک تولہ۔ تخم کاہو مقشر، مغز کشنیز گلسرخ، بورا دندان فیل سوختہ، حب کا کنج، بورادہ صندل سفید، صندل سرخ، مغز تربوز، مغز خیارین، مغز کدو، تخم خشخاش، تخم خرفہ ہر واحد ایک تولہ، زرشک، پوست آملہ، مغز تخم جامن، ہر ایک ۲ تولہ طباشیر، گلنار، رب السوس ولایتی، گل ارمنی، گل مختوم، نشاستہ گندم، گل پستہ، اقاقیا، بزرالبنج، ساق، صمغ عربی، جفت بلوط، کتیرہ، ست گلو، ملٹھی مقشر، پوست درخت نیم، اندر جو شیریں، کاسنی پاہ گجراتی، کہربا شمعی، ہر واحد ۹ ماشہ، سلاجیت مصفی ڈیڑھ تولہ، کافور دیسی ایک تولہ، سفوف برگ گڑمار بوٹی، ہم وزن تمام ادویہ کے سلاجیت کو عرق انار ترش و عرق کدو حسب ضرورت میں حل کر کے بعد میں کشتہ جات ملا کر خوب کھرل کریں۔ پھر باقی تمام ادویہ مسحوقہ ملا کر کھرل کریں۔ ۳-۳ ماشہ کے قرص تیار کریں۔ خوراک ایک ٹکیہ صبح ہمراہ شیرہ جوشیدہ جس میں میٹھا ڈالا گیا ہو۔ شام کو ایک قرص ہمراہ عرق گلاب سات تولہ۔

نوٹ —: پانی پینے کے گھڑے میں برادہ صندل ۵ تولہ، خس ۵ تولہ کی پوٹلی باندھ کر ڈالیں۔ پینے کو یہی پانی دیں۔ تیسرے روز پوٹلی بدل دیا کریں۔

نوٹ —: برادہ دندان فیل کو تابہ آہنی پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں۔ جب یہ جل کر کوئلہ ہو جائے تو اس کے اوپر ایک پیالہ دے کر ٹھنڈا کرلیں۔ اور کام میں لائیں۔ اس دوا کے استعمال سے شکر کم ہو کر پیشاب کی مقدار بہت جلد کم ہو جاتی ہے اور بدن میں توانائی پیدا ہو جاتی ہے۔ مقدار خوراک ایک ماشہ،

دوائے ذیابیطس —: درخت بیل یہ عام تناور درخت ہے۔ اس کے پھل کو بیلگری کہتے ہیں۔ درخت بیل کے تازہ پتے پتھر کے کونڈہ ڈنڈہ میں کوٹ کر پانی بھگو دیں۔ ۵ گھنٹہ بعد نرم آگ پر اتنا پکائیں کہ چوتھائی پانی رہ جائے اچھی طرح پن چھان کر پھر نرم آنچ پر مانند شہد گاڑھا خلاصہ تیار کریں۔ یہ خلاصہ ۴ تولہ کشتہ بیضہ مرغ ۶ ماشہ، کشتہ زمرد ۶ ماشہ، کشتہ قلعی ۳ ماشہ۔

کشتہ فولاد شنگرفی ۳ ماشہ —: افیون خام ڈیڑھ ماشہ سب کو باریک کھرل کرکے بقدر تین تین رتی کے قرص بنالیں۔ ایک ایک قرص صبح و شام حسب حالات مناسب بدرقہ تازہ دودھ یا پانی سے دے دیں۔ نشاستہ دار شکر ملی ہوئی اشیاء کم استعمال کریں۔

دوہفتہ میں بہت فائدہ معلوم ہوگا۔ فائدہ کے بعد بھی ایک ماہ تک استعمال جاری رکھیں۔

غذا —: جو کی روٹی بکثرت کھلائیں۔ ذیابیطس کے علاوہ سلسل بول ضعف گردہ، ضعف مثانہ، ذیابیطس، ضعف باہ، اور چند قسم کے جریان و احتلام کے لئے مفید ہے۔

کشتہ فولاد شنگرفی —: برادہ فولاد مصفی ۲ تولہ، آب کنوار گندل میں ایک پہر کھرل کرکے چھوٹے کوزہ گلی میں بند و گل حکمت کرکے ۴ سیر کی آنچ دیں۔ اس طرح ۹ دفعہ آنچ دیں۔ اور ہر مرتبہ کھرل کرتے وقت ۲ ماشہ فی مرتبہ شنگرف شامل کرلیا کریں۔

کشتہ پوست بیضہ مرغ —: پوست بیضہ مرغ کو آب لیموں یا سرکہ اور آب محلول نمک میں صاف کرلیں۔ پھر آب ہرن میں کھرل کرکے قرص بنائیں اور گل حکمت کرکے گپٹ کی آگ دیں۔ اسی طرح تین آنچیں دیں۔

کشتہ قلعی —: قلعی مصفی ایک تولہ کے باریک پترے کرکے (مقراض سے) بقدر جو ٹکڑے کرلیں اور ایک ٹاٹ پر سفوف مہندی ڈھائی تولہ بچھا کر ذرا فاصلہ سے قلعی کے جو چن کر ڈھائی تولہ اوپر بچھا کر ۲ - ۲ ثارونی اپلوں میں کاواک کرکے درمیان میں رکھ کر گڑھا کھود کر محفوظ الہوا آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر چھان لیں۔

کشتہ زمرد —: زمرد عمدہ کو سات بار عرق بید مشک میں بجھاؤ دیں اس کے بعد گلاب کے تازہ رس میں حل کرکے ٹکیہ بنالیں۔ اور ایک چھوٹے مٹی کے ظرف میں گل حکمت کرکے ۵ ثار

کنڈوں کی آگ دیں۔ اسی طرح اگر دوبار آگ دیں تو اچھا ہے۔

نسخہ پیشاب آور ۔۔۔: سبز بھکڑہ معہ برگ و ثمر دو سے چار تولہ تک خوب گھوٹ کر بقدر ۳ چھٹانک پانی ملا کر بحالت رکاوٹ پیشاب پلادیں۔ فوراً پیشاب کھل جائے گا۔ دن میں دو مرتبہ پلا سکتے ہیں۔

دیگر ۔۔۔: کیسو یعنی ڈھاک کے پھول جو شاکر گرم گرم پیڑوں پر باندھیں پیشاب جاری ہوگا۔ اور درد کو تسکین ہو جائے گی۔

برائے قلت البول ۔۔۔: پیشاب کی رکاوٹ کی حالت میں جبکہ تھوڑا تھوڑے آئے۔ تو تخم گوکھرو ۳ تولہ' جو کوب کر کے ڈیڑھ پاؤ پانی میں جو شائیں نصف رہنے پر چھان کر اس میں ۴ رتی سے ایک ماشہ تک جو کھار ملا کر پلائیں۔ پیشاب کھل کر آجائے گا۔

دیگر ۔۔۔: تخم گوکھرو ۴ تولہ' چوہے کی مینگنیں ایک تولہ' قلمی شورہ' ۴ تولہ' خوب باریک پیس کر کچھ پانی ملا کر گاڑھا سا لیپ بن جانے پر ناف کے نیچے لیپ کرنے سے بہت جلد پیشاب کھل جاتا ہے۔

دیگر ۔۔۔: بھینس کے کان کی میل ناف پر لیپ کریں۔ قلمی شورہ' ریوند چینی ہم وزن کو ٹکر پائی سے لئی بنا کر پیڑو پر باندھیں۔ اور اٹ سیٹ کا پانی نکال کر مریض کو پلائیں۔ فوراً پیشاب جاری ہو جائے گا۔

سلسل البول

کرامت کی چٹکی ۔۔۔: چھلکا اسبغول ۲ رتی' کھوپرہ کدو کش کیا ہوا ۳ رتی' کشتہ رانگ ایک رتی' مصری ۴ رتی' ہمراہ شیر تازہ کے دیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ چار پانچ روز سے زیادہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ مضرات سے پرہیز ضروری ہے۔ پیشاب کے ساتھ جبکہ ایک مادہ مثل شیر سفید رنگ قلت یا کثرت سے جاری ہوتا ہے۔ اور مریض کو نہایت ناتوانی اور ذبول عارض ہوتا ہے۔ تو یہ دوا اس کو بند کرنے کے لئے نہایت مفید ہے۔

برائے احتباس بول ۔۔۔: خراطین کی مٹی بقدر ضرورت لے کر گلاب خالص میں حل کر کے مثانہ پر ضماد کریں۔ اور گھڑی لے کر بیٹھ جائیں۔ دس منٹ کے اندر تمام مثانہ پیشاب سے خالی ہو جائے گا۔

تریاق مثانہ ۔۔۔: سنگ سرماہی ا تولہ' کشتہ سنگ یہود کلتھی والا ۲ تولہ' قلمی شورہ ۲ تولہ'

نمک مولی ایک تولہ' انفحار الطیب ۲ تولہ' تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملالیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک ماشہ تا دو ماشہ صبح و شام ہمراہ رگڑا دیں۔

تخم خربوزہ ۴ ماشہ' تخم خیارین ۵ ماشہ' سونف ۲ ماشہ' تخم بھکڑہ ۳ ماشہ تخم کاسنی ۵ ماشہ' ایک پتھر کی کونڈی میں گھوٹ کر چھان لیں۔ اور پانی بقدر پیاس شامل کرلیں۔

فوائد ـــــ: پتھری کنکر مثانہ' حبس بول و دیگر امراض مثانہ کا تریاق ہے۔ مکمل کورس ایک ہفتہ سے دو ہفتہ تک۔

ترکیب کشتہ سنگ یہود ـــــ: ۵ تولہ کلیتھی کوٹ کر نیم سیر پانی میں جوش دیں۔ نصف حصہ رہنے پر اتار لیں۔ مل چھان کر سنگ یہود میں کھرل کرکے خشک کرلیں۔ کوزہ گلی میں بند کرکے ۲۸ سیر اپلوں کی آگ دیں یہی عمل تین دفعہ کریں تیار ہے۔

اکسیر درد گردہ ـــــ: جوکھار' قلمی شورہ' لوٹا کھار' نوشادر' سہاگہ' پھٹکڑی' نمک' سیندھا' مرچ سیاہ' سنگ یہود' اجوائن خراسانی' ہیرا ہینگ' نمک سفید ہر ایک تولہ' تولہ' افیون ۴ ماشہ' سب کا باریک سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال ـــــ: مقدار خوراک ۲ ماشہ ہمراہ آب گرم جس میں ۴ ماشہ روغن بادام ملایا ہوئیں۔

فوائد ـــــ: درد گردہ جو بسبب سنگ گردہ یا ریگ گردہ ہو اس کے لئے بے نظیر سریع الاثر لاجواب دوا ہے۔ جہاں استعمال ہوئی منٹوں میں فائدہ ہوا۔ اس جادو اثر دوا سے مریض روتا آئے تو ہنستا جاتا ہے۔

حریرہ مقوی گردہ ـــــ: آرد مغز بنولہ ۲ تولہ' آروا سنگند ناگوری ا تولہ' دونوں کو نیم سیر دودھ میں پکا کر حریرہ تیار کریں اور حسب منشاء مصری کا اضافہ کرکے بوقت صبح استعمال کریں۔ کم از کم پندرہ یوم ضرور استعمال کریں۔

برائے درد گردہ ـــــ: ایک عدد پتہ گائے کالے کر اس میں سہ سالہ قند ڈیڑھ تولہ' مرچ سیاہ ایک تولہ' عناب ایک تولہ' گودا کنوار گندل ۲ تولہ اضافہ کرکے کھرل کریں۔ پھر بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ آب گرم کھلائیں۔ بے حد مفید ہے۔ درد گردہ ہر قسم کو چند منٹوں میں درد کا افاقہ معلوم ہونے لگتا ہے۔ عمر بھر کے لئے درد گردہ سے نجات مل جاتی ہے۔

دوائے درد گردہ ـــــ: قلمی شورہ ۵ تولہ' مرچ سیاہ ۵ تولہ' پہلے قلمی شورہ کو کسی کڑاہی میں ڈال کر گرم کریں۔ جب پگھل جائے مرچ سیاہ کا سفوف ڈال دیں۔ جب مرچ کو آگ لگ جائے

فوراً الٹا کر کسی برتن میں الٹا دیں۔ سرد ہونے پر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال ـــــ: ایک ماشہ ہر چار گھنٹہ کے بعد ہمراہ شربت بزوری شربت نارمشک' بارنگ' برگ ببول حب القلت ہم وزن دیں۔

فوائد ـــــ: درد گردہ کا مریض خواہ کتنا بے تاب ہو اس کی ایک ہی خوراک سے چین حاصل کر لیتا ہے۔

برائے درد گردہ ـــــ: ایک لیموں کے برابر چار ٹکڑے کر کے ایک ٹکڑے پر بقدر ایک ماشہ چونا چھڑک دیں۔ دوسرے پر مرچ سیاہ پسی ہوئی چھڑک لیں۔ تیسرے پر نمک چوتھا خالی رہنے دیں۔ پہلے چونہ والا ٹکڑہ چوس لیں۔ پھر مرچ والا پھر نمک والا آخر کو خالی ٹکڑہ چوس لیں۔ انشاء اللہ فوراً صحت ہوگی۔ اسی طرح چند روز بلاناغہ استعمال سے پتھری خارج ہو جائے گی۔

دیگر ـــــ: افتیموں (اکاس بیل) ایک تولہ' گل داؤدی ٦ ماشہ' پانی میں جوش دے کر چھان کر پلائیں۔ انشاء اللہ ہر قسم کے درد گردہ کو آدھ گھنٹہ میں آرام ہوگا۔

تحلیق درد گردہ

گرگ سینی (بھیڑیئے کے براز سے ہڈیاں چن لیں) ان میں سے ٣ عدد خواہ چھوٹی ہوں یا بڑی ایک کپڑے میں باندھ کر گردہ کے مقام پر بطور پٹی باندھ دیں۔ انشاء اللہ دورہ نہ ہوگا۔

برائے درد گردہ ـــــ: جنگلی کبوتر کی پنچال (بیٹ) جو برنگ سفید ہو چن کر باریک پیس لیں اور بوقت ضرورت بقدر ایک رتی ہمراہ آب گرم دیں ایک ہی خوراک میں درد بند ہوگا۔ ورنہ ایک گھنٹہ بعد پھر دوسری خوراک دیں۔

برائے درد گردہ ـــــ: عقرب خشک شدہ باریک سفوف کردہ بقدر ایک رتی ہمراہ کھانڈ کی چاشنی کے دیں۔ بعد ازاں کوئی سا جلاب دے دیں۔

برائے سنگ گردہ ـــــ: سرپھوکہ پونے دو تولہ' نمک سیندھا ٣ ماشہ' حب القلت ماشہ' تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ نصف رہنے پر چھان کر تین دفعہ پلائیں۔ پیشاب کسی برتن میں کراتے رہیں۔ تین روز میں ہی تمام پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔ حد پانچ یوم ہے پھر کشتہ حجر الیہود کھلائیں۔

اکسیر درد گردہ ـــــ: جوکھار' حجر الیہود' شورہ قلمی' سہاگہ سفید ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو کوٹ کر لوہے کی کڑاہی میں پکائیں۔ تاکہ ان کا اثر قائم اور پائیدار ہو جائے۔ بس تیار ہے آگ

سے اتار کر سرد کرلیں اور اس میں فلفل دراز۔ گھوکھرو ہر ایک ایک ۶ ماشہ باریک سفوف کرکے شامل کریں تیار ہے۔ ایک ماشہ یہ دوا کھلاکر اوپر سے دودھ کی لسی پلائیں۔ اگر مریض میں بلغمی مواد زیادہ ہوں تو گرم دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ درد گردہ کی حالتیں اور درد گردہ کے مریض کے لئے بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔ بارہا کامجرب اور آزمودہ ہے۔

اکسیر درد گردہ ــــ: شورہ قلمی ۴ ماشہ، شکر سرخ ۵ ماشہ، دونوں کو ملاکر پیس کر ایک پڑیہ باندھ لیں یہ ایک خوراک ہے۔ ایک خوراک صبح ایک دوپہر ایک شام کو نہار منہ تازہ پانی کے ہمراہ پی لیں۔ اور افاقہ کی حالت میں دن میں صرف ایک دفعہ استعمال کریں۔ نئے اور پرانے درد گردہ کیلئے اکسیر ہے۔ چند خوراک سے درد گردہ کا دورہ رک جاتا ہے۔ متواتر استعمال کرنا بہت ہی مفید ہے۔

برائے درد گردہ ــــ: بھنگرہ، قلمی شورہ، ہر دو ہم وزن لے کر جو کوب کرکے بطریق جوہر نکالنے کے جوہر حاصل کریں۔ اور یہ جوہر قدرے لے کر ہمراہ آب بوقت صبح مریض درد گردہ کو استعمال کرائیں انشاء اللہ شفاء دے گا۔ درد گردہ کا تریاق ہے۔

قولنج اور درد گردہ میں فرق

معلوم کرنا ہو تو مریض کو پہلے املی (تمرہندی) ۶ تولہ پانی میں جوش دے کر سناء مکی ۷ ماشہ پسی ہوئی اوپر چھڑک کر پلائیں۔ اگر درد قولنج ہوگا تو اس سے ایک دو اسہال ہو کر فوراً تخفیف ہو جائے گی۔ ورنہ نہیں۔

امراض اوجاع

وجع المفاصل ــــ عرق النساء ــــ درد کمر ــــ درد ریح ــــ وجع الورک ــــ نقرس ــــ درد پسلی ــــ

اکسیر گنٹھیا ــــ: مصبر ۲ تولہ ۳ ماشہ، تردی ۲ تولہ ۳ ماشہ، پوست ہلیلہ ۷ ماشہ، بوزیدان ۷ ماشہ، سورنجان شیریں ۷ ماشہ، سقمونیا ولایتی ۳ ماشہ، انیسوں ۳ ماشہ گوگل مصفی ۵ ماشہ، سب کو باریک پیس کر آب گندنا (بھوگاٹ) میں کھرل کرکے قرص بقدر ۶ ماشہ تیار کریں۔ صبح گرم پانی سے ایک قرص دیں چھ گھنٹہ کے بعد دو تین دست کھل کر ہوں گے اور مرض کافور ہوگا۔

فوائد ــــ: گنٹھیا عرق النساء، اور وجع المفاصل کے لئے مفید ہے۔

روغن عجیب التاثیر ــــ: تیل بکلی، روغن السی، روغن بابونہ، روغن تارپین، روغن

انگول، پٹرول، سپرٹ سیتھلیٹڈ، ہر ایک ا حصہ روغن کنجد ۲ حصہ، حرمل آدھ حصہ، ما لکنگنی آدھ حصہ، لونگ آدھ حصہ، پہلے حرمل، ما لکنگنی اور لونگ کو روغن نصف رہ جائے۔ تو اتار کر چھان کر باقی روغنوں میں شامل کرکے پھر سرد ہونے پر سپرٹ اور پٹرول داخل کرکے بوتل میں سنبھال کر رکھیں۔ ذات الجنب، نمونیہ وجع المفاصل، چوٹ وغیرہ و دیگر ہر قسم کے درد کے لئے مستعمل و اکسیر ہے۔ فوراً درد کو غائب کرتا ہے۔ نیز طلا" بھی استعمال میں لایا جاتا ہے۔ ست رگوں میں پھر سے خون دورہ کرنے لگ جاتا ہے۔ پٹی وغیرہ باندھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اور آبلہ بھی پیدا نہیں ہوتا۔

تیل بجلی! بجلی کے چلنے والے کارخانہ سے انجن میں استعمال شدہ تیل کو کہتے ہیں۔

روغن اوجاع —: روغن ارنڈ، روغن السی، روغن تارا میرا، عقرقرحا اجوائن، ما لکنگنی، تخم حرمل، ہر واحد ۵ تولہ، خشک ادویہ کو جو کوب کرکے آب خالص ڈیڑھ سیر میں چار پہر تک بھگو رکھیں۔ پھر نرم آنچ پر جوش دیں۔ حتیٰ کہ پانی چھٹانک حصہ باقی رہ جائے۔ پھر مل چھان کر ہر سہ روغن مذکورہ بالا نرم آنچ پر پکائیں۔ جب پانی جل جائے تو اتار کر دوبارہ کپڑے میں چھان لیں۔ بوقت ضرورت جس جگہ درد ہو وہاں پر مالش کرکے روئی باندھ دیں۔ وجع المفاصل ذات الجنب ریحی درد وغیرہ اوربدن کے جس حصہ میں درد ہو کو نہایت ہی مفید ہے۔

حب مسکین نواز —: سو فیصدی مجرب بے شمار مریضوں پر تجربہ کیا گیا ہے۔ ستاور ایک تولہ، سونٹھ ایک تولہ، اسگندھ ناگوری ایک تولہ، مصبر ایک تولہ، چاروں ادویات کو کوٹ کر کپڑے میں سے چھان لیں۔ پھر گھیکوار کے ڈھائی رس میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح ایک گولی سہ پہر کو پانی کے ساتھ دیں۔

فوائد —: ہر ایک درد، جوڑوں کے درد، عرق النساء کے لئے بے حد مفید اور مجرب ہیں۔ اس کوڑیوں کے دوا سے موتیوں کے فوائد ہیں۔

نوٹ —: ایک تولہ سورنجاں شیریں اور ایک تولہ چھلکا ہلیلہ کا اضافہ کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

مفاصلی —: وجع المفاصل ریح کے لئے نادر و نایاب دوا ہے عرق النساء کو فی الفور دور کرتا ہے۔ کالی زیری نہایت عمدہ لے کر نہایت باریک سفوف تیار کریں۔ بقدر ۴ ماشہ گرم پانی کے ساتھ دن میں تین مرتبہ ہر تین گھنٹہ کے بعد کھلائیں۔ ہفتہ عشرہ میں مرض نیست و نابود ہو جائے گا۔

دردینا—: سونٹھ، مصطگی رومی، جلوتری، لونگ، اجوائن، خراسانی، مصبر، غاریقون، پیلی، مرچ

سیاہ، ناگ کیسر، تخم حنظل، دار چینی، کباب چینی، ہم وزن لے کر موٹا موٹا (یعنی غبار کی طرح نہ بنائیں) پیس کر گرمی کے موسم میں ہمراہ شیرہ مصری اور سردی کے موسم میں ہمراہ شہد حبوب تیار کریں۔

حبوب ـــــ: ساڑھے چار ماشہ تک کھائی ہوں گی۔ درد ہر قسم اور ریاحی دردوں میں مفید ہے۔

روغن مفاصلینا ـــــ: وجع المفاصل، وجع الورک، فالج، لقوہ، عرق النساء، رعشہ، دردہائے ریحی، بلغمی کے لئے اکسیر اعظم ہے۔ تخم اسپند چار حصہ، زنجبیل عمدہ اور نیا ایک حصہ۔ نیم کوب کرکے پانی چودہ حصہ میں بھگو کر جوش دیں۔ جب سات حصہ پانی باقی رہ جائے۔ اتار کر روغن کنجد چودہ حصہ شامل کریں اور نرم آگ پر پکا کر صرف روغن باقی رہنے پائے۔ روغن چھان کر اس میں جائفل ۵ عدد اضافہ کریں۔ روغن مذکور کی مالش کیا کریں۔ ہفتہ بھر میں تمام درد کافور ہو جائے گا۔

اکسیر وجع المفاصل ـــــ: زعفران، جاوتری، ہیرا کسیس، کچلہ مدبر، ہر ایک ۶ ماشہ، سوڈا بائیکارب ایک تولہ، سوڈا سیلی سلاس ایک تولہ آب بیخ سہانجنہ میں کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بنائیں۔، وجع المفاصل، نقرس، لقوہ، فالج، گنٹھیا، وغیرہ امراض باردہ کا لاثانی علاج ہے۔ ۲ گولی صبح و شام سفوف مرچ سیاہ ایک ماشہ۔ شہد خالص ۶ ماشہ میں ملاکر دیں۔

وجع المفاصل وغیرہ ـــــ: آتشک، بواسیر، نواسیر، قروح خبیثہ اور درد مفاصل کا تریاق بلکہ آخری انتہائی علاج ہے۔ ایک برنج سے نصف رتی تک سکہ میں رکھ کر نگل جائیں۔ دار چکنہ، مغز جمالگوٹہ ہر ایک ۲ تولہ، لہسن ۱ تولہ بلاور ۲ تولہ، شہد مدار ۵ تولہ، مغز جمالگوٹہ، لہسن اور بلاور کو شیر مدار سے ملاپیہ کرکے نغدہ بناکر اس میں دار چکنہ کو رکھ کر خوب گل حکمت کرکے ۳ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ (محفوظ الہوا) شگفتہ ہوگا۔ ایک آنچ میں نہ ہو تو دوبارہ دیں۔

روغن وجع المفاصل ـــــ: نیم سیر عمدہ اور کلاں کچلے لے کر ۲۰ سیر گائے کے خالص دودھ میں جوش دیں اور دودھ کو کسی چمچہ سے ہلاتے رہیں جب دودھ کا کھویہ بن جائے تو برتن کو ذرا ٹیڑھا کرکے کسی ڈنڈے سے گھوٹیں۔ کہ اس سے روغن نکل نکل کر علیحدہ ہو جائے۔ یہ روغن علیحدہ کرکے ایک کڑاہی میں ڈال کر بیربہوٹی، لونگ، جاوتری، ہر ایک ۲ تولہ۔ جائفل، پیپل، الائچی کلاں ہر ایک ۲ عدد۔ زعفران کشمیر ۶ ماشہ کو ڈال کر جلائیں۔ اس کے بعد روغن کو صاف کرکے شیشی میں رکھیں۔ کچلوں کو کھوئے سے نکال کر مقشر کرکے پتہ دور کرکے کچلوں کا سفوف بنالیں۔ سفوف کچلہ مدبر کو بقدر دو چاول مناسب بدرقہ سے سرد بلغمی امراض مثلاً وجع المفاصل دمہ وغیرہ میں استعمال کریں۔ روغن اس ترکیب سے استعمال کرائیں۔ کہ بکرے کے دو عدد سر لے کر گرم

مصالحہ کے ساتھ کسی ایسا دیگچہ میں اتنا پانی ڈال کر منہ بند کرکے پکائیں کہ گوشت گل جائے تو مریض کو ہوا سے محفوظ کمرے میں بٹھا کر مفلوج بامقام درد پر مذکورہ روغن کی خوب زوردار ہاتھوں سے مالش کریں۔ اور پھر مریض کو چارپائی پر لٹا کر باندھ دیں۔ اور اوپر لحاف اوڑھ دیں چارپائی کے نیچے گرما گرم دیگچہ کا منہ کھول دیں۔ تاکہ دیگچہ کے بخارات مریض کے بدن کو لگیں۔ جب پسینہ آکر خشک ہو جائے تو نہایت آہستگی سے کپڑوں کو دور کرکے مریض کو اٹھنے کی اجازت دیں۔ انشاء اللہ جکڑا ہوا مریض تندرست ہو جائے گا۔ ضرورت کے مطابق اس عمل کو جاری رکھیں۔

درد وریگن :۔ سونجان شیریں' ہلیلہ زرد' ایلوا ہر ایک دو تولہ شہد خالص ۵ تولہ' سب کو سفوف کرکے شہد کے ہمراہ قرص بقدر ایک تولہ کے بنائیں۔ ایک قرص صبح ایک شام کو ہمراہ عرق بادیاں نیم پاؤ استعمال کرائیں۔ معمولی اجابت سے ایک یا دو اجابت زیادہ ہوں گی۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے فائدہ ہوگا۔ اکیس یوم کے استعمال سے صحت ہوگی۔

حبوب وجع المفاصل :۔ یہ حبوب وجع المفاصل کے لئے اکسیر اعظم ہے تجربہ اس کی تصدیق کرے گا۔ شنگرف رومی درجہ اول ایک تولہ' میٹھا تیلیہ ۱ تولہ' کچلہ ۲ تولہ' زعفران کشمیری ۵ ماشہ' گندھک آملہ سار ۶ ماشہ' فلفل گرد ۶ ماشہ' فلفل دراز ۶ ماشہ' تربد سفید مقشر ۹ ماشہ' آب حنظل ۱۵ تولہ' پہلے شنگرف و فلفل دراز آپس میں اس قدر کھرل کریں کہ غبار ہو جائیں۔ بعدہ بیش و فلفل سیاہ کو آپس میں کھرل کریں کہ وہ بھی مانند غبار کے ہو جائیں۔ باقی تمام ادویہ علیحدہ علیحدہ باریک کرکے آپس میں ملاکر آب حنظل میں اس قدر سحق کریں کہ حبوب بنانے کے قابل ہو جائے۔ آب حنظل اگر تازہ نہ ملے تو ۵ تولہ خشک لے کر آدھ سیر پانی میں جوشائیں۔ جب پندرہ تولہ پانی رہ جائے تو مل چھان کر کام میں لائیں۔ حبوب بقدر ۲ رتی تیار کریں۔ خوراک ۲ گولی شب کو ہمراہ دودھ بنوشیدہ ڈیڑھ پاؤ اگر درد زیادہ ہو تو ایک حب صبح ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔ پاخانہ کھل کر ہر روز آیا کرے گا۔ ہفتہ میں مکمل آرام ہوگا اگر پہلے کوئی جلاب دے دیا جائے تو بہتر ہے۔ بادانگیز اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔

دردین :۔ شنگرف مدبر ایک تولہ' کچلہ مدبر ایک تولہ' بیش مدبر ایک تولہ' فلفل دراز ایک تولہ' فلفل سیاہ ایک تولہ' افیون خالص ۶ ماشہ' تمام ادویہ کو باریک کھرل کرکے کٹائی خورد سبز ۲۰ تولہ' کریلہ سبز کا رس ۲۰ تولہ' رس ادرک ۲۰ تولہ' میں کھرل کرکے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔ خوراک ایک گولی سے ۲۰ گولی تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ تمام اقسام درد جو کہ اجتماع مواد بلغمیہ کی وجہ سے ہوں کے لئے عجیب خاصیت رکھنے والی اکسیر ہے۔

ریاحی :۔ ہینگ بریان ۱ تولہ' مغز کرنجوہ ۱ تولہ' اجوائن دیسی ۱ تولہ' فلفل سیاہ ۱ تولہ' زنجبیل ۱

تولہ، آملہ سار شدہ ا تولہ، تمام ادویات کو باریک کوٹ کر پھر چار گھنٹہ تک گودا گھیکوار میں کھرل کرکے حبوب بقدر ایک ماشہ تیار کریں۔ خوراک ا گولی ہمراہ عرق سونف ۱۰ تولہ۔ گولیاں چھوٹی بھی بنائی جاسکتی ہیں جو آسانی سے نگلی جاسکیں صرف وزن خوراک ۸ رتی ہے۔ عرق سونف کی بجائے عرق گلاب یا عرق مکد ہو تو زیادہ مفید ہے۔

نوٹ:- اجمود ۶ ماشہ، میٹھا سوڈا ۶ ماشہ کا اضافہ کر لیا جائے تو زیادہ مفید ہوگا۔

اکسیر شیرانی:- بھنگرہ ۱۰ تولہ، شنگرف رومی ۸ تولہ، دونوں کو باہم ملاکر (کھرل کرکے اس میں ملالیں) تابہ آہنی پر رکھیں کہ شگفتہ ہو جائے دوسری طرف بھی الٹائیں۔ تاکہ خوب شگفتہ ہو جائے۔ اتار کر باریک پیس کر نکس و امیکا (کچلہ ولایتی مدبر) ۵ تولہ ملاکر رکھیں۔ صبح و شام ایک سے ۲ رتی تک دودھ کے ساتھ کھلایا کریں۔ ہر قسم کے درد، ضربہ، سقطہ وغیرہ کے لئے مومیائی سے بڑھ کر مفید ہے۔ وجع المفاصل کے لئے بھی مفید ہے۔

اکسیر درد بنگن:- یہ گولیاں میں نے خوب آزمائی ہیں۔ بفضلہ تعالٰی اس مرض کے لئے بہت ہی مفید ہیں۔ چند روز میں ہی درد کو بالکل بند کر دیتی ہیں جو شخص بہت سے علاج کرا کر مایوس ہو چکے تھے ان کو اس سے آرام ہو گیا۔

سم الفار زرد ا ماشہ، پرانا گڑ ایک تولہ دونوں کو خوب اچھی طرح کوٹ کر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام بالائی مکھن کے ہمراہ ساتھ دودھ گھی خوب کھلاتے رہیں۔

امراض النساء

عقر—— اٹھرا—— امراض حمل—— امراض حیض—— امراض الرحم—— امراض ولادت—— امراض پستان—— احتباس طمث—— کثرت طمث—— سیلان الرحم—— استقرار حمل

اکسیر استحاضہ

خون بند ہو:- سنگجراحت عمدہ ۴ تولہ لے کر، کشنیز سبز یعنی دھنیاں سبز کے نغدہ ایک سیر میں ملفوف کرکے کوزہ گل میں بند و گلحکمت کرکے پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر یہ کشتہ اور گل ارمنی ۲ تولہ ہر دو کو باریک کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

خوراک:- ایک ماشہ مناسب بدرقہ سے استعمال کریں۔ شربت انجبار، صندل، خشخاش،

نیلوفر، انار کے شربتوں میں سے کسی ایک کے ساتھ دیں۔ چاولوں کی پیچھ سے بھی دے سکتے ہیں۔

فوائد ـــ: ایام کی زیادتی کے لئے جادو اثر چوٹی کی دوا ہے۔ نیز بواسیر اور نکسیر وغیرہ کے خون کے لئے بے حد مفید و مجرب ہے۔ نیز صاف کپڑے کو سرکہ میں بھگو کر فم رحم میں رکھیں اور بعدہ کپڑے سے لنگوٹ کسائیں۔ تاکہ اور جاری شدہ خون کا راستہ بند ہو جائے۔

احتیاط ـــ: مریضہ کو چلنے پھرنے اور گرم اشیاء کے استعمال سے باز رکھیں۔

غذا ـــ: فرنی، فالودہ اور کھیر استعمال کریں۔

برائے دردزہ ـــ: جند بید ستر اصلی اور عمدہ ۲ ماشہ، دار چینی ۲ ماشہ، سلارس ۴ ماشہ، سب کو باریک کھرل کر کے قدرے شہد ملا کر مریضہ کو چٹائیں۔ بفضل خدا بغیر کسی تکلیف کے فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ اور یہ چاٹنا مریضہ کو تپ پرسوت سے بھی بچائے گا۔ دردزہ یعنی دشواری ولادت جس عورت کو ولادت کے وقت دیر لگے یا تکلیف سے مر رہی ہو اس کے لئے نعمت غیر مرتبہ ہے۔ جہاں پر قیمتی نسخہ جات اور ٹیکے بھی بے کار ثابت ہو چکے ہوں وہاں فائدہ کرتا ہے۔

سفوف طلسمی

گوند ڈھاک کمرکس ۱ تولہ، مرچرس ۱ تولہ، سمندر کف ۱ تولہ، گوکھرو پھلی خام ببول ۱ تولہ، موصلی سفید سوا تولہ، لودھ پٹھانی سوا تولہ، بیج پان سوا تولہ سب کا باریک سفوف تیار کریں اور روغن گاؤ نیم سیر میں بریان کریں۔ مگر نرم آنچ پر بریاں کریں۔ پھر شکر سفید ایک پاؤ شامل کر کے سفوف تیار کریں۔

فوائد ـــ: سیلان الرحم کی وجہ سے مریضہ کمزور اور چہرہ زرد اور خراب ہو گیا۔ حمل نہ ٹھہرتا ہو۔ اگر ٹھہر بھی جائے تو اسقاط ہو جاتا ہو۔ لاغری، بدن، زردی چہرہ کمزوری رحم اور سیلان کے لئے مفید ہے۔

اکسیر بانجھ پن ـــ: بانجھ پن کے لئے اس سے بڑھ کر شاید ہی کوئی دوا ہو۔ اگر اولاد قسمت میں نہ ہو تو اور بات ہے ورنہ کامیابی ضرور ہوگی۔ کاک جھنگا کے سالم پودے کو اکھاڑ کر خشک کر کے خاکستر بنائیں اور بطریق معروف نمک حاصل کریں۔ بعد فراغت ایام ایک رتی ہمراہ دودھ بوقت صبح استعمال اور رات کو ملاقات کریں۔ خدا کے فضل سے سات یوم کے اندر اندر حمل قرار پا جائے گا۔ ناامید گھروں والو! تمہیں خوشخبری ہو اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

پہچان ـــ: کاک، جھنگا اس بوٹی کا مشہور نام ہے۔ اس کا پودا خشک جگہ میں برسات کے

بعد پیدا ہوتا ہے۔ اور ایک گز سے کم و بیش اونچا ہوتا ہے اس کے پتے سرخ مرچ کی طرح ہوتے ہیں۔ شاخیں بکثرت کوے کے پنجہ کی طرح اکٹھی ہوتی ہیں۔ اسی لئے اس کو کاک جھنگا کہتے ہیں۔ ہر شاخ کے اختتام پر گرہ ہوتی ہے جس کو توڑنے سے زرد رنگ کا کیڑا نکلتا ہے۔

حب عجیب برائے اسقاط حمل

کشتہ فولاد، گودہ کوار گندل، کتیرہ، ہر سہ تولہ تولہ، کشتہ سم الفار ڈیڑھ رتی کشتہ جست سفید رنگ ۳ ماشہ، کوزہ مصری ۳ تولہ، باریک کھرل کرکے گولیاں رتی رتی کی بنائیں۔ صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ کھلائیں۔ ہفتہ کے دو دن ناغہ ضرور کرنا چاہئے۔

فوائد:۔ بار بار اسقاط ہونے کی وجہ سے عورت مردے سے بدتر ہو جاتی ہے اس کے استعمال سے بیشمار مریض صحت یاب ہوئے ہیں۔

معجون مدد گار حمل:۔ برادہ عاج سپاری، شاخ گوزن سوختہ، ابریشم مقرض، ہر ایک چار ماشہ، مروارید ناسفتہ، مرجان، بسد، یشب سفید، گل سرخ، گل ارمنی، عود ہندی، مصطگی، زرنباد، کبابہ، ہر ایک ۹ ماشہ، کوٹ چھان لیں۔ شہد مصفی اور شیرہ مربہ آملہ ہر واحد گیارہ تولہ۔ ترکیب معروف معجون بنالیں۔ حاملہ کو ابتدائے حمل سے روزانہ چار ماشہ کھلاتے رہیں۔

نوٹ:۔ طبقہ غرباء مروارید جیسی قیمتی چیز کی بجائے صدف مرواریدی کا اندرونی چھلکہ یا سیپ کے بٹن چار سوراخ والے جو عمدہ چمکدار ہوتے ہیں۔ شامل نسخہ کرسکتے ہیں۔

فوائد:۔ میں کوئی کمی نہ آئے گی۔ پھر آدمی سو روپیہ خرچ کرکے جہاں فیض حاصل کرسکتا ہے وہاں غریب دو چار روپے خرچ کرکے وہی فوائد حاصل کرسکتا ہے یہ حکیمانہ راز ہے۔

سفوف حابس الدم:۔ پھٹکڑی سفید، سرمہ سیاہ، کتھ سفید، سنگجراحت ہر ایک ۳ ماشہ، کہرباشمعی، صدف مرواریدی، اقاقیا، ہر ایک ۱۰ ماشہ، دم الاخوین، گوند کیکر، گوند کتیرہ ہر ایک ۷ ماشہ مانند سرمہ سب کا سفوف بنائیں۔

خوراک:۔ دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد:۔ ہر قسم کے خون کو بند کرتا ہے خواہ کسی راستہ سے خون آتا ہو فوراً بند ہو جاتا ہے۔ بواسیر اور ماہواری حیض کی زیادتی، منہ ناک، پیشاب یا پاخانہ اندرونی یا بیرونی خون نفث الدم وغیرہ کو بند کرتا ہے۔

نسخہ حیض کشا و معین حمل!

مشک بالا یعنی اسارون کو لے کر باریک پیس کر کپڑ چھان کرلیں۔ ۳ - ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گرم جس میں قند سیاہ اور گھی ملاکر گاڑھا بنالیا ہو استعمال کرائیں۔ ایام شروع ہونے سے پیشتر تین دن استعمال کرنا شروع کردیں۔ غذا نان گندم اور شوربہ نخود کے سوا اور کوئی چیز نہ دیں۔ جب ایام حیض گزر جائیں تو معمول کے مطابق نہا دھو کر کاروبار دنیاوی میں مشغول ہوں۔

اگر طبیعت میں گرمی معلوم ہو تو ایک وقت ہی دوائی استعمال کریں۔ بند شدہ حیض جاری ہوگا۔

دردزہ ـــ: بوقت وضع حمل ۶ تولہ بھینس کا تازہ گوبر، ایک تولہ شہد، ۲ ماشہ زعفران کشمیری، قریباً ۳ چھٹانک پانی میں حل کرکے مریضہ کو پلائیں۔ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ مایوسی کی حالت میں جادو اثر ہے۔ کسی کو خبر نہ ہو کہ دوا میں گوبر شامل ہے۔ پن چھان کر استعمال کریں۔ یہ گوبری نسخہ ہے تو درست مگر اخلاقاً" جائز نہیں۔ اگر اس میں مندرجہ ذیل ادویہ کا اضافہ کرلیں تو بہت مفید ہے۔ کونپل ارنڈ، فلفل سیاہ ہر ایک ۲ ماشہ ایکسٹریکٹ ارگٹ اڈرام ہزار ہا ادویہ سے بہتر جادو اثر تیر بہدف نسخہ ہے۔

دیگر برائے دردزہ ـــ: شہد خالص ۱ تولہ، زعفران کشمیری ۱ ماشہ، شہد کو پانی میں گھول لیں اور اس میں ایک ماشہ زعفران کشمیری اصلی نرم ہاتھ سے رگڑیں۔ (خشک رگڑنے سے جوہر جل جاتے ہیں) اور دونوں چیزیں مریضہ کو درد شروع ہونے کے وقت پلائیں۔ خداوند تعالیٰ کے فضل و کرم سے بچہ بہت آسانی سے تولد ہوگا۔ اگر خدانخواستہ ایک خوراک سے فائدہ نہ ہو تو دوسری خوراک دیں۔ مگر آدھ گھنٹہ انتظار کے بعد دیں۔

دیگر برائے دردزہ ـــ: بہت نازک مزاج عورتیں جن کو خدا تعالیٰ نے نزاکت سے بافر حصہ دیا ہے۔ ان کے لئے زعفران کشمیری ۳ ماشہ لے کر رگڑ کر بطور حنا کف دست میں لگائیں۔ خدا کے فضل سے بچہ آسانی سے پیدا ہوگا اور طبیعت میں فرحت ہوگی۔

میٹھی مراد یا اولاد نرینہ

بداری کند بہترین اور اعلیٰ قسم کا بل گد ہر دو تازہ ادویات ہم وزن لے کر جدا جدا باریک پیس کر پانی کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں اوپر سونے یا چاندی کے ورق لگائیں تیار ہے۔

ترکیب استعمال ـــ: حمل کے پورے آٹھ روز گزرنے کے بعد ۶۱ یا ۶۲ یا ۶۳ روز

ترستھویں روز عورت کو نہلا دھلا کر نئے کپڑے پہنا کر ایک گولی صبح ایک دوپہر اور ایک شام گائے کے دودھ سے دیں۔ مگر گائے ایسی ہو جس نے بچھڑا دیا ہو۔ اس روز بجز گائے کے دودھ کے اور کچھ پینے نہ دیں اگر شام کے وقت بھوک زیادہ ستائے تو چاول گائے کے دودھ سے دے سکتے ہیں۔

فوائد ۔۔۔: جن مستورات کے ہاں لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں۔ وہ خدا کی رحمت سے ناامید نہ ہوں۔ اس کے استعمال سے شرطیہ طور پر لڑکا پیدا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حب پرسوت ۔۔۔: شنگرف رومی مدبر' میٹھا تیلیہ مدبر' سہاگہ بریان' عقر قرحا' پپلی' مرچ سیاہ' لونگ' افیون ہر ایک ۶ ماشہ۔

اول پپلی یعنی فلفل دراز یعنی مگھان کو پان کے رس میں دوپہر کھرل کریں۔ پھر دوسری ادویہ کو ملا کر بقدر دانہ مونگ گولیاں بنالیں۔ ایک گولی پان میں رکھ کر چبائیں۔ پان نہ مل سکے تو ادرک کے رس میں یا سونٹھ کے جوشاندہ سے ایک گولی روزانہ صبح کو بعد از غذا دیں۔

فوائد ۔۔۔: پرسوت کا بخار چند روز میں رفع ہوگا۔ علاوہ ازیں دیگر عوارض جو اس بخار میں لاحق ہو جایا کرتے ہیں کو اکسیر ہے۔

جریان و سیلان الرحم

خارخسک گو کھرو یعنی بھکڑا جو کہ بے خار ہوتا ہے اور سندھ کے ریگستان میں عام ہوتا ہے۔ شکل و شباہت دیسی گوکھرو سی مگر پھول زرد جریان خون ہر قسم' بواسیر' نکسیر' کثرت الطمث' زخم ہر قسم اور سیلان الرحم کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ گھوٹ کر استعمال کریں۔

اکسیر سیلان الرحم ۔۔۔: کشتہ سہ دھاتہ ۶ ماشہ' کشتہ بیضہ مرغ ۶ ماشہ' کشتہ مرجان ۶ ماشہ' کندر ۱ تولہ' گلنار ۱ تولہ' ریش برگد ۳ تولہ' پھٹکڑی بریان ۹ ماشہ' تمام ادویات کو باریک پیس کر رکھیں اور ٹینک ایسڈ ۶ ماشہ پوٹاشیم برومائیڈ ایک تولہ کا اضافہ کریں۔

فوائد ۔۔۔: جریان الرحم و سیلان الرحم کی اکسیر الاثر دوا ہے۔ ۳ ماشہ روزانہ صبح ہمراہ آب تازہ

برائے بے قاعدگی حیض ۔۔۔: عشبہ مغربی ۳ ماشہ' املی ۳ تولہ' قند سیاہ ۳ تولہ' پانی میں خوب جوش دے کر نیم گرم پلائیں۔

فوائد ۔۔۔: ایام کے بے قاعدگی' درد سے اخراج کو رفع کرتا ہے۔ اگر درد کی حالت میں

پلائیں تو پانچ منٹ میں درد بند ہو جاتا ہے۔ ایام کی ابتداء سے سات یوم قبل سے شروع کریں اور ایام کے دوران میں پلاتے رہیں ہر ماہ میں اس حساب سے چودہ روز تک پلائیں۔ تین ماہ کے بعد باقاعدگی پیدا ہو جائے گی۔

بندش حیض ---: مغز پنبہ دانہ ۳ تولہ' پوست املتاس ۲ تولہ' گھگربیل ۶ ماشہ' سب کو پانی میں جوش دے کر قند سیاہ کہنہ ملا کر تین روز پلانا دافع احتباس الطمث ہے۔ بہترین چیز ہے۔

شیاف تصفیہ رحم ---: بہت سے حکماء کا معمول مطب نسخہ ہے' نمک خوردنی' نمک سونچر' باؤ بڑنگ' سمندر جھاگ' بہروزہ خشک سب ہموزن باریک کرکے سفوف بنائیں۔ اور ایک ململ کی تھیلی میں بھر دیں جو کہ چار انگل لمبی اور ایک انگل موٹی ہو۔ اس کے اوپر شہد لگا کر دایہ کے ذریعے رحم میں رکھائیں۔ صبح و شام تبدیل کر دیا کریں۔ ایک یا تین گول پوٹلیاں بھی بنا سکتے ہیں۔ عقرو بند شدہ حیض کو مفید ہے۔

مانع حمل ---: کافور ۱ ماشہ' پھٹکڑی ۱ ماشہ' سہاگہ ۱ ماشہ' عسل ۶ ماشہ اس کا دن میں ایک دفعہ شافہ کرو اور پیڑو پر مازو کا لیپ کرو۔ ایک ماہ تک عمل کرنے سے حمل نہ ہوگا۔

باکرہ ---: پھٹکڑی سفید ۶ ماشہ لے کر بریان کریں اور ۶ ماشہ افیون ملا کر کھرل کریں۔ پھر ۲ تولہ مازو ملا کر مانند غبار کھرل کریں۔ بقدر ایک تولہ کی پوٹلی بنا کر بعد فراغت حیض اندر رکھا کریں۔ ۵/۴ روز رکھنے سے عورت مثل باکرہ ہوگی۔

دوشیزہ ---: مازو ۱ تولہ' مائیں خورد' پھٹکڑی' گل دھاوا' گل انار' جفت بلوط' خستہ جامن' اقاقیا' موچرس کچور' گوند ڈھاک ملا کر ۶ ماشہ سب کو مانند سرمہ کریں۔ دس منٹ قبل از جماع رحم میں رکھائیں بکارت پیدا کرتی ہے مگر زیادہ استعمال کرنا ایک شب میں دو دفعہ استعمال کرنا مانع ------ قادر نہیں ہو سکتا زیادہ تعریف ------

زینت النساء

چہرے کی بیماریاں

فیس کریم ---: چہرے کو خوبصورت بنانے والی ملائی۔ اسے چہرہ اور ہاتھوں پر ملا جاتا ہے۔ چہرے کی چھائیاں' کیل' مہاسے' دھبے اور خشکی دور ہو کر چہرہ خوبصورت نکل آتا ہے۔ صاف کی ہوئی عمدہ سفید موم ایک اونس لے کر اسے نرم آنچ پر گرم کریں۔ جب پگھل جائے تو اس میں ایک اونس گلیسرین اور ایک اونس میٹھے بادام کا تیل شامل کرکے خوب حل کریں۔ بعد ازاں اس میں ایک ماشہ عطر گلاب اور ایک ماشہ عطر صندل ڈال کر ملا دو۔ بس نہایت عمدہ فیس کریم تیار

ہے۔ ڈیڑھ اونس کی ڈھکنہ دار شیشوں میں بھردیں۔ لیبل اور بہترین پیکنگ کرکے فروخت کریں۔

حسن یوسف ۔۔۔: چہرے کے داغ دھبے دور کرنے خوبصورتی پیدا کرنے چہرہ چمکدار بنانے میں اکسیر ہے۔ آرو نخود برگ حنا کا سفوف پانی میں بھگو کر چہرہ پر مل کر دھوئیں۔ اس کے بعد حسن یوسف قدرے لگا دیا کریں۔ کشتہ جست ڈھائی تولہ' گلیسرین ۴ تولہ' عطر گلاب ۱۰ بوند' ریکٹیفائیڈ سپرٹ ۶ ماشہ' عرق گلاب سہ آتشہ ۳ تولہ' آب مقطر ۳۰ تولہ' کشتہ جست کو گلیسرین میں ملاکر باقی اشیاء کو ملاکر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

فیس پاوڈر ۔۔۔: کیولین یعنی فرنچ چاک حسب ضرورت لے کر اس میں عطر گلاب یا انسل آئل حسب ضرورت ملاکر ڈبوں میں بھرلیں۔ اگر پاوڈر رنگ دار بنانا ہو۔ تو کیولین کو چلمچی میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا گلابی رنگ ڈال کر ملاتے جائیں جتنی رنگت پر رکھنا چاہیں اتنا رنگ لیں۔ پھر اس میں خوشبو ملالیں۔ نہایت اعلیٰ درجہ کا فیس پاوڈر تیار ہے۔ اب اس سے خوب تجارت کریں۔

رخ زیبا ۔۔۔: چہرے کے کیل اور داغ دھبوں کی اکسیر دوا ہے۔ اول سنا کی میں حل کرکے رات کو چہرے پر مل کر سو رہیں۔ صبح کو نیم گرم پانی سے دھو کر یہ دوائی لگائیں۔ آئل یوکلپٹس ۱۵ بوند۔ سلی سلک ایسڈ ۱۰ گرین' ڈراج رائی ایمونیا نصف ڈرام' امرت دھارا ۵ بوند' کاربالک ایسڈ ۲ بوند ویزلین سفید ۲ اونس' سب کو ملاکر مرہم سی تیار کریں۔ جو مثل مکھن کے ہوگی۔ اس میں سے ذرا سی انگلیوں سے کیلوں پر لگایا کریں۔ اگر انگریزی سلفر سوپ سے منہ دھویا کریں تو اور بہتر ہے۔

حب عروس ۔۔۔: گل انبہ ناشگفتہ بسا یہ خشک کردہ دوجز' پنجہ محبوباں (بسباسہ☆ ایک جز' نبات سفید ایک جز' سب کو کوٹ چھان کر عرق گلاب بقدر ضرورت میں کھرل کرکے گولیاں نخودی تیار کریں۔ ایک گولی صبح ایک شام کو پانی سے کھائیں۔ اگر سفوف ہو تو ایک ماشہ استعمال کریں۔ پندرہ روزہ کھانے سے پسینہ معطر مثل عطر کے آئے گا۔ پسینہ خوشبودار معطر لاتی ہے۔

حسن افزا ۔۔۔: پھٹکڑی شگفتہ ۶ ماشہ' سمندر جھاگ کوفتہ ۶ ماشہ' سرکہ انگوری ۲ تولہ' ہردو کو سرکہ میں ملائیں' چھائیوں پر لیپ کریں۔ ۲۰ گھنٹہ بعد تولہ کی مدد سے چہرہ صاف کریں۔ ہفتہ عشرہ میں گلاب جیسی رنگت پیدا ہوجائے گی۔

مرہم مصفی چہرہ ۔۔۔: پھٹکڑی سفید ڈیڑھ تولہ' نیلا تھوتھا ۶ ماشہ ست لیموں ۶ ماشہ' کتھ سفید' رال ہر ایک ۵ تولہ' روغن سنگترہ ۲ تولہ' روغن کنجد ۳ تولہ' کوڑی زرد ۲ عدد' آب چاہ ۵

تولہ۔ پہلے روغنوں کو خوب حل کریں۔ کہ مثل مکھن کے ہوجائیں۔ بعدہ تمام ادویات کو باریک پیس کر ملائیں مرہم بن جائے گا۔ صبح و شام چہرے پر ملیں۔ اور ۲ گھنٹہ بعد دھو دیا کریں۔ تل، مہاسے اور چہرہ کے تمام داغ دھبے دور ہو کر چہرہ صاف و شفاف ہو جائے گا۔

ویزلین حسن بہار ۔۔۔: ولایتی دیسی فیس کریموں سے بدرجہا افضل و بے ضرر ہے۔ چہرہ کو نکھارتی ہے۔ چھائی، مہاسے، دھبے دور کرکے چہرہ کو ملائم چمکدار بارونق اور دلکش بناتی ہے بوقت صبح چہرہ کو آب سرد یا گرم حسب مناسب صابن سے دھوکر خشک کپڑا سے خوب ملاکر خشک کریں۔ کہ چہرہ پر ملنے سے سرخ آجائے۔ پھر تھوڑی مقدار میں ویزلین حسن بہار ہاتھوں میں مل کر آہستہ آہستہ چہرہ پر ملیں۔ کہ جذب ہوجائے اسی طرح ہر صبح کریں۔ پیرافین ہارڈ ۱۰ تولہ، پیرافین سافٹ ۵ تولہ، روغن زیتون خالص ۵ تولہ، ۱ اسنس گلاب ۱ تولہ، روغن قشرلیموں ۳ ماشہ، ارد ۴ تولہ روغن زیتون اور پیرافین کو آگ پر حل کریں۔ جب یکجان محلول تیار ہو جائے تو اتار کر ہر دو ۱ اسنس بقایا روغن میں حل شدہ اس محلول مرکب میں داخل کرکے آپس میں ملائیں۔ اور گرم گرم حالت میں ہی شیشیوں میں بھرلیں۔

فیس کریم ۔۔۔: آملہ سار گندھک ۱ اونس، کشتہ جست و زنک آکسائیڈ ڈیڑھ اونس گلیسرین ڈیڑھ اونس، روغن زیتون ۲ اونس، روح گلاب حسب مناسب۔

ترکیب ۔۔۔: گندھک کشتہ جات کو باہم کھرل کریں کہ مانند سرمہ ہو جائے تب قطرہ قطرہ گلیسرین داخل کریں۔ جب سب یکجان ہوجائیں۔ تو حسب مناسب روح گلاب یا ۱ اسنس گلاب داخل کریں۔

ترکیب استعمال ۔۔۔: چہرہ یا بالوں یا جلد جہاں دوا لگانی ہو۔ گرم پانی اور صابن سے دھو کر خشک کپڑے سے خوب مل کر خشک کرنے کے بعد دن میں دوبار دوا مذکورہ ہاتھوں میں مل کر اوپر ملیں۔

چہرہ کو صاف کرنے کے چند دیسی نسخہ جات

ترمس یا بس، باقلہ خربوزہ کے بیج ہر ایک ایک تولہ، نخود مقشر ۶ ماشہ، تمام کو باریک پیس کر پانی میں تر کرکے منہ پر مثل ابٹنا کے ملیں اور نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

(۲) کیرا بادام کی گری ترمس چنے کا آٹا، باقلا، صندل ہر ایک ۲ تولہ باریک پیس کر رکھیں اور تھوڑا سا لے کر دودھ میں ملاکر چہرہ پر ملیں اور گرم پانی سے منہ دھو ڈالیں۔

(۳) کیرا ۲ تولہ، نشاستہ ۲ تولہ، بادام کی گری ۲ تولہ، بورہ ارمنی ایک تولہ، صابن ولایتی باریک

کترا ہوا گلاب کے پھول ۲ تولہ۔
صندل سفید ۲ تولہ' ان سب کو باریک پیس کر رکھیں۔ اور تھوڑا سا ہتھیلی پر ڈال کر چند قطرے دودھ کے ڈالیں۔ جس سے تر ہو جائے تو چہرے پر ملیں۔

امراض بچگان

سوکھا پن ـــــ ام الصبیان ـــــ ڈبہ ـــــ قے ـــــ بدہضمی ـــــ کھانسی ـــــ دانت نکلنے کے امراض ـــــ بخار ـــــ پیچش ـــــ اسہال ـــــ پیاس ـــــ صرع۔ اطفال ـــــ تالو بیٹھنا ـــــ لاغری ـــــ قبض ـــــ

اکسیر الطفال ـــ: زہر مہرہ سبز' طباشیر' دانہ الائچی خورد' نربسی ہر ایک ایک تولہ' سب کو کوٹ چھان کر ۵ تولہ عرق گلاب عمدہ میں کھرل کرکے گولیاں بقدر دانہ مونگ تیار کریں ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق گلاب دیں۔ بچہ شیر خوار ہو تو ماں کو ۲ گولی ہمراہ عرق کھلائیں۔ چالیس یوم تک استعمال کریں۔

فوائد ـــ: بچے کے سوکھے کو اکسیر ہے۔

تریاق اطفال ـــ: ریوند خطائی ا حصہ' مروارید ناسفتہ آدھ حصہ' پودینہ بستانی ۴ حصہ' ہلیلہ زرد ۲ حصہ' تربد سفید مجوف خراشیدہ ۴ حصہ' سب کو باریک سفوف بنالیں۔ بوقت ضرورت ۲ رتی استعمال کریں۔ بچوں کی بدہضمی' قبض' ہرے پیلے دست' سوکھا' غرضیکہ امراض مایوسہ اطفال کے لئے تیر بہدف نسخہ ہے۔

برائے قے بچگان ـــ: عرق گلاب میں یا پانی میں ایک لونگ جوش دے کر پلائیں۔ قے اور دودھ گرنے کو مفید ہے۔

برائے کھانسی بچگان ـــ: سہاگہ بریان' قند سفید مساوی الوزن لے کرباریک کریں۔ ا تا ۴ رتی ہمراہ شیر بچوں کی ہر قسم کی کھانسی پر مفید ہے۔

اٹھراہ ـــ: بچہ کی پشت پر برگ مکو سبز پر کتھ چونہ لگاکر ذرا سی چھالیہ ڈال کر چبائیں اور اس کی پشت پر ڈالیں اور جلدی جلدی ملیں پھر نظر ڈال کر غور سے دیکھیں سوت کی مانند جو کیڑے نظر آئیں چمٹی سے پکڑ کر نکال دیں۔

ام الصبیان ـــ: گدھے کے سم کا چھلہ بناکر بچے کی سب سے چھوٹی انگلی میں پہنائیں یا دھاگہ میں پرو کر گلے میں ڈال دیں۔

کوک آئل ـــ: روغن ناریل (کوکونٹ آئل) ۲ اونس، روز کلر صرف رنگ ۱ ڈرام، دونوں کو ملائیں۔ ایک ایک چمچہ چھوٹا صبح و شام ذرا گرم کر کے پلا دیا کریں۔ بچوں کی کالی کھانسی کے لئے مفید ہے۔

سیفر پاؤڈر ـــ: پاؤڈر گال ایک اونس، پاؤڈر سنے من ڈیڑھ اونس، سفیرن (زعفران) ۱ ڈرام، ریفائنڈ شوگر (چینی) ہم وزن۔ سب کو مانند غبار کے کریں ۵ تا ۱۰ گرین ہمراہ بدرقہ مناسبہ کے دیں۔ بچوں کے دست جو کسی دوا سے بند نہ ہوتے ہوں۔ اس کے استعمال سے فوراً بند ہو جاتے ہیں۔

امراض اطفال کے لئے

صرع اطفال ـــ: کندر، صبر، جندبیدستر ہرسہ کو بذریعہ پانی کھرل کر کے بقدر دانہ ماش گولیاں بنالیں۔ خوراک ۲ گولی روزانہ دیں۔

بچوں کے منہ کے چھالوں کا علاج

سرو چینی، طباشیر، دانہ الائچی خورد، کتھ سفید، سب ہم وزن لے کر باریک پیس کر چھالوں پر چھڑک کر اوپر سے بکرے کے دودھ کی دو چار دھاریں ماریں بہت مفید ہے۔

برائے اسہال بچگان ـــ: شنگرف خام ۳ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، مصطگی رومی ۳ ماشہ، ھنکڑی ۶ ماشہ، کڑاچھال ۳ ماشہ، سہاگہ خام ۳ ماشہ، تازہ آملوں کا رس مقطر شدہ ۵ تولہ، تمام اودیات کو باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا آملوں کا رس ڈال کر ان کو کھرل کر کے حبوب بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔ اور دن میں تین گولیاں ہمراہ عرق سونف ۲ تولہ دی جائیں یعنی ان کو عرق میں یا والدہ کے دودھ میں حل کر کے پلا دیا کریں۔

اکسیر پیچش بچگان ـــ: سوڈا بائیکارب، ریوند چینی ہم وزن پیس کر ایک ماشہ سے دو ماشہ تک عرق میں حل کر کے دن میں تین دفعہ بچے کو پلائیں۔ پیچش طفلاں کا حتمی علاج ہے۔

دق الاطفال ـــ: جس کو پنجابی میں پرچھاواں اور سوکھا بھی کہتے ہیں۔ اس بیماری میں بچہ سوکھ کر کانٹا ہو جاتا ہے۔ کوئی چیز ہضم نہیں ہوتی۔ ساتھ ساتھ بخار بھی رہتا ہے۔ چونا کی مقدار جسم میں کم ہو جاتا ہے۔ سبز اور پیلے دست آتے ہیں۔ بچہ بہت کمزور ہو جاتا ہے۔مندرجہ ذیل گولیاں اس کے لئے بہت ہی مفید ہیں۔ ان کے چالیس روز کے استعمال سے بچہ موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔ تمام تکالیف کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ بارہا کا آزمودہ اور مجرب نسخہ ہے۔

دانہ الائچی کلاں ۲ تولہ' مرچ سیاہ ۵ ماشہ' زیرہ سفید' عود صلیب' جدوار خطائی' پوست اندرون سنگدانہ مرغ' اندرجو' بورہ صندل سفید ریش برگد ہر واحد ۴ ماشہ' سہاگہ بریان' گلسرخ' زعفران اصلی' ہر ایک ۲ ماشہ' تمام ادویات کو الگ الگ پیس کر پارچہ بیز کرلیں- ادویات کا وزن بعد سفوف کرنے کے اتنا ہونا چاہئے- اب اس میں کیلشیم لیکٹیٹ ڈھائی تولہ کا اضافہ کریں- عرق گلاب میں پہلے کھرل کریں- پھر عرق کیوڑہ میں کھرل کرکے حبوب نخودی تیار کریں- ایک گولی صبح ایک دوپہر اور ایک سہ پہر کو عرق گلاب میں حل کرکے پلائیں- دوا کے نصف گھنٹہ بعد دودھ پلائیں-

اکسیر ڈبہ ---: مغز بمال گوٹہ مدبر ا تولہ' فلفل سیاہ ا تولہ' زنجبیل ایک تولہ خون خرگوش ایک تولہ' تمام ادویات کو باریک پیس کر حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں- خوراک ایک گولی ہمراہ عرق گلاب گھس کر دیں- موسم سرما میں سینہ پر گرم کرکے گولی کی مالش کریں اور روئی باندھیں- اس نسخہ سے بچہ کو اسہال آکر .بفضلہ آرام ہوگا-

قبض کشا گھٹی ---: سنا کی پتیاں ۳ ماشہ' املتاس کا گودا ۳ ماشہ' اجوائن دیسی آدھ ماشہ' ہرڑ سبز خوردوکلاں ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' گلسرخ ڈیڑھ ماشہ' گل بنفشہ ڈیڑھ ماشہ' مویز منقیٰ ۳ دانہ' ان سب کو نیم کوب کرکے ۳ چھٹانک پانی میں جوش دیں-جب ایک چھٹانک تک رہ جائے- تب چھان کر کھانڈ ملاکر اس میں سے ٦ ماشہ روئی کی بتی سے قدرے قدرے چوسا کریں- بشرط ضرورت ۵ گھنٹہ کے اور پھر اتنی مقدار دیں-

بچہ کا دودھ نہ پینا ---: قبض کی وجہ سے ہو تو ریوند خطائی ایک ماشہ پیس کر قدرے شہد و عرق سونف ملاکر دیں- سفوف ریونڈ ۲ رتی' سفوف سونٹھ ۴ چاول' کاربونیٹ آف سوڈا ڈیڑھ رتی' دن میں دو مرتبہ شیر گرم پانی میں حل کرکے دیں اپھارہ کے لئے بھی مفید ہے-

دیگر ---: ریوند چینی ۲ تولہ' سونٹھ ایک تولہ' کنیشیا کاست ٦ تولہ خوراک ایک ماشہ تک گرم پانی سے دیں-

دیگر ---: پودینہ خشک' انیسوں' بادیان ہر ایک ایک ماشہ' گلقند ۳ ماشہ' جوش دے کر پلائیں- دودھ کا جمنا' پیٹ کی خرابی' نفخ اور بخار دور ہوگا- مجرب ہے-

اکسیر سوکھا ---: بروز اتوار صبح کو نہا دھو کر سیاہ رنگ کی گائے کا پیشاب لیں- اور کچھ دیر کے بعد اسے نتھار کر بوتل میں بھرلیں- پھر ایک تولہ زعفران اصلی اس میں ڈال کر خوب ہلائیں- جب وہ اچھی طرح مل جائے تو دوا کو تیار سمجھیں-

بلحاظ عمر بچہ کو ایک دو یا تین قطرے کھانڈ یا بتاشہ میں دن میں دوبار مدت علاج صرف ۵۵

دن قدرت کا تماشہ دیکھیں کہ بچہ کس طرح تندرست ہوتا جاتا ہے۔ یہ دوا تین سال تک خواب نہیں ہوتی۔

درد پیٹ :۔ شیر خوار بچوں کی بیماریاں پیٹ کی خرابی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ جب بوجھ زیادہ ہو جاتا ہے تو بچے بے چین ہو کر رونے لگتے ہیں۔ ذیل کے نسخہ جات ان شکایات کے لئے مفید ہیں۔

۱ نمک خوردنی ۳ حصہ' نوشادر ۲ ماشہ' دونوں کو ملاکر باریک کریں خوراک ایک رتی ہمراہ عرق سونف یا سادہ پانی۔

۲ اپھارہ ہو تو ہینگ کو پانی میں حل کر کے پیٹ پر لیپ کریں۔ پیٹ کی سختی اور گرانی رفع ہوگی۔

۳ فساد شکم میں' سہاگہ بریان' نوشادر' پھٹکڑی بریاں' نمک سیاہ دانہ الائچی کلاں' پودینہ' آرو ترید سفید ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے سفوف بنالیں۔ خوراک ایک رتی گرم پانی میں حل کر کے دیں۔ فائدہ ہوگا۔

دیگر :۔ ہینگ بریان در روغن زرد ایک ماشہ' نرکچور ۳ ماشہ' پودینہ خشک ۳ ماشہ' سونف ۳ ماشہ' ہلیلہ زرد ۳ ماشہ' نوشادر ۴ رتی' نمک سیاہ ایک ماشہ سب کو لعاب گھی کوار میں کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں اور گرم پانی سے ایک سے دو گولی دیں۔

دیگر :۔ کسٹر آئل ۶ ماشہ میں روغن تارپین ۱ بوند' پیپر منٹ آئل ملاکر قدرے گرم پانی ملاکر پلائیں۔

دیگر :۔ باؤ برنگ ۲ رتی' سنا ۴ رتی' ہلیلہ زرد ۴ رتی' سونف ۱ ماشہ' گل بنفشہ ڈیڑھ ماشہ' املتاس ۳ ماشہ' گلسرخ ایک ماشہ' پلاس پاپڑہ ۱ ٹکیہ' اجوائن ڈیڑھ ماشہ' اندر جو آدھ ماشہ مصری ایک تولہ تمام کو آدھ پاؤ پانی میں پکائیں۔ جب ۲ تولہ کے قریب رہ جائے تو چھان کر مصری ملاکر پلائیں۔

بچوں کے پیٹ سے مٹی نکالنا

دانہ الائچی سفید ایک تولہ' گندھک آنولہ سار مصفی ۲ تولہ' مردار سنگ پانی میں دھویا ہوا ۳ تولہ' سونف دیسی ۴ تولہ' باریک پیس کر سفوف بنائیں خوراک ۲ ماشہ گائے کے دودھ سے بچے کے پیٹ سے مٹی کیچڑ کی طرح غلیظ نکلے گی۔ دو روز دوا دیں۔ غذا دودھ چاول۔
پودینہ باغی خشک ۱ تولہ' ترید سفید کا چھلکا ایک تولہ' پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ باریک کرلیں

اور بقدر عمر ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک دودھ میں حل کر کے پلائیں قبض کشا ہے۔

بادیان ۴ ماشہ، برگ سناء ۶ ماشہ، پوست ہلیلہ کابلی ۲ ماشہ، پودینہ ۲ ماشہ تربد سفید ۲ ماشہ، سونٹھ ۴ رتی، نمک سیاہ ۴ رتی، تمام کو باریک کرلیں خوراک ۲ ماشہ تک۔

(وہ عجیب دوا جس کو اگر بچہ کی ناف پر بندھوادیں تو بچہ ڈبہ اور چیچک سے محفوظ رہے گا)۔

گھو نگھی سفید، سبز صور، ہینگ اصلی ہموزن لے کر سفوف بنائیں اور نگاہ رکھیں جب بچہ پیدا ہو تو بچہ کی ناف میں یہ دوا دو سرخ بندھوا دیں قدرت خدا کا مشاہدہ فرمائیں۔

چٹکلہ ـــ: شیر خوار بچوں کی کھانسی کے لئے چاہئے کہ اس کی والدہ پھٹکڑی بریاں کو پانی میں حل کر کے اپنے پستانوں کی ٹھٹیوں پر لگالے اور پھر بچہ کو دودھ پلائے۔ اس سے سخت سے سخت کھانسی جاتی رہے گی۔

حمیات

ملیریا ـــ تپ لرزہ ـــ تپ کہنہ ـــ تپدق ـــ تپ سل ـــ تپ نوبتی ـــ تپ جاڑا ـــ خونی بخار ـــ طاعون ـــ چیچک ـــ موتی جھرہ ـــ بلغمی بخار ـــ حمی یومیہ ـــ

تپ دق کا عدیم المثال نسخہ

جب ساون بھادوں کے موسم میں بارش ہوتی ہے تو عام گھاس میں زردی مائل سفید گھاس بھی کہیں کہیں نظر آتا ہے۔ جسے عام زبان میں سفید گھاس کہتے ہیں۔ اس گھاس کی جڑ بقدر ایک تولہ، کالی مرچ ۱۱ دانے رگڑ کر خوب باریک کرلیں۔ اس مرکب کو مریض کو دیں کہ نگل جائے۔ یہ نسخہ دونوں وقت استعمال کرنا چاہئے۔ جڑیں دونوں وقت تازہ لینی چاہئیں اور گھوٹنے سے پہلے جڑوں کو پانی سے خوب دھولینا چاہئے۔

مندرجہ ذیل کشتہ سکہ گاؤ کے ہمراہ بوقت دوپہر مریض کو کھلائیں مگر اس کشتہ کی اس وقت ضرورت ہوتی ہے جب مریض بہت کمزور ہو گیا ہو ورنہ اوپر والا گھاس ہی کافی ہے۔ بخارا تر جانے کے بعد یہ کشتہ کھلانے سے مریض چند دنوں میں ہی اپنی اصل حالت پر آجاتا ہے۔ جب تپ دق تیسرے درجہ میں ہو۔ تو یہ کشتہ استعمال کرانا لازمی ہے۔

نسخہ کشتہ برائے تپ دق

ورق طلا ۶ ماشہ، مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ، ورق نقرہ ۲ تولہ، پارہ مصفی ۱ تولہ، مروارید کو روح

گلاب اور روح کیوڑہ بقدر ۱۰/۱۰ تولہ میں علیحدہ علیحدہ کھرل کریں۔ ورق طلا و نقرہ و پارہ علیحدہ خوب کھرل کریں تا کہ گولی بن جائے۔ اب مروارید شامل کرکے روح گلاب آدھ پاؤ سے کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں بندو گل حکمت کرکے پانچ سیر جنگلی اپلوں کی آنچ دیں سفید رنگ کشتہ ہوگا خوراک نصف رتی مسکہ گاؤ کے ساتھ۔

دیسی کونین :- بھنگڑی بریان' نمک گلو' نمک چرایتہ' نمک کیکر' نمک مدار' نمک کرنجوا' (خانہ انیس) ایک تولہ جو عام طور پر کھیتوں کی باڑوں پر ملتا ہے۔ یہ ایک کیڑے کا گول گھر بقدر دانہ انگور ہوتا ہے۔ ہو بہو بنڈال ڈوڈہ کی طرح ہوتا ہے۔ بچے اسے کوے کی اندری بھی کہتے ہیں۔ ایک تولہ صرف اسی کو گھی میں مل لیا جائے۔ تو ایک ہی خوراک میں ہچکی بند ہو جاتی ہے۔ شیر مدار خشک ایک تولہ' سب کا سفوف بنائیں۔ ۵ رتی تک اس کی خوراک ہے۔ آب مقطر ڈھائی تولہ میں یہ دوائی ۵ رتی ڈال کر دیں۔ قطرے تیزاب گندھک محلول شامل کرکے دیں۔ بخار کے پہلے اس کی ایک خوراک دیجائے۔ بخار میں استعمال نہ کریں۔ اگر ان تمامی نمکوں کی بجائے بوٹیوں کے ست استعمال کئے جائیں۔ تو موزوں ہیں۔ طبیب اپنی رائے پر اس کی خوراک کم و بیش کرسکتا ہے۔ ملیریا کا تریاق ہے۔ کونین کا بہترین بدل ہے۔

برائے بخار جدید ہر قسم

لوبان کوڑیہ ڈیڑھ تولہ' قشر بیخ مدار ۶ ماشہ' کشتہ سنکھ ایک تولہ' جملہ اجزاء کو باہم باریک پیس کر رکھیں۔ مقدار خوراک ڈھائی رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کے دیں۔ دن میں دو چار دفعہ دے سکتے ہیں۔ فوراً بخار دور ہو جاتا ہے۔

حب حمیات

جدوار خطائی' صبر سقوطری' زعفران سورج چھاپ' پاپیتہ ہم وزن لے کر کھرل میں قدرے پانی سے نمی دے کر پیس لیں۔ پانی اس قدر ہو جس سے حبوب بن سکے۔ حبوب بقدر مونگ بنا کر سایہ میں خشک کرکے محفوظ رکھیں۔

حفظ ماتقدم کے طور پر ۳/۳ گولیاں صبح دوپہر و شام پانی سے کھلائیں۔ یعنی کل ۶ گولیاں تین بار میں خرچ کریں۔ بخار کی حالت میں ۲/۲ گولیاں ہر دو گھنٹہ کے بعد وقفہ سے دیں۔

ملیریا' پلیگ' نمونیہ' ڈبہ اطفال و بخار ہر قسم میں .مفعلہ مفید ہے۔

اکسیر بخار

ملیریا، تپ بلغمی، نیز ہر قسم کے بخاروں میں مفید ہے۔ مغز کرنجوہ اتیس، کشتہ ہڑتال گاؤنتی، کونین سلفاس، زیرہ سفید ہر ایک ۶ ماشہ سب اجزاء کو ملا کر شیشی میں رکھیں۔ اور بقدر چار رتی ہمراہ آب تازہ صبح وشام استعمال کریں۔

نوبتی بخاروں میں نوبت سے آدھ گھنٹہ پہلے دیں۔

باری روک ---: مکڑی کا وہ جالا جو سفید روپیہ برابر دیواروں پر چسپاں رہتا ہے۔ اکھیڑ کر تھوڑی گڑ میں لپیٹ کر باری سے پہلے مریض کو کھلائیں۔ باری رک جائے گی۔ اگر پہلے ہلکا مسہل دے دیا جائے تو بہت ہی مناسب ہے۔

دافعہ بخار

نوشادر، بھٹکڑی سفید، قلمی شورہ ہر ایک دو ماشہ، تینوں اجزاء باریک پیس کر پندرہ تولہ پانی میں ملائیں۔ اور ایک ایک تولہ دن میں تین چار دفعہ پلائیں۔ مانع و دافع بخار و پسینہ آور اور مدر بول ہے۔

برائے بخار باری ---: یہ وہ عجیب و غریب سُرمہ ہے۔ جسے باری سے پہلے آنکھوں میں لگانے سے باری کا بخار رک جاتا ہے۔ اور اگر نیند نہ آتی ہو تو خوب نیند آتی ہے۔ مکڑی کا سفید جالا ۲۵ عدد لے کر روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر گھی کے چراغ میں جلا کر اس کا کاجل حاصل کریں اور بطریق معروف قبل از نوبت بخار ۳/۳ سلائیاں آنکھوں میں لگائیں۔

اکسیر بخار

سم الفار ۲ تولہ لے کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے ایک چوڑے منہ کی شیشی میں ڈالیں۔ پھر اس میں ۱۰ تولہ گائے کا دودھ ڈال کر سرپوش دے کر رکھ دیں۔ تاکہ گرد وغبار سے محفوظ رہے۔ اسی طرح ہر روز نیا دودھ ڈال دیا کریں اور باسی نکال کر کسی گڑھا وغیرہ میں دفن کر دیا کریں تاکہ کوئی جانور اسے کھا کر مر نہ جائے۔ پھر ایک موٹی اور چوڑی اینٹ لے کر اس میں ایک مدور گڑھا نہایت آہستگی سے کھود لیں۔ ایک تانبہ کے کٹورے میں جو ٹھیک اس گڑھے پر بیٹھ جائے پھر اس اینٹ والے گڑھے میں سم الفار کے وہ ٹکڑے مدبر جو پہلے ہی مٹر کے دانہ کے برابر بنائے گئے ہوں ڈال دیں---- اوپر کٹوری تانبہ والی اوندھی ٹکا کر گل حکمت کرکے خشک

ہونے پر چولھے پر چڑھا کر بیری کی لکڑی کی آگ چوبیس گھنٹہ برابر دیتے رہیں۔ آگ دو چوبی نرم ہو۔ سم الفار کے جوہر اڑ کر کٹوری میں لگتے رہیں گے۔ ۲۴ گھنٹے کے بعد آگ بند کردیں۔ اینٹ کو ٹھنڈا ہونے دیں جو سم الفار اینٹ کے کاولک میں ہے اسے الگ رکھ لیں اور جو جوہر کی شکل میں کٹوری میں ہے اسے الگ کھرچ لیں۔ یہ جوہر ایک تنکہ بھر ۳ ماشہ کھانڈ میں ملاکر مریض کو کھلائیں۔ صبح وشام چند روز استعمال کرنے سے تپ ہر قسم کا دور ہوگا۔ اگر کوئی برداشت نہ کرسکے تو سفوف طباشیر میں ملاکر عرق گاؤ زبان سے دیں۔ گرمی کے موسم میں اگر بخار کے دور ہونے کے بعد گرمی محسوس ہو تو میٹھے دہی کے پانی میں تازہ پانی ملاکر پلائیں۔ برسوں کے پرانے بخار بھی اس سے دور ہوجاتے ہیں۔ جو سنکھیا اڑا نہیں وہ گنٹھیا نقرس اور آتشک کے لئے مفید ہے۔

بسنت مالتی رس!

ورق سونا ا ماشہ، موتی عمدہ ۲ ماشہ، شنگرف مصفی ۳ ماشہ، سیاہ مرچ ۴ ماشہ عمدہ کھپریا ۸ ماشہ، سب کو کھرل میں ڈال کر یکجان کرلیں اور اس میں بقدر ایک تولہ عمدہ تازہ گائے کا مکھن ملاکر خوب کھرل کریں جب مکھن اچھی طرح سے آمیز ہو جائے تو پھر اس میں عرق لیموں ڈال کر اس قدر کھرل کریں کہ مکھن کی چکنائی بالکل جاتی رہے اور اس کی ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔ بس یہی بسنت مالتی رس ہے مقدار خوراک کم از کم ایک رتی اگر مریض جسیم ہو۔ تو ۲ رتی سے ۳ رتی تک دے سکتے ہیں۔ ایک رتی بسنت مالتی رس ۶ ماشہ ستو پلادی اولیہ ملاکر مریض کو چٹائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

ستو پلادی اولیہ ـــــ: ست گو ۲ ماشہ، فلفل دراز کا سفوف ۴ رتی، بسنت مالتی رس ایک رتی، شہد ۶ ماشہ سب کو ملاکر مریض کو چٹائیں۔

دیگر ـــــ: ایک رتی بسنت مالتی رس تین چار عدد لونگ چار عدد مرچ سیاہ سب کو ملاکر ہمراہ پانی تازہ مریض کو دیں چند روزہ کے استعمال سے پرانا بخار اور کمزوری رفع ہوگی۔

دیگر ـــــ: سفوف فلفل دراز ۴ رتی، بسنت مالتی رس ایک رتی، شہد ۳ ماشہ، ملاکر مریض کو چٹائیں۔ اس سے یقیناً پرانا بخار کھانسی اور کمزوری رفع ہو جاتی ہے۔

ستو پلادی چورن ـــــ: مصری کوزہ ۱۶ تولہ، طباشیر نقرہ ۸ تولہ، فلفل دراز ۴ تولہ، الائچی خورد ۲ تولہ، دارچینی ایک تولہ، جملہ ادویات نہایت باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ اور پرانے بخار کی حالت میں جب کھانسی بہت تنگ کرتی ہو اور بھوک بالکل بند ہو یہ سفوف مریض کو بہت فائدہ

کرتا ہے۔ مقدار خوراک ۱ ماشہ سے ۳ ماشہ تک چہار چند شہد ملا کر چٹائیں۔

برائے تپ لرزہ

روزانہ یا تجاری یا چوتھا وغیرہ کوئی بخار ہو۔ تو یوں کریں کہ بیری کے ڈھائی پتے لے کر یعنی دو ثابت اور ایک آدھا لیکر ان میں یہ نقش بند کریں۔ نقش یہ ہوگا ایک کاغذ کے پرزے پر زعفران سے لکھیں "کشتی فرعون غرق شد"۔ اور اس نقش کو اچھی طرح لپیٹ کر اور پاک کپڑے میں باندھ کر لرزہ آنے سے ایک گھنٹہ پیشتر سیدھے ہاتھ میں کلائی پر باندھ دیں انشاء اللہ اسی روز لرزہ نہ آئے گا۔ اگر آجائے تو دوسرے دن تعویذ کو کلائی سے اتار کر پانچ جوتیاں زمین پر رکھ کر ماردیں۔ پھر الٹی کلائی پر باندھیں۔ باذن اللہ لرزہ موقوف ہوگا۔ قوت خیال سے یہ کام لیا گیا ہے۔

برائے تپ تیجا ۔۔۔: یہ نسخہ سو فیصدی مجرب ہے باز لاگت ہے۔ کھانے میں کڑوا نہیں مدار کے سبز پیڑ کو دیکھیں کہ اس کے پتوں کی سیدھی طرف ایک دانہ سا ہوتا ہے جو کہ جوار کے دانے کے برابر یا کم و بیش ہوتا ہے۔ اس کے ہاتھ سے یا ناخن سے کرید کر نکال لیں اور جو مدار کا شیر لگا ہوا ہو اسے کپڑے سے اتار دیں۔ یعنی اچھی طرح سے صاف کرلیں تاکہ آگ کا دودھ بالکل نہ رہے۔ ایک خشخاش کے برابر یہ دوا نصف رتی گڑ میں لپیٹ کر گولی بنالیں اسی طرح گولیاں بنائیں۔ بخار ہونے سے ایک روز پہلے شام کے وقت ایک حب ہمراہ آب دیں۔ دوسری گولی باری والے روز بخار سے ۳ گھنٹہ پیشتر اگر اس روز بخار ہو جائے دوبارہ اسی طرح عمل کریں یقیناً آرام ہوگا۔ اگر بخار ہو گیا تو دوا ہرگز نہ دیں۔ اس دوا کے دینے سے اس دن تو بخار زور کا ہوگا مگر آئندہ کے لئے نجات ہوگی۔

اکسیر بخار نوبتی

تخم جوز ماثل حسب خواہش لے کر ایک کوزہ گلی میں بند کر کے تھوڑی سی آگ میں احراق کرلیں اور باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ تپ و نوبتی بخاروں کے لئے اکسیر ہے۔ خوراک ایک ماشہ پانی سے نوبت سے ایک گھنٹہ پیشتر کھلائیں یقیناً نوبت رک جائے گی۔ اگر قبض کی شکایت ہو تو پہلے دور کرلیا جائے۔

حبوب موسمی بخار ۔۔۔: مغز کرنجوہ ایک تولہ، ست گلو، طباشیر نقرہ، زیرہ سفید، برگ کیلر ۲ تولہ، سم الفار سفید ڈیڑھ ماشہ، پہلے طباشیر اور سنکھیا کو خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ پھر سب

اشیاء ملاکر کھرل کرکے حبوب نخودی تیار کریں۔ بخار سے ایک دو گھنٹہ پیشتر ایک سے دو گولی شربت بزوری کے ساتھ کھلائیں۔ یہ گولیاں موسمی بخاروں کے لئے مجرب ہیں۔ پہلے ہلکا مسہل دے کر قبض کشائی کر لیا کریں۔

بخار کی اکسیری گولیاں ---: سیماب ایک تولہ، گندھک ایک تولہ ہر دو کی یک ذات کجلی تیار کریں۔ پھر سونٹھ، سہاگہ، گھاں، گوند کیکر ہر واحد ایک تولہ لے کر سب کو باریک کھرل کرکے یکذات کریں اور عرق سونف یا پانی کی مدد سے گولیاں بقدر ۲ رتی تیار کریں۔ ایک گولی ہر روز مریض کو ہمراہ شربت مریض کے دیں بخار ہر قسم پرانا اور نیا تپ بلکہ تپ دق خلاف استخوان اور سستی بدن کے لئے مفید ہے بلکہ مجرب ہے۔

اکسیر بخار مبارکی ---: خوب کلان، خطمی، خبازی ہر ایک ۵ ماشہ عناب ۵ عدد، لسوڑیاں ۵ عدد، منقہ ۵ عدد، انجیر ۲ عدد تمام اشیاء کو ایک برتن میں ڈال کر پانی ڈال کر ابال لیں۔ جوش آنے پر چھان کر رکھ لیں پیاس کی حالت میں جوشاندہ مذکور میں سے پلائیں۔ مبارکی بخار جو رات کے وقت زیادہ اور دن کے وقت کم ہوتا ہے۔ میں مفید ہے، غذا میں ٹھوس نہ دیں صرف دودھ وغیرہ پلائیں۔ اکسیر صفت ہے۔

سفوف مبارکی ---: ست گلو، الائچی خورد، طباشیر، ہر ایک یکماشہ دار چینی ۱ سرخ، دار فلفل ۱ سرخ سفوفا خوراک ۲ رتی ہمراہ شہد

حب بخار ---: کشتہ ابرک سفید، کونین سیلفیٹ، ست گلو، اتیس، طباشیر، دانہ الائچی خورد سب ہم وزن لے کر سفوف بناکر گوند کیکر کے لعاب کے ہمراہ گولیاں بقدر دانہ مٹر تیار کریں۔ صبح دوپہر و شام کو ایک ایک گولی کھلائیں۔

برائے دفعہ کرنے بے ہوشی تپ

روغن گل، سرکہ ۲/۲ تولہ عرق گلاب ۳ تولہ، اس کی پٹی دماغ پر رکھیں اور صندل دھنیاں ۴/۴ ماشہ، کافور ۱ ماشہ ہرسہ کو شیشی میں ڈال کر ناک میں اس کی خوشبو دیں۔ فوراً ہوش آجائے گی۔ مجرب المجرب ہے۔

سرمہ دافعہ بخار

گوگل بھینسیہ، جالا مکڑی، سانپ کی کنچلی، سب کو کوٹ کر گھی سے بتی بناکر گھی کے چراغ میں ڈال کر روشن کرکے کاجل حاصل کریں۔ یہ وقت ضرورت سلائی سے ایک طرف آنکھ میں

لگائیں- بارہ گھنٹہ بعد دوسری طرف لگائیں- کیسا ہی بخار ہوگا سرمہ لگانے کی دیر ہے فوراً کافور ہوگا-

سرمہ دافعہ بخار نمبر۲

سرمہ اصفانی ۳ ماشہ، جس کو حنظل میں پچاس بار آگ دی گئی ہو- ورق نقرہ ۳ ماشہ، زردچوب کرشن، فلفل سیاہ، فلفل دراز، دارہلد، سلیخہ باؤ بڑنگ، ہلیلہ، لہسن، آملہ ہر ایک ایک تولہ- تمام اشیاء کو علیحدہ علیحدہ باریک مثل سرمہ پیس کر ملالیں اور برگ پان میں ایک روز کھرل کرکے پھر ایک روز شیربز میں کھرل کرکے گولیاں بنالیں- بوقت ضرورت یہ سایہ مین خشک شدہ گولیوں میں سے ایک گولی ہمراہ چار پانچ قطرہ پانی چینی کے برتن میں گھس کر ایک گھنٹہ میں چار دفعہ آنکھوں میں لگائیں- ہر قسم کا بخار انشاء اللہ اتر کر اصلی ٹمپریچر پر آجائے گا-

حاملہ کا بخار:--- صندل سرخ، خس، ملٹھی، منقیٰ، نیتر بالا، کشنیز، ناگر موتھا ہر ایک ۳ ماشہ، شہد ایک تولہ- پاؤ بھر پانی میں جوش دے کر پلائیں- بخار رفع ہوگا-

نسوار دافع بخار:--- پارہ، گندھک، کجلی بنائیں، گھاں، سونٹھ ملاکر باریک کرکے دھتورہ کے پانی میں تروخشک کرکے نسوار تیار کریں- بے ہوشی، سرسام اور سپنات کے بخاروں کو یہ نسوار دینے سے آرام آجاتا ہے-

بخار توڑ:--- حجر الیہود ۵ تولہ، نوشادر ٹھیکری ۵ تولہ، ست گلو ۲ تولہ، کشتہ ابرک سیاہ ۶ ماشہ، کشتہ ہڑتال، گودنتی ایک تولہ، کشتہ سنکھ ایک تولہ، مویز منقہ ۲ تولہ- پہلے حجر الیہود کو نوشادر میں ڈال کر کم از کم دو ہفتے بھگو چھوڑیں- پھر نوشادر میں سے نکال کر دھو کر ایک کوزہ میں بند و گل حکمت کرکے ۵ سیر اپلوں کی آگ دے کر کشتہ کرلیں- پھر باقی تمام اشیاء شامل کرکے کھرل کریں- اور تھوڑے پانی میں نم دے کر گولیاں بقدر کناروشتی بنائیں- پرانے سے پرانے بخاروں کے لئے اکسیر ہے-

گولیاں دافع بخار

مغز کرنجوہ، فلفل دراز، تولہ، تولہ، برگ کیکر خشک درسایہ ۶ ماشہ، زیرہ سفید ۹ ماشہ سب کو عرق گلاب سہ آتشہ میں خورب کھرل کریں کہ ایک بوتل عرق خرچ ہوجائے- گولیاں بقدر نخود تیار کرین دن میں تین بار ایک ایک گولی عرق سونف یا آب مقطر سے دیں-

سفوف بخار:--- گندھک آملہ سار مدبر ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ نوشادر دیسی بھنگڑی

سفید شگفتہ، مغز کرنجوہ ہر ایک ایک تولہ سفوف تیار کریں۔ ایک چٹکی ہمراہ بدرقہ مناسبہ

برائے تپ لرزہ ---: صبح سویرے طلوع آفتاب کے وقت آک کے پودے کے پاس جاکر مریض آفتاب کی طرف پشت کرکے بیٹھ جائے۔ اور دوسرا شخص آک کا پودا توڑ کر اس کا دودھ ریڑھ کی ہڈی پر لگاتا جائے۔ گردن کے آخری ریڑھ تک لگائے۔ اس کے بعد ہلدی کا سفوف اس پر ڈال دیں۔

دیگر ---: چونکہ یہ عمل شہروں میں نہیں ہوسکتا۔ اس لئے ٹنکچر آیوڈین اسی طرح لگائیں۔ ہرگز تپ لرزہ نہ ہوگا۔

دیگر ---: باری سے پہلے بیسوں ناخنوں پر آک کا دودھ قطرہ قطرہ لگا دیں۔ لرزہ نہ ہوگا۔

دق وسل (ماء الحیات)

یہ ایک قابل تعریف چیز ہے۔ جو بناکر تجربہ کریں گے۔ اس کے مداح بن جائیں گے۔ تندرست بھیڑ کی چھوٹی انتڑیوں کا بالائی حصہ تین چار فٹ کاٹ لیں۔ اور نمک کے پانی سے اس کی اندرونی سطح صاف کرلیں۔ اسی طرح بطخ کی آنتیں لے کر صاف کرلیں۔ علاوہ ازیں بھیڑ کے پھیپھڑے بکرے کی گردن کے غدود، کلیجی اور تلی، رہو مچھلی کا مغز ہر ایک پندرہ پندرہ تولہ۔ پھر ہر ایک چیز کو الگ الگ شیشہ کی پیچدار ڈھکن والی مضبوط بوتلوں میں ڈال کر منہ کو مضبوطی سے بند کرکے ایک بڑی دیگ میں بہت سا پانی ڈال کر آگ پر رکھیں۔ یہ بوتلیں اس میں رکھ کر نیچے نرم آنچ جلائیں۔ دیگ کا پانی دو تین گھنٹے کھولتا رہے۔ پھر ادویات کے سیرم ہوجانے پر نکال لیں۔ پھر جو پانی ان بوتلوں سے برآمد ہو اس کو چھان کر آپس میں ملالیں۔ پھر ۲۰۰ حصہ یہ پانی تھیں۔ ۱۰۱ حصہ آسلیے لین ۵ حصہ، کاڈلیور آئل ۳۵ حصہ، ٹنکچر اور نشائی ۲۵ حصہ، ٹنکچر کا رڈم کمپاؤنڈ ۲ حصہ، اسکوں ۳۸۲ حصہ عرق خمسہ ۲۰۸ حصہ ملالیں۔ یہ ایک ہزار حصہ تیار ہوجائے گا۔ ماء الحیات تیار ہے۔ سوا تولہ صبح سوا تولہ شام غذا کے درمیان یا غذا کے بعد عرق ہرا بھرا میں ملاکر پلائیں۔ مریضان سل و دق کے لئے یہ ایک آب حیات ہے۔

عرق خمسہ ---: یہ عرق اکیلا بھی مفید ہے۔ لہسن ۱۰ تولہ، اڑوسہ سفید گل ۲۰ تولہ، برگ و گل صنوبر ڈیڑھ پاؤ، اسقیل ایک پاؤ، سرطان سوختہ ۵ تولہ کو ساڑھے تین سیر عرق گاؤ زبان میں بھگو رکھیں اور ایک سیر آب مصفی ملادیں صبح مل کر ساڑھے تین عرق مقطر کرلیں۔ بس تیار ہے۔

عرق ہرا بھرا ---: یہ عرق اکیلا بھی مفید ہے۔ صندل سفید، صندل سرخ، خس، پدماکھ، ناگرموتھہ، گلو سبز، شاہترہ، نیم کی چھال، گل نیلوفر، تخم کاسنی، بادیان، تخم کدو، نیتر بالا، کشنیز خشک،

ہر ایک ۱۰ تولہ تخم تلسی ۲ تولہ، بیخ لیشکر، بیخ جوانسہ، دھماسہ منڈی، اصل السوس ہر واحد ۵ تولہ، الائچی خورد کو کنار ہر یک ۲ تولہ، جملہ ادویات شب بھر آٹھ گنا پانی میں بھگو دیں۔ صبح عرق کشید کریں۔ خوراک ٦ سے دس تولہ تک دیں۔

حبوب تمیس ---: کشتہ طلاء ۲۰ چاول، کشتہ فولاد ۲۰ سرخ، کشتہ ابرک سیاہ ۲۰ سرخ، مروارید محلول یک صد قطرہ، کافور محلول ٦۰ قطرہ، کسی شیشہ کے کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کرکے گاڑھا ہونے پر قدرے گوند ملاکر حبوب ۳۵ عدد بنائیں۔ ایک گولی صبح ایک شام کو ہمراہ دودھ گائے یا عرق شیر مرکب سے۔

مروارید محلول

مروارید ایک ماشہ، آب لیموں ڈھائی تولہ میں کھرل کرکے چھان لیں۔ یہی مروارید محلول ہے۔ خوارک ۵ قطرے۔

کافور محلول ---: کافور ایک حصہ، ریکٹی فائیڈ سپرٹ ۴ حصہ میں حل کرلیں۔ خوراک تین قطرے۔

عرق شیر مرکب ---: آب تربز، آب خیار، آب برگ خرفہ، آب کدو ہر ایک ایک ثار، تخم خیارین، کشنیز خشک، گاؤ زبان، تخم خرفہ، صندلین، گلسرخ ہر واحد ۲ تولہ، خاکسی ۴ تولہ، کاسنی ۱ تولہ، گل نیلوفر ۳ تولہ، طباشیر ایک تولہ۔ عرق بید سادہ۔ عرق نیلوفر، عرق گاؤ زبان ۱ ثار، شیربز ۳ ثار ادویہ رات کو عرقیات میں بھگو رکھیں۔ صبح تمام اشیاء ملاکر عرق کشید کریں۔ خوراک ۵ تولہ۔

اکسیر دق ---: میری اس دوا کا دق کے دوسرے درجہ تک تجربہ کیا ہے۔ اکسیر الاثر ثابت ہوئی ہے۔ ایک تولہ چاندی لے کر روپیہ کے برابر قرص تیار کریں اور اس قرص کو آب گلو تازہ میں یک صد بجھاؤ دے کر بعدہ افیون، کافور، زعفران ۳/۳ ماشہ لے کر عرق گل سرخ بھاری میں ان کو کھرل کریں۔ اور قرص مذکورہ پر گاڑھا ضماد کریں۔ خشک ہونے پر نصف سیر نغذہ گلو سبز تازہ میں رکھ کر ایک گلی ہانڈی میں بندو گل حکمت کرکے محفوظ ہوا مقام میں ایک من کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گی۔ باریک کرکے شیشی میں بند کرکے ایک گڑھا کھود کر اس میں دو سیر غلہ گندم ڈال کر اس میں شیشی میں دفن کردیں۔ دو ماہ کے بعد نکالیں۔ مقدار خوراک آدھ چاول۔

طباشیری ---: مرچ سیاہ، الائچی خورد، طباشیر، بلادر، ست گلو، ہم وزن لے کر سفوف بناکر محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک ایک سرخ ہمراہ دودھ بکری ۱۰ تولہ۔ روزانہ دودھ کی مقدار بڑھاتے رہیں۔

شربت اڑوسہ خاص

مغز تخم کرنجوہ ایک تولہ، تخم خشخاش ایک تولہ، برگ اڑوسہ سفید، گل سرطان مغسول ہر ایک ۱۰ تولہ، خطمی خبازی، گل گاؤ زبان، ملٹھی، گل بنفشہ۔ ہر ایک تولہ۔ بہیدانہ ۶ ماشہ، عناب ۱۰ عدد، لسوڑیاں ۲۵ عدد، گوند کیکر، نیم سوختہ، حب القرطم ۶ ماشہ زعفران ۹ ماشہ مغز کدو شیریں، مغز تربوز، تخم باقلا مقشر، ہر ایک ایک تولہ، عود صلیب ایک تولہ۔ تمام ادویات کو جو کوب کرکے رات کو گدھی کے ماء الجبن ڈیڑھ سیر میں تر کرکے صبح جوش دیں۔ نصف رہنے پر صاف کرکے ایک سیر کھانڈ ملاکر شربت تیار کریں۔ دن میں تین دفعہ تین تولہ ہمراہ عرق مکو پلایا کریں۔ مفید ہے۔

عرق شفاء ---: برگ بانسہ سبز ڈھائی سیر۔ سبز کاسنی کا پودا ڈھائی سیر---- اس کے نہ ملنے پر اس کے ۲ سیر تخم ڈالے جاسکتے ہیں۔ گلو سبز ڈھائی سیر مکو سبز کا پودا معہ جڑ ڈھائی سیر۔ کدو گول ڈھائی سیر، کنڈہ کی جڑ جس کو پنجابی میں کانا کہتے ہیں۔ ایک سیر، خوب کلان ایک پاؤ، ادویہ سے دگنا بکریوں کا دودھ، گدھی کا دودھ ایک سیر، ادویہ کو جو کوب کرکے دونوں دودھ ملاکر اس میں شب بھر بھگو دیں۔ صبح عرق کشید کریں۔ بوتل کے منہ میں کافور کی ڈلی باندھ دیں۔ کہ عرق کا ہر ایک قطرہ اس پر گرے اور کافور کی تاثیر لے کر بوتل میں جائے۔ تیار ہے۔ اس کے بعد کیلشیم لکٹیٹ جو ایک انگریزی دوا ہے۔ لے کر اس کی دس دس گرین کی پڑیہ باندھ لیں ہر روز ایک ایک پڑیہ۔ صبح دوپہر اور شام ایک ایک عرق شفا سے پلایا کریں۔ خوراک زود ہضم اور مقوی ہونی چاہیے۔ مکھن، گھی، دودھ، انڈا، یخنی، سوجی کی روٹی، سبزیاں، موسمی پھل وغیرہ۔

عرق اکسیر ---: عشبہ ۳ تولہ، گلونیم ۳ تولہ، چرائتہ ۳ تولہ، نصف سیر پانی میں جوش دے کر سرد کریں۔ اس میں سے ۲/۲ تولہ دن بھر میں ۳ مرتبہ استعمال کرائیں۔ اور اگر بخار پرانا ہو اور کسی صورت سے ٹلتا نہ ہو تو عشبہ ۱۰ تولہ، گلونیم ۱۰ تولہ، چرائتہ ڈیڑھ تولہ دو سیر پانی میں جوش دے کر سرد کرلیں۔ اور اس میں سے مریض کو ۲/۲ تولہ تین مرتبہ پلائیں۔

اگیورین کا نسخہ

کونین سلفاس ۱۲ گرین، ا۔سڈ ٹارٹرک ۱۴ گرین، ایمونیا کلورائیڈ ۱۲ گرین۔ پوٹاسی برومائیڈ ۱۲ گرین، انٹی پائرن ۳۲ گرین، ٹنکچر لیونڈر ۱۲ بوند، سپرٹ کلوروفارم ۱ ڈرام، آب مصفی ۱ ڈرام، سب کو ملالیں خوراک آدھ تا ۲ ڈرام۔ ہر قسم کے بخاروں میں سوائے سل و دق کے استعمال کیا جاتا ہے۔

امراض جلد

چنبل---- لوط---- برص---- خارش خشک و تر---- داد ----
پھلبہری---- چھاجن---- زخم---- چوٹ---- فساد خون----

اورام و ثبور

مہاسہ---- دنبل---- پھوڑا پھنسی---- ورم بغل بدھ---- ماشرا---- کن پھیڑ---- پتی اچھلنا---- عرق مدنی---- کوڑھ

مرہم مصفی زخم!

نرم برگ نیم، برگ کیکر، پیاز، ہرسہ ہم وزن لے کر علیحدہ علیحدہ ٹکیہ بناکر گھی میں یکے بعد دیگرے جلائیں۔ گھی اس قدر ہو جس میں ادویہ بخوبی جل جائیں۔ آگ نرم ہو۔جب تینوں ٹکیاں جل جائیں۔ تو انہیں اسی گھی میں گھوٹ کر مرہم بنائیں۔ اس مرہم کو زخم میں بھر کر اوپر پٹی باندھ دیں۔ اس سے ہر قسم کے خراب زخم جو خواہ ہڈی تک پہنچ چکے ہوں، چند دنوں میں گندہ پانی نکل کر زخم صاف ہو کر بھر جاتے ہیں۔

دیسی آیوڈین ---: ہلدی ایک سیر، رسوت عمدہ ۵ تولہ، دونوں کو ۴ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح نرم آنچ پر پکائیں۔ جب ایک سیر پانی رہ جائے اتار کر مل چھان کر دوبارہ آگ پر پکائیں۔ جب شہد کی مانند گاڑھا ہو جائے تو اتار لیں۔ اور اس کے ہم وزن لیمو کا رس اور دونوں کے برابر سپرٹ ریکٹی فائیڈ ملادیں۔ تیار ہے۔ مانند ولایتی کام دے گی۔

ٹنکچر آیوڈین انگریزی

آیوڈین خشک ۴ ڈرام، پوٹاشیم آیوڈائڈ ۴ ڈرام، سپرٹ ریکٹی فائیڈ ۲۰ اونس، پانی ۱ اونس پہلے پوٹاشیم آیوڈائیڈ کو اور آیوڈین خشک کو پانی میں حل کریں۔ پھر سپرٹ ملالیں۔ بس تیار ہے۔ ہر قسم کے ورم اور چوٹ کے درد کو رفع کرتا ہے۔

دیسی آیوڈین، سپرٹ ۱ پونڈ، برگ نیم تازہ آدھ پونڈ یا خشک پتے ۱/۴ بوتل میں ایک ہفتہ تک دھوپ میں رکھیں۔ دن میں چند بار ہلادیا کریں۔ پھر فلٹر کرلیں۔ بس تیار ہے۔

دیسی آئیڈو فارم ---: آک کے سبز پتے سایہ میں خشک شدہ جلاکر باریک کرکے رکھ لیں

خواہ کسی قسم کا گندہ زخم ہو روئی کے پھاہیہ سے اس پر چھڑک دیں۔ اس پر مکھی نہ بیٹھے گی اور زخم جلد خشک ہو گا۔

مرہم سیاہ پختگی زخم کے لئے ـــ: تلوں کا تیل ۲۰ تولہ، سندھور ۱۰ تولہ، رال سفید، گندہ بروزہ خشک، موم ہر ایک ایک تولہ، مردار سنگ ۶ ماشہ، نیلا تھوتھا ۱ ماشہ، اول تیل کو لوہے کی بڑی کڑاہی میں ڈال کر اس میں سندھور حل کرے آنچ پر پکائیں۔ جب تیل کا رنگ سیاہ ہو جائے۔ تو باقی ماندہ اشیاء یکے بعد دیگرے اتار کر کڑاہی کو نیچے اتار لیں۔ اور گرم گرم حالت میں کسی ڈبیہ میں ڈال لیں۔ یہ مرہم ہر قسم کے پھوڑہ پھنسی اور زخم اور آگ کے جلے پر لگانے سے جلد آرام آجاتا ہے۔ بقدر ضرورت نرم کپڑے کے ٹکڑے پر لگا کر ذرا سینک کر مقام مطلوبہ پر لگائیں۔ زخم اچھا ہو کر پھاہیہ خود بخود اتر جائے گا۔ پھوڑے کا پکنا اور اندمال اسی سے سرانجام ہو گا۔

ٹنکچر آیوڈین دیسی

دافع امراض چوٹ، اورام، سوزش، داد، چنبل کے لئے مفید ہے گلٹیوں کو تحلیل کرتا ہے۔ درد دانت، گوشت خورہ کے دفع کرنے میں اکسیر ثابت ہوا ہے۔ اس کا ہر گھر میں ہونا ضروری ہے۔ ضرورت کے وقت بہت کام آتا ہے۔

الکوحل ایک اونس میں کچور ۶ ماشہ، ہلدی ۶ ماشہ، رسوت ۶ ماشہ، رگڑ کر باریک کرکے شامل کریں چوتھے دن کے بعد نکال کر چھان لیں اور الکوحل کو شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بس دوائی تیار ہے۔ بوقت ضرورت استعمال کریں۔ دوائی کو پھریری سے مقام ماؤف پر لگادیں۔

اکسیری روغن برص ـــ: جس کے حصول میں ایک نواب صاحب کی ایک ہزار روپے کی پیش کش ناکام رہی جو بھلبہری سفید داغ میں مجرب بے خطا ہے۔

باپچی، تخم پنواڑ، چاول مونگرا خالص، ہر ایک ۱۲ تولہ، سب ادویات کو چار یوم تک متواتر ویسے ہی کھرل کریں۔ ازاں بعد بوٹی قاضی دستار و چھتری دودھک) کے پانی میں کھرل کریں اور تمام آب بخوبی جذب کردیں۔ پھر اسی طرح سے پاؤ بھر پانی شہد یوی کے عرق میں سحق کریں۔ بعدہ دودھک سفید گل کے پانی میں کھرل کرکے آتشی شیشی کے ذریعے تیل نکال لیں۔ یہ تیل گلابی رنگ کا نکلے گا۔ محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال ـــ: ایک بوند مکھن میں رکھ کر نگل جایا کریں۔ اور اس کی مالش داغوں پر کیا کریں۔ چالیس روز میں بفضلہ تعالیٰ شرطیہ آرام ہو گا۔

فوائد ـــ: بھلبہری، سفید داغ کے لئے اکسیر صفت اور مجرب روغن ہے۔

ضماد برائے مرض برص

نوشہ کھار ا تولہ، ہڑتال ا تولہ، شیرمدار ۱۲ تولہ، تل کا تیل ۸ تولہ، نیلا تھوتھا ا تولہ، خشک ادویہ کو باریک کرکے کسی پیتل کے چوڑے برتن میں ڈالیں اور تل کا تیل اور شیرمدار تھوڑا تھوڑا ڈال کر کسی کانسی کے برتن سے یہاں تک رگڑیں کہ سب چیزیں باہم یکذات ہوکر پتلا سا لیپ بن جائے۔ چنبل پر تھوڑا سا لیپ لگاکر مریض کو تھوڑی دھوپ میں ٹھہرنے دیں۔ بعدہ صاف کرکے تل کا تیل لگائیں۔

فوائد ---: کہنہ سے کہنہ چنبل دور کرنے کے لئے بہترین چیز ہے۔ تین چار دن میں آرام آجاتا ہے۔ معمول مطب نسخہ ہے۔

برائے برص وغیرہ ---: برص، خارش، کھجلی، پھوڑے، پھنسی کو مفید ہے۔ مجیٹھ، کنگی، وج، دارچینی، گلوسبز، نیم کی چھال ہر ایک ۴ ماشہ، تر بھلہ ۱۲ ماشہ، ان سب ادویہ کو کچل کر اڑھائی پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھا حصہ پانی باقی رہ جائے۔ مل کر چھان کر اس میں ا تولہ شہد خالص یا شربت عناب یا مصری ملاکر پلائیں۔

اس کے چند روزہ استعمال سے مذکورہ بالا امراض نیست و نابود ہوں گی۔

برائے داد چنبل وغیرہ ---: گندھک آنولہ سار ا تولہ کو ۵ عدد بنگلہ پان کے عرق میں کھرل کریں۔ جب یکجان ہو جائے تو ایک سیخ آہنی میں لت پت کرکے لپیٹ دیں۔ پھر اس کو روغن تلخ (تارا میرا) میں تر کردیں۔ اور آگ لگادیں۔ نیچے ایک پیالہ رکھیں۔ سرخ رنگ کا تیل نیچے گرے گا۔ بس یہی روغن گندھک تیار ہے جو کہ مصفی خون، دافع آتشک، داد چنبل وغیرہ پر مفید ہے۔ ایک سے ۳ قطرہ تک بتاشہ یا شکر میں دیں۔

برائے چنبل و داد وغیرہ ---: کتھ گلابی ا تولہ، گل انار ٦ ماشہ، مردار سنگ ٦ ماشہ، توتیا ۳ ماشہ، سفیدہ ٦ ماشہ، کافور ۴ ماشہ، سرد چینی ٦ ماشہ، رسکپور ا ماشہ، موم ۲ تولہ، کاربالک آئل ا تولہ، روغن کنجد ۲ تولہ سب کو کھرل کریں اور ساتھ ساتھ تیل ملاتے جائیں۔ تیار ہے بعد کو چنبل داد وغیرہ پر لگائیں انشاء آرام آجائے گا۔

خارشینا ---: پارہ ٦ ماشہ، گندھک ٦ ماشہ، باوچی، کافور، تخم پنواڑ، کمیلہ، مردار سنگ، نوشادر، نیلا تھوتھا، ہر ایک ٦/٦ ماشہ اول پارہ و گندھک کی کجلی کریں۔ پھر باقی تمام ادویات کا سفوف بناکر شامل کجلی کریں اور باریک کھرل کرلیں۔ ایک تولہ یہ سفوف پانچ تولہ روغن سرسوں خالص عمدہ میں اچھی طرح حل کرکے مالش کریں۔ اور دو گھنٹہ دھوپ میں بیٹھیں (اگر موسم سرما ہو) بعد دو

گھنٹہ کے گرم پانی سے غسل کریں۔ اسی طرح ایک ہفتہ بھر دوا کی مالش کریں۔ اور رات کو سوتے وقت سفوف طبقی استعمال کیا کریں۔ یقیناً شفاء ہوگی۔

سفوف طبقی ---: ہڑتال طبقی عمدہ ا تولہ، سوڈا بائیکارب ۷ تولہ، ہر دو کو ۲۴ گھنٹہ کھرل کریں۔ دوا تیار ہے۔

نوٹ بعض طبیب اسے ایک اور سولہ کی نسبت سے تیار کرتے ہیں خوراک ایک رتی ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۰ تولہ سے دیں۔

دیگر ---: ترکیب اس کی یہ ہے۔ ہڑتال ورقی ۳ ماشہ، ر سکپور ۳ ماشہ، سوڈا بائیکارب ۹ ماشہ، سب کو ۳۶ گھنٹہ کھرل کریں اور بقدر ایک رتی حلوہ یا مسکہ میں ایک وقت استعمال کرائیں۔ مگراس کے استعمال سے قبل کسی تیز مسہل کا دینا ضروری ہے۔

فوائد ---: مصفی خون، خشک و تر خارش، آتشک جذام، فسادخون، ناصور، بھگندر کے علاوہ دمہ اور بلغمی کھانسی کے لئے اکسیر ہے۔ خارش سے خواہ کتنا ہی مریض گلا سڑا ہوا ہو اس کے استعمال سے جلدی صحت یاب ہوجاتا ہے۔

اکسیر خارش جدید و مزمنہ

پارہ ۶ ماشہ، گندھک آنولہ سار ۶ ماشہ، توتیا ۸ ماشہ، نوشادر ۲ تولہ، اول پارہ گندھک کی کجلی تیار کریں۔ پھر باقی ادویہ علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر کجلی میں ملالیں۔ بس تیار ہے۔ ۱۰ تولہ مسکہ گاؤ یکصد بار دھلا ہوا لے کر اس میں ملادیں۔ اور کھرل میں اچھی طرح سے آمیز کرلیں بس تیار ہے۔ عضو ماؤفہ پر دوائی لگایا کریں۔ دوائی لگانے کے دو تین گھنٹہ بعد آب سرد سے نہایا کریں۔ خارش خصیتین، بواسیری خارش، داد چنبل، زخم ہائے بادفرنگ کو مفید ہے۔ ہمیشہ مطب میں بناکر تیار رکھتا ہوں۔

برائے خارش ---: گندھک آنولہ، سار نیلا تھوتھا، چوک، بابچی، سب چھ چھ ماشے لے کر باریک پیس کر اس کے بعد میدہ کی ایک ٹکیہ بناکر یہ دوا اس ٹکیہ کے اوپر رکھ دیں اور کسی لوہے کی کڑاہی میں چھٹانک بھر گائے کا گھی ڈال کر اس میں مذکورہ بالا ٹکیہ پکائیں جب سیاہ ہو جائے تو اس کڑاہی میں پتھر سے پیس لیں۔ صبح و شام پھرتے پھراتے بدن پر ملتے رہیں۔ شام کو گرم پانی سے نہالیں دودھ چاول بغیر میٹھے کے کھائیں۔ ایک دن میں خارش جاتی رہے گی۔

برائے خارش تر ---: گندھک آملہ سار، پارہ، کمیلہ، ہریک ۶ ماشہ نیلا رنگ ا ماشہ، سب کو باریک کرلیں۔ پھر ۷ تولہ مکھن گاؤ یک صد بار دھلا ہوا ملا دیں۔ پھر جہاں خارش تر ہو لگائیں۔

کھرنڈ ہو کر خارش رفع ہوگی۔

برائے خارش ـــــ: پارہ، گندھک، آنولہ سار، مرچ سیاہ، نیلا تھوتھا، سندھور، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، سب مساوی الوزن اول پارہ و گندھک کی کجلی بنائیں۔ باقی اشیاء باریک کپڑ چھانکر کے ملالیں۔ سب کے برابر گائے کا گھی ملاکر مرہم تیار کریں۔ خارش کے لئے نہایت تیر بہدف ہے۔

ترکیب استعمال ـــــ: مقام خارش پر خوب ملیں۔ اگر خارش سارے جسم پر ہو تو سارے جسم پر مل کر ۳/۲ گھنٹہ دھوپ میں بیٹھیں۔ موسم گرما ہو تو ضروری نہیں کہ دھوپ میں بیٹھیں۔ بعد ازاں جسم پر بھینس کا گوبر خوب مل کر موسم سرما میں گرم پانی سے اور موسم سرما میں تازہ پانی سے خوب غسل کریں۔ تین حد سات یوم میں سالہاسال کی خارش دور ہو جائے گی۔

شرمگاہ کی سوجن و خارش وغیرہ

جب آلہ تناسل و اندام نہانی کے لب سوج جائیں یا خارش یا پیپ پڑنے والی ہو۔ ابتدائی سوزاک یا آتشک کی علامت ہو تو یہ نسخہ نہایت مفید ہے۔ مردار سنگ کو مانند سرمہ باریک کریں اور قدرے لے کر عرق گلاب میں ملالیں۔ اور اس سے دھوئیں اور دھوتے وقت شرمگاہ کی لبوں کو کھول دیا کریں۔ تاکہ دوا تمام ماؤف جگہ پر لگ جائے۔ اسی دوا کی گدی صاف کپڑے کی تر کرکے وہیں رکھنی مفید ہے۔

روغن اسراری ـــــ: روغن تارپین، فینائل ہر ایک ایک تولہ، مشک کافور مصبر ہر ایک ٦ ماشہ، کاربالک ایسڈ ۲ ماشہ، گلیسرین ۳ تولہ، سپرٹ یا شراب ڈھائی تولہ، مشک کافور کو روغن تارپین میں حل کریں اور باقی تمام اجزاء یکے بعد دیگرے حل کریں۔ پھر پھریری سے مقام ماؤف پر لگائیں۔ دن میں ۳/۲ بار۔ درد خارش، لوط، ورم، خنازیر، وغیرہ کو مفید ہے۔

اکسیر مصفی خون برائے خارش

شورہ قلمی ۸ تولہ، گندھک موصلی ۸ تولہ، گیرو ۸ تولہ، پارہ ٦ ماشہ پہلی تینوں چیزوں کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر جدا جدا رکھیں۔ پھر گندھک باریک شدہ کسی بڑی لوہے کی کڑچھی میں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ جب پگھل کر تیل ہو جائے تو اس کے اندر پارہ چھوڑ کر تنکے وغیرہ سے ہلائیں۔ فوراً ہی سیاہ رنگ کا ہو کر گندھک میں مل جائے گا ـــــ پھر شورہ ڈال لیں۔ جب وہ بھی نرم ہو کر مل جائے۔ تو گیرو ملاکر کسی چمچی وغیرہ سے خوب ہلائیں۔ سرد ہونے پر کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔ خوراک ۳/۲ ماشہ تک بوقت صبح سرد پانی سے لیں۔ بچوں کو کم خوراک

دیں۔ نیز برتن وغیرہ کو تیل سے چپڑلیں تاکہ دوا چمٹ نہ جائے۔ بدن پر آبلے ہی آبلے ہوں۔ خارش سے لہولہان ہو۔ اللہ کا نام لے کر پندرہ خوراکیں دیں یقیناً آرام ہوگا۔ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔

برائے خارش :— سیماب، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، گندھک آنولہ سار، سندھور، منسل، مرچ سیاہ، سب اشیاء ہموزن باریک پیس کر ملا رکھیں بوقت ضرورت تیل سرسوں میں ملاکر استعمال کریں۔ ۲/۳ دن میں فائدہ ہوگا۔ ہر قسم کی خارش کو مفید ہے۔

برائے داد خارش چھاجن :— گوا پاؤڈر ۳ ماشہ، سہاگہ ۶ ماشہ، کیلومل ۴ ماشہ، گندھک آنولہ سار تولہ، سب کو باریک کرکے نصف پاؤنڈ ویسلین میں ملالیں۔ داد، خارش، چھاجن وغیرہ کا حکمی علاج ہے۔

مرہم داد چنبل :— سپرٹ ریکٹیفائیڈ ۳۰ بوند، کیمفر ۲ ڈرام، زنک آکسائیڈ ۴ ڈرام، آئل میتھا پیپ ۳۰ بوند، آئل یوکلپٹس ۳۰ بوند—— انگ ہائیڈرا جرائی ۴ ڈرام، اےسڈ کاربالک ۳۰ بوند۔ ویزلین سفید ۴ اونس۔ تمام اجزاء کو ویزلین میں حل کرلیں۔ ۶ ماشہ نیلا تھوتھا ۲ تولہ گھی میں جلا کر اس مرہم میں شامل کرلیں۔ اکسیر چنبل تیار ہے۔ تھوڑی سی مرہم لیکر داد چنبل پر مالش کرلیا کریں۔ بہت جلد آرام ہوگا۔

اکسیر خارش!

ناریل کا خالص تیل ۴ اونس، بورک اےسڈ، زنک آکسائیڈ، گندھک مصفی ہر ایک ایک تولہ، تیل کو گرم کرکے باقی ادویہ کے سفوف کو باہم ملالیں۔ ضرورت کے وقت تھوڑا تیل ہاتھ پر ڈال کر اس کی مالش کریں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔

نوٹ سردیوں میں تیل جم جاتا ہے۔ اس لئے گرم کرکے باہم ملالیں۔ اگر خارش بوجہ کسی اندونی مرض کے ہو۔ تو صبح شام گندھک کا سفوف ۴ ماشہ کی خوراک گرم کرکے ٹھنڈے کئے ہوئے دودھ سے استعمال کریں۔ اس سے خون صاف ہو کر خارش بند ہو جائے گی۔

کڑوا شربت :— چرائتہ ۲۰ تولہ، افسنتین ۱۰ تولہ، پرشاؤ شاں۔ نیم کے پتے، سرپھوکہ، ہر ایک ۲۰ تولہ۔ کٹکی، پت پاپڑہ، زیری سیاہ، تگند بابری، منڈی ہر ایک ۱۰ تولہ، ہلیلہ ۳ چھٹانک، زربی ۵ تولہ، تمام ادویات کو کوٹ کر درد راسا کریں۔ پھر اس میں ۱۶ سیر پانی ڈال کر رات بھر بھگو رکھیں۔ پھر آگ پر رکھ کر پکانا شروع کریں۔ جب پکتے پکتے صرف ۴ سیر پانی رہے تو اتار کر چھان لیں اور اس میں ۱۰ سیر دانہ کھانڈ ڈال کر پکائیں۔ جب قوام بنجائے تو اتار لیں۔

خوراک ---: دو تولہ شربت میں ایک گلاس پانی ملا کر پی لیا کریں۔

فوائد ---: خون کی خرابی، خارش، کھجلی، پھوڑے اور پھنسیوں کے لئے اکسیر ہے۔

روغن گندھک

برائے اندمال زخم کہنہ، خارش، کوڑھ، (جذام) وغیرہ جلدی امراض کے لئے از بس مفید ہے۔ دیرینہ سے دیرینہ زخموں کو دنوں میں بھرتا ہے۔ خارش کو منٹوں میں دور کرتا ہے۔ کھٹل، پسو، مچھر وغیرہ کے کاٹنے پر اس کا ملنا جادو کا اثر دکھاتا ہے۔ بے شمار فوائد کا حامل ہے۔ گندھک موصلی ایک تولہ۔ سہاگہ خام ایک تولہ۔ تیل سرسوں پانچ چھٹانک۔

ترکیب تیاری ---: ایک بڑی کڑاہی جس میں ڈیڑھ سیر تیل آسکتا ہو لیں۔ اس میں تیل ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب تیل جل جائے تو ایک ایک چٹکی گندھک اور سہاگہ کے سفوف کی ڈالتے جائیں۔ سفوف بیچ میں سے جلتا جائے گا۔ آگ تیز رکھیں سفوف تیل میں جل کر اوپر جمع ہو جائے گا۔ جب زیادہ جمع ہو جائی تو ہلائیں۔ اسی طرح تمام سفوف ختم کردیں۔ جب جھاگ باقی نہ رہے تو اتار کر چھان لیں اور محفوظ رکھیں اعلیٰ درجہ کا خوش رنگ تیار ہوگا۔

ترکیب استعمال ---: زخموں پر پھریری سے لگائیں۔ خارش داد وغیرہ پر خوب مالش کریں۔ خارش کے لئے عجیب چیز ہے۔

روغن گندھک ---: گندھک آملہ ساز، سوڈا کاسٹک نمبر ۹۸ مساوی الوزن کو خوب کھرل کریں۔ زور دار ہاتھوں سے کھرل کرنے سے تیل برآمد ہوگا۔ اس کو الگ رکھیں۔ یہ روغن مجوبہ روزگار ہے خوراک ایک بوند شکر کے ساتھ۔ بہترین مصفی خون ہے۔ پھوڑا، پھنسی، دنبل زخم اس کے استعمال سے رفع ہو جاتے ہیں۔ پرانے گنٹھیا میں اکسیر ہے جوڑوں کے ہر قسم کے دردوں میں مالش کرنے سے کھانے سے بھی نفع عظیم ہوتا ہے۔

دوا الجلد چھائیوں کو مفید ہے ---: دار چکنا ۹ ماشہ، ست ریٹھہ ۲۰ تولہ، صابن دیسی ۲۰ تولہ، ست گندھک یا گندھک مدبر ۵ تولہ، گلیسرین ۱۰ تولہ، پہلے دار چکنا کو خوب باریک کرکے نمبر ۴ شامل کرکے کھرل کریں۔ پھر نمبر ۲ پھر نمبر ۳ اور پھر نمبر ۵ شامل کرکے خوب گھوٹیں۔ اور بطور و-سلین بنالیں۔ قدرے پانی میں گھس کر چہرے پر لگائیں اور صبح کو دھو ڈالیں۔۔۔۔۔ اس کی ٹکیہ بنا کر رکھیں۔ بے شمار جلدی امراض میں مستعمل ہے۔

ہڈی جوڑ ضربہ و سقطہ

سخت چوٹ لگنے سے جسم میں درد ٹھہر گیا ہو- یا ہڈی ٹوٹ گئی ہو- تو اس کا حکمی علاج ہے- ایک جوان مرغ سرخ کو ذبح کرکے اس کا خون نہایت احتیاط سے ایک برتن میں جمع کریں- پھر توے پر دو تولہ پھٹکڑی خام خون میں ملا کر ڈال دیں اور نرم آنچ دیں اور لوہے کے کفگیر سے ہلاتے جائیں- جب سیاہی مائل اور چمکدار سفوف ہو جائے اور قدرے رطوبت باقی رہے- اتار لیں بس تیار ہے- دو تین رتی شربتی آمیختہ دودھ سے دیں ضربہ سقطہ اور شکستگی استخوان کو یہ مصنوعی مومیائی ہم پلہ اصلی کے اکسیر ہے-

مرہم برائے گنج ---: گندھک ا اونس، چربی ا اونس، نوشادر ۲ ڈرام، سب کو اچھی طرح ملالیں- مرہم تیار ہے- روزانہ دن میں ۲/۳ مرتبہ لگانے سے گنج کے نشانات دور ہو جاتے ہیں- اور بال نمودار ہو جاتے ہیں جن اشخاص کے اس نامراد مرض سے بال گر گئے ہوں یہ مرہم ان کے لئے نہایت کار آمد ہے-

بال نہ گریں ---: آملہ کے پانی سے بالوں کو دھو کر اور نوشادر کو باریک پیس کر مکھن میں ملاکر چند یوم بالوں پر لیپ کریں- بال گرنے بند ہوں گے- اور بال خورہ بھی رفع ہوگا-

نفہ سر ---: اگر سر میں نفہ پڑ جائے تو ۲ تولہ گاؤ زبان کو ایک گلاس پانی میں ڈال کر رات کو رکھ دو- صبح اس کا مقطر پانی لے کر اس سے سر دھو ڈالو- سب نفہ پانی ہو کر بہہ جائے گا-

اکسیر بال سفید!

جوانی کے دنوں میں جن کے بال سفید ہونا شروع ہوں- وہ بھکڑا کو سایہ میں خشک کرکے روزانہ ایک تولہ چالیس یوم تک یا پرہیز استعمال کریں- تو یہ شکایت رفع ہو جائے گی اور بال سفید ہونے رک جائیں گے-

جادو کی مرہم

یہ مرہم ان پھنسیوں کے لئے جادو کا سا اثر رکھتی ہے جو چھوت دار ہوں- یعنی چھوٹی چھوٹی پھنسیاں ہاتھوں پر یا بچوں کے سر پر اکثر نکلا کرتی ہیں اور جن پھنسیوں سے پانی لگ لگ کر آگے بڑھتی جاتی ہیں- یہ انکے لئے تیر بے خطا ہے- صرف ۴/۵ بار کے لگانے سے ہی تمام

ثبورات خشک ہو کر قطعی آرام ہو جاتا ہے۔
کڑو، کمیلہ، کالی زیری، مردار سنگ، ہر ایک تولہ تولہ، نیلا تھوتھا ۱ ماشہ۔ تمام کو باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا تیل سرسوں شامل کرتے اور کھرل کرتے جائیں۔ جب مرہم کی طرح ہو جائے تو ڈبیہ میں حفاظت سے رکھیں اور بوقت ضرورت ثبورات (پھنسیاں) پر لگایا کریں۔
اس کی جادو اثری کے آپ بعد آزمائش ہی قائل ہوں گے اگر یہ نسخہ کسی ولایت کے باشندے کو معلوم ہوتا تو اس سے لاکھوں روپیہ کما لیتا۔ ضرور بنا کر ہمارے بیان کی صداقت ملاحظہ فرمائیں۔

مشترک الفوائد نسخہ جات

روغن شونیز! شونیز کا آٹا سو درم، حلتیت ۱۰ درم، شکر سرخ ۵ درم، نوشادر ۱ درم، سب کو تھوڑا تھوڑا کوٹ لیں اور پتال جنتر کے ذریعے تیل نکال لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ شونیز کلونجی کو کہتے ہیں۔ حلتیت کا دوسرا نام ہینگ ہے۔ درم قریباً ساڑھے تین ماشہ کا ہوتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال ---: اور دانتوں کے جڑوں پر لگانے سے دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔

اگر چند یوم ۲ ماشہ دودھ میں ڈال کر پیا جائے تو بال سیاہ ہوں اور فہم کو تیز کرتا ہے اور حیض بستہ کو جاری کرتا ہے جس مریضہ کے ایام رک گئے ہوں اس کو روغن متواتر پلانے کے علاوہ مندرجہ ذیل شافہ بھی استعمال کرائیں۔ بیروزہ، قند سیاہ کہنہ، دونوں کوٹ کر شیاف بنائیں اور دایہ کی مدد سے استعمال کریں عظم طحال کو تحلیل کرتا ہے۔
اور بصارت کو بھی تقویت دیتا ہے۔ عضو مخصوص پر طلاء کرتے رہنے سے سختی اور تندی لاتا ہے۔

حب مسیحی ---: مرکی ۱ تولہ، افیون ۱ ماشہ، حب بقدر دانہ مونگ تیار کریں شیر خوار بچہ کو ۱/۴ گولی تین سال کے بچہ کو نصف گولی۔ ۱۲ سال کی عمر والے کو ۲ گولی۔ اور بعد کے لئے ۴ گولی تک دن میں ایک بار دے سکتے ہیں۔

فوائد ---: جریان و احتلام، سردرد، پیچش، کھانسی تر و خشک، شقیقہ شدید، اعصابی دردوں کے دورے روکتی ہیں۔

بیسیوں بیماریوں کا واحد علاج

پارہ مصفی، گندھک آنولہ سار، پوست ترہملہ، مرچ سیاہ، فلفل دراز، سونٹھ، چترہ، ہڑتال ورقی، میٹھا تیلیہ مدبر، بہمن سفید، سب ادویہ کو سولہ پہر عرق بھنگرہ میں کھرل کرکے بقدر دانہ مونگ گولیاں تیار کریں۔ ہمراہ مناسب بدرقہ کے مندرجہ ذیل امراض پر استعمال کریں۔

فوائد:- درد معدہ، بندش حیض، دافع ریاح، قولنج، برص، رمدوجالہ چشم، طاعون، ڈبہ اطفال بخار، تپ لرزہ، تپ ربع، وجع المفاصل، درد شکم، درد کان، درد سر، مرگی، باؤ گولا، جریان، بواسیر ہر قسم۔ درد کمر، بدبودہن، ناسور بالچر، آتشک سنگ مثانہ، قے، زکام، شبکوری، بھڑ بچھو کے کاٹنے پر مفید ہے۔ لائق طبیب اپنی عقل کے مطابق استعمال کر سکتا ہے۔

طب یونانی کا ایک مایہ ناز اور حیرت انگیز نسخہ ضماد

اس ضماد کے افعال و خواص یہ ہیں کہ اگر اس کو معدہ پر کریں تو قے لاتا ہے۔ اور اگر ناف پر کریں تو اسہال لاتا ہے۔ اور اگر پیڑو پر کریں تو ادرار بول و ادرار حیض کرتا ہے۔

برنگ کابلی (باؤ برنگ) ۳ ماشہ، عصارۃ قثاء الحمار (کریلہ) ۳ ماشہ خربق سفید (کٹکی سفید) ۴ ماشہ، مردار سنگ ۴ ماشہ، ان کا سفوف بنالیں۔ پھر روغن زیت ۴ تولہ، یا روغن سرشف کہنہ ۴ تولہ۔ موم سفید ایک تولہ۔ چربی گو سفند (بکری) گداختہ کرکے مندرجہ بالا سفوف ملاکر کام میں لائیں۔

اطریفل عالی:- پوست ہلیلہ زرد، ہڑکابلی زرد رنگ کی لمبی گردن والی، آنولہ، گلسرخ، بادام روغن شیریں ہر ایک دس مثقال، جمالگوٹہ مدبر ایک مثقال، سب ادویات کو کوٹ چھان کر قند سفید سہ چند کا قوام کرکے ملالیں اور چالیس یوم دھوپ میں رکھیں۔ بعدہ خوراک ایک مثقال تک ورق نقرہ میں لپیٹ کر دیں۔ نہایت ہی مجرب نسخہ ہے۔

فوائد:- صرع، سکتہ، رعشہ، خدر، فالج، لقوہ، برص، جذام اور انواع شقیقہ، امراض سوداویہ، بلغمیہ، دمویہ، امراض چشم آتشک و سوزاک، بواسیر، قے، اسہال، قبض کے لئے مفید و مجرب تمام امزجہ کے موافق ہے (مثقال قریباً ۳ ماشہ کا ہوتا ہے)

پیغام شفاء:- (سینکڑوں بیماریوں کی ایک دوا)

نوشادر ایک تولہ، فلفل دراز ۳ ماشہ، مرچ سیاہ ۳ ماشہ، نمک خوردنی ۶ ماشہ، ست پیپر منٹ ۲ رتی، تخم دھتورہ ۳ ماشہ، گیرو ایک تولہ، سب کو نہایت باریک پیس کر ملائیں۔ اور کسی شیشی میں

محفوظ رکھیں- لائق حکیم مختلف انومان سے صدہا بیماریوں پر اسے استعمال کرسکتا ہے-

عموماً یہ دوا بلا بدرقہ صرف پانی سے ہی دی جاتی ہے- جملہ امراض معدہ کا تریاق ہے- امراض دندان پر دانتوں پر ملیں- درد شقیقہ کے لئے بطور نسوار استعمال کریں- بخار کے لئے بھی استعمال کرسکتے ہیں-

اکسیر طاعون ---: (ہیضہ' دمہ' سنگرہنی' امراض چشم)
نمک سیاہ' زاج ابیض' سنگ جراح' نوشادر ہر ایک ۴ تولہ' تمام ادویات کو جو کوب کرکے گھڑا میں ڈال دیں- اور منہ پر روغنی (گھی والا) کوزہ خوب گل حکمت کرکے چولھے پر سوار کریں- روغنی کندہ پانی میں رہے گھڑے کے نیچے آگ روشن کریں جو کہ خوب تیز ہو- شام کو آگ بند کردیں- ہیضہ کا تریاق ہے- سنگرہنی والا مریض دن میں دو مرتبہ یہ عرق ۳/۳ بوند پتاشہ میں ڈال کر کھائے- خوراک دہی چاول' بے نظیر ہے- جو سفید رنگ کی دوا گھڑے کے گلے سے بند ہو- اس میں فی تولہ کافور ۳ ماشہ' سرد چینی ۳ ماشہ' کوڑی زرد ۳ ماشہ' سرمہ سفید ۲ تولہ' ملا کر پندرہ تولہ عرق گلاب میں کھرل کریں- مگر احتیاط رہے کہ چاند کی چاندنی میں کھرل کریں جب سرمہ تیار ہو جائے- استعمال کریں- آنکھ کی جملہ امراض کا شافی علاج ہے- گھڑے میں جو سفید جھاگ برآمد ہو وہ باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں- خوراک ۱ ماشہ صبح ہمراہ آب تازہ- صرف تین خوراک سے طاعونی بخار دفعہ ہو جاتا ہے-

جو فضلہ گھڑے میں موجود ہے- وہ پیٹ درد' بدہضمی' کھانسی کے واسطے مفید ہے- مقدار خوراک ۴ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ آب تازہ کے نوش فرمائیں-

حبوب سیاہ ---: رسوت کو مصفی کرکے آگ پر اس حد تک پکائیں کہ قوام غلیظ ہوکر گولیاں باندھنے کے لائق ہو جائے- اب اس کی رتی رتی کی گولیاں بنائیں اور دن میں پانچ گولیاں ہمراہ چھاچھ دن میں پانچ مرتبہ استعمال کرایا کریں جب بھی بھوک یا پیاس لگے تو چھاچھ ہی پلا دیا کریں اور کچھ نہ کھانے کو دیں- اسی طرح تین یوم استعمال کرائیں- اور مریض کو تین یوم ہی فاقہ کرائیں- انشاء اللہ تین یوم میں ہی شفاء ہوگی- بواسیر کو بھی بے حد مفید ہے- اگر چھپاکی (کہن) نکلے تو پانی کے ساتھ ایک گولی دیں بہت مفید ہے-

برش کافوری جدید ---: افیون ایک تولہ' کافور ۶ ماشہ' جدوار خطائی ۱ تولہ' قلفل دراز ۲ تولہ' سونٹھ ۴ تولہ' کھانڈ ۱۵ تولہ سب کو باریک کھرل کرکے ملالیں- تیار ہے- مقدار خوراک دو چار رتی تا ایک ماشہ بدرقہ مناسبہ سے دیں- فوائد مسکن حرارت' منوم' مسکن اوجاع وحابس بھی ہے-

اکسیر الدم ---: کشتہ سنگجراحت دردھنیا' کشتہ سرمہ سفید شیربز' گیرو سب ہموزن لے کر

سفوف بنائیں- بقدر ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ آب یا بدرقہ مناسبہ کے دیں- ہر قسم کے سیلان خون- سل' بواسیر' کثرت طمث و استحاضہ و سوزاک وغیرہ کو مفید ہے-

پین سول ہر قسم کے دردوں کے لئے

ہینگ' کاربالک ا۔سڈ' کروٹن آئل ہر واحد ۳ ماشہ' ست پودینہ' ست الائچی کلاں ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' کافور ۴ تولہ' سب کو ملاکر صرف تین دن دھوپ میں رکھ دیں- ہر قسم کے دردوں کا زیاق ہے- مقام لذع یا درد پر مالش کریں-

طلسم ربی ---: طلسم ربی یعنی پتھر کا کوئلہ وہ جو ریلوے کے انجن میں اور عام سٹیم انجن میں اور حلوائی لوگ جلاتے ہیں- وہ جلا ہوا کوئلہ جو کہ بالکل سفید چونا ہو جائے- وہ کپڑ چھان کرکے بحفاظت رکھیں جس شیشی میں رکھیں اس کا کارک شیشہ کا ہو- ہر قسم کے زخموں پر بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے- جالی دافع عفونت و قابض ہے مخرج بلغم و حابس رطوبات ہے مقوی معدہ و ہاضم ہے- رطوبات زائد کو خشک کرتا ہے- معدہ کی کھٹاس کو دور کرتا ہے- ہڈیوں کو طاقت بخشتا ہے- دانتوں کے کسی منجن میں شامل کرکے استعمال کرنا مفید ہے- بقدر آدھ تا ۲ رتی امراض معدہ و نقص ہضم کے لئے کھانڈ میں ملاکر صبح دوپہر شام کو کھانا کھانے سے ۵ منٹ پہلے پانی کے گھونٹ سے استعمال کریں- دودھ کے ہمراہ استعمال کرنے سے دودھ معدہ میں کوئی نقص پیدا نہیں کرتا- بہت جلد ہضم ہوکر جزو بدن بن جاتا ہے- ریح متعفن پیدا نہیں ہونے دیتا- مولد خون صالح بھی ہے اگر شہد میں ملاکر صبح دوپہر و شام کو چاٹیں- تو کھانسی کو از حد مفید ہے- زخموں پر خواہ آتشک کے ہوں یا لاعلاج زخم ہوں تو جوشاندہ نیم سے یا کاربالک ا۔سڈ کے لوشن سے زخم کو اچھی طرح سے دھوکر خشک کرکے قدرے طلسم ربی کا دھوڑا اوپر دھوڑ دیں- اور پٹی باندھ دیا کریں صبح و شام پٹی کریں- دھوڑا دھوڑنے سے پہلے زخم کو روغن زقوم یا کسی مناسب روغن سے چپڑ لیا کریں زخم صاف ہوکر درست ہو جائے گا-- چھوت دار' پھنسیوں کے لئے بھی مفید ہے- اور مرض سل میں خون آنے کو اپنا جادو اثر کی وجہ سے روکتا ہے-

مختلف حادثات

ضربہ و سقطہ---- درد---- چوٹ---- موچ---- آگ سے جلنا---- پانی میں ڈوبنا----

آگ سے جلنے کا علاج ---: اگر بدن صرف جھلس گیا ہو مگر کوئی زخم یا آبلہ نہ پڑا ہو تو

اس پر کیسٹر آئل لگائیں۔ اسی دم ٹھنڈ پڑ جائے گی۔ اگر زخم وغیرہ پڑ گئے ہوں تو چونہ کی مرہم لگائیں۔

مرہم برائے سوختگی آگ ---: چونہ ان بجھ ۶ تولہ پانی ۱۸ تولہ میں بھگو کر آب زلال حاصل کریں۔ یہ پانی ۵ تولہ ملا کر ہلا دیں۔ جب مکھن کی طرح سفید ہو جائے تو جلی ہوئی جگہ پر لگادیں۔ کڑچھی میں گرم کرکے بھی اس کی مرہم بنائی جاتی ہے۔ نیز شہد کا لیپ بھی مفید ہے۔

دیگر ---: ویزلین ۸ اونس، کافور ۲ ڈرام، یوکلپٹس آئل ۲ ڈرام، ملاکر مرہم بنائیں اور جلی ہوئی جگہ پر لگاکر کپڑے سے ڈھانک لیں۔ تاکہ ہوا نہ لگے۔

مرہم جلے ہوئے کے لئے ---: روغن کنجد ایک پاؤ، موم دیسی نصف پاؤ، سندھور سوا چھٹانک، رتن جوت ۲ تولہ، موم کو آگ پر پگھلا کر بعدہ روغن کنجد ڈال دیں۔ پھر سندھور ڈالیں اور آگ سے اتار کر رتن جوت باریک شدہ ملادیں پھر آگ پر جوش دے کر اتار لیں بس مرہم تیار ہے۔ ایک ململ کے پھایہ پر لگاکر زخم پر دن میں دوبار لگائیں۔

مرہم سوختگی آتش ---: آب آہک، روغن السی یا روغن زیتون یا روغن کنجد، ہم وزن خوب ملاکر ذرا گرم کرکے مرہم تیار کرلیں۔ زخم پر لگایا کریں۔

مچھروں سے محفوظ رکھنے والا تیل

یوکلپٹس آئل اور آئل سٹرونیلا (سنگترہ) دونوں کو ہم وزن ملالو اور ایک ایک اونس کی شیشیوں میں بند کرکے خوبصورت لیبل لگاکر فروخت کے لئے مذکورہ صدر دونوں ادویات بہت عمدہ خوشبودار ہیں۔ مگر مچھران کی خوشبو سے بھاگ جاتے ہیں۔ بدن کا وہ حصہ جو سوتے وقت کھلا رہتا ہے۔ مثلاً چہرہ، ہاتھ، پاؤں۔ ان پر چند قطرہ مذکورہ صدر مرکب تیل کے ملنے پر خواہ کتنے مچھر کیوں نہ ہوں۔ کیا مجال جو صبح تک ایک بھی کاٹنے کی جرات کرے یا بستر پر چھڑک دیں۔

مچھر مار تیل ---: آئل سٹرونیال ڈیڑھ اونس، آئل کوکونٹ ۲ اونس، آئل کیروسین ۱ اونس، ایسڈ کاربالک ۲۰ بوند، آئل یوکلپٹس ۴۰ بوند سب کو شیشی میں ڈال کر ملالیں اور بوقت ضرورت ہاتھ پاؤں اور منہ پر لگائیں مچھر قریب نہ آئیں گے۔

مچھر بھاگا تیل ---: سڑی نولا (نارنگی کا تیل) ڈیڑھ چھٹانک، تیل ناریل ۲ ثار تیل مٹی ایک چھٹانک، سب کو ملالیں۔ تیار ہے۔

کھٹمل دور ---: قلعی چونہ ۵ تولہ، چھلکا بٹھہ ۵ تولہ، نیلا تھوتھا ڈھائی تولہ فینائل ڈھائی

تولہ' ہر ایک دوا کو الگ الگ پیس کر ملالیں۔ تیار ہے۔ اس دوا کو بستر پر نہایت تھوڑی مقدار میں چھڑک دیں۔ بس پھر یہ قریب تک بھی نہ آئیں گے۔

دیگر :- روغن نارجیل اصلی لے کر چارپائی کے بلوں میں اور جہاں ان کی بودوباش ہو۔ وہاں اس تیل کو چپڑ دیں۔ بس پھر خدا کے فضل سے ایک سال تک کھٹمل اس چارپائی کے نزدیک تک نہیں آئیں گے۔

چوہے بھگانا :- گھوڑے کی دم کے موٹے موٹے بال لے کر قینچی سے باریک کتر کر آٹے میں ملاکر گولیاں بناکر گھر میں بکھیریں۔ چوہے کھاکر بھاگ جائیں گے۔ گھوڑے کے بال چوہے کے پیٹ اور آنتوں میں چبھتے ہیں۔ اور انہیں چین نہیں آتا۔ اور وہ بھاگنا شروع کر دیتے ہیں۔ اور گھر چوہوں سے پاک ہو جاتا ہے۔

دیگر :- دو تین چوہے' چوہے دان کے ذریعہ پکڑ کر ان کے گلے میں چھوٹی چھوٹی گھنٹیاں ڈال دیں۔ اور ان کو چھوڑ دیں۔ جہاں جہاں یہ چوہے جائیں گے وہاں سے یہ "موشی فوج" بھاگ جائے گی۔

متفرقات

تدبیر سموم ملذوغہ---- مارگزیدہ---- کژدم گزیدہ---- سگ گزیدہ---- بھڑگزیدہ----

نسخہ عجیبہ برائے مار گزیدہ :- چھلکا ریٹھہ کا باریک سفوف شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت ایک ماشہ پانی یا گرم دودھ سے جس میں گھی ملا ہوا ہو۔ مریض کو دیں آدھ پون گھنٹہ کے بعد اسی طرح دیتے رہیں۔ یہ دوا مریض کو باوقفہ اس وقت تک دیں جب تک کہ مریض کو دوا کڑوی معلوم نہ ہو۔ پھر نہ دیں۔ نیز کاٹی ہوئی جگہ پر مرہم ذیل بناکر لگائیں۔ صحت ہوگی۔ سفوف مذکور حقہ کے ڈنڈ کی میل اور تھوم کی تریاں ہرسہ ہم وزن باریک پیس کر مرہم بنائیں۔ اور کاٹے ہوئی جگہ پر لگائیں۔ یہ خاندانی صدری نسخہ ہے۔ اگر اسے پردہ اخفا میں رکھنا ہو تو ریٹھہ کاست تیار کرلو۔ اس کی خوراک ایک آدھ رتی ہے۔

سانپ کاٹے کے بے نظیر علاج :- ایک سیر تخم میتھی کو ۵ سیر پانی میں خوب جوش دے کر ایک سیر رہنے پر چھان لیں پھر نصف سیروزنی سنکھ کو آگ میں سرخ کرکے اس پانی میں کم از کم ۱۰ بجھاؤ دیں۔ سنکھ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا۔ اسے ایک کوزہ گلی میں رکھ کر اس میں نصف حصہ تخم میتھی بھردیں۔ دو لبان میں سنکھ رکھ کر اوپر اور میتھی کے بیج ڈال دیں۔ اور بندو

گل حکمت کپڑوٹی کر کے خشک ہونے پر پندرہ سیر کی گڑھے میں آگ دیں۔ کشتہ سنکھ تیار ہے۔ جو سانپ کاٹے کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ ۳ سے ۵ رتی تک ہمراہ آب دیں۔ اگر ضرورت پڑے تو دوسری خوراک ایک گھنٹہ کے بعد دیں۔ عقرب گزیدہ' زہر خوردہ اور طاعونی بخار اور پرانے پتوں پر بھی مفید ہے۔

برائے مار گزیدہ ---: اگر مریض مار گزیدہ کی دندنی دو دفعہ بند ہوئی ہو۔ مرنے سے پہلے مردہ کو بٹھا کر گردن والی اونچی ہڈی ہمیشہ باہر نکلی ہوئی دکھاتی ہے۔ عین اس کے اوپر سنگی لگواؤ۔ کہ یہ سنگی کے اندر آجائے پہلے خالی لگواؤ۔ دوسری پچھنے لگا کر لگواؤ پانی زرد یا سبز رنگ نکل آئے گا۔ پھر تیسری بار خون کا قطرہ آئے گا۔ مردہ زندہ ہوگا۔

دوائے مار گزیدہ ---: اگر مار گزیدہ بحالت مردہ ہو تو مرجانے کا خیال نہ کریں' ممکن ہے کہ زہر کے اثر سے سکتہ شدید میں مبتلا ہو۔ نوشادر پیس کر اس کی آنکھوں میں ڈال دیں۔ اگر ایک دفعہ ڈالنے سے ہوش میں نہ آئے تو مردہ یقین کریں۔ ورنہ نہیں۔ پوست بندق ہندی پانی میں رگڑ کر چند مرتبہ پلانے سے قے شروع ہوگی اور زہر اتر جائے گا۔ علامت یہ ہے کہ نیم کا پتہ کھلائیں اگر تلخی محسوس کرے تو زہر اتر گیا ہے۔ ورنہ اور پلائیں اور زخم پر شیر مدار ڈالتے رہیں سونے نہ دیں۔

دیگر چرک تمباکو کو کہ درنے ے باشد بموضع نیش بمالند و قدرے بانوشانند

برائے مار گزیدہ ---: مرچیاکند یہ بوٹی ہو بہو مرچ سرخ جیسی ہے پہاڑوں سے دستیاب ہوتی ہے۔ پھول' پھل مشابہ با مرچ مگر بہت چھوٹا تلخ اس قدر کہ ایلوا شرماتا ہے۔ اس میں سے کندبر آمد ہوتا ہے یہ گوند سا لعاب بھی چمکیلا معلوم ہوتا ہے۔ باریک پیس کر کند کو شیشی میں محفوظ رکھو۔ مار گزیدہ ہوش میں ہو تو ۲ رتی پانی میں حل کر کے پلائیں۔ دو سلائی آنکھوں میں لگائیں۔ مریض کے جبڑے کھولنے گا پھر پانی حل کر کے دو رتی مرچیا کند پلائیں۔

برائے مار گزیدہ ---: چھلکا ریٹھہ ۶ ماشہ' طوطیا ۶ ماشہ' گھو نگچی خورد ۱۰ عدد' خالص ریشم کا کیڑہ ۵ تولہ' سب کو ریشم کے کپڑے میں لپیٹ کر کوئلوں پر رکھ کر راکھ کر لیں۔ اور اس راکھ میں عصارہ ریوند ۲ تولہ باریک کر کے شامل کر لیں اور بقدر ۳ ماشہ مار گزیدہ کو کھلائیں۔

برائے مار گزیدہ ---: افیون' دال گھو نگچی سفید' گڑ کہنہ بیس سالہ' تخم سوچل' حقہ کی نے کی میل ہر ایک تولہ تولہ تمام اشیاء کو خوب کھرل کریں۔ یہاں تک کہ مثل مرہم ہوجائے اس مرہم کو جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو بغیر پھاہیہ کے لگائیں۔ یہ مرہم خود بخود زہر کو چوسنا شروع کر دے گی۔ اور خود بخود پھولتی جائے گی۔ جب مرہم پھول جائے تو اپنے ہاتھوں کو گھی سے چرب

کر کے مرہم کو زخم پر سے اتار کر نچوڑ ڈالیں۔ تمام زہر خارج ہو جائے گا چند بار کے استعمال سے مکمل صحت ہوگی۔ اگر اس مرہم کے ساتھ روغن جمالگوٹہ کا مسہل دیں تو اور بھی مفید ہوگا۔

برائے مار گزیدہ :۔ سنکھ ایک پاؤ کو اکیس بار دو بوتل شراب میں بجھائیں۔ برگ نیم ۲ سیر کا نغدہ سنکھ کے تہ و بالا رکھ کر ۲۰ سیر کی آنچ دیں سرد ہونے پر آب باتھو ۵ تولہ میں کھرل کریں۔ پھر آب کنوار گندل ۵ تولہ میں پھر شیر بکری ۵ تولہ میں کھرل کر کے پہلے کی طرح آنچ دیں۔ بس تیار ہے۔

مار گزیدہ کو ۲ ماشہ سفوف گندم بریان میں ۴ رتی کشتہ سنکھ میں رکھ کر یہ ایک خوراک ۱۰ تولہ شیر ۱۰ تولہ روغن زرد میں ملا کر بغیر میٹھا ملائے پڑیہ منہ میں رکھ کر اوپر سے پانی لیں۔ لحاف اچھی طرح سے اوڑھ کر مریض کو لٹا دیں تین منٹ میں بے شمار پسینہ آکر زہر خارج ہو گا۔ اور مریض تندرست ہوجائے گا۔ اگر مریض بیہوش ہو تو اس کے دونوں نتھنوں میں مرچ سفید پیس کر نفوخ کریں اور اندر کشتہ دیں۔ مریض ہوش میں آکر تندرست ہوگا ضرورت پر ۲۴ گھنٹہ کے بعد پھر دوا دیں۔ جس مریض کو پسینہ نہ آئے۔ وہ ہلاک ہوگا۔ ناصور کہنہ، موتی جھرہ، چو تھیہ بخار و بلغمی بخار، درد، عرق النساء، درد مفاصل، وجع الورک میں سفوف کوزہ مصری کے ہمراہ ۲ رتی کشتہ پانی سے دیں۔ برف میں دبے ہوئے کو یعنی جس کو زیادہ سردی لگ جائے۔ زعفران ۲ رتی عرق گلاب ۴ تولہ میں حل کر کے سردی سے بے ہوش شدہ کے منہ میں ۲ رتی کشتہ ڈال کر اوپر سے چمچہ چمچہ عرق پلائیں۔ نہایت ہی اکسیر ہے۔

تریاق افعی :۔ پوست ریٹھہ مثل غبار کریں۔ ایک ایک ماشہ ہر دو گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے کھلاتے رہیں اور یہی دوا سرکہ میں حل کر کے مقام ماؤف پر لگائیں اور اسی کی نسوار دیں سانپ کے زہر کا تریاق ہے۔

مار گزیدہ و سگ گزیدہ :۔ طوطیا، نوشادر، شورہ، سہاگہ، پھٹکڑی ہر ایک ۱ تولہ سم الفار ۳ ماشہ، چرک حقہ ۳ ماشہ، ہاتھی سونڈھی کا پانی، سوا سیر میں کھرل کر کے آگ پر خشک کریں ایک رتی تا چار رتی خوراک۔

تریاق مار :۔ مریض اگر بے ہوش ہے تو بھلا نواں ایک عدد لے کر اس کی ٹوپی دور کر کے دست پناہ (بھٹہ) سے پکڑ کر ذرا سی گرمی دکھا کر بھلانوہ کو پکڑ کر اس کا روغن سانپ کے زخم میں بھر دیں۔ مریض ہوش آجائے گا۔ اور ۱۰ منٹ میں آجائے گا۔

برائے مار گزیدہ :۔ یہ وہ دوا ہے۔ جس کو آنکھ میں لگانے سے مار گزیدہ ہلاکت سے بچ جاتا ہے۔ آنکھوں سے بہت آنسو جاری ہوں گے اور مار گزیدہ ہلاکت سے بچ جائے گا۔ جمالگوٹہ کا بیرونی چھلکا و اندرونی پتہ نکال کر دو ٹکڑے کریں۔ اور ہر ایک ٹکڑے کو جدا جدا پانی میں پیس کر

سلائی سے ایک ایک آنکھ میں لگائیں۔

نفوخ مار گزیدہ ---: نیلا تھوتھا باریک پیس کر ہموزن نشاستہ ملائیں۔ بقدر ایک چٹکی مارگزیدہ کے ناک میں پھونکیں۔ ایک بار کافی ہے اگر افاقہ نہ ہو تو دوسری اور تیسری دفعہ دیں۔

برائے مار گزیدہ ---: آک کی نرم کونپل مارگزیدہ کو کھلائیں کونپل نہ ملے تو پتہ کھلاؤ۔ کڑواہٹ معلوم نہ ہوگی۔ جب کڑواہٹ معلوم ہو تب سمجھ لیں کہ اب زہر اتر گیا ہے۔

اکسیر زہر مار ---: چھلکا بندق ہندی (ریٹھہ) بقدر ۶ ماشہ گھوٹ کر مارگزیدہ کو ایک پاؤ پانی میں پن چھان کر پلائیں تے اور اسہال ہو کر مریض اچھا ہو جائے گا۔ یہاں تک بار بار پلاتے جائیں کہ مریض کو ریٹھہ کی سردائی تلخ معلوم ہو تو سمجھ لیں کہ زہر خارج ہو گیا ہے۔ دودھ اور گھی زیادہ استعمال کریں۔

دیگر تریاق زہر مار ---: جائفل، لونگ، کیسر کشمیری، افیون ہر واحد یک تولہ پہلے تین چیزوں کو باریک پیس کر بعد ازاں افیون کے ساتھ ایک دن کامل کھرل کریں پھر اس میں ۶ ماشہ شہد ملالیں۔ اور محفوظ رکھیں بقدر ۲ رتی یہ تریاق لے کر پانی کے ہمراہ مارگزیدہ اگر بے ہوش ہو تو گھول کر منہ میں ڈالیں اور ناک بند کردیں دوا اندر جاتے ہی مریض ہوش میں آجائے گا اگر زہر زیادہ اثر کر چکا ہو تو دوبارہ سہ بارہ عمل کریں۔

تریاق زہر مار

بلور اصلی، سنگجراحت، جوہر نوشادر، لوٹا بجی ہر ایک ایک تولہ، شیشہ نمک ۴ تولہ، اول بلور کو مانند غبار کھرل کریں۔ پھر سب چیزوں کو شامل کرکے پیس لیں۔ خوراک ۲ رتی تا ایک ماشہ ہمراہ آب۔

اکسیر مار گزیدہ ---: وسمہ ایک تولہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ، پیس کر شیرہ نکال لیں اور مارگزیدہ کو پلائیں۔ اگر قریب الہلاکت اور بے ہوش ہوگا تو فوراً ہوش میں آجائے گا۔ پھر ایک یا دو گھنٹہ کے وقفہ سے دو دفعہ پلانے سے بالکل اچھا ہو جائے گا۔

تریاق مار گزیدہ ---: اگر مرد کو سانپ نے کاٹا ہو تو مرد کا تازہ پیشاب اور اگر عورت کو کاٹا ہو تو عورت کا تازہ پیشاب بے خبری میں پلائیں تو فوراً زہر اتر جائے گا۔ اور تداوو بالحرام کا بھی خیال رکھیں۔

برائے مار گزیدہ ---: ریٹھے گل حکمت کرکے جلاکر سرمہ بنالیں اور مارگزیدہ کو ایک

چاشہ بھر کھلائیں- اوپر سے دودھ میں قدرے گھی ملاکر گرم گرم پلائیں اور ہر تین گھنٹہ کے بعد چاشہ بھر کھلائیں اور گھی آمیز دودھ پلاتے رہیں- پانی نزدیک تک نہ آنے دیں- اور مریض کے کان بہت گرم رکھیں تاکہ پسینہ کی راہ زہر خارج ہو- سرد ہوا سے پرہیز رکھیں- دو تین روز میں بالکل آرام ہوگا---- اگر منہ سے خون جاری ہو جائے اس صورت میں پھٹکڑی سفید ۲ ماشہ باریک پیس کر دو چمچے پانی میں حل کر کے پلائیں- خون فی الفور بند ہوگا اگر بند پڑ جائے تو ریٹھہ کا چھلکا ۳ ماشہ' توتیا ۱ رتی خوب باریک کر کے ۳ چھٹانک قند سیاہ ملاکر کھلائیں اور ۱۰ منٹ بعد گرم پانی میں پلائیں-

برائے عقرب گزیدہ

اگر کسی کو بچھو کاٹ کھائے تو ہڑتال و رتی' نیلا تھوتھا آک کے دودھ میں گھس کر لگا دیں-

دیگر ---: بھنگ ۶ رتی' مغز تخم املتاس ۳ ماشہ' نربسی ۱ ماشہ' گھوٹ کرپلائیں اور سونے کا پرہیز کریں-

تریاق عقرب کا چٹکلہ ---: چرچٹہ کی جڑھ کو پانی میں گھس کر مقام ڈنگ پر لگائیں تو درد وغیرہ فی الفور دور ہو جاتا ہے-

دیگر ---: چرچٹہ کی جڑ کو خالص سرکہ میں پیس کر بھی لگاتے ہیں بقدر ضرورت لیپ کیا جاتا ہے-

برائے عقرب گزیدہ ---: پر میگنیٹ آف پوٹاش تھوڑی سی لیں- جس جگہ بچھو نے کاٹا ہو اس جگہ سے سوئی سے نشتر کرو اور دوائی ڈال کر ملکر جذب کردو درد دور ہوگا-

دیگر ---: قدرے پر میگنیٹ آف پوٹاش اور قدر ٹاٹرک ایسڈ علیحدہ علیحدہ باریک پسے ہوئے ہوں- ڈنگ والی جگہ پر ڈال کر اوپر سے قطرہ پانی کا ڈال دیں فوراً شعلہ پیدا ہوگا اور جگہ جل جائے گی یا آبلہ پڑ جائے گا اور درد بالکل دور ہوگا مگر یہ احتیاط رہے کہ جگہ ڈنگ والی ہی ہو- ایک ایک چاول بھر دوائی ڈالنی کافی ہے-

دیگر کژدم گزیدہ ---: جس جگہ بچھو کاٹے وہاں دو بوند پانی ڈال کر ایک رتی کاسٹک لگادو- فوراً آرام ہو گا- مجرب ہے-

برائے کژدم گزیدہ ---: جائے نشیں پر شہد خالص لگانے سے پانچ منٹ میں ٹھنڈک پڑ

جاتی ہے یا شکر کا گاڑھا لیپ کر کے لگائیں۔ نہایت ہی مجرب ہے۔

کژدم گزیدہ ـــ: مقام نیش پر سوزن سے چھید کر کے مندرجہ ذیل دوائی کی ایک بوند
ڈالیں۔ دو منٹ کے اندر آرام ہو گا۔ چھید قدرے گہرا کریں۔
کلورل ہائیڈ ریٹ دو حصہ، کافور ایک حصہ ملا کر شیشی میں ڈال لیں۔

عقرب گزیدہ ـــ: بچھو نیش زن کو تلاش کر کے مارڈالو۔ اور پھر دھکتے ہوئے کوئلہ پر جلاؤ
اور مریض کی جائے نیش زدہ پر اس کی دھونی دیتے رہو جب جل کر خاک ہو گا تو وہ کاک نیش پر
پٹی سے باندھ دو تو فوراً آرام ہو گا۔

دیگر عقرب گزیدہ ـــ: جہاں عقرب کاٹے وہاں پان میں کھانے کا چونہ لگا کر اوپر سے
گندھک کا تیزاب ایک یا دو بوند ڈال دیں فوراً آرام ہو گا آزمودہ ہے۔

دیگر ـــ: دارچینی کے تیل کا پھایہ مقام نیش پر رکھ دیں۔ پانچ منٹ میں آرام ہو گا۔ مجرب
ہے۔

دیگر ـــ: درونج کو لے کر اس کے دو ٹکڑے اس ترکیب سے کریں کہ ان کے دونوں دال
علیحدہ رہیں۔ ایک دال کو پانی میں گھس کر مثل زہرمہرہ کے بچھو کے ڈنگ پر لگائیں۔ جس قدر زہر
ہو گا سب نکال لے گا۔

دیگر ـــ: عقرب جس جگہ ڈنگ لگائے فوراً ایک یا دو دیا سلائیاں لے کر اس مقام پر
رگڑے یہاں تک کہ سرخ ہو کر کسی قدر خون ظاہر ہو جائے۔ نہ درد نہ جلن اور اسی وقت
آرام ہو گا۔

چٹکلے برائے عقرب گزیدہ

دو تین مکھیاں جائے نیش پر مل کر باندھ دیں آرام ہو گا۔

دیگر ـــ: بیری کی کونپل اور سیاہ مرچ بھی باندھنا مفید ہے۔

دیگر ـــ: گرم تیل لگانا بہت مفید ہے۔

دیگر ـــ: عقرب کا نیش جدا اور شکم چاک کر کے باندھنا مفید ہے جو بچھو کاٹے اگر وہ مل
جائے تو اسے مار کر باندھیں۔

دیگر ـــ: چھالیہ جو پان میں کھائی جاتی ہے۔ نیم کوفتہ تمباکو کی جگہ اس کو پئیں۔ کش لگاتے

لگاتے آنا" فانا" آرام ہوگا۔

دیگر ـــــ: جس جگہ بچھو نے کاٹا ہو۔ اس جگہ کے ارد گرد کوئی دوسرا آدمی انگلی پھیرتا رہے۔ اور جدہر کو درد کی لہر جائے۔ ادھر بھی اسی طرح انگلی پھیرے۔ خدا کرے نصف منٹ میں آرام ہوگا۔

دیگر ـــــ: املی کی بیج جو نئے نہ ہوں کو لے کر کسی پتھر پر کسی قدر گھسیں۔ اس سے اس کے مغز کی کچھ سفیدی نکل آئے گی۔ بعدہ اس کو جائے نیش پر ہاتھ سے تھوڑی دیر چپکائے رکھیں۔ کچھ دیر بعد وہ ایسا چمٹ جائے گا۔ کہ جب تک زہر زائل نہ ہو نہ چھوٹے گا نہایت زود اثر دوا ہے۔

دیگر ـــــ: مولی کا پانی نکال کر رکھ دیں۔ جتنا پرانا ہوگا مفید ہے خراب نہیں ہوتا۔ روئی کے پھاہیہ سے لگائیں فوراً ٹھنڈک پڑ جائے گی۔

دیگر ـــــ: مغز جمالگوٹہ کا لیپ کریں اندرونی طور پر ۳ ماشہ چھال نیم یا مور کا پر چلم میں رکھ کر پئیں۔ تمباکو کی طرح سے کش لگائیں۔

دیگر ـــــ: لہسن مقشر، عقرقرحا، ہینگ اصلی، شراب اصلی میں گھس کر لیپ کریں۔ مجرب و مفید ثابت ہوگا۔

دیگر ـــــ: لیموں کے پانچ سات پتے چابئیں۔ اور مخالف کان میں پھونک لگائیں۔ پھر مریض سے دریافت رکیں کہ درد ہے یا آگے سے کم ہے۔ مریض کہے گا کہ کم ہے۔ پھر ذرا دیر بعد پھونک لگائیں اور پوچھیں درد دور ہوگا۔ اسی طرح سے چند بار عمل کریں۔ اسی طرح سے مریض سے فیہ چند ببول کے درخت (کیکر) کے پتے بقدر ایک تولہ منہ میں چبالیں اور جس حصہ کی جانب مریض کے بچھو نے کاٹا ہو مذکورہ بالا طریقہ سے مخالف کان میں پھونک لگائیں۔ تین پھونکیں لگائیں درد قطعی طور پر کافور ہوگا۔

دیگر ـــــ: دار چینی کا انگریزی تیل ایک تولہ جمالگوٹہ کا عمدہ نیا تیل ایک ماشہ ہر دو کو ملاکر محفوظ رکھیں۔ روئی کی پھریری سے لگائیں اور صابن سے جگہ صاف کردیں تاکہ آبلہ نہ پڑے۔

دیگر ـــــ: نمک خوردنی ۲ رتی کو ٦ ماشہ پانی میں حل کرکے ماؤف طرفہ سے مخالف کان میں ڈالا جائے اور ساتھ ہی مریض سے پوچھا جائے کہ کیا آرام ہوگیا ہے۔ انشاء اللہ مریض کہے گا کہ مجھے آرام ہو گیا ہے۔ اگر شاذونادر کوئی کہے کہ مجھے آرام نہیں ہوا۔ تو دوسری دفعہ دوائی ڈالیں یقیناً آرام ہو گا۔ ۲/۴ منٹ بعد اس پانی کو گرا کر دوسری بار عمل کریں۔ اسی طرح ۳/۴ دفعہ کرنے سے درد دور ہوگا۔

سگ گزیدہ کا تحیر خیز علاج

(سنیاسیانہ مجربات کے قابل قدر اثرات)

کتے مکھی (جو کتوں اور گھوڑوں پر بڑی مکھیاں ہوتی ہیں۔ ان کے پر اور ٹانگیں کاٹ کر بقیہ حصہ خشک ۲ تولہ، قندسیاہ، تولہ کوٹ کر ماشہ ماشہ کی اڑھتالیس گولیاں بنالیں۔ مریض سگ گزیدہ کو چند گولیاں کھلا کر تولہ بھر مسکہ گاؤ تازہ مریض کی آنکھوں پر رکھ کر ایک رتی کی مقدار میں کشتہ سرمہ سفید مسکہ پر ڈال کر اور کپاس کو دودھ میں تر کرکے مسکہ پر رکھ کر پٹی باندھ دیں۔ اور مریض کے سر پر دودھ بکری کی زور دار دھاریں لگاتے رہیں۔ چار منٹ بعد آنکھوں کی پٹی کھولیں۔ مسکہ غائب ہوگا۔ اسی طرح سے بغیر دوا رکھ کر پٹی باندھ دیں----- چند منٹوں بعد وہ مسکہ بھی نہ رہے گا۔ اسی طرح سے بدستور آنکھوں پر چھ سات دفعہ مسکہ رکھوائیں۔ اور سر پر شیر بز کی دھاریں لگواتے رہیں۔ دس بارہ منٹ کے بعد مریض کو قے دست شروع ہوکر زہریلا مادہ خارج ہونے لگے گا۔ مرض بدن سے خارج ہوگا۔ اور مریض راضی خوشی ہوگا۔ پہلے دو سیر تازہ مسکہ گاؤ میش، دو سیر دودھ اور ایک دودھ والی بکری مہیا کر رکھیں۔ بقیہ مکھن جو بچے اس کی مالش مریض کو کی جائے۔ جس قدر مکھن کی مالش ہوگی اور دودھ سر میں دھاریں گے اتنا ہی مفید ہوگا۔

پرہیز---: تیل کی اشیاء سے اور ہلدی سے چالیس یوم تک اگر ضرورت ہو تو دوبارہ سہ بارہ بھی یہ گولیاں دی جاسکتی ہیں۔ یہ علاج اس وقت کیا جاتا ہے جبکہ مریض ہلکا ہو چکا ہو۔ اور مکمل علامات ظاہر ہوکر لاعلاج ہوچکا ہو۔

اکسیر کلب ---: سرسوں کا تیل پانچ پانچ تولہ مریض کو ایک ایک گھنٹہ بعد پلاتے رہیں جب مریض تیل شناخت کرلے یا پینے سے انکار کرے تو یہ اس کے شفایاب ہونے کی دلیل ہے۔ دیوانے کتے کے کاٹے کی اکسیر دوا ہے۔ وہ مریض جن کو کوئی دوا کارگر ثابت نہ ہو۔ حتیٰ کہ ٹیکے اور ویکسین بھی جواب دے دیں تو یہ دوا حیرت انگیز اور تعجب خیز معجزہ دکھاتی ہے۔

برائے سگ گزیدہ و مار گزیدہ ---: مغز جمال گوٹہ ۴ تولہ، اس طرح مدبر کریں کہ بھینس کے دودھ میں ایک ماہ تک مدبر کریں۔ دودھ تیسرے روز بدل دیا کریں۔ ایک ماہ کے بعد تازہ گوبر میں شامل کرکے اپلے بناکر سایہ میں رکھ لیں ایک ہفتہ بعد نکال کر چھلکا و پتہ صاف کرکے مغز میں ایک تولہ پارہ کھرل کریں کہ یکذات ہو جائے پھر تخم حنظل ۲ تولہ کھرل کرکے پھر تازہ شیر مدار جس میں کہ تر ہو جائے ڈال کر بند و گل حکمت کرکے ۵ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ بس

زیاق تیار ہے بقدر نصف چاول کند یا منقیٰ میں رکھ کر کھلائیں۔ یہ جوان آدمی کے لئے ایک خوراک ہے ڈنگ والی کاٹی ہوئی جگہ پر استرے سے پچھنے لگا کر خون صاف کرکے بقدر دانہ گندم کے لیپ کریں۔ بس اللہ تعالیٰ شفاء دے گا۔

تریاق زہر سگ دیوانہ ---: باجرہ کے خوشہ پر جب وہ پکنے لگتا ہے تو بور سا ہوتا ہے۔ وہ اکٹھا کرکے ہمراہ قند سیاہ ایک ماشہ روزانہ سات یوم تک استعمال کرنے سے زہر اثر نہیں کرے گا۔ اور اگر اثر کرے گا تو مریض صحت یاب ہوگا۔

تریاق زہر ---: نبات اصلی کا تاگہ (ڈورا) ۴ رتی کو موم سفید خالص میں لپیٹ کر ایک گولی باسی پانی سے نگلوائیں۔ سات روز بلاناغہ ہر قسم کے دیوانے جانوروں کے کاٹے ہوئے کو اکسیر ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

الحمد للہ العلی العظیم والصلوۃ والسلام علی نبیہ الکریم

اس حصہ میں مردوں کے خاص امراض جن میں ضعف باہ جلق، اغلام کی وجہ سے کمزوری پیدا ہو چکی ہو سرعت انزال حس کا بڑھ جانا سوزاک آتشک جریان و نامردی وغیرہ شامل ہیں ان کے تمام وہ اسرار صدری جن کے حصول کے لئے میں نے ان تھک کوشش کی تھی اور جن پر مجھے پورا پورا اعتماد حاصل ہوا دیگر وہ تصدیق شدہ نسخہ جات جو لقمان کی زینت بنتے رہے اس میں بیدریغ پیش کر دیئے ہیں کہ ہم مشرب بھائی اور دیگر ناظرین مرض کی اسباب کی گہرائی میں پہنچ کر "مجربات لقمانی" سے اپنی منشاء کا موتی تلاش کر لیں۔

مگر یہ گزارش کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ پہلے اسباب مرض کو تلاش کر کے ان کا علاج کیا جائے، جب تک صحت کامل نہ ہو جائے اس وقت تک سلسلہ علاج کو جاری رکھا جائے۔

یہ یقین کر لیجئے گا دس پندرہ سال کی بے اعتدالیوں کے نقصانات کی تلافی کے لئے دو چار ہفتہ پرہیز و علاج پر صرف کر دینا کوئی بات نہیں ہے۔ واللہ الموفق۔

آپ کا خادم

عبدالرحیم جلیل گولڈ میڈلسٹ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

صدری معمولات مطب لقمانی

اردو نام	طبی نام عربی فارسی	ڈاکٹری نام
ضعف باہ	مردانہ کمزوری	سیکوشوئل ڈبلٹی
نامردی	عنانت	Sexual Debility
ضعف بعد الجماع	مباشرت کے بعد کی کمزوری	امپوٹین سی
جلق و اغلام	استمنا بالید خلاف وضع فطرت مسٹربے شن	Impotenoy
جلق	یا مشت زنی	ڈبلٹری آفٹر کوئی شن
کثرت جماع	جلد عمیرۃ	
	کثرت مباشرت	
		آنانزم
		Onanism.
		ایکسے سو کوئی شن
		Excesevie Coition.

حب کچلہ یا حب اذراقی

ڈیڑھ پاؤ کچلہ لے کر کسی مٹی یا چینی کے برتن میں ڈال کر لعاب کو ارگندل ڈال کر رکھ دیں لعاب اتنا ہو کہ کچلے ڈوبے رہیں۔ جب لعاب جذب ہو جائے تو کچلے چھیل کر اور اندرونی پتہ دور کرے علیحدہ رکھ دیں۔ پھر ان کو آب ادرک میں بھگو دیں۔ اور اب ادرک دو انگلی تک اوپر رہے۔ جب پندرہ یوم کے بعد پانی جذب ہو جائے۔ تو کچلوں کو پیس کر رکھ لیں۔ بس یہ کچلہ مدبر ہے۔

نوٹ یہ گیلے گیلے ہی نرم حالت میں کوٹے جاسکتے ہیں۔ اب کچلہ مدبر ۵ تولہ' زعفران ۲ ماشہ' دار چینی ۲ تولہ' جاوتری ۲ تولہ' سورنجاں شیریں ۳ تولہ' سونٹھ ۱۰ تولہ' الائچی کلاں ڈھائی تولہ' ان سب کو کوٹ چھان کر گولیاں بقدر کنار دشتی بنالیں۔ اور ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد ـــ: کمزوری باہ و مجلوق کو مفید ہے۔ جملہ امراض اعصابی کا تریاق کامل ہے۔ قبض دائمی، فتور ہضم، خرابی معدہ جگر، کمی تولید خون کو مفید ہے۔ مقوی باہ ہے۔ جملہ اعضائے رئیسہ کو

طاقت دیتی ہے۔ اور بڈھوں کے لئے تریاق اور قوت باہ کے لئے مفید ہے۔ سفوف کیلہ کا بھی لسو ہے۔

عاشق مزاج ---: عقر قرحا' اذاراقی مدبر' شنگرف' قرطاطیس (زرنیخ) مومیا (سلاجیت) زعفران' افیون' جدوار خطائی' جملہ ادویہ ہم وزن لے کر شہد سے گولیاں نخودی تیار کریں۔ ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

نوٹ اس دوا کو کم از کم بارہ گھنٹہ عرق گلاب میں کھرل کرنا چاہئے۔ تاکہ جملہ اجزاء اچھی طرح سے مخلوط ہو جائیں۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ مولد خون و مغلظ منی ہے۔ جادو اثر ہے۔ فوری اثر کرتی ہے۔ بجلی سی قوت پیدا کرتی ہے۔

حب مبہی ---: سم الفار' افیون' پارہ' ہم وزن لے کر چند یوم متواتر سحق بلیغ کریں۔ خوراک برنج برابر ہمراہ لبوب کبیر (قانون بو علی سینا) ممسک غضب کا ہے۔

گولڈن پلز ---: جواہر مہرہ ۴ ماشہ' کشتہ نقرہ ۳ ماشہ' کشتہ فولاد ا ماشہ' کشتہ بیضہ مرغ ۴ ماشہ' ایکس ٹریکٹ نکس وامیکا ا ماشہ' سلاجیت ۳ ماشہ' کستوری ۲ ماشہ' مصطگی ۴ ماشہ' ایکسٹریکٹ ڈمیانہ ا ماشہ' زنک فاسفائیٹ ٦ رتی' کیمفر مونو برومائیڈ ۲ ماشہ' سوڈیم برومائیڈ ۴ ماشہ' سب کو کھرل کرکے شہد سے گولیاں نخودی بنائیں۔

ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ' سرعت انزال' نامردی' کمزوری کو جڑ سے اکھیڑ دیتی ہے۔ دماغی و جسمانی کمزوری کو مفید ہے۔ جملہ اعضائے رئیسہ کو فائدہ دیتی ہے۔

اکسیر مقوی باہ ---: کشتہ فولاد عمدہ ۱/۸ رتی' ایکسٹریکٹ ڈمیانہ ا رتی' ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۱/۴ رتی' کونین سفلیٹ ۱/۴ فاسفورس ۱/۲۰۰ رتی یہ ایک گولیکا وزن ہے۔ اس مقدار سے گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح و شام دودھ سے کھائیں۔ حد درجہ کی مقوی باہ ہے۔

اکسیر باہ ---: کشتہ فولاد عمدہ ا تولہ' کشتہ نقرہ ٦ ماشہ' ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۳ ماشہ سب کو عرق کیوڑہ میں کھرل کرکے ایک سو گولی بنائیں۔ ایک گولی روزانہ ہمراہ شیر گاؤ دیں۔ اس سے بہتر مقوی دوا ملنی مشکل نہیں تو محال ضرور ہے۔

اکسیر باہ —: سم الفار، مشک، ورق طلاء ہر ایک ۳ ماشہ، زعفران، جائفل، جاوتری ہر ایک تولہ نمبرا پھر ۲ پھر ۳ خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ پھر دیگر ادویہ شامل کر کے خوب یکجان کریں۔ تیار ہے۔ یک تا دو سرخ آدھ پاؤ مسکہ گاؤ میں ملاکر رکھ دیں۔ دوران استعمال میں شیر گاؤ اور روغن زرد بکثرت استعمال کریں۔ گرم خشک اشیاء سے پرہیز ایک ہفتہ میں بڈھے جوان ہو جاتے ہیں۔

حب اکسیر باہ —: سم الفار سفید ۲ تولہ، مغز تخم ارنڈ میں لپیٹ دیں۔ اور آردگندم کا لیپ کرکے بھوبل میں دفن کریں۔ آٹا سرخ ہونے پر نکال لیں اسی طرح دوبارہ عمل کریں۔ مومیا ہوگا۔ چاندی ایک تولہ کا باریک پترہ بناکر دس بار عرق کنوار گندل میں بجھاؤ دے کر بعد ازاں لعاب گھیکوار میں لپیٹ کر ڈھائی سیر پا چکہ شتی کی آگ دیں۔ اگر خام نکلے تو دوبارہ آگ دیں کشتہ ہوگا۔

سم الفار مومیہ ۳ ماشہ، کشتہ چاندی ایک تولہ، دار فلفل ۳ ماشہ سب کو عرق گلاب و روح کیوڑہ میں ایک یوم کھرل کرکے گولیاں بقدر دانہ سونٹھ بنائیں۔ ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ قوت باہ کے لئے اکسیر ہے۔ ایک ہفتہ میں ناقابل برداشت قوت پیدا کرتا ہے۔

حبوب منعش حرارت غریزی —: ورق طلاء ڈیڑھ ماشہ، ورق نقرہ ۳ ماشہ، کشنیز خشک ۴ ماشہ، فلفل سیاہ ۲ عدد، سب کو ڈیڑھ چھٹانک پانی میں پیس کر قبل طلوع آفتاب بغیر نمک و مصری ملائے پلائیں۔ دوا پینے کے بعد ایک بتاشہ کھاسکتے ہیں۔ تین دن استعمال کریں۔ ترش و بادی اشیاء سے پرہیز کریں اور ثقیل اشیاء سے بھی پرہیز لازمی ہے۔

لونگ مقوی باہ برائے امساک —: تخم دھتورہ سیاہ ۳ تولہ، اجوائن خراسانی ڈیڑھ تولہ، جوزبوا ۵ تولہ، تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب ایک حصہ رہ جائے چھان کر آب پوست بیخ ڈھاک، تازہ اضافہ کریں۔ اور ایک تولہ لونگ ڈال کر نرم آگ پر خشک کریں۔ اور لونگوں کو سایہ میں خشک کریں وقت سے دو گھنٹہ قبل ایک لونگ استعمال کریں۔

حب مقوی باہ —: سنکھیا سفید ۱ ماشہ، کتھ سفید ایک تولہ، مصطگی رومی ایک تولہ، گلاب کے عرق میں کھرل کرکے جوار کے دانہ سے ذرا چھوٹی گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح و شام استعمال کریں۔ مرغن و چرب غذائیں استعمال کریں۔

مقوی باہ دودھ بیضہ والا —: ایک سیر شیر گاؤ جوش دیں جب نصف رہ جائے اتار کر ایک بیضہ مرغ پھینٹ کر ملا دو اور شیریں کرلو۔ کشتہ نقرہ ایک چاول منہ میں ڈال کر اوپر سے یہ دودھ پی لو۔ دوسرے روز دو بیضہ اسی طرح ہر روز ایک بڑھاتے جائیں۔ کم از کم دو یوم ورنہ چالیس یوم عجیب اثر و طاقت پیدا ہوگی۔

معجون مقوی باہ و ممسک —: ماکنگنی، عقر قرحا، تخم زردک، جوزا بوا کمد ایک تولہ،

زعفران، لونگ، اسپند مکد ۶ ماشہ، تل ۳ تولہ، خشخاش ۵ تولہ، روغن گاؤ ۵ تولہ، شہد ۴ تولہ، زردی بیضہ مرغ ۳ عدد سب کو ملاکر گھی میں بھون لیں۔ اور شہد ملاکر جائفل کے برابر گولیاں بناکر جماع سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی کھائیں۔ یہ نسخہ اس بات میں نہایت موثر ہے۔ ہرچند کہ انزال ہو مگر شہوت برقرار رہتی ہے۔

برائے نامردی ---: اس بے خطا نسخہ کا انگریزوں پر بھی تجربہ کیا گیا۔ تو بالکل مجرب ثابت ہوا۔ موسیٰ کنی لاجوردی رنگ کے پھولوں والی اگر سبز ہو تو ایک مٹھی بھر خواہ دودھ میں جوش دے کر پلاؤ یا گوشت میں پکا کر کھلاؤ یہ ایک خوراک ہے۔ اتنی ہی خوراک صبح و شام استعمال کریں اگر بوٹی خشک ہو تو ۲ تولہ صبح اور ۲ تولہ شام استعمال کریں۔

نوٹ مخزن الادویہ اور مفردات کی کتابوں میں مقدار خوراک غلط لکھی ہے۔اسی بوٹی کا لعاب نکال کر سانپ کے منہ میں ڈالیں تو اسی وقت مرجاتا ہے۔ یہ بوٹی کوٹ کر اگر خشک ہو تو پانی سے تر کرلیں مارگزیدہ کے نیش کی جگہ باندھیں۔ ایک گھنٹہ میں زہر چوس لے گی۔

حب برائے قوت باہ مفیداست ---: کشتہ قلعی ا تولہ، کشتہ فولاد ا تولہ، کشتہ سم الفار ۲ چاول، موم سفید ۶ ماشہ، شیر برگد ۳ تولہ، سب کو کھرل کرکے بقدر رائی کے گولیاں تیار کریں ہر روز ایک گولی دودھ کے ہمراہ کھائیں۔ غذا مرغن استعمال کریں۔ نہایت ہی عمدہ چیز ہے۔

بے حد مقوی باہ و ممسک سفوف ---: خراطین خشک، بیر بہوٹی، مصطگی رومی، بھونہ اجوائن ہر چہار مساوی سائیدہ حل کردہ نگہدارند ہر روز یک رتی تاسہ روز روز چہارم یک رتی بے فرائند ہمیں طور بعد سوم روز یک رتی زیادہ کردہ تاسہ ماشہ ہر روز بحسب مزاج قوت و امساک بے حد آئد۔ مجرب است۔

برائے قوت باہ ---: ایک پاؤ مولی کے پتوں کا پانی نکال کر بغیر چھانے کے ایک تولہ سیماب کھرل کریں۔ گولی سی بن جائے گی۔ اس کو توے پر رکھ کر نیچے کوئلے کی آنچ دیں۔ اور لیموں کا رس تھوڑا تھوڑا نچوڑتے رہیں۔ جو اس میں سفید ہوکر رہ جائے خوراک ایک چاول۔

مقوی باہ کرامات سیاہ مرچیں ---: مرچ سیاہ سالم ڈھائی تولہ، سم الفار سفید ایک تولہ ۲ سفوف مثل غبار کرکے مرچوں پر چھڑک کر کسی چینی یا شیشے کے برتن میں رکھ کر ایک لیموں نچوڑ دیں اور دھوپ میں رکھ دیں۔ اسی طرح ہر روز ایک لیموں نچوڑ دیا کریں۔ چالیس یوم تک روزانہ لیموں نچوڑ دیا کریں تا آنکہ سم الفار مرچوں میں جذب ہو جائے پھر معمولی طور پر پانی سے دھوکر پانی پھینک دیں اور مرچوں کو خشک کرکے رکھیں۔ ایک دو مرچیں روزانہ کھلائیں۔ اور گھی ۲ استعمال زیادہ کریں۔

حلوا مقوی باہ ---: خراطین مصفی ۱ تولہ، کرم مخمل ۳ ماشہ، سوجی ۵ تولہ، گوڑیا مصری ۵ تولہ یا حسب مرضی کم و بیش کرلیں۔ حلوا تیار کریں یہ ایک خوراک ہے۔

نوٹ بیر بہوٹی ۲ عدد کافی ہے۔ ۳ ماشہ سخت خطرناک ہے۔

مقوی باہ نہایت مفید ہے ---: زعفران، افیون، شنگرف، مشک، عقرقرحا، لونگ، جائفل، دارچینی، ہر ایک ایک ماشہ، مروارید ڈھائی ماشہ، روغن سم الفار ڈھائی ماشہ سب کو کھرل کرکے بقدر ایک رتی گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ دس بوند کاڈلیور آئل، مگر بعد از غذا دیں۔

اکسیر باہ ---: سیماب، سم الفار ہم وزن، افیون ایک وزن، کتھ سفید ۲ عدد درعرق پان دو روز کھرل کرکے گولیاں نصف رتی بنائیں۔

سٹوجن ---: کیلشیم گلیسروفاسفیٹ ۱۰ گرین، کھانڈ باریک شدہ ۲۰ گرین، لئے تھین ۱ گرین اور بزین قدرے ملائیں۔

خوراک ایک سے دو ڈرام بعد از غذا، مقوی اعصاب وبدن مولدخون اور مشہور عالم مقوی دوا ہے۔

مقوی باہ و ہاضم شیر ---: بیخ اونٹ کٹارہ، بیخ کنیر سفید، ہم وزن سفوف تیار کریں۔ اور بقدر ۲ رتی دودھ کے ساتھ کھالیا کریں اور پیاس لگنے پر دودھ پی لیا کریں۔

حلوہ بیضہ مرغ مقوی باہ ---: یہ حلوہ موسم سرما کا تحفہ مقوی باہ، ممسک، مغلظ منی و مولدخون ہے ۶۰ انڈے لے کر ۲۰ سیر پانی میں جوش دیں۔ پانی میں ۲ تولہ سم الفار سفید باریک شدہ حل کرلیا گیا ہو۔ پھر انڈوں کی زردی نکال کر ایک سیر گھی میں بھون کر سوا سیر کھویا بھینس کے دودھ کا شامل کرکے بھون کر سرخ ہونے پر چار سیر مصری کے قوام میں مندرجہ ذیل ادویات کا سفوف اور مغزیات سالم شامل کریں۔ زعفران ۶ ماشہ، موصلی سفید ۱۰ تولہ، ثعلب مصری ۷ تولہ، تج ۵ تولہ، دار چینی ۵ تولہ، الائچی خورد ۵ تولہ، مغز بادام ایک پاؤ۔ مغز چلغوزہ ایک پاؤ۔ مغز اخروٹ ایک پاؤ، مغز پستہ ایک پاؤ۔ سب کو شامل کرکے آخیر میں ایک ماشہ مشک خالص شامل کریں۔

خوراک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ نیم سیر دودھ نوش کریں۔

حب اکسیر باہ ---: شنگرف، سم الفار سفید افیون ہر سہ ہموزن باریک کرکے چھوہاروں میں سے گٹھلیاں نکال کر یہ دوائی بھر کر دھاگہ سے باندھ کر اوپر گندم کا آٹا لیپ کرکے بھوبھل گرم میں کباب کریں۔ پھر نکال کر آٹا دور کرکے معہ چھوہاروں کے کوٹ کر نخودی گولیاں تیار کریں اور اوپر

ورق نقرہ چڑھالیں۔

ایک گولی ہمراہ ۵ تولہ مکھن استعمال کریں۔ دودھ سے بھی کھاسکتے ہیں۔ اگر طبیعت میں گرمی معلوم ہو تو تخم بالنگو ہمراہ شربت بزوری دیں۔ طبیعت صاف ہو جائے گی۔ سوائے مادرزاد نامردوں کے تمام قسم کی کمزوری کے لئے لاجواب تحفہ ہے۔ سات یوم میں فائدہ ہوتا ہے۔ مولد خون ہے۔

مرواریدی ۔۔: نر بکرے کے کپورے ایک سیر کھانڈ دانہ ایک سیر' کشتہ صدف مرواریدی ۵ تولہ' کپورے صاف کرکے جھلی دور کرکے اندر سے صاف مغز نکال کر کونڈے ڈنڈے میں ڈال کر ہمراہ کھانڈ مذکورہ کے خوب اچھی طرح سے رگڑیں۔ کہ سب پانی کی مانند ہوجائے۔ پھراس کو باریک کپڑے سے چھان کر قلعی دار برتن میں ڈالیں۔ پھرایک بڑا برتن لیں کہ جس کے منہ کے اوپر دوا والا برتن بطور سرپوش آسکے بڑے برتن میں پانی کی بھاپ کی گرمی سے دوا پک کر خشک سفوف سا بن جائے جب دوا خشک ہونے کے قریب ہو تو اس وقت کشتہ صدف مرواریدی شامل کرکے ہلاتے رہیں۔ احتیاط رہے کہ دوا جلنے نہ پائے۔ جب خشک ہو جائے اتار لیں۔ تیار ہے۔ چھ چھ ماشہ ہر دو وقت ہمراہ شیر استعمال کریں۔ ضعف باہ' سرعت' رقت کو مفید ہے۔ مولد منی و مولد کرم منی ہے۔

جوانمرد ۔۔: ریگ ماہی' جوہر لوبان' مروارید ناسفتہ' خراطیں' بیر بہوٹی' مشک' عنبر' ورق نقرہ' ورق طلاء سب ہم وزن بتدریج ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب مانند غبار ہو جائے تو شہد مصفیٰ ڈال کر گولیاں بقدر نخود سے چھوٹی تیار کریں۔ ایک گولی ہمراہ شیرگاؤ تازہ مجرب المجرب تحفہ جوان مرد ہے۔ باہ و امساک کے لئے لاجواب تحفہ ہے۔

مقوی باہ و ممسک گھی ۔۔: سم الفار سفید ایک تولہ' بیخ کنیر سفید ۱۰ تولہ' رتی سفید ۲ تولہ' سم الفار ورتی کو مانند سرمہ باریک کریں۔ بیخ کنیر کو کچل لیں۔ ۱۰ سیر شیر بھینس میں ڈال کر خوب جوشائیں۔ یعنی تیسرا حصہ دودھ جل جائے۔ بعد ازاں جاگ لگا کر بلوکر مکھن سے گھی حاصل کریں اور محفوظ رکھیں۔

چھاچھ کو معہ برتن زمین میں داخل کردیں۔ پانچ سے دس بوند تک مصری پر ڈال کر کھائیں اوپر سے پاؤ آدھ سیر دودھ پی لیا کریں اس گھی کو بطور طلاء استعمال کرنے سے رگوں اور پٹھوں کی سستی دور ہو جاتی ہے۔ یہ گھی مقوی باہ اور ممسک ادویہ کا سردار ہے۔

نہایت ہی زوداثر اور محرک باہ نسخہ بطور غذا

زردی بیضہ مرغ ۴ عدد' روغن زرد ۸ تولہ میں قلعی دار دیگچی میں بریان کریں۔ اور

آردنخود بریاں ۴ تولہ، آردپنبہ دانہ ۴ تولہ ملاکر مکرر بریاں کریں بعد ازاں پیاز کا پانی اور انگور کا پانی اور ادرک کا پانی چار چار تولہ لے کر شہد ۱۰ تولہ کے ساتھ شربت تیار کریں۔ بطریق معروف حلوہ تیار کریں۔ اور آگ سے نیچے اتار کر آردختہ خرما ایک تولہ ملائیں۔ اور رات کو حلوہ مذکور رکھائیں۔ اور جب پیاس محسوس ہو تو شیر گاؤ جوشیدہ مصری سے شیریں کرکے نوش کریں۔ یہ حلوہ بعد مشکل ایک ہفتہ سے زیادہ استعمال نہیں کیا جاسکتا یہ حلوہ ہر روز تیار کرنا چاہئے اور غذا کے بدلے رات کو کھائیں۔

مقوی و محرک و ممسک ---: کشتہ قلعی، کشتہ چاندی، کشتہ ترد پاتا، کشتہ فولاد، زعفران لونگ، عقرقرحا، بھنگ اور تخم بدھارا مکد یکتولہ، کافور، افیون خالص مکد ۶ ماشہ، سب کو یکجان کرکے ہمراہ شیرہ حسب ضرورت گولیاں بقدر ۲ رتی بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام استعمال کرکے کرشمہ قدرت دیکھیں۔

برائے قوت باہ و امساک برائے غربا ---: کچھ بتاشے خرید لیں اور پہلے روز پانچ بتاشے لے کر درخت بڑھ پر چڑھ جائیں اور کونپلیں توڑ توڑ کر بتاشے دودھ سے بھر کر کھائیں اسی طرح ایک بتاشہ روزانہ بڑھاتے جائیں حتیٰ کہ چالیس بتاشے پر پہنچ جائیں۔ قوت باہ وقوت امساک اس قدر پیدا ہو گی جس کا بیان قلم کی طاقت سے باہر ہے۔ بڑے بڑے قیمتی نسخوں سے کہیں بڑھ چڑھ کر ہے۔ غریبوں کے لئے نعمت ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

حبوب لاثانی ---: جائفل، جاوتری، زعفران کشمیری، مکد یکتولہ، مشک خالص، عنبر، کشتہ طلاء، کشتہ مروارید، افیون خالص، مکد ۳ ماشہ، جوہر کچلہ ۲ رتی، روغن بھنگ، جوہر لوبان خانہ ساز، اصلی سلاجیت مکد ۶ ماشہ سب کو نہایت باریک پیس کر یکجان کرلیں او شہد خالص اس قدر ملائیں کہ جس سے گولی بن سکے ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔ ایک گولی ہمراہ شیر نیم گرم سے اور قدرت خدا ملاحظہ کریں۔

سفوف برائے قوت باہ و امساک ---: پھلیاں ببول سائیدہ باریک سفوف شدہ ہر روز صبح کو بقدر چھ ماشہ ہمراہ آدھ سیر دودھ نگل لیں۔ متواتر چالیس یوم استعمال کرنے سے عمر بھر قوت باہ کی کمی نہ ہوگی۔ امساک کے لئے بہترین شے ہے۔

دیگر ---: اس کے شیر میں ۵/۷ بار کپڑا تر کرکے سایہ میں خشک کرکے ایک ٹکڑہ بقدر ۶ ماشہ ڈال کر دودھ میں جوش دیں۔ بعد ازاں پی لیں۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔ سفوف کیپسول میں بند کرکے کھائیں۔

معجون برائے قوت باہ ---: ثعلب مصری، شقاقل مصری، خارخسک، موصلی سیاہ، موصلی

سفید، اسگند ناگوری، فوفل، زنجبیل، تخم مولی، تخم گذر، تخم شلغم، مغز کدو، مغز نارجیل، مغز چلغوزہ، مغز پستہ، مغز بادام، مغز فندق مکدیک تولہ، تخم جرہا، یعنی دھتورہ سیاہ ٦ ماشہ آرد نخود، مغز پنبہ دانہ مکد ۵ تولہ، اور شہد مصفی دو چند ادویہ سب کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا دیں۔ یا معجون بنالیں۔ خوراک روزانہ صرف ایک تولہ صبح کو۔

اسرار الحاذقین ـــ: قتال، بے قرار، اوپیم مکد یکتولہ لے کر ۲۱ یوم کھرل کریں۔ کھرل ایک منٹ بھی ہاتھ سے نہ تھمے۔ پھر شیرہ دھتورہ میں کھرل کرکے بقدر دانہ باجرہ کے گولیاں بنائیں۔ ازحد مقوی باہ ہے۔ اگر سفوف ہی رکھنا ہو تو خوراک نصف چاول ہے۔ بالائی یا مسکہ میں لینے سے امساک بہت ہی پیدا کرتا ہے۔ غضب کی طاقت پیدا کرتا ہے۔ اسرار سینہ ہے۔

جوانی ـــ: شنگرف مدبر در تنب ۳ ماشہ، سم الفار ۲ ماشہ، سفوف کچلہ ۱ تولہ، جوتری ٦ ماشہ، لونگ ایک تولہ، زعفران اصلی ٦ ماشہ، ورق نقرہ ایک تولہ، ثعلب مصری ایک تولہ، شیر برگد ۳۰ تولہ، کشتہ قلعی در تنب ایک تولہ۔ شہد مصفی حسب ضرورت ادویات کو پہلے باریک کھرل کرکے شیر برگد شامل کرکے دوبارہ کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائیں تو شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کریں۔ بس اکسیر اعظم تیار ہے۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ بالائی شیر۔

حبوب اکسیر احمر سلطانی ـــ: عنبر اشہب، مشک خالص، زعفران موگرہ کشمیری، قرنفل مکد ۳ ماشہ، شنگرف رومی مصفی شدہ ۲۱ ماشہ، جوز بوا ۴ ماشہ، عقرقرحا ۵ ماشہ، جلوتری ٦ ماشہ، الائچی خورد ۷ ماشہ، چوب چینی ۸ ماشہ تیزپات ۹ ماشہ، کباب چینی ۱۰ ماشہ، مدن مست ۱۱ ماشہ، ستاور ۱۲ ماشہ، فلفل دراز ۱۳ ماشہ، تخم اونٹکن ۲۴ ماشہ، تخم کونچ ۲۷ ماشہ، مال کنگنی ۲۸ ماشہ، بیخ بنفشہ ۲۹ ماشہ، سمندر سوکھ ۳۰ ماشہ، موچرس ۲۳ ماشہ اندر جوشیریں ۲۴ ماشہ، شقاقل یعنی شقاقل ۲۴ ماشہ، بیخ کونچ ۲۵ ماشہ ناگ کیسر ۲۷ ماشہ، موصلی سفید ۲۸ ماشہ، قند کہنہ ۲۹ ماشہ، یہ کل ادویات ۲۹ ہیں۔ تمین مریضوں کے لئے یہ نسخہ کافی ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ نسخہ پوری احتیاط سے تیار کریں۔

ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر تازہ خوشیدہ قبل از طعام یا بعد از طعام تین گھنٹہ کے دیں۔ غذا مرغن خوب کھائیں۔ ورزش بھی کریں۔ کھچڑی دودھ ورنہ نان بے نمک باروغن زرد اور ترمیوہ جات بھی استعمال کریں۔

پرہیز ترشی و بادی اشیاء سے اور جماع سے، احتیاط، آتشک، سوزاک اور بواسیر بخار کی حالت میں ہرگز استعمال نہ کریں۔

برائے قوت باہ ـــ: انعام نسخہ سندھی سادھوکا۔ جو کہ دس ہزار روپیہ پر حکما کے آگے فروخت ہوا ہے۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔ جو بناکر استعمال کرے گا وہی اس کی قدر کرے گا۔ ایک گولی ہمراہ شیر برائے قوت باہ دیں۔

سم الفار ایک تولہ کی ڈلی کو گٹھ کی میں ایک انچ تک لگا کر داخل کر کے شیر برہ سے گٹھ کو پر کردیں۔ شیر برہ ایک دن ہی میں ڈالیں ورنہ گٹھ پھٹ جائے گا۔ ٹک کو آٹے سے بند کر کے ارد گرد ایک انگل موٹا آٹا گندم لیپ کردیں۔ اور اکیس یوم گندم کے ڈھیر میں مدفون کر کے نکال لیں۔ اردگرد کا آٹا اتار کر ٹک والی جگہ کا نہ اتاریں۔ پھر جدید آٹا گندم کا لیپ کر کے گھی میں تل لیں۔ آٹا سرخ ہونے پر اتار کر آٹا کر آٹا دور کر کے گٹھ کو معہ سم الفار کے اس قدر کوٹیں کہ قوام کی طرح ہو جائے۔ پھر گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔ گولیاں بمشکل بنتی ہیں۔ شیر برگد میں کھرل کر کے گولیاں بنالیں یا سفوف ہی رکھیں۔

اسرار مخفی ---: بارہ سنگھا ۵ تولہ، لوہے چون ۵ تولہ، آب ہلدی سبز ڈیڑھ سیر، ترکیب، مٹی کے کھلے منہ کے سکورہ میں بارہ سنگھا اور لوہے چون ملا کر اپلہ صحرائی کے انگاروں پر رکھ کر آہنی دستہ سے ہلاتے جائیں اور تھوڑا تھوڑا آب ہلدی ڈالتے جائیں۔ یہاں تک کہ آب ہلدی ختم ہو کر لوہا بھسم ہو جائے پھر شہد میں کو کن بیر کے برابر گولیاں بنا کر رات کو ایک گولی روزانہ دودھ سے کھلایا کریں۔

فوائد ---: قوت باہ میں ہیجان عظیم پیدا کر کے نامرد کو مرد بنا دیتی ہے۔

حبوب احمر ---: برائے احتلام جریان و سرعت و مقوی باہ

شنگرف رومی ۲ ماشہ، جائفل ۲ ماشہ، بیر بہوٹی ۲ ماشہ، خراطین ۱۰ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، سب کو باہم کھرل کر کے ہمراہ شہد کے حبوب نخودی تیار کریں۔ اور ورق نقرہ لپیٹ کر رکھیں دو حب صبح و شام ہمراہ شیر کے استعمال کریں۔

حبوب مقوی باہ ---: ایکسٹریکٹ نکسوامیکا یعنی جوہر کچلہ انگریزی ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۱ تولہ، خوب کھرل کر کے شہد سے گولیاں بنائیں مقوہ باہ ہے۔

خواص ہتھا جوڑی بوٹی

یہ ملک چین میں عام ہوتی ہے۔ یہ نرومادہ دونوں اکٹھی ہوتی ہیں مثل مصافحہ کرنے کے دونوں ہاتھ آپس میں ملے ہوئے ہوتے ہیں۔ یہ بوٹی قوت باہ کے لئے اکسیر اعظم ہے۔ اس بوٹی سے بقدر ایک رتی کسی مٹی کی کلیا میں تھوڑا سا پانی ڈال کر کوئلوں کی آنچ پر رکھیں۔ جب پانی جل کر نصف رہ جائے تو اتار لیں اور بوٹی نکال کر ہمراہ دودھ نیم گرم نوش کریں تو دو تین روز کے استعمال سے جوش خون اس قدر زیادہ ہوتا ہے کہ تمام جسم کے بالوں سے خون رسنا شروع ہو جائے گا۔

حب جدوار —: جدوار خطائی، پنیر مایہ شتراعرابی، مصطگی رومی، بہمن سفید، طباشیر کبود، جلوتری، اجوائن خراسانی ہر ایک ایک ماشہ شنقاقل ۲ ماشہ، صمغ عربی ایک ماشہ ۲ رتی، نبات سفید ایک تولہ، ورق طلاء ۱۵ عدد، ورق نقرہ ۵۰ عدد، حب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔ ایک گولی سے دو گولی تک ہمراہ دودھ دیں۔ مقوی باہ و دافع نزلہ ہیں۔

برائے قوت باہ —: خراطین مصفی ۳ تولہ، گھو گچی سفید ۴ تولہ، جندبید ستر ا تولہ، سلاجیت مصفی خالص ا تولہ، زعفران ا تولہ، اسٹرکنیا ایک گرین ان تمام ادویات کو باریک کرے خالص شہد بقدر ضرورت میں حبوب نخودی بنائیں۔ حسب طاقت ایک یا دو گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ بعد از طعام دیں۔ قوت باہ کے لئے مفید ہے۔

کچلہ مومی —: ایک پاؤ کچلے بڑے بڑے دانے لے کر ان میں ہر روز رات کو شیر گاؤ تازہ ڈال دیا کریں۔ صبح کو دودھ گرا کر پھر تازہ کچلوں میں ڈالا کریں ہفتہ عشرہ کے عمل سے کچلے نرم ہو جائیں گے۔ پھر ان کو ایک ایک کرے چھلکہ اور پتے دور کریں۔ اور نرم نرم حالت میں ہی ایک ایک کو لوہے پر رکھ کر ہتھوڑے سے کوٹ کوٹ کر پتلے ورق بنالیں جو کہ فوراً خشک ہو جائیں گے۔ اب ایک چینی کے پیالہ میں ورق مذکور ڈال کر اس قدر شیر برگد ڈالیں۔ کہ ورق غرق ہو جائیں۔ تھوڑی دیر میں تمام ورق باہم مل جائیں گے۔ اس حالت میں ان کو لوہے کی ایک پلیٹ پر رکھ کر ہتھوڑی سے یہاں تک کوٹیں کہ مانند موم ہو جائے۔ جتنا زیادہ کوٹا جائے گا۔ اتنا ہی فوائد میں بہتر ہوگا۔ دانہ مسور کے برابر گولیاں بنالیں۔

فوائد —: ذکاوت حس کی وجہ سے احتلام و جریان، ضعف باہ کے لئے اکسیر ہے۔ اس کے استعمال سے امساک پیدا ہوتا ہے اعلیٰ درجہ کا قبض کشا ہے۔ قبض دائمی کا مریض ایک گولی رات کو دودھ سے کھالیا کرے۔ صبح کو ایک پاخانہ آجائے گا۔ بطور وقتی امساک کے ایک گولی نصف گھنٹہ پیشتر استعمال کرنا مفید ہے۔ اگر ان گولیوں میں چوتھائی حصہ مرچ سیاہ شامل کرلی جائیں تو درد گنٹھیا نقرس وغیرہ کو مفید ہے۔ اس طرح کہ مدبر کچلہ کو وزن کرکے کچلہ مدبر ایک تولہ، عنبر ۳ ماشہ کستوری ۳ ماشہ ورق نقرہ ۳ ماشہ، شیر برگد حسب ضرورت۔ اول کچلہ کو شیر برگد میں موم کرکے پھر عنبر کستوری ڈال کر ایک ایک ورق اور قطرہ قطرہ شیر برگد ڈال کر خوب کوٹیں۔ جب سب دوا بے چمک مانند موم ہو جائے تو حسب مقدار دانہ موٹھ بنائیں۔

ترکیب استعمال —: ایک گولی صبح ایک بوقت خواب ہمراہ شیر شہد آمیختہ یا بیضہ نیم برشت اس کے کھانے سے ۸۰ سالہ بوڑھا از سرنوجوانی کا لطف اٹھاتا ہے۔ ست ڈھیلے جسم کو سخت و طاقتور بناتی ہے۔ غرضیکہ یہ تحفہ موسم سرما میں استعمال کرنے کے قابل ہے۔ بلغمی امراض کے لئے اکسیر ہے بے حد مقوی باہ و محرک ممسک و مقوی اعصاب ہیں۔

حب فاسفورس ---: مقوی باہ و ممسک، مغلظ منی، خون پیدا کرکے رنگ سرخ و امساک طبعی پیدا کرنے والی اکسیر ہے۔ بل فاسفورس ۲۰ ماشہ، فیری ریڈکٹم، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۵ ماشہ، ایکسٹریکٹ ڈامیانہ ۱۰ ماشہ، ایکسٹریکٹ کوکا ۱۰ ماشہ، سم الفار آدھ ماشہ، عقر قرحا ۶ ماشہ، زعفران ۶ ماشہ، بیر بہوٹی ۶ ماشہ۔ مشک خالص ۲ ماشہ، حب بقدر نخود۔ ایک حب ہمراہ دودھ

مقوی ---: کوڑ، میٹھا تیلیہ، سنڈھ، فلفل دراز، فلفل گرد، مکد یکتولہ لے کر سب کو کوار گندل میں اس قدر کھرل کریں کہ ہاون کے ساتھ چمٹ جائے حبوب نخودی تیار کریں بہتر ہے کہ میٹھا تیلیہ کو گھی میں مدبر کرلیا جائے عجیب چیز ہے تجربہ ہو چکا ہے۔

دوائے باہ ---: کبابہ، دار چینی، عقرقرحا، ریگ ماہی، خولنجاں، زعفران، جوزبوا مکد ۷ ماشہ، افیون ۵ ماشہ، مشک ۳ ماشہ، گلاب میں کھرل کرکے حبوب نخودی تیار کریں۔ دو گولیاں سوتے وقت دودھ سے کھائیں اور دو گولیاں ادرک کے پانی میں کھرل کرکے عضو مخصوص پر لگائیں۔ مقوی، مبہی، ممسک اور مغلظ منی ہے۔

اکسیر اعظم برائے نامردی ---: جوہر شنگرف ۹ رتی، جوہر سنکھیا ۶ رتی، افیون ۳ رتی، کشتہ سونا ساڑھے سات رتی یو ہمیسن ساڑھے سات رتی۔ ست کچلہ ۱/۴ رتی۔ سم الفار اخشخاش شہد کے ساتھ گولی بنائیں۔ حد درجہ مقوی باہ و دافع ضعف جگر ہے ایک گولی بعد از غذا یہ دوا دودھ گھی خوب ہضم کرتی ہے۔ خوراک جزو بدن بناتی ہے۔

سندھی پلز مقویات کی سرتاج قابل اخفا نسخہ

سم الفار سفید، شنگرف مدبر، کچی افیون، مکد یکتولہ، زردی بیضہ مرغ ۱۶ عدد تینوں اشیاء کو کھرل کریں۔ اور ایک ایک زردی ڈال کر جذب کریں بعدہ گولیاں بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

ہمراہ شیر بعد از غذا دن میں ایک یا دو دفعہ ایک ایک گولی کھائیں۔

فوائد ٹانک مقوی باہ، گنٹھیا اور نقرس میں ۷۵ فیصدی مجرب ثابت ہوچکا ہے مرغن غذا کھائیں اور جماع سے پرہیز کریں۔

اکسیر مجلوق و نامرد ---: احتلام، جریان، سرعت انزال اور باہ کے لئے مفید ہے۔ ایک سے دو گولی تک ہر روز مکھن میں رکھ کر کھائیں۔

شنگرف رومی، بیر بہوٹی، ہر ایک ۲ ماشہ، خراتیں عمدہ مصفی ۳ ماشہ جائفل ۲ ماشہ، افیون ۱ ماشہ، سب کو باریک کرکے شہد سے گولیاں بقدر دانہ ماش بنائیں۔ اگر اضافہ شیر برگد اور ورق نقرہ

کرلیں تو بہتر ہے۔ عمدہ چیز ہے اگر افیون نہ ڈالیں تو یہ گولیاں ایک رات میں پانچ سات مرتبہ احتلام لاتی ہیں۔ انتشار پیدا کرنے کی یہ لاثانی چیز ہے۔

نسخہ مالش ـــ: سم الفار زرد باریک کیا ہوا ایک حصہ' موم زرد ایک حصہ تیل کنجد چار حصہ' اول تیل کو کڑاہی میں ڈال کر گرم کرکے اس میں سم الفار ڈال کر جوش دیں اور موم ڈال کر آگ سے اتار کر لکڑی سے خوب ہلائیں۔ اور شیشی میں بحفاظت رکھیں۔ سیون اور حشفہ چھوڑ کر صبح کے وقت سورج نکلتے وقت دھوپ میں بیٹھ کر طلا کریں۔ پانچ منٹ بعد پان یا ارنڈ کے پتے گرم کرکے اوپر باندھ دیں۔ تین چار روز ایسا کرنے سے پھنسیاں ظاہر ہوں گی۔ جب الائش باہر نکل آئے تو چلنے پھرنے اور استنجا سے پرہیز کریں۔ اس کے بعد دوسری مالش شروع کریں۔ بیربہوٹی ۶ ماشہ' لونگ ایک تولہ' شنگرف رومی ۶ ماشہ' روغن کنجد ۲ تولہ' تیل کو گرم کرکے جھاگ مٹ جانے دیں اور ادویہ باریک کرکے ڈال کر جلالیں۔ پھر دھوپ میں بیٹھ کر قدرے مالش کریں۔ ساتھ اوپر کی گولیاں استعمال کریں۔

انصاریہ ٹانک پاؤڈر ـــ: پارہ' قلمی شورہ ہر ایک ۶ ماشہ' بورہ چاندی یا ورق نقرہ ایک تولہ' طباشیر' الائچی سفید ہر ایک ایک تولہ' کوزہ مصری ۴ تولہ' سفوف بنائیں۔ ڈیڑھ پاؤ شیرگاؤ روغن زرد ۵ ماشہ ملاکر اس کے ساتھ ایک سے چار رتی تک دیں۔ یا بدرقہ مناسبہ سے دیں۔ نامردی' کمزوری' اعضائے رئیسہ' ضعف ہاضمہ' دائمی قبض' کمی خون' سرعت انزال' احتلام' جریان کو دور کرکے یا افراط خون پیدا کرتا ہے اور رنگ سرخ کرتا ہے یہ اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔

نوٹ بدرقہ اپنی حسب مرضی سوچ لیں۔ اور پہلے قلمی اور پارہ کو چھلبند کریں اور ورقوں کو مصری کوزہ میں ملاکر پیس لیں۔

مقوی باہ کھویا ـــ: زردی بیضہ مرغ ۱۲ عدد' سفیدی پنچال کبوتر ۶ رتی' کستوری ۲ رتی' عنبر ۲ رتی' دودھ بزیا گائے ۳ سیر' دودھ کو کڑاہی میں ڈال کر زردیاں ملالیں۔ جب دودھ گاڑھا ہوکر قریب کھویا کے ہو تو سرد ہونے پر اتار کر کستوری و عنبر وغیرہ ملاکر پیڑے بنالیں۔

بقدر ایک تولہ روزانہ کھایا کریں۔ امساک و انتشار کو بھی مفید ہے۔

حبوب مقوی باہ ـــ: کنجد مقشر ۴ ماشہ' مغز خستہ تمرہندی ۴ ماشہ' جلوتری ۲ ماشہ لونگ ایک ماشہ' افیون ایک ماشہ' کستوری آدھ ماشہ' کوٹ پیس کر ہمراہ شہد نخودی گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ نصف سیر دودھ ممسک و مقوی ہے۔

حبوب مقوی باہ نمبر ۲ ـــ: عقر قرحا' تج' افیون ہر ایک ۲ ماشہ' شنگرف نصف ماشہ کستوری نصف ماشہ' لونگ ۱ ماشہ' سب کو کوٹ کر گولیاں بقدر کنار و صحرائی تیار کریں۔ شام کو ایک

گولی کھاکر عشا کو ڈیڑھ چھٹانک شربت مصری پی لیں۔

معجون مقوی باہ نمبر ۳ :۔ شیر گاؤ یک سیر، مغز بادام ڈھائی تولہ، مغز چلغوزہ، مغز نارجیل، مغز خربوزہ، مغز پستہ، مغز اخروٹ ہر ایک ۲ سیر ساہی کھانڈ نیم سیر شیر گاؤ میں کھانڈ ملاکر قوام بناکر معجون بنائیں۔

بقدر پانچ تولہ کھائیں۔ مولد خون، پشت کو قوی کرنے والی اور مقوی باہ ہے۔

حبوب مقوی باہ نمبر ۴ :۔ مروارید ۳ ماشہ، عنبر ا ماشہ، مشک خالص ا ماشہ، ورق نقرہ ا ماشہ سلاجیت عمدہ قسم ۳ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، لونگ ۳ ماشہ، جائفل ۳ عدد، گھمن، موصلی سفید، موصلی سیاہ، صندل سفید، صندل سرخ، عقرقرحا ہر ایک ۳ ماشہ، سب کو کھرل کرکے شہد کی مدد سے گولیاں بقدر ایک رتی کی تیار کریں اور اوپر ورق چڑھالیں۔

خوراک ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ بطریق ذیل استعمال کریں۔ ایک تولہ گری ناریل اور ۳ ماشہ بہیدانہ کی پوٹلی بناکر دودھ میں لٹکا کر پکائیں۔ جب دودھ گاڑھا ہونے لگے پوٹلی نچوڑ کر دور کرکے گولی کھاکر اوپر سے دودھ پی لیں۔ مقوی بدن، دافع جریان، احتلام، سرعت نامردی کے لئے مفید ہے۔

معجون پیاز :۔ سستی اور قوت بدنی کو مفید ہے۔ آب سفید پیاز ۹ سیر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر گرم کریں۔ جب پانی پانچ پاؤ باقی رہ جائے تو ۹ چھٹانک کھانڈ ملادیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو آرد ماش ۵ تولہ گھی میں بھون کر اور ثعلب مصری ۳ تولہ، الائچی خورد ۳ تولہ، روغن زرد ۵ تولہ ملاکر آگ پر ملاکر یکجان کرکے نیچے اتار لیں اور محفوظ رکھیں۔

خوراک ۶ ماشہ صبح و شام استعمال کریں۔

قوت باہ کا لاجواب بھوجن :۔ خراطین مصفی خشک شدہ کا سفوف تیار کریں۔ بقدر ایک ماشہ روزانہ گوشت یا کسی سبزی میں چالیس یوم تک ملاکر کھانے سے قوت باہ کی اصلی طاقت عود کرآتی ہے بڑے بڑے قیمتی نسخہ جات، اس کے سامنے ہیچ ہیں۔ آزمودہ ہے۔

مقوی باہ پیڑے :۔ برگد کا تازہ چھلکا سایہ میں خشک کرکے باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں اگر یہ سفوف ایک سیر ہو تو آٹھ سیر شیر گاؤ میں ملاکر نرم آنچ پر کھویا بنالیں۔ پھر کھویا کو گائے کے دو سیر گھی میں بھون کر سرد کرکے چار سیر کھانڈ ملالیں۔

خوراک ۵ تولہ، صبح و شام کھاکر اوپر سے شیر گاؤ گرم پی لیں اگر ۵ تولہ میں ورق سونا ایک عدد، ورق چاندی ۴ عدد، کیسر مونگرہ ا رتی ملا دیا جائے تو عجیب الاثر ہوجاتا ہے۔ مولد و مغلظ منی،

مقوی دل و دماغ موسم سرما کا تحفہ ہے۔ عورتوں کے درد حیض کو ورم رحم بانجھ پن اور عام کمزوری کو مفید ہے۔

معجون مرکب برائے قوت باہ و امساک ---: کونچ بیج، مغز تخم املی، موصلی سفید، موصلی سیاہ، گوکھرو، اسگند ستادر، ثعلب ہر ایک ۱۰ تولہ، شیر گاؤ ۴ /۵ سیر، بھنگ ۲۰ تولہ، کھانڈ ۴ سیر بھنگ کی پوٹلی بناکر دودھ میں لٹکا کر ابالیں۔ آنچ نرم رہے۔ جب نصف دودھ باقی رہے پوٹلی کو مل کر اس میں سے نکال دیں۔ اور مندرجہ بالا سفوف ملاکر نرم آنچ پر رکھیں۔ جب کھویا بن جائے تو نکال کر گھی میں بھون لیں۔ پھر کھانڈ کی چاشنی شامل کرلیں۔ مغز بادام، پستہ، چلغوزہ، کشمش، ناریل، اخروٹ، وغیرہ جو چاہیں داخل کریں۔

خوراک ۵ تولہ ہمراہ دودھ کھلایا کریں۔

فوائد ---: مقوی باہ، سرعت انزال و جریان کو مفید ہے۔ احتلام کو بھی مفید ہے۔ اور مقوی جسم و دماغ ہے۔

طاقت کی بے نظیر گولیاں ---: مشک خالص، عنبر اشہب، مروارید، ورق طلاء، ورق نقرہ، زعفران، افیون، جوہر کچلہ ہر ایک ۲ رتی سب کو عرق گلاب تیز میں کھرل کرکے ۶۴ گولیاں بنالیں۔ صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ نیم سیر شیر گاؤ جو صاحب قوت باہ کے بہت سے نسخے تیار کرکے پریشان ہو چکے ہوں۔ وہ ایک دفعہ ان گولیوں کو تیار کرکے دیکھیں۔ نامردی کا مکمل علاج ہے بوڑھوں کو بھی از سرنوجوان مرد بنانا اس دوا کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ آزمائش پر اس کے جوہر کھلیں گے۔

حبوب مقوی باہ قوی الاثر ---: مشک، عنبر، زعفران، جائفل، جلوتری، لونگ، دانہ الائچی خورد، دار چینی، جدوار خطائی، عود ہر ایک ایک ماشہ، پوست کو کنار ۳ ماشہ، مصطگی رومی ۶ ماشہ، سم الفار سفید ۲ رتی، سم الفار اور دار چینی کو باریک کھرل کرکے پھرباقی ماندہ ادویہ کھرل کرکے گولیاں بقدر ۲ رتی تیار کریں۔

خوراک ایک گولی ہمراہ مسکہ استعمال کریں۔

سفوف مقوی باہ دافع جریان ---: مشک خالص، عنبر، ورق طلاء ہر یک ۶ رتی، زعفران، جلوتری، لونگ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ، چرس ساڑھے تین ماشہ، افیون ۲ ماشہ، پوست کو کنار ۲ ماشہ، مصری کوزہ ۲۴ ماشہ، سب کو کھرل کرکے سفوف محفوظ رکھیں۔

خوراک ایک رتی ہمراہ شیر گاؤ۔ بوقت صبح ۱۱ بجے استعمال کریں۔

حبوب مقوی باہ نمبر ۵ ---: شنگرف رومی مدبر، شاخ مرجان، زعفران اصلی کشمیری، افیون

مدبر، کشتہ فولاد، ہر ایک ایک تولہ، شراب برانڈی درجہ اول ۴ تولہ پہلے مرجان کو سفوف بنالیں۔ پھر باقی دوائیں جدا جدا کوٹ کر کھرل میں ڈال کر پھر شراب ڈال کر کھرل کریں۔ حتیٰ کہ خشک ہو جائے۔ گولی بقدر مرچ سیاہ بنائیں۔ ایک سے دو گولی ہمراہ دودھ ایک پاؤ صبح و شام قبل از غذا کھائیں۔ بیس روز استعمال کافی ہے۔

ترکیب شنگرف مدبر ---: شنگرف رومی ایک ڈلی لے کر کڑچھی میں ڈالیں اور آگ پر رکھیں۔ چھ چھٹانک گھی تھوڑا تھوڑا شنگرف پر ڈالیں کہ سب گھی ختم ہو جائے۔ تیار ہے۔ پھر ایک تولہ افیون عمدہ باریک کپڑے میں پوٹلی بنالیں ایک چھٹانک لہسن کے نغدہ میں بند کر کے اوپر اردگندم لپیٹ کر گرم بھوبل میں دفن کریں کہ آٹا سرخ ہوجائے تو سرد ہونے پر افیون کو نکال کر اسی طرح تین دفعہ کریں۔ افیون مدبر ہو جائے گی۔ انہی تراکیب سے شنگرف و افیون مدبر کر کے داخل نسخہ مذکورہ کر سکتے ہیں۔

اکسیر مقوی باہ نمبر ---: اندری مگرمچھ ایک عدد سایہ میں خشک کر کے اس کا قیمہ کر کے ہم وزن شنگرف رومی ملاکر کھرل کریں۔ پھر ایک چوزہ مرغ جس نے ابھی جفتی نہ کی ہو۔ بقدر ۳ ماشہ سفوف مذکور آٹے میں گوندکر مرغ کو کھلائیں اور بند رکھیں۔ اسی طرح کھلاتے رہیں۔ جب تمام سفوف ختم ہو جائے تو مرغ کو ذبح کریں پر وبال و الائش دور کر کے گوشت کو پانی میں بغیر نمک مرچ پکائیں۔ پانی اتنا ہو جس میں گوشت بخوبی گل کر ہڈیوں سے بہ آسانی الگ ہو سکے۔ گوشت کو ہڈیوں سے الگ کر کے روغن زرد میں بھون لیں۔ اور ہاون دستہ سے کوٹ کر یکجان کر کے دگنے قندسیاہ اور گوشت ہموزن شہد خالص ملاکر دوبارہ کوٹیں۔ یکجان ہونے پر زعفران ۴ ماشہ کستوری، لونگ، جلوتری، دانہ الائچی کلاں ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ورق چاندی ایک دفتری، ورق سونا ۲۰ عدد ملاکر سب کو کھرل کر کے جنگلی بیر برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک ایک ایک گولی صبح و شام شیر گاؤ سے دیں۔ ایک ہفتہ کا استعمال ہی کافی ہے۔

فوائد ---: مقویات کی سرتاج ہے۔

طاقت کی لاثانی گولیاں شاہی نسخہ ---: مشک خالص، عنبراشہب، مروارید، ورق طلاء، ورق نقرہ، جوہر قنسب انگریزی (ایکسٹریکٹ کنے بس انڈے کا) جوہر کچلا انگریزی (ایکسٹریکٹ نکس وامیکا) افیون خالص ہر ایک ایک ماشہ ۴ رتی۔ مگر جوہر کچلا نصف ماشہ لیں۔ زعفران ڈیڑھ ماشہ سب ادویات کو عرق بید مشک میں کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ باجرہ تیار کریں اور اوپر سنہری ورق چڑھالیں۔

ترکیب استعمال و مقدار خوراک ---: ایک گولی روزانہ بوقت صبح کسی ناشتہ کے ساتھ

یا صرف دودھ پانی یا چائے کے ہمراہ استعمال کریں۔

افعال و منافع ۔۔۔: مقوی باہ ناقابل بیان ہے۔ اس کے استعمال سے چند گھنٹوں بعد نعوظ ہوجاتا ہے۔ شوقین حضرات شرط کے ساتھ ایک گولی رات کو کھائیں۔ گولی خود بیدار کرے گی۔ جس کام کے لئے استعمال کی گئی ہے یہ مبالغہ نہیں ہے۔ ممسک بدرجہ کمال ہے۔ فالج، رعشہ، لقوہ میں بھی خاطر خواہ فائدہ کرتی ہے۔ اسہال اور ضعف معدہ میں مفید ہے۔ نزلہ، زکام، چھینکوں کی کثرت میں نصف گھنٹہ کے اندر اندر فائدہ ہوتا ہے۔ کھانسی ایک ہی شب میں کم ہو جاتی ہے۔ ضعف دماغ، درد کمر، اور سیلان الرحم میں عورتوں کو بھی استعمال کرائی جاسکتی ہے۔ ہر مرض کی بقیہ کمزوری نقاہت کے لئے بھی مفید ہے۔

حب مقوی باہ نمبر ۷ ۔۔۔: کشتہ شنگرف ۵ حصہ، کشتہ ہڑتال ورقی ۵ حصہ، جوہر سم الفار ۱ حصہ مروارید ناسفتہ ۲۵ حصہ، سب کو کھرل کرکے بقدر مرچ سیاہ گولیاں تیار کریں۔ ایک گولی ہمراہ دودھ کے دیں۔ نہایت ہی مقوی باہ دوا ہے۔

طاقت کی خوش ذائقہ بے نظیر ربڑی ۔۔۔: موصلی سفید ۵ تولہ، ثعلب مصری ۵ تولہ، مغز بادام ۵ تولہ، بہمن سفید ۳ تولہ، دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ، کھویا دس تولہ، مصری ۳ پاؤ۔ ادویات کا سفوف بنالیں پھر مصری کی چاشنی تیار کرکے چولھے سے نیچے اتاریں۔ اور اس میں پہلے کھویا ڈال کر ڈنڈے سے خوب گھوٹیں۔ تاکہ پھٹکی نہ بنے پھر باقی ماندہ ادویہ کا سفوف ڈال کر بدستور رگڑیں۔ تھوڑی دیر میں قوام جمنے لگ جائے گا۔ کسی تھالی میں ذرا سا گھی چپڑ کر معجون مذکورہ پھیلا دیں۔ سرد ہونے پر چاقو سے ٹکیاں کاٹ لیں۔

ایک تولہ رات کو سوتے وقت دودھ سے کھایا کریں۔ صبح اگر نہار منہ بطور ناشتہ کے یونہی کھالیا کریں تو بھی کوئی ہرج نہیں۔ اسی طرح تمام دوائی ختم کردیں اس کے متواتر استعمال کرنے سے جسم موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔ مردانہ کمزوری جو کثرت جماع سے لاحق ہو جایا کرتی ہے اس سے رفع ہو جائے گی۔

مقوی باہ گھی ۔۔۔: سفید اور پکے ہوئے پیاز چھیل کر اور کوٹ کر کپڑے میں دباکر ان کو نچوڑ کر پانی حاصل کریں۔ اگر یہ رس ۲ سیر ہو تو اس میں سیر بھر گائے کا گھی ملادیں۔ اور سفید پیاز کو چھیل کر پاؤ بھر کے قریب چٹنی بناکر اس کو بھی گھی میں ملالیں اور نرم آنچ پر پکائیں۔ جب سب پانی جل جائے اور صرف گھی باقی رہے تب اتار کر سرد ہونے پر چھان لیں۔ اور چینی یا شیشے کے برتن میں رکھ چھوڑیں۔

فوائد ۔۔۔: جو لوگ کسی وجہ سے قوت مردی سے محروم ہو چکے ہوں اور ویرج کی کمی کی وجہ سے ہر وقت اداس کمزور اور بیمار رہتے ہوں۔ قوت ہاضمہ کمزور ہو چکی ہو حافظہ جواب دے گیا

ہو۔ بینائی کمزور ہو، جسم دبلا ہو، اس گھی کے لگاتار استعمال سے تمام شکایات رفع ہو جائیں گی۔ اس سے خون بکثرت پیدا ہوتا ہے اور بدن بھی موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔

مقوی باہ انڈے ---: تخم کونچ، تخم پیاز، ادرک، دارچینی، خولنجاں، تخم ترب، عقرقرحا، تخم اونٹکن ہر ایک ۹ ماشہ، باریک پیس کر مرغ کے انڈوں میں ان کا سر کھول کر سفیدی نکال کر زردی رہنے دیں۔ اور یہ دوا بھر کے آروماش سے بند کردیں۔ اور دیگ میں جوش دیں جب آٹا خشک ہو جائے اور انڈے پک جائیں تو نکال لیں اور حسب برداشت دیں۔

کیمیائے عشرت ---: یہ ایک بیش بہا طاقت پیدا کرنے والی دوا ہے۔ قوت رجولیت تمام رات نہیں ٹوٹتی، یہ وہ نسخہ ہے جسے سینہ میں مخفی رکھا جاتا ہے۔ پھٹکنی ۳ رتی، زعفران ۱ رتی، کائپھل ۶ رتی، شنگرف ۶ رتی، لونگ ۴ رتی، ماجو پھل ۶ رتی، ورق طلاء ۴ رتی، ورق نقرہ ۷ رتی، افیون ۶ چاول، دارچینی، کستوری، ریگ ماہی نر ہر ایک ایک ماشہ۔ تمام ادویات کو کھرل کرکے سفوف بنالیں۔

خوراک ۲ رتی (حسب برداشت) ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں ہر روز کھانے کے لئے اس کی مقدار خوراک ۲ رتی ہے۔ اور اگر اس خوراک کو ایک ہی دن میں استعمال کرنا چاہیں تو چودہ سیر پختہ دودھ گرم کرکے رکھ لیں۔ نصف نصف سفوف ایک ایک پیالہ میں گھول کر پئیں۔ جتنی دفعہ پیاس محسوس ہو وہی رکھا ہوا دودھ پئیں۔ ہضم ہوتا جائے گا۔ اسکا استعمال کنندہ بھوک اور پیاس سے نڈھال ہو جاتا ہے اور سب دودھ ہضم کر جاتا ہے۔ اس کے فوائد وہی ہیں جن کے لئے یہ استعمال کیا جاتاہے۔ قوت رجولیت تمام رات نہیں ٹوٹتی شاہی نسخہ ہے۔

اکسیر نامردی ---: یہ اکیلا نسخہ لاکھ روپے کا ہے۔ مقویات عالم کا سرتاج ہے۔ اس کی پوری تعریف استعمال کرنے پر معلوم ہوگی۔

عنبر ۳ ماشہ، سم الفار سفید ۶ ماشہ، کتھ سفید ۶ ماشہ، برگ پان دو سو عدد کا پانی مقطر نکال کر اس میں ادویہ مذکورہ کھرل کرکے گولیاں بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

ایک گولی روزانہ کھاکر اوپر سے دودھ بقدر برداشت پئیں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے تیس سال تک قوت کم نہیں ہوتی۔ بہترین چیز ہے۔

پیام شباب ---: زعفران، لونگ، جلوتری، دارچینی، دانہ الائچی خورد، خولنجان، بہمن سرخ، بہمن سفید، شقاقل مصری، ہر ایک ۴ ماشہ، مشک خالص، عنبر اشہب، مروارید، ورق طلاء ہر ایک ۶ رتی، چرس خالص ۳ ماشہ، نبات سفید ۲ تولہ، سب کا باریک سفوف تیار کریں۔ مقدار خوراک ۴ رتی سے ایک ماشہ تک۔

وقتی طور پر جماع سے ۲ گھنٹہ پیشتر ہمراہ شیر جوش دے لیں۔ مقوی باہ، از حد ممسک،

منشط، مفرح دافع سرعت انزال بدرجہ غایت ہے۔

اکسیر البدن ---: مکردھوج، کشتہ مروارید، کشتہ نقرہ، کشتہ عقیق، کشتہ مرجان، کشتہ فولاد، کشتہ قلعی، کشتہ سنگ یشب ہر ایک ۳ ماشہ، طباشیر نقرہ ۴ ماشہ، دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ، طباشیر اور الائچی کو کھرل کرکے باقی کشتہ جات ملاکر عرق گلاب ایک پاؤ عرق بیدمشک ایک پاؤ، روح کیوڑہ ۵ تولہ بذریعہ کھرل جذب کریں۔

خوراک برائے طبیب

مقوی اعضائے رئیسہ و شریفہ ہے۔ مقوی باہ و بدن ہے اس کے استعمال سے جریان و احتلام جڑ سے اکھڑ جاتا ہے۔ سستی اور کاہلی چستی اور پھرتی میں بدل جاتی ہے۔ خوراک جزوبدن ہوکر مادہ مولد و مغلظ ہو جاتا ہے۔

محرک باہ اکسیر ---: "ھوالشافی" سم الفار سفید، ہڑتال ورقیہ، شنگرف رومی، گندھک، آملہ سار، زعفران کشمیری ہر ایک ایک تولہ، تمام ادویات کو رس لیموں ۱۰۰ تولہ میں کھرل کرکے حبوب بقدر دانہ مونگ کے تیار کریں۔ خشک ہونے پر شیشی میں رکھیں۔

خوراک ایک گولی صبح بعد از ناشتہ ایک چھٹانک مکھن یا بالائی میں رکھ کر نوش فرمائیں۔ دوران استعمال میں دودھ گھی اور مرغن اشیاء کافی سے زیادہ استعمال کریں۔

انشاء اللہ تمام غذا جذوبدن ہوتی رہے گی۔ چند ہی دنوں میں سب شکایتیں رفع ہوکر صحت قابل رشک ہو جائے گی۔

اکسیر باہ ---: پارہ شنگرف سے نکالا ہوا ۵ تولہ، ایک لوہے کی کڑاہی میں رکھ کر نہایت نرم آگ پر چولھے پر رکھیں یا نیچے دس لین کا لیمپ جلائیں۔ تاکہ پارہ کو گرمی پہنچتی رہے۔ مندرجہ ذیل بوٹیوں کا قطرہ یکے بعد دیگرے دے کر کشتہ کرلیں۔ آب بیخ کنیر سفید گل امار، شیر آک سفید گل اگر نہ ملے تو شیر مدار ہی سہی امار، آب گل کثائی امار، آب پیاز سفید امار، ہر ایک بوٹی کا عرق نہایت اطمینان سے ایک یوم میں بذریعہ تقطیر جذب ہوکر پانچ یوم میں ۵ تولہ سیماب کا کشتہ برنگ گلابی تیار ہوگا۔ اس کے بعد کسی بوٹی مذکورہ بالا سے لے کر کھرل کریں اور ایک آنچ دیں۔ اگر کچھ حصہ خام رہ گیا ہے۔ تو اس طریق سے نکل جائے گا۔

خوراک ایک چاول کی سات خوراکیں بنالو۔ ایک آدمی کو تین خوراکیں کافی ہیں۔ مگر اس وقت جبکہ تمام اسباب تمہیں مہیا ہیں ورنہ نہ کھلائیں۔

فوائد ---: پیرنوجوان کو گیارہ روز کے بعد۔ پیر جوان کو سات یوم کے بعد پیر ستر سالہ کو تین یوم کے بعد ایک خوراک دیں۔ غذا انتہائی مرغن کھلائیں۔ درخت کنیر اس طرح حاصل کریں

کسی باغ کے مالی کو کچھ لالچ دے کر ایک پرانا درخت کنیر سفید گل نکلوالیں۔ اس کی جڑ کو کسی برتن سے صاف کرلیں تاکہ مٹی دور ہو جائے۔ گھر لینے کا رس نکالنے والے بیلنے میں دباکر آب مذکور نکال لیں۔ قریباً ۲ بوتل عرق برآمد ہوگا۔ آک کا دودھ چار بجے صبح حاصل کرنا شروع کریں۔ اس طرح کٹائی کا پانی بھی جنگل سے اکٹھا کیا جاسکتا ہے۔ شیر آک سفید گل نہ ملے تو دو ہرا ہی لے لیں۔ کنیر کا بقایا درخت جلاکر نمک بنالیں۔ دو چاول بواسیر والے کو کھلانا مفید ہے۔

مقوی باہ ---: (موسم سرما کا عجیب تحفہ بیضہ مرغ کا چھلکا بھی گل جاتا ہے)۔

لکھنؤ میں ایک صاحب دو روپیہ فی انڈا کے حساب چھلکا گلا ہوا انڈا قوت باہ کے لئے فروخت کیا کرتا ہے۔ راحت و مسرت سے لبریز نیند آتی ہے۔ صبح کو مسکراتے ہوئے آنکھ کھلتی ہے۔ قوت باہ کے لئے اچھا نسخہ ہے کسی مٹی کے برتن میں کوکنی امچور دس تولہ' سم الفار ۱۲ رتی' بیضہ مرغ ایک عدد اور پانی اس قدر ڈالیں کہ باقی ادویات سے ایک انچ اوپر رہے رات کو شبنم میں رکھیں۔ صبح کو چولھے پر سوار کراکر آہستہ آہستہ آنچ جلانی شروع کریں۔ پھر ذرا تیز کردیں۔ جب انڈے کا چھلکا گل جائے تو آگ کو نرم کردیں۔ تاکہ انڈا پھٹ نہ جائے۔ انڈا کو باہر نکال کر حلوایا بلائی میں ملاکر میٹھا ڈال کر کھالیا جائے کوکنی امچور دکن سے آتی ہے۔ پنساریوں سے سستی مل جاتی ہے۔ مارواڑی لوگ اسے زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ نصف ماشہ سنکھیا کی بجلی کو توڑنے کے لئے اور ساتھ ہی انڈے کے چھلکے کو گلانے کے لئے امچور کافی ہے۔ اس کی ترشی چھلکا کو گلا دیتی ہے۔ سلسل بول بوجہ ضعف مثانہ کا یہ شافی علاج ہے۔

دیگر ثابت انڈا گلانا جو مقوی باہ ہے ---: اکم جو ترش میوہ ہے اور ملتان میں اکثر فروخت ہوتا ہے۔ بقدر ایک سیر دیگچہ میں ڈال کر اس میں پندرہ عدد انڈے دبادیں۔ کہ درمیان میں رہیں۔ پھر اس پر آہستگی سے پانی ڈالیں۔ اور نیچے آگ جلا دیں۔ پندرہ منٹ کے بعد سوئی لے کر انڈے میں چبھو کر دیکھیں۔ اگر پار ہو جائے تو تیار سمجھیں ورنہ کچھ دیر اور پکائیں۔ انڈے چھلکے سمیت گل جائیں گے۔

خوراک دو انڈے روزانہ استعمال کرنے سے قوت باہ بے حد بڑھ جاتی ہے۔

مقوی باہ گولیاں ---: شنگرف رومی ایک تولہ' سم الفار سفید ایک تولہ' افیون ۶ ماشہ' ہرسہ کو زردی بیضہ مرغ کے ہمراہ ایک ایک زردی شامل کرکے کھرل کریں۔ کل ۲۱ زردیاں کھرل کریں اور پھر نخودی گولیاں بنالیں۔

خوراک ایک گولی ہمراہ شیر استعمال کریں۔ مقوی باہ اور ممسک درجہ کمال ہے۔ بارہا آزمودہ نسخہ ہے۔

اکسیر جواہرات

مرجان ایک تولہ' زمرد' یاقوت' عقیق سرخ' مروارید' یشب سبز ورق طلاء' ہر ایک تین ماشہ' ورق نقرہ ۴ ماشہ' تمام ادویات کو باریک کرکے نہ گھسنے والے کھرل میں بہ آب مروق پنکھڑی گل سرخ دو دن مسلسل گھوٹیں۔ (کھرل کریں) پھر چھوٹے چھوٹے قرص بناکر سایہ میں خشک کرلیں۔ ایک کوزہ میں آدھ پاؤ نغدہ تازہ پھول گلاب کے درمیان رکھ کر گل حکمت کرکے بیس سیر پختہ اپلوں کی آنچ دیں۔ بعد سرد ہونے کے نکال کر دو روز عرق گلاب' کیوڑہ' بید مشک میں کھرل کرکے رکھیں بس دوا تیار ہے۔

فوائد ---: تمام اعضائے رئیسہ کی کمزوری کو دور کرنے کے لئے اکسیر ہے۔ جواہر مہرہ کا بدل ہے۔

سل و دق کی کمزوری دور کرنے کے لئے آب حیات ہے۔ خفقان کی بہترین دوا ہے۔ مقوی قلب و دماغ ہے۔ جن لوگوں کو ضعف باہ بوجہ اعضائے رئیسہ کے ہوان کے لئے نعمت ہے۔ مفرحات اور یاقوتیوں کی روح ہے۔ مجاوق کے ئے اکسیری خواص رکھتا ہے۔

صدہا لڑکے جو برے کریکٹر کی زندگی میں رہ کر اپنے آپ کو تباہ و برباد کرچکے تھے۔ اس کے استعمال کرنے سے بے حد نفع ہوا۔ خوراک دو چاول سے چار چاول تک ہمراہ مسکہ گاؤ یا خمیرہ گاؤ زبان عنبری ۴ ماشہ بیماری سے اٹھنے والے بہت کمزور مریضوں کو دیتے ہیں۔ ہر جگہ کامیابی اور مبارکبادی ملی۔

مقوی باہ لونگ ---: شاہ دیمک کیڑا ایک عدد شیشی میں ڈال کر معہ چھ ست لونگ کے ڈال کر چند روز رکھیں۔ کیڑا پانی ہوکر لونگوں میں خشک ہو جائے گا۔

ایک لونگ کا تیسرا حصہ یا نصف حصہ غرض بتدریج بقدر تحمل طبع استعمال کریں۔ غذا مرغن کھائیں مقوی باہ بے حد ہے۔

مجرب طاقت کی بے نظیر گولیاں

قوت باہ اور امساک پیدا کرنے کے لئے سہل الحصول مقوی باہ اور ممسک بے نظیر گولیاں ہیں۔ جو بنائے گا اس کی خوبی کا قائل ہو گا۔

کافور' افیون' اجوائن خراسانی' تخم ہرمل' مرکی' ہر ایک ایک چھٹانک' سم الفار سفید ۳ ماشہ' تمام ادویات کو باریک پیس کر شہد سے نخودی گولیاں تیار کریں۔

ایک گولی قوت باہ کے لئے نہار منہ مسکہ گاؤ میں رکھ کر دیں۔ اور امساک کے لئے ایک سے دو گولی تک قبل از مباشرت دیا کریں۔ اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں۔

یہ نسخہ اکسیر قے بھی ہے۔ اس کی پہلی ہی خوراک قے کو فوراً بند کر دیتی ہے۔ مگر بلا آمیزش سم الفار تیار کریں۔ تو اکسیر قے بند ہے۔ جریان احتلام، سرعت انزال کو بھی مفید ہے۔

سفوف مقوی باہ ---: تخم خشخاش، شقاقل، بہمن سرخ، بہمن سفید، ثعلب مصری، گل بول، تالمکھانہ، خرما، گوکھرو، تخم گذر، طباشیر، اسبغول، پوست بیرون پستہ، ہر ایک ایک تولہ۔ اندر جو، گل سرخ، قسط شیریں ہر ایک ۷ ماشہ، سپاری ۳ ماشہ، سفوف بنائیں۔ ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

حب مقوی و ممسک یعنی حب ریگ ماہی مشک ---: ریگ ماہی، لونگ، شنگرف مدبر ہریک ۴ ماشہ، زعفران، مشک افیون ہر ایک ۱ ماشہ، دار شیشعان، دار چینی، ورق نقرہ ہریک ۷ ماشہ، جھکنی، ورق طلاء، ہر ایک ۳ ماشہ۔ باریک کرکے نخودی گولیاں بنائیں۔ ایک یا دو گولی دودھ سے کھائیں۔ امساک کے لئے دو گھنٹہ قبل۔ تقویت باہ اور امساک کے لئے مفید ہے۔

تحفہ سرما مقوی باہ

سم الفار، سفید پارہ ہر دو ہم وزن، شیرا ادرک میں اس قدر کھرلکریں کہ پارہ نابود ہو جائے۔ یہ مرکب ۳ ماشہ، کشتہ فولاد شنگرفی ۳ ماشہ، کشتہ پارہ سنکھا ۲ ماشہ، کشتہ تانبا ۱ ماشہ، موصلی سیاہ ۲ ماشہ، ہلیلہ ۳ ماشہ، سب کو ہمراہ عرق آملہ اچھی طرح کھرل کرکے نصف رتی کی گولیاں بنائیں۔ رات کو سوتے وقت ایک گولی دودھ سے دیں ایک ہفتہ کے بعد قوت کا مشاہدہ کریں۔ بوڑھوں کو جوان اور جوانوں کو نوجوان بنانا اس اکسیر کا کام ہے۔

غذا مرغن کھائیں اور پرہیز امور مشہورہ سے کریں۔

حب مقوی باہ ---: کچلہ مدبر، جائفل، جلوتری، کونین، مومیائی، جدوار خطائی، ثعلب مصری، شقاقل مصری، سلاجیت ہر ایک ۶ ماشہ، افیون ۹ ماشہ، فاسفیٹ آف آئرن ۹ ماشہ، زعفران ۵ ماشہ، ورق نقرہ ۳ ماشہ شنگرف مدبر ۳ ماشہ، سم الفار ۲ ماشہ تمام ادویات کو الگ الگ باریک پیس کر شہد سے نخودی گولیاں تیار کریں۔

خوراک ---: ایک گولی ہمراہ روغن زرد بعدہ نصف سیر دودھ میں میٹھا ڈال کر پی لیا کریں۔ حبوب مقوی کا دو ہفتہ استعمال ہر قسم کی کمزوری خصوصاً بوڑھوں کے لئے رفیق ہے۔

سفوف مقوی باہ و دماغ ---: یہ سفوف نہایت مقوی باہ و دماغ، سرعت انزال دافع

جریان، و رقت کے لئے اکسیر ہے۔ نہایت مفید و معمول مطب ہے۔

طباشیر، موصلی سیاہ، ستاور، زہر مہرہ خطائی۔ ہر یک ۹ ماشہ، بسد احمر، کہرباشمعی، یشب سبز، صندل سفید، کشنیز خشک، گوکھرو، آملہ مقشر، موصلی سفید ہر ایک ٦ ماشہ، شقاقل گوند کیکر، گوند ڈھاک، تالمکھانہ، بیجبند ہریک ۷ ماشہ، پھلی ببول خام، مغز ختہ تمر ہندی لسوڑیاں ہر ایک ۲ تولہ، نبات سفید ۱۲ تولہ بدستور سفوف بنائیں۔ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۵ تولہ، عرق کیوڑہ ۵ تولہ، شربت بنفشہ ۴ تولہ استعمال کریں۔

حبوب مقوی باہ:- تقویت باہ میں سریع الاثر ہے۔ ایکسٹریکٹ ڈامیانہ، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا، ایکسٹریکٹ کوکا ہر ایک ۴ ماشہ، پل فاسفورس ۸ ماشہ، فرائی فریڈ یکٹم ۴ ماشہ، عقرقرحا، بیر بہوٹی، زعفران، مشک خالص ہر ایک ۴ ماشہ، کشتہ طلاء ۲ ماشہ، سب کو کھرل کرکے ۱۲۰ گولیاں بنالیں اور دو دو گولیاں ہمراہ شیر گاؤ دو وقت استعمال کریں۔

معجون مقوی باہ و مولد منی

ثعلب مصری، تودری سرخ، تودری زرد، شقاقل چھلکا اسبغول، سونٹھ، مغز تخم کدو، مغز تخم پیٹھ، مغز پنبہ دانہ، مغز نارجیل، خولنجان، گوند ڈھاک، گوند کیکر، ہر ایک ایک تولہ، موسلی سفید، موصلی سنبھل ہر ایک ۲ تولہ، تخم شلغم، لونگ، جلوتری، مایہ شتر اعرابی، ہر ایک ٦ ماشہ، مغز فندق، مغز چلغوزہ، مغز پستہ ہر ایک ۳ تولہ، ماہی روبیاں، سقنقور ہر ایک ایک تولہ۔ سب ادویات کو علیحدہ علیحدہ پیس کر تین گناہ شہد میں ملاکر معجون تیار کریں۔

علی الصباح ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ جوشیدہ استعمال کریں۔ موسم سرما میں اس کو استعمال کرنے سے سردی کی تکالیف سے مامون رہیں گے۔ باہ و مادہ تولید میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔ غرض یہ ایک بہترین مایہ راز معجون ہے۔

حبوب مقوی باہ:- سنکھیا سفید، شنگرف رومی، افیون ہر ایک ایک تولہ، شراب برانڈی ۵ تولہ میں کھرل کرکے ایک زردی بیضہ مرغ میں کھرل کریں۔ اسی طرح ایک ایک زردی کرکے پچیس زردیاں ملاکر کھرل کریں۔ اور گولیاں نخودی تیار کریں۔ رات کو سوتے وقت ایک گولی ہمراہ شیر گرم جس میں کہ میٹھا ملایا گیا ہو استعمال کریں۔

حب عجیب برائے نامردی

جائفل، جاوتری، دانہ الائچی خورد، چوب چینی، بیجبند، موصلی سفید، پپلا مول، فلفل سیاہ،

تخم اونٹکن، تخم زردک، ما لکنگنی، سمندر پھل، موچرس، اندرجو، ناگر موتھ، لونگ، ناگیسر، عقرقرحا، کباب چینی، گوکھرو، بیخ کونچ، بیخ نیلوفر، بیخ بنفشہ، شنگرف ہر ایک ایک تولہ، کستوری ۲ ماشہ، زعفران ۴ ماشہ، قند سیاہ کہنہ نیم سیر۔ سب کو باریک کرکے قند سیاہ میں ملاکر خوب گھوٹیں اور گولیاں بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔ اور بوقت خفتن ایک تا دو گولی ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم جتنا پیا جائے اوپر سے پان کھاکر سو جائیں۔ اگر مریض زیادہ ہو تو دونوں وقت کھائیں۔

نامردی، کمزوری، سستی، جریان، احتلام کو مفید ہے۔ چند روز میں اثر دکھاتی ہے۔

زدجام عشق ---: تقویت اور مایوسین قوت باہ کے لئے نہایت درجہ مفید ہے۔ تقویت امساک کے لئے ہزاروں نسخوں سے بہتر اور اچھا ہے۔

زعفران، دار چینی، جائفل، افیون، مصطگی، عقرقرحا، شنگرف قرنفل ہر ایک ۶ ماشہ، روغن سم الفار ۶ ماشہ یا جوہر سین خورد ۳ ماشہ سب کو کھرل کرکے گولیاں بقدر ایک رتی کے تیار کریں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ شیر جوشیدہ۔

حب بے نظیر ---: مقوی، مبی، ممسک و محرک، منشی ادویہ سے مبرا، معمول مطب ہیں۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔

رس سندھور، کافور، جائفل، لونگ، فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ طلاء ۳ ماشہ، مشک خالص ڈیڑھ ماشہ، سب کو عرق پان یکمد میں کھرل کرکے ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

ایک گولی ہمراہ دودھ بوقت شام۔ امساک کے لئے ہمراہ برگ پان۔

جوہر شباب ---: جوہر شباب گمشدہ طاقت کو واپس لانے کی اکسیری دوا ہے۔ مایوس مریضوں کو چند گھنٹوں میں کامیاب کرنے والی سستی، جریان، احتلام، سرعت کو دور کرنے والی دوا ہے۔ نامردوں کو مرد اور مردوں کو جوانمرد بنانے والی دوا ہے۔ جوہر شباب کوئی سفوف نہیں ہے کہ چالیس روز متواتر کھاؤ۔ یہ گولیاں نہیں ہیں۔ جو چند دواؤں کو کوٹ چھان کر بنا دی گئی ہوں۔ بلکہ یہ ان تیر بہدف اکسیری بیش قیمت ادویات کا جوہر ہے۔ جن کو دنیا کے تمام اطباء قوت مردانگی کے لئے اکسیر سمجھتے ہیں۔ جوہر شباب کی پہلی خوراک ہی تمام رگ و ریشہ میں بجلی کا سا اثر پیدا کر دیتی ہے۔ قبض نہیں کرتی بلکہ دائمی قبض کو توڑتی ہے۔ بھوک خوب لگاتی ہے۔ اور کھایا پیا جزوبدن ہونے لگتا ہے۔

شنگرف ایک تولہ کو شیر مدار میں ایک شبانہ روزتر رکھیں۔ بھرسنکھیا سرخ، ہڑتال ورقی، گندھک آنولہ سار، بیر بہوٹی ہر ایک ایک تولہ عرق پیاز ۵ تولہ، سب کو عرق پیاز میں کھرل کریں کہ جذب ہو جائے۔ پھر زردی بیضہ مرغ ۴ عدد میں کھرل کریں۔ پھر عرق گلاب خالص ۵ تولہ میں کھرل کرکے گولیاں بناکر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ سرخ رنگ تیل برآمد ہوگا۔ ایک قطرہ

مکھن یا بالائی کے ساتھ روزانہ کھلائیں۔

راز مخفی مقوی باہ شاہی نسخہ ---: یہ شاہی صدری نسخہ تمام مقویات کا سرتاج ہے اس کے دو چار اجزاء دیکھ کر یہ نہ سمجھیں کہ معمولی نسخہ ہے۔ نہ نسخہ تمام کشتہ جات کے اثر کو بھلا دے گا۔ اس میں چاروں اثرات مقوی باہ، مغلظ، ممسک و ملذذ ہیں اور بے ضرر ہیں۔ یہ داخلی طور پر اور خارجی طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد، زعفران کشمیری ڈھائی تولہ، مشک خالص ۳ ماشہ شیر گاؤ میش ۲ سیر پختہ۔ تھوڑا تھوڑا دودھ ڈال کر کھرل کریں۔ جس وقت سب دودھ کھرل کے ذریعہ جذب ہو جائے۔ تو بھی متواتر کھرل جاری رکھیں۔

اس وقت خود بخود روغن نکل آئے گا۔ اس روغن کو نتھار لیں۔ جتنا متواتر اور زوردار ہاتھوں سے کھرل ہوگا۔ اسی قدر روغن زیادہ اور جلد نکلے گا۔ کھرل برابر ہوتا رہے۔ درمیان میں وقفہ سے حرارت کم ہو جاتی ہے۔ اور روغن دیر میں اور کم نکلتا ہے۔ اس لئے لگاتار کھرل ہونا چاہیے۔ اجزاء جس قدر صاف اور عمدہ ہوں گے۔ اسی قدر روغن زیادہ مفید اور مئوثر ہوگا۔ نہایت خوش رنگ سنہری روغن برآمد ہوگا۔ جس قدر روغن برآمد ہو۔ اس کے تین حصہ کرلیں۔ ایک تو اسی حالت میں شیشی میں محفوظ رکھیں۔ یہ خوراکی ہے۔ ایک سے ۵ قطرہ تک روزانہ حسب مزاج و عمر دودھ میں ڈال کر دیں۔ دوسرے حصہ میں چوتھائی وزن کی ایک ڈلی سم الفار کی ڈال کر چینی کے پیالہ میں ڈال کر سفید ململ کا باریک کپڑا ڈھانپ دیں اور دھوپ میں ۳ یا ۷ یوم تک رکھیں۔ رات کو شبنم سے محفوظ رکھیں۔ پھر احتیاط سے ڈلی سم الفار کی نکال لیں۔ اور یہ احتیاط ضروری ہے کہ سم الفار کے اجزاء اس میں شامل ہو کر تحلیل نہ ہو جائیں۔ یہ طلاء کا کام دے گا۔ اور مطلق بے ضرر اور بغیر کسی تکلیف کے پورا فائدہ دے گا۔ اگر سم الفار کے اجزاء اس میں شامل ہوگئے تو خفیف بثورات پیدا ہو جائیں گے۔ جو روغن چنبیلی خالص سے ملنے سے دور ہو جائیں گے۔ تیسرے حصہ میں آٹھواں حصہ نوشادر قلعی گراں اور آٹھواں حصہ مصری خانہ نبور جو زرد رنگ ہوتی ہے کھرل کریں۔ اعلیٰ درجہ کا ملذذ ہوگا اور لطف یہ کہ مطلق بے ضرر۔

پہلا حصہ قوی باہ و ممسک ہے۔ مداومت سے قدرتی امساک حاصل ہوتا ہے۔ جو صاحب شوقیہ طور پر کھائیں گے ان کو ہر ایک مقوی و ممسک دوا سے مستغنی کر دے گا۔ قوت بدنی قائم رہے گی۔ اور بڑھے گی۔ اعلیٰ درجہ کا شاہی نسخہ ہے۔

معجون مبہی ---: نوجوان بکرے کے خصیے نیم سیر، نوجوان بکرے کا بھیجا نیم سیر، ہر دو کو ایک سیر کھانڈ میں جھلی دور کر کے ملیں۔ حتیٰ کی حل ہو کر ایکسٹریٹ کی صورت میں ہوجائے۔ پھر اس کو بھاپ پر خشک کرلیں۔ پھر اس میں مندرجہ ذیل ادویہ شامل کریں شہد مصفی نیم سیر، موصلی سفید، تخم ریحان، سبوس اسبغول، چھوہارے، دارچینی، کشتہ صدف مرواریدی ہر ایک ۵ تولہ، کشتہ قلعی۔

فلفل سیاہ، سونٹھ، زیرہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو سفوف کرکے شہد اور ایکسٹریکٹ مذکور میں ملالیں بس تیار ہے۔

خوراک ایک تولہ علی الصباح ہمراہ شیر نیم گرم استعمال کرنے سے پہلی خوراک سے افاقہ شروع ہو جائے گا۔

فوائد:۔ قوت باہ میں ضعف کا ظہور بسا اوقات آتشک سوزاک کا نتیجہ بھی ہوا کرتا ہے۔ یہ بھی خیال کر لیا کریں۔ مقوی باہ ہے۔

قرص فضہ:۔ رفع سستی قضیب مجلوق کے لئے عجیب الخواص ہے۔ اور تقویت باہ و انتشار اور امساک کے لئے شدید التاثیر ہے۔

کشتہ چاندی، شنگرف، زہر ہلاہل، لونگ، جدوار، عود، ہر ایک ۳ ماشہ، جائفل، تخم بالنگو، تخم باونہ ہر ایک ۲ ماشہ، عقر قرحا، فلفل دراز، بچھناک سفید، مصطگی رومی، مروارید ناسفتہ ہر ایک ایک ماشہ، زعفران ۴ ماشہ، افیون ۶ ماشہ، سب کو کوٹ پیس کر قدرے عرق گلاب سے خمیر بنا کر ۴۴ قرص تیار کریں۔

ایک قرص بوقت عصر ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں اور کسی قدر شراب برانڈی میں حل کرکے ذکر پر لگائیں۔

معجون علمدار:۔ تقویت باہ کے لئے عجیب چیز ہے۔ عقر قرحا، تخم پیاز، تخم گندنا، ہر ایک ۴ تولہ، تخم شلغم ۶ تولہ، پیپل، مرچ سیاہ ہر ایک ۳ تولہ، خردل ۲ تولہ، سیاہ دانہ ۴ ماشہ، مغز پستہ ۴ ماشہ، شہد مصفی سہ چند بدستور معروف معجون بنائیں۔

روزانہ بقدر ایک تولہ صبح و شام کھلائیں۔

اکسیر کامل:۔ تقویت باہ کے لئے عجیب الاثر ہے۔ کشتہ طلاء، کشتہ نقرہ، جواہر مہرہ ہر ایک ۳ ماشہ، کشتہ قشر بیضہ مرغ، کشتہ فولاد، ہر ایک ۶ ماشہ، جوہر کچلہ ا ماشہ، جوہر سم الفار ا ماشہ سب کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ ایک چاول سے دو چاول تک ہمراہ لبوب کبیر کے دیں۔

مقوہ باہ دافع جریان

شنگرف رومی ا ماشہ (مغز بھلانواں ۲ تولہ) مصطگی رومی، دانہ الائچی، کلاں، تج، گوند سہانجنہ، ہر ایک ایک تولہ تمام ادویات کو باریک کرکے ۵ تولہ ادرک پانی میں کھرل کرکے بقدر دانہ مونگ

گولیاں بنالیں۔ اکیس یوم استعمال کرنے سے جریان رفع ہو کر طاقت پیدا کردیتی ہے۔

حبوب مقوی باہ ـــــ: سم الفار سفید ۳ ماشہ' ستیاناسی کے پودے کا پانی ایک سیر میں کھرل کرکے گولیاں بقدر دانہ باجرہ تیار کرلیں۔

ایک سے تین گولی تک حسب برداشت بے حد مقوی دافع و سرد امراض کھانسی دمہ گنٹھیا کے لئے بے عدیل ہیں۔

سفوف مقوی باہ ـــــ: اونٹ کٹارہ کی جڑ کے چھلکا کا سفوف بقدر ۴ ماشہ نیم سیر دودھ میں جوش دے کر اکیس یوم پی لیں۔ گئی ہوئی جوانی کو واپس لے لیں اس سے بہت سا دودھ ہضم ہو جاتا ہے۔

اکسیر شباب گولیاں

دنیا بھر کی مقوی باہ ادویہ کی سرتاج' جوانی کے اجڑے ہوئے چمن میں پھر سے بہار لانے والا۔ لاجواب نسخہ ہے۔ یہ مایہ ناز گولیاں اپنے جادو اثر افعال میں کبھی بھی تخفیف نہیں کرتیں۔ کوئی مقوی ولایتی دوا بھی اس کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ اس کے سامنے تمام مقوی ادویہ ہیچ ہیں۔ اس کی کایا پلٹ طاقت بخش قوتوں کا مقابلہ کوئی دوا نہیں کرسکتی۔ اس کا مستقل فائدہ ہوتا ہے۔ دل دماغ' معدہ' جگر' گردہ مثانہ کو طاقت دے کر تمام مردانہ کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔ خواہش جماع اکسانے میں کوئی نسخہ اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ دودھ گھی خوب ہضم کرتا ہے۔ جسم کی ناطاقتی و کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ کثرت مباشرت اور غلط کاریوں سے تباہ حال مردوں میں نئی روح پھونک دیتی ہے۔ حرام مغز میں تحریک پیدا ہونے کی وجہ سے قوت باہ میں ہیجان پیدا ہوتا ہے۔ تجربہ پر خود بخود اس کی خوبیاں معلوم ہوں گی۔ قبض کشا بھی ہے۔ دوران استعمال میں دودھ گھی بکثرت استعمال کریں۔ سب کچھ ہضم ہو جائے گا۔

کچلہ مدبر ا تولہ (در آب گھیکوار و آب ادرک والا) کشتہ فولاد ایک تولہ (شیر مدار والا) کشتہ نقرہ ۶ ماشہ (سم الفار و کبریت والا) سلاجیت اصلی ا تولہ' فلفل دراز' فلفل گرد' جائفل' کلاہ قرنفل' جاوتری' ہر ایک ۶ ماشہ' زعفران ۳ ماشہ' مشک اصلی ڈیڑھ ماشہ' سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کرکے شہد کی مدد سے گولیاں نخودی تیار کرلیں اور ان پر ورق طلاء یا نقرہ لپیٹ لیں۔

خوراک ایک گولی صبح و شام ہمراہ گرم دودھ کے استعمال کریں۔ اگر علی الصباح ایک گولی حلوہ میں لپیٹ کر نگل لیں اور ایک گھنٹہ بعد گرم دودھ پی لیا جائے اور رات کو سوتے وقت ایک گولی گرم دودھ سے استعمال کریں تو زیادہ بہتر ہوگا۔ غذا مرغن کھائیں۔

ترکیب سیماب ---: برائے قوت باہ و مقوی جگر و مشتی نہایت مجرب و مفید ہے۔

پارہ آدھ سیر لے کر ایک مغز نارجیل میں سوراخ کر کے اس میں بھر دیں۔ اور سوراخ میں ہلدی کا کارک لگائیں۔ پھر دس سیر دودھ میں معلق لٹکا کر پکائیں۔ جب دودھ کا کھویا ہو جائے۔ تب نارجیل سے پارہ نکال کر نارجیل کو باریک پیس لیں اور دودھ کے کھویہ کے ہمراہ حسب حاجت روغن زرد میں بریان کریں۔ اور سرد کر کے ۵ سیر شکر سفید ملائیں اور حسب برداشت طبیعت استعمال کریں۔

حلوائے آم ---: نہایت مقوی باہ، مولد منی، شیرہ آم شیریں ۳ مار، کھانڈ ا مار، روغن زرد ا مار، دودھ ا مار، شہد ا مار، سونٹھ، فلفل دراز، ستاور، بہمن سرخ، بہمن سفید، موصلی سنبل ہر ایک ایک تولہ شقاقل، ثعلب مصری، آرد سنگھاڑہ، چوب چینی، مغز تخم خرپزہ، مغز بادام ہر ایک ۴ تولہ، کلیما ۶ ماشہ، تیزپات ۶ ماشہ، اول شیرہ آم اور دودھ اور شکر و شہد ملا کر قوام بنالیں اور مغزیات کو گھوٹ کر گھی میں بھون کر ملائیں۔ پھر دوسری دواؤں کا سفوف بنا کر کام میں لائیں۔

سفوف اکسیر الباہ ---: تقویت باہ اور جسم میں اکسیر الاثر ہے۔ ست سلاجیت، مشک ورق طلاء، کشتہ شنگرف ہموزن لے کر باریک پیس کر کھرل کریں اور بقدر ایک رتی استعمال کریں۔

سفوف جواہرات ---: تقویت دل و دماغ و ارتعاش حزارت غریزی و مقوی باہ ہے۔ یاقوت رمانی، یاقوت زرد، یاقوت کبود، زمرد سبز، مروارید نا سفتہ جند بید ستر، مومیائی خالص ہر ایک ۶ ماشہ، مشک ۳ ماشہ، عنبر ا ماشہ لاجورد مغسول، تولہ روح گلاب می کھرل کریں خوراک ۲ چاول تا ۲ رتی۔

سفوف اعجاز مقوی باہ ---: اسگند ناگوری، موصلی سفید، موصلی سیاہ، تخم اوٹنگن بہ پھلی، بل کتہ، عقر قرحا، گوند ڈھاک، کباب چینی، ہر ایک ا تولہ اندر جو شیریں مغز تخم کونچ، ثعلب مصری، تالکھانہ ہر ایک ۲ تولہ، شکر سفید ہموزن ادویہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں ۶ تا ۹ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ علی الصباح استعمال کریں۔ نہایت ہی مقوی باہ ہے مجلوق کو مفید ہے۔

لقمانی ٹانک پلز ---: کشتہ فولاد (ورنوشادر والا) ا تولہ، کونین سلف ا تولہ، کچلہ بدمبرور کنوار گندل، ۶ ماشہ، کشتہ نقرہ ۶ ماشہ، آب کنوار گندل اڑھائی تولہ پارچہ بنیر کردہ خوب اچھی طرح سے کھرل کر کے تمام پانی جذب کریں۔ کہ سفوف بن جائے۔ پھر روح سونف سے کھرل کر کے گولیاں بقدر اڑھائی رتی تیار کریں۔

دونوں وقت ایک ایک گولی بعد از غذا اڑھائی گھنٹہ ہمراہ دودھ و شہد وغیرہ کے استعمال کریں۔ **فوائد** جملہ امراض جگر، قبض دائمی، بھس، کمی خون، پنڈلیوں کا پھول جانا، سستی طبیعت، ضعف

باہ، ضعف مثانہ کو مفید ہے۔ مقوی باہ، مولد خون، مغلظ منی، مقوی معدہ، دافع سرعت ہے۔

حب مسیحا: یہ حبوب از حد مقوی باہ و محرک ہیں۔ امساک شدید پیدا کرتی ہیں۔ اس کے استعمال سے انتعاش پیدا ہوتا ہے۔

حسب ہضم استعمال کریں۔ بیضہ مرغ ۱۱ عدد، روغن گاؤ ۲ /۱ سیر مصری ۲/۱سیر، زعفران ۲ ماشہ، مشک خالص ۱ ماشہ، انڈوں کی سفیدی اور زردی مخلوط کریں۔ پھر ان میں گھی پگھلا ہوا ملا کر یکجا کریں۔ پھر اسی طرح مصری پسی ہوئی ملا کر کوئلوں کی نرم آگ پر حلوہ تیار کریں جس وقت پک کر گھی جدا ہونے لگے۔ تب زعفران و مشک جو گلاب میں حل کر لئے گئے ہوں۔ ملائیں۔ بعض مشک کی بجائے صرف زعفران ہی ملاتے ہیں۔ اور گیارہ انڈوں کی زردی سفیدی کی بجائے ۲۱ عدد زردی، بیضہ مرغ ہی ڈالتے ہیں اور بجائے روغن زرد کے روغن بادام استعمال کرتے ہیں۔ جو کہ زیادہ مفید ہوتا ہے۔

حبوب مقوی باہ: مشک، عنبر اشہب، مروارید، ورق طلاء، جوہر بھنگ، (ایکسٹریکٹ کنے بس انڈیکا) ہر ایک ۱ ماشہ، جوہر کچلہ ۲/۱ ماشہ (ایکسٹریکٹ نکسوامیکا) زعفران، افیون، ہر ایک ۲ ماشہ، کشتہ فولاد ۳ ماشہ، ابریشم خام مقرض ۶ ماشہ، روح کیوڑہ ۱ تولہ، روح بید مشک ۳ تولہ، حبوب بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔

ایک گولی بوقت خواب ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ اعلیٰ درجہ کی چیز ہے۔

مقوی باہ سنکھیا سفید ۳ ماشہ، ورق چاندی ۳ ماشہ، دانہ الائچی سفید ۲ تولہ، طباشیر ۲ تولہ، بتدریج حل غبار کریں۔

خوراک ۱ تا ۲ رتی ہمراہ مکھن استعمال کریں۔ عمدہ چیز ہے۔

تحفہ عشرت: شاہ دیمک ۱ عدد، شنگرف، کباب چینی، الائچی خورد، الائچی کلاں، جائفل، بسباسہ، قرنفل، زعفران، ہر ایک ۶ ماشہ۔

تمام ادویات کوٹ چھان کر شاہ دیمک کے ساتھ پانی ڈال کر کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔ مقوی باہ، واعضاء رئیسہ دل و دماغ کو مفید ہے۔

خوراک ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ

تقویت باہ: نیش کژدم ایک عدد، طباشیر ایک ماشہ، عرق گلاب خالص اڑھائی تولہ، باہم ملا کر ۲۱ گولیا بنا دیں۔

ایک گولی دو گھنٹہ پیشتر کھائیں۔ باہ سے عاجز آ جائیں گے۔ مجرب ہے۔

سفوف مروارید:۔ کشتہ صدف صادق سوا دو تولہ' مروارید ناسفتہ' عنبر اشب' مشک خالص' ورق طلاء ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' یاقوت رمانی' ورق نقرہ ہر ایک ۳ ماشہ' طباشیر ۹ ماشہ' درونج عقربی ایک تولہ' سب کو مثل غبار کر لیں۔

ایک ماشہ ہمرہ بدرقہ مناسبہ اعلیٰ درجہ کی مقوی بدن ہے اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتی ہے۔ اور مفرح ہے۔

روغن عنبر یہ روغن نہایت ہی مقوی باہ و دماغ ہے غضب کی اکسیری چیز ہے۔ سلاجیت' زعفران کشمیری' افیون خالص ہر ایک ایک تولہ' عنبر' کستوری ہر ایک ۳ ماشہ' شراب برانڈی یا میتھیلیٹڈ سپرٹ میں کرحل کر کے محفوظ رکھیں۔ دودھ میں ایک دو قطرہ ملا کر بوقت شب نوش کریں۔

مقوی باہ لذیذ حلوہ:۔ بنولہ کا آٹا چار تولہ نخود بریان یا بیس ۴ تولہ' زردی بیضہ مرغ ۴ تولہ آرد ختہ خرما ۶ ماشہ' شہد خالص ۳ چھٹانک' روغن زرد ۲ چھٹانک۔ عرق پیاز ۴ تولہ' عرق ادرک ۴ تولہ' عرق انگور شیریں ۴ تولہ' اگر انگور دستیاب نہ ہوں تو منقیٰ ۱۰ تولہ کا جوشاندہ ۵ تولہ استعمال کر سکتے ہیں۔

ترکیب تیاری! پہلے عرقیات میں شہد ملا کر بذریعہ حرارت شربت تیار کریں۔ بعد ازاں روغن زرد میں آرد پنبہ دانہ اور آرد نخود ہلکی آنچ پر بھونیں اور زردی بیضہ مرغ ملا کر مزید بریاں کریں پھر شربت مذکور ڈال کر حلوہ تیار کریں اور برتن کو چولھے پر علیحدہ کر کے آرد ختہ خرما مذکور چمچہ کی مدد سے اچھی طرح ملا لیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

ترکیب استعمال! قبل از شام چار پانچ بجے یہ حلوہ تیار کریں اور کھائیں اور کوئی چیز نہ کھائیں اور پانی کی بجائے شیر گاؤ جوش دیا ہوا شہد خالص سے حسب پسند شیریں کردہ نوش کریں۔ جب تک جاگتے رہیں پیاس لگنے پر دودھ پئیں۔ بلکہ سرہانے دودھ رکھ چھوڑیں۔ جس وقت آنکھ کھلے تلخی محسوس ہو دودھ پی جائیں۔ صبح خصیہ بز ایک پاؤ لے کر نمک مرچ مصالحہ' لہسن وغیرہ کے ہمراہ روغن بریان کریں اور پکا کر نان گندم کے ہمراہ کھائیں۔ اس سے گیا گزرا ضعیف الباہ ایک ہفتہ تک بلاناغہ کھانے سے بغیر جماع کے نہیں رہ سکتا۔ حلوہ موسم سرما میں استعمال ہو سکتا ہے۔ اس سے کوئی بھی اپنی طبیعت پر قابو نہیں رکھ سکتا۔

موسم سرما کا تحفہ حلوہ گذر مقوی باہ:۔ گاجر ایک سیر' دودھ گائے ۵ سیر' گھی آدھ سیر' چینی ۲ سیر' مغز بادام ۵ تولہ' مغز پستہ ۵ تولہ' مغز نارجیل ۵ تولہ' مغز چرونجی ۵ تولہ' مغز فندق ۵ تولہ' مغز چلغوزہ ۵ تولہ' زعفران کشمیری ۶ ماشہ روح کیوڑہ ۲ تولہ' گوندھ پھلاہی نصف پاؤ' بہمن

سرخ، تودری، تا لکھانہ، موصلی سفید، موصلی سیاہ، موصلی سنبل، ستاور، ثعلب مصری، شقاقل مصری اسگند ناگوری، زنجبیل، خولنجاں، فلفل دراز، عقر قرحا، جائیفل، قرنفل، تج، دانہ الائچی خورد، ہر ایک ایک تولہ، کشتہ قلعی ۱ تولہ، فولاد ۱ تولہ، کشتہ عقیق ۱ تولہ، کشتہ مرجان ۱ تولہ، کشتہ صدف مروارید ۱ تولہ حسب معروف حلوہ تیار کریں اور مندرجہ بالا ادویہ کا سفوف بنا کر حلوہ میں شامل کریں۔ اور بعد میں کشتہ جات آمیز کرلیں۔

مقدار خوراک اڑھائی تولہ سے ۵ تولہ تک

یہ حلوہ گذر حد درجہ کا مقوی باہ، مقوی دماغ، مقوی معدہ اور مقوی جگر ہے۔ دیگر مولد خون و مغلظ منی ادویات اس کے سامنے ہیچ ہیں۔ جریان و احتلام کو بند کرنا اس کا ایک ادنٰی کرشمہ ہی نوجوانوں کی تمام پیدا شدہ یعنی ان کی غلطیوں کی پیداوار کا ازالہ کرتا ہے۔

مقوی و مصلب قضیب —: خراطین مصفی کا سفوف ایک ماشہ، قضیب گاؤ سوہان کردہ ۳ ماشہ دونوں کو ملا کر صرف ایک وقت گوشت یا انڈے کی زردی کے ساتھ استعمال کریں۔ نیم گرم دودھ یا پانی سے بھی کھا سکتے ہیں۔ اور آہستہ آہستہ بڑھاتے جائیں۔ کہ قضیب گاؤ ایک تولہ اور خراطین مصفی کی مقدار ۳ ماشہ تک پہنچ جائے۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔

برائے قوت باہ —: جند بید ستر، مائیہ شتر اعرابی، بزر البنج ہر ایک ۲ ماشہ، تخم اوٹنگن، درونج عقربی، افیون خالص، تخم فرنجمشک، لونگ، جائیفل، زعفران خالص ہر ایک ۳ ماشہ سب کو کھرل کریں اور شیر برگد میں کھرل کر کے گولیاں نخودی تیار کریں۔

خوراک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد یہ گولیاں مقوی باہ و محرک ہیں امساک شدید پیدا کرتی ہیں۔

حبوب مقوی باہ —: کشتہ فولاد ۶ ماشہ، کچلہ مدبر ۱ تولہ، ست سلاجیت خالص ۱ تولہ، زعفران کشمیری ۳ ماشہ، سب کو کوٹ چھان کر بذریعہ شہد گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔ ایک گولی صرف

فوائد مقوی باہ دافع کمزوری اعصاب ہیں مجلوق کے لئے نوید مسیحا ہیں۔

حبوب اکسیر باہ —: شنگرف مدبر ۱ ماشہ، کشتہ فولاد درجہ اول ۱ ماشہ، زعفران کشمیری ۴ رتی، ورق طلاء ۵، ورق نقرہ ۳ ماشہ، سلاجیت ۲ ماشہ، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۴ رتی، ایکسٹریکٹ ڈامیانہ ۶ ماشہ، یوہمبین ۶ رتی، مشک نیپالی ۱ ماشہ، سم الفار سفید ۲ رتی سب کو باریک کھرل کر کے بقدر دانہ باجرہ گولیاں تیار کریں اور اوپر ورق طلاء لگائیں۔

خوراک ایک گولی غذا سے ۵ منٹ بعد دونوں وقت مکھن میں دیں۔
ایک سے تین گولی تک بھی حسب برداشت طبیعت کھا سکتے ہیں۔

چند ہی دنوں میں اتنی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ کہ برداشت مشکل ہو جاتی ہے قوت باہ و امساک کو مفید ہیں اور جریان و احتلام کو مفید نہیں ہیں۔

حبوب قوت باہ و نامردی ـــ: سم الفار سفید ا رتی' افیون ۶ ماشہ' کستوری ۲ ماشہ' عنبر ۱ رتی زعفران اصلی ۸ ماشہ' رس سندھور ساڑھے سترہ ماشہ' افیون کو کھرل میں ڈال کر دودھ میں ملا کر خوب کھرل کریں' پھر رس سندھور اور کشتہ سم الفار ملا کر اور دودھ ڈال کر کھرل کریں۔ پھر سفوف باقی کی ادویہ کا ملا کر کھرل کریں اور نصف رتی کی گولیاں بنا لیں۔

خوراک ایک گولی ہمراہ شیر جوش دیا ہوا سرد شدہ استعمال کریں اور خالی معدہ ہرگز نہ استعمال کریں۔

حلوہ بیضہ مرغ ـــ: پانی میں ا تولہ سم الفار سفید اچھی طرح کھرل کریں اور اس میں ۴۴ عدد بیضہ مرغ نرم آنچ پر ابالیں پھر بیضہ کا چھلکا اور سفیدی دور کر کے زردی کے ہموزن بیسن کا آٹا لے کر گھی ڈال کر اچھی طرح سے پکائیں پک جانے پر ہاون دستہ سے کوٹیں پھر چینی کی چاشنی تیار کر کے اس میں ڈالیں اور پھر مندرجہ ذیل ادویہ کا سفوف بھی ڈال دیں' مغز بادام' مغز اخروٹ' مغز پستہ ہر ایک ۱۰ تولہ' کشتہ قلعی' ورق نقرہ' چھوہارا ہر ایک ایک تولہ' ورق طلاء ۳ ماشہ جب خشک ہونے پر آئے اتار لیں۔

خوراک ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ کے استعمال کریں اور جماع سے پرہیز رکھیں۔ نامرد کو کامل مرد بناتا ہے۔

حلوہ بیضہ مرغ ـــ: لذیذ خوش رنگ خوش ذائقہ مقوی باہ ہے۔ بوقت صبح تین تا پانچ تولہ موسم سرما میں پہلے ہفتہ روزانہ ایک عدد بیر بہوٹی جس کی ٹانگیں وغیر دور کر لی گئی ہوں۔ گڑ میں لپیٹ نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ دوسرے ہفتہ دو عدد تیسرے ہفتہ تین عدد چوتھے ہفتہ چار عدد روزانہ اسی طرح تمام موسم سرما۔ پہلے سال کے موسم گرما میں استعمال کرنے والے کا رنگ سیاہ ہو جائے گا۔ اگر پہلے سال نہ ہو تو دوسرے سال ضرور ہو جائے گا۔ مگر اس سے گھبرانا نہ چاہیے۔ قوت باہ تو پہلے ہی موسم سرما میں ناقابل برداشت حد تک بڑھ جائے گی دوسرے سال عضو میں بھی فربہی اور درازی آنے لگے گی۔ چھ سات موسم سرما کے استعمال سے کچھ حالت اور ہی ہو جائے گی اور رنگ بھی شنگرفی ہو جائے گا۔

برائے نامردی ـــ: پارہ از شنگرف برآوردہ ایک تولہ اس کو گندھک آملہ سار ۴ تولہ'

خوراک ایک گولی غذا سے ۵ منٹ بعد دونوں وقت مکھن میں دیں۔
ایک سے تین گولی تک بھی حسب برداشت طبیعت کھا سکتے ہیں۔

چند ہی دنوں میں اتنی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ کہ برداشت مشکل ہو جاتی ہے قوت باہ و امساک کو مفید ہیں اور جریان و احتلام کو مفید نہیں ہیں۔

حبوب قوت باہ و نامردی —: سم الفار سفید ا رتی' افیون ٦ ماشہ' کستوری ۲ ماشہ' عنبر ۱۱ رتی زعفران اصلی ۸ ماشہ' رس سندھور ساڑھے سترہ ماشہ' افیون کو کھرل میں ڈال کر دودھ میں ملا کر خوب کھرل کریں' پھر رس سندھور اور کشتہ سم الفار ملا کر اور دودھ ڈال کر کھرل کریں۔ پھر سفوف باقی کی ادویہ کا ملا کر کھرل کریں اور نصف رتی کی گولیاں بنالیں۔

خوراک ایک گولی ہمراہ شیر جوش دیا ہوا سرد شدہ استعمال کریں اور خالی معدہ ہرگز نہ استعمال کریں۔

حلوہ بیضہ مرغ —: پانی میں ا تولہ سم الفار سفید اچھی طرح کھرل کریں اور اس میں ۴۴ عدد بیضہ مرغ نرم آنچ پر ابالیں پھر بیضہ کا چھلکا اور سفیدی دور کر کے زردی کے ہموزن بیسن کا آٹا لے کر گھی ڈال کر اچھی طرح سے پکائیں پک جانے پر ہاون دستہ سے کوٹیں پھر چینی کی چاشنی تیار کر کے اس میں ڈالیں اور پھر مندرجہ ذیل ادویہ کا سفوف بھی ڈال دیں' مغز بادام' مغز اخروٹ' مغز پستہ ہر ایک ۱۰ تولہ' کشتہ قلعی' ورق نقرہ' چھوہارا ہر ایک ایک تولہ' ورق طلاء ۳ ماشہ جب خشک ہونے پر آئے اتار لیں۔

خوراک ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ کے استعمال کریں اور جماع سے پرہیز رکھیں۔ نامرد کو کامل مرد بناتا ہے۔

حلوہ بیضہ مرغ —: لذیذ خوش رنگ خوش ذائقہ مقوی باہ ہے۔ بوقت صبح تین تا پانچ تولہ موسم سرما میں پہلے ہفتہ روزانہ ایک عدد بیر بہوٹی جس کی ٹانگیں وغیرہ دور کر لی گئی ہوں۔ گڑ میں لپیٹ نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ دوسرے ہفتہ دو عدد تیسرے ہفتہ تین عدد چوتھے ہفتہ چار عدد روزانہ اسی طرح تمام موسم سرما۔ پہلے سال کے موسم گرما میں استعمال کرنے والے کا رنگ سیاہ ہو جائے گا۔ اگر پہلے سال نہ ہو تو دوسرے سال ضرور ہو جائے گا۔ مگر اس سے گھبرانا نہ چاہیے۔ قوت باہ تو پہلے ہی موسم سرما میں ناقابل برداشت حد تک بڑھ جائے گی دوسرے سال عضو میں بھی فربہی اور درازی آنے لگے گی۔ چھ سات موسم سرما کے استعمال سے کچھ حالت اور ہی ہو جائے گی اور رنگ بھی شنگرنی ہو جائے گا۔

برائے نامردی —: پارہ از شنگرف برآوردہ ایک تولہ اس کو گندھک آنولہ سار ۴ تولہ'

پان کے پتوں کے رس میں دو دن کھرل کریں پھر ذرا پیالی میں رکھ کر گرم کریں۔ ابھی تھوڑا گرم ہو کہ اتار کر پھر ایک گھنٹہ پانی کے رس میں کھرل کریں۔ پھر اس کھرل شدہ پارہ ایک رتی کو ۳ تولہ شہد میں ملا کر کسی پوٹلی میں باندھ کر دودھ میں لٹکا دو اور دودھ کو گرم کرو جب دودھ میں پوٹلی گھل جائے' تو دودھ کو پی جاؤ اور پوٹلی کو بلا دبائے باہر پھینک دو دو ہفتہ میں نامرد مرد ہو جاتا ہے۔ اس سے امساک بے حد بڑھتا ہے۔

برائے نامردی ــــ: ادھر مایوسی کے کوچہ میں سرگرداں اور مایوس العلاج ہو چکے ہیں ان کے واسطے یہ نسخہ فی الواقع از سر نو مردہ جسم میں روح پھونکنے والا ہے۔ ایک تولہ سم الفار سفید بلوری کو ایک نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر ایک چھٹانک مدار کے دودھ میں کھرل کریں۔ پھر ایک چھٹانک برگ دھتورا کے پانی میں کھرل کریں۔ بعدہ' آب برگ حرمل کے پانی میں کھرل کریں۔ بعد ازاں شیرہ کو کنار اور آب برگ بھنگ میں سحق کر کے ایک چھٹانک روغن زرد یا روغن زیتون میں رکھ کر کوئلوں کی آنچ پر خوب پکائیں۔ جب تمام گھی جل جائے تو ڈلی مذکور نکال کر ذرا صاف کر کے ایک بوتل شراب برانڈی میں کھرل کر کے شیشی میں ڈال لیں۔

خوراک نصف چاول ہمراہ بالائی ایک چھٹانک کے استعمال کریں۔ پہلے ہی روز اثر دکھاتی ہے۔ نہائت کام کی چیز ہے۔

برائے قوت باہ ــــ: بہمن سرخ' بہمن سفید' ہر ایک ۲ تولہ' موصلی سفید' خصیتہ الثعلب' ہر ایک ۵ تولہ' برادہ چوب چینی ۳ تولہ' قند سفید ۱۵ تولہ سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنا دیں۔ اور اس میں سے بوقت ضرورت ایک تولہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ طب جدید میں ابھی تک غالباً یہ دوا استعمال نہیں ہوئی۔

افعال و خواص مقوی باہ بدن ہے۔ منی کو بڑھاتا اور غلیظ کرتا ہے اور دل کو تقویت دیتا ہے۔

طاقت کی پڑیہ ــــ: برگ پان ۴۰ تولہ' پیاز خورد مقشر ۴۰ تولہ' پوست کیکر ایک سیر' قند سیاہ ۲ تولہ' جائیفل' قرنفل' جاوتری' دار چینی' اورک' کچلہ مدبر' الائچی کلاں' ہر ایک ۳ تولہ' پانی گرم ۸ سیران سب کو ایک برتن میں ڈال کر منہ بند کر کے ۲ روز تک زمین میں دفن کر رکھیں۔ بعد ازاں عرق کشید کریں۔ عرق نکلتے وقت ایک تولہ زعفران کا عرق کو رنگ دیں۔ بعد ازاں شنگرف عمدہ ۲ تولہ کریں۔ اور عرق ڈال کر کھرل کریں۔ حتیٰ کہ دو بوتل عرق جذب ہو جائے اور اس میں کستوری' عنبرا شہب ہر ایک اڑھائی تولہ' سنکھیا سفید کافور ہر ایک ڈیڑھ ماشہ ڈال کر کھرل کریں۔ پھر ایک عمدہ سالم ناریل لے کر سوراخ کریں اور دوائی اس میں بھر کر سوراخ بند کر کے آرد ماش سے سیمنٹ کریں۔ پھر ۸ سیر پختہ سیر گاؤ کو کڑاہی میں ڈال کر نرم آگ دیں اور وہ ناریل

شدہ لیں۔ تہ بہ تہہ دے کر ٹاٹ کہنہ میں لپیٹیں معقول آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔

کشتہ مثلث جست قلعی، سکہ ہر واحد پگھلا دیں۔ اس کے اوپر برگ سنا کی ہلدی ہر ایک ۳ چھٹانک کا سفوف کر کے چٹکی چٹکی ڈالیں اور نیم کی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ پھر دہی میں کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر مٹی کی ٹھوٹھی میں دے کر ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں اس طرح دو آگ دیں اور ہر دفعہ دہی میں کھرل کرتے رہیں۔ زردی رنگ کا کشتہ بر آمد ہو گا۔

کشتہ چاندی نقرہ بقدر ایک تولہ کے دو قرص باریک بنائیں اور دس تولہ سبز مکو کا نغدہ زیر و بالا رکھ کر پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ مگر آگ گڑھے میں ہو۔ بعدہ سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ مندرجہ بالا ترکیب سے آگ دیں۔ بوٹی ا تولہ، آگ ۱۵ سیر اس طرح ۱۲ آگ پوری کر کے ۲ تولہ عرق مکو میں کھرل کریں۔ عمدہ کشتہ ہو گا۔

مومیائی دیسی بلادر، شنگرف، گندھک آملہ سار، سیماب، لوبان، ہڑتال ورقی، خون ماکیاں سیاہ، روغن کنجد، ہر ایک بلاور کے کلاہ دور کر کے پکائیں۔ پھر سب کو ملا کر کھرل کریں یہاں تک کہ منجمند ہو جائے خوراک ایک رتی۔

مقوی باہ ـــ: کشتہ نقرہ ۱۵ ماشہ، سم الفار سفید بلوری ۱۲ ماشہ، افیون خالص ۳ ماشہ دھتورہ سبز کا پانی ۵ تولہ، پانچ منٹ تک تینوں کو کھرل کریں۔ ازاں بعد اس مرکب کو کسی شیشی فراخ منہ والی میں ڈال کر اور ڈاٹ لگا کر کسی روڑی میں جہاں چار پایوں کا گوبر رکھا جاتا ہے۔ اس کو پنجابی میں روڑی کہتے ہیں۔ ۲۰ روز تک دفن کر دیں۔ ازاں بعد اس کو نکال کر آدھی آدھی رتی کی گولیاں بنا لیں۔ اور کچھ ایک رتی کی تین گولیاں ہوں۔ الغرض کچھ بڑی اور کچھ چھوٹیاں ہوں، جیسا آدمی ہو ویسی ہی گولی دی جائے ایک گولی بوقت شام ۵ تولہ ملائی میں رکھ کر اور اوپر سے ایک پاؤ دودھ پی لیں ایک گھنٹہ کے بعد اگر بھوک لگی ہو تو خوراک کھا لیں اور دودھ جتنا طبع چاہیے پی لیں، قوت باہ اور امساک کے لئے عجیب تحفہ ہے۔ یہ مرکب جیسا قوت باہ کو فائدہ کرتا ہے ویسا ہی امساک کو فائدہ کرتا ہے۔

حب اعجاز ـــ: سم الفار سفید ۳ ماشہ، مرچ سیاہ ایک تولہ، مویز منقہ ۳۶ دانہ، پہلے سم الفار کو مثل غبار کے باریک کریں۔ پھر مرچ سیاہ ڈال کر کھرل کریں۔ جب دونوں اجزاء باریک ہو جائیں۔ تو مویز منقیٰ ایک ایک دانہ ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب مویز منقیٰ ختم ہو جائے تو گولیاں بقدر مرچ سیاہ باندھیں، یہ گولیاں اکثر بادی بلغمی امراض میں۔ حیرت انگیز اثر دکھاتی ہیں۔ مقوی باہ دمشتی ہیں۔ قوت باہ کے لئے ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر استعمال کریں۔

تحفہ عجیب ـــ: مرچ سیاہ ایک چھٹانک لے کر ایک چینی کی پیالی میں ڈالیں۔ اور سم الفار

سفید ۶ ماشہ لے کر باریک کر کے مرچوں پر چھڑک دیں پھر عرق لیموں کاغذی اس قدر ڈالیں کہ مرچوں اور سم الفار سے دو انگل اوپر آ جائے۔ جب عرق خشک ہو جائے تو مرچوں کو سرد پانی سے دھولیں اور محفوظ رکھیں۔ یہ مرچیں بالخاصہ مقوی باہ و ممسک ہیں۔ خوراک صرف ایک مرچ دودھ تمی بکثرت استعمال کریں۔

حبوب بادامی ــــ: سنکھیا سفید ایک تولہ' دانہ الائچی کلاں عمدہ ۲ تولہ' لونگ ۱ تولہ مغز بادام شیریں ۳ تولہ' چہار ادویہ کو اچھیطرح کھرل کر کے مثل موم کریں۔ اور گولیاں بقدر فلفل سیاہ بنا دیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ ایک چھٹانک مکھن یا بالائی۔

فوائد بھوک زیادہ چہرہ سرخ سات یوم میں شباب عود کر آئے گا اعلیٰ درجہ کی طاقتور بنانے والی دوائی ہے۔

حبوب عجیب الاثر ــــ: جوہر آرسنک ایک حصہ' مروارید ۲۰ حصہ' بقدر دانہ باجرہ حبوب بنالیں اور قبل از وقت ہمراہ دودھ کھلا دیں۔ برائے ازالہ ضعف باہ نامردی' صبح و شام ہمراہ شیر عجیب و غریب اثر رکھنے والی چیز ہے۔

معجون مقوی ــــ: افیون عمدہ' جائفل' لونگ' مرچ سیاہ' زنجبیل' ہر ایک ایک تولہ مشک ۶ ماشہ' زعفران ۹ ماشہ' شہد خالص کف گرفتہ سہ چند میں معجون تیار کریں۔ نصف ماشہ سے ایک ماشہ تک ہمراہ دودھ' سرعت انزال کے لئے صبح و شام کھانا چاہیے۔ اور ضرورت کے لئے ڈیڑھ دو گھنٹہ پیشتر کھائیں۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی و ممسک ہے۔ نہائت ہی عمدہ چیز ہے۔

حب مقوی و ممسک ــــ: جاوتری' زعفران' قرنفل' دانہ الائچی خورد' بہمن سرخ' دار چینی' خولنجاں' شقاقل ہر ایک سوا چار ماشہ' مشک خالص' عنبر اشہب کشتہ طلاء ہر ایک ۶ رتی' مصری ۲ تولہ' کوٹنے والی چیزوں کو بارک کر کے کپڑے میں چھان لیں۔ پھر افیون ایک تولہ پانی بقدر حاجت میں گھول کر ادویات مذکورہ ملائیں۔ اور رتی برابر گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ ضرورت کے وقت مقاربت سے دو گھنٹہ پیشتر دودھ سے کھادیں۔ بعد ازاں ایک گولی دودھ سے کھانے سے اصلی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ مقوی باہ اور ممسک ہے بے انداز امساک پیدا کرتی ہے۔

ہرمائی تحفہ حلوہ بیضہ مرغ ــــ: زردی بیضہ مرغ ۴ عدد' آرد نخود بریان' آرد پنبہ دانہ ہر ایک ۴ تولہ' آب پیاز' آب ادرک' آب انگور' ہر ایک ۲ تولہ' روغن زرد ۱۰ تولہ شہد خالص ۱۰ تولہ' آرد تخم خرما ۶ ماشہ' پہلے آرد خرماں' آرد نخود بریاں آرد پنبہ دانہ اور بیضہ مرغ کی زردیاں روغن زرد میں بریاں کریں۔ پھر آب پیاز ادرک انگور میں شہد ڈال کر شربت تیار کریں۔ اور

زردی بیضہ وغیرہ میں یہ شربت ڈال کر حلوہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال بطور غذا یہ حلوہ شام کو کھایا جاتا ہے اور کوئی غذا نہ کھائیں۔ بجائے پانی کے دودھ پئیں جس میں کہ شہد ملائی گئی ہو۔

فوائد شائقین کی باہ کے لئے سرمائی تحفہ ہے۔ ہفتہ عشرہ کا استعمال کافی ہے۔ مقوی و محرک باہ و بدن و مولد خون ہے۔ محرور مزاج نوجوان اس کو استعمال کریں۔

سرمائی تحفہ معجون مقوی اعضاء رئیسہ و دماغ ---: مغز بادام مقشر پاؤ بھر، مغز کدو شیریں، مغز خیار، مغز خربوزہ، مغز تربوز، مغز چلغوزہ، مغز پستہ، مربہ سیب، مربہ ہلیلہ، مربہ آنولہ ہر ایک ۶ تولہ، تخم خشخاش سفید ۱۲ تولہ، زردی بیضہ مرغ ۲۵ عدد ---- روغن زرد ۲۰ تولہ، اسطوخودوس، دارچینی، طباشیر، الائچی خورد، کشتہ مرجان، کشتہ صدف، مروارید ہر ایک ۱ تولہ، کشتہ نقرہ ۳ ماشہ ثعلب مصری ۵ تولہ، جوہر برہمی بوٹی ۱ تولہ، کندر، سونٹھ، تج مرچ سیاہ ہر ایک ۳ ماشہ، مصری تین سیر مغزیات کو گھوٹ کر چھلنی میں چھان لیں، بیضہ مرغ کو پانی میں ابال کر زردیاں علیحدہ کر کے گھوٹ کر یکجان کر لیں۔ مربہ جات کی گٹھلیاں نکال کر مربہ جات کو گھوٹ لیں اور ادویہ کا باریک سفوف کر لیں۔ پھر تمام ادویات کو گھی میں بھون کر پھر مصری کی چاشنی میں یا شہد میں معجون تیار کریں اور اخیر پر زعفران اصلی ۶ ماشہ، روح کیوڑہ میں کھرل کر کے شامل کریں بس تیار ہے اڑھائی تولہ صبح و شام کھائیں۔

فوائد مقوی باہ و مقوی دماغ ہے۔ ہزال الکلیہ، کمر میں میٹھا میٹھا درد رہتا ہو۔ ان کے لئے خاص نسخہ ہے۔

جن مریضوں کو سوء ہضم کی شکایت ہو۔ پیٹ بھاری رہتا ہو۔ یا نفاخ اشیاء انہیں تکلیف دیتی ہوں۔ یا صلابت جگر ہو یا طحال میں کوئی نقص ہو یا ریح البواسیر کا عارضہ ہو تو وہ اس معجون کو استعمال نہ کریں۔

روغن شنگرف مقوی باہ ---: شنگرف ۱۰ تولہ، سنکھیا سرخ ۶ ماشہ، بیر بہوٹی ۴ تولہ بیضہ مرغ کی زردی ۴۰ عدد سب کو کھرل کر کے بدستور کڑاہی میں تیل نکالیں۔

خوراک ۲ قطرہ دودھ میں کھادیں اور ۲ قطرے بطور مالش استعمال کریں۔ اور جو سارا باقی رہے۔ اس کو کھرل کر کے رکھیں۔ بقدر دانہ مسور قوت باہ کے لئے استعمال کریں۔ بے نظیر چیز ہے اور تجربہ شدہ ہے۔

لاثانی ---: اصلی تربھلہ کا چورن ۵ تولہ، اصلی سورج تاپی سلاجیت اڑھائی تولہ اصلی بھنگ بسم ۶ ماشہ، اصلی کیسر سورج چھاپ ۶ ماشہ عقر قرحا ۶ ماشہ کستوری نیپالی ۹ رتی ان سب ادویہ کو

کوٹ چھان کر گولی میں ڈال کر شنل چینی کا تیل ۲۰ بوند' تیل صندل' ۲۰ بوند' تیل بیروزہ' ۲ بوند ڈال کر برہمی بوٹی کے عرق میں بارہ گھنٹہ کوٹ کر بیری کے بیر کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ دوائی تیار ہے۔

ایک گولی صبح ایک گولی شام پاؤ بھر دودھ میں شکر یا چینی ڈال کر کھائیں اس کے استعمال سے منی کا پتلا پن ہر قسم کا جریان احتلام سوزاک' کمزوری وغیرہ ہر قسم میں مفید ہے۔

حب احمر مقوی باہ ---: سم الفار' ہڑتال' شنگرف ہر ایک ایک تولہ' کاغذی لیموں ۱۰ عدد کے پانی میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا لیں۔

جوان کو نصف بوڑھے کو ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ کے استعمال کرائیں۔ قوت مردانہ' ضعف باہ کی لاجواب دوا ہے۔ دوران استعمال میں مجامعت سے پرہیز کریں۔ غذا مرغن استعمال کریں۔ اگر ان سے بھوک بند ہو جائے تو ایک تولہ گندھک کا اضافہ کر کے پھر از سر نو گولیاں تیار کریں۔ آگے جتنی ہی گولیاں بنائیں۔ مجرب ہے۔

حب مومیائی ---: بہمن سرخ' بہمن سفید' لونگ' دار چینی' لوبان' گوند کیکر' عود ہندی رب السوس' ابریشم مقرض ہر ایک ۶ ماشہ' مومیائی ۴ ماشہ' میعہ سائلہ ۴ ماشہ مرکی' مصطگی' خولنجاں ہر ایک ۲ ماشہ' سب کو کھرل کر کے نخودی گولیاں تیار کریں۔ اگر اس میں مشک عنبر' مروارید ہر ایک ۳ ماشہ ڈال دیں تو یہ حب عنبر مومیائی زیادہ قوی اور مفید ہو جائے گی۔

خوراک ۲ گولی ہمراہ شیر' جماع کے بعد اس کا کھانا نہایت بہترین ہے

پیام شباب ---: سفوف پوست پنج اونٹ کتارہ ۵ ماشہ' عقر قرحا ۳ ماشہ' اسگند ناگوری ۵ ماشہ' سفوف بنا دیں' بقدر ۳ ماشہ علی الصبح حلوہ میں ملا کر دس یوم تک استعمال کریں۔ ضعیف العمر اشخاص کے لئے یہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے اس سے قوت رجولیت میں بہت اضافہ ہوتا ہے۔

حب مقوی باہ ---: کشتہ نقرہ' کشتہ فولاد جواہر دار' کشتہ بیضہ مرغ' مومیائی خالص ہر ایک ۶ ماشہ' ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۳ ماشہ' ایکسٹریکٹ ڈمیانہ ۳ ماشہ' مشک نیم ماشہ' زعفران ایک ماشہ' سب کو کھرل کر کے گولیا بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔ ایک گولی صبح ایک سہ پہر کو ہمراہ شیر جوشیدہ دیں۔

مقوی باہ ---: خراطین مصفی باریک پیس کر رکھیں۔ بقدر ایک دو چٹکی روزانہ ایک وقت گوشت میں ڈال کر خوب مصالحہ وغیرہ اور خوب گھی ڈال کر ایک ہفتہ تک کم از کم استعمال کریں۔ اور قدرت خدا ملاحظہ کریں۔ زبردست مقوی باہ ہے۔

حبوب مقوی باہ ---: یہ ایک اشتہار باز کا نسخہ ہے۔ جو کافی دولت اس نسخہ سے کما رہے ہیں۔ کونین سلفاس ۳۰ گرین، فرائی سلفاس ۳۰ گرین، ا۔سڈ آرسنی کیملس آدھ گرین، گولڈ کلورائیڈ ۲ گرین، یوسین ہائیڈروکلورائیڈ ۲ گرین، سٹرکنیا سلفاس آدھ گرین، ایکسٹریکٹ بنش مناسب مدار صرف گولیاں باندھنے کے لئے سب کو باہم خوب کھرل کر کے تیس گولیاں تیار کر لیں۔ ایک گولی صبح ایک شام کو بعد از غذا دیں۔ مقوی باہ ہے۔

نامردی و کمزوری سستی ---: موصلی سفید سوا تولہ، موصلی سیاہ سوا تولہ، لونگ ٹوپی دار، تالمکھانہ الائچی کلاں، الائچی خورد، رال سفید، بھنگڑی شگفتہ ہر ایک ایک تولہ شیرہ پھلی کیکر خام ایک سیر۔

ترکیب شیرہ کے علاوہ سب ادویات کو خوب باریک کر کے رکھیں ایک موٹا کھدر کا کپڑا تقریبا نصف گز ہو اس کو پہلے دھو کر خوب صاف کر کے خشک کر لیں۔ پھر شیرہ پھلی خام ببول اس کپڑے پر خوب لیپ دے کر اوپر سفوف ہاتھ سے ڈال دیں۔ جب اس طرف سے خشک ہو جائے۔ تو دوسری طرف اسی طرح سے کریں۔ اسی طرح دونوں اطراف خشک ہونے کے بعد دوبارہ سہ بارہ عمل کرتے رہیں۔ وہ کپڑا بہت موٹا ہو جائے گا بس تیار ہے۔ شیر گاؤ تین پاؤ آگ پر چڑھا کر اسی کپڑے سے ۲ انچ چوڑی اور ۴ انچ لمبی ٹاکی مقراض سے کاٹ کر شیر میں ڈال کر خوب جوش دیں۔ خوب جوش ہونے کے بعد اتار کر ٹاکی نکال کر پھینک دیں اور میٹھا ڈال کر رات کو سوتے وقت نوش کریں۔ چار پانچ خوراک ہی اثر دکھا دے گی۔ نامردی، سستی کمزوری ہر قسم کے لئے مفید ہے۔

حبوب کستوری ---: تمام بدن و اعصاب کی کمزوریوں اور ضعف اعضاء رئیسہ کو مفید ہے دل و دماغ کو قوت دیتی ہے۔ پندرہ روز کے استعمال سے اچھا خاصہ مرد میدان بنا دیتی ہے۔

زعفران، عقر قرحا، ریگ ماہی، ثعلب مصری، کباب چینی، خولنجان ہر لیک ۴ ماشہ، بیر بہوٹی ایک تولہ، صدف مروارید ایک ماشہ، کستوری ا ماشہ سب کو باریک پیس کر ہمراہ شہد گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

خوراک ایک گولی بعد از غذا ہمراہ شیر گاؤ سرد ترش اغذیہ سے پرہیز لازمی طور پر کرنا ہو گا۔

حبوب کچلہ مقوی باہ ---: کچلہ مدبر ایک تولہ، مرچ سیاہ ایک تولہ، زعفران ۶ ماشہ، ہر سہ تین گھنٹہ، لعاب کنوار گندل میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نصف رتی بنا دیں۔ بوقت شب ایک گولی ہمراہ تین پاؤ دودھ دیں۔ مقوی باہ ممسک و دافع وجع المفاصل ہیں۔

دیگر ٹانک کمپر ننکچر اوپیم، ننکچر کیپ سی کم، ایکسٹریکٹ ہائیو سائمس، کلورال ہائیڈریٹ، پوٹاسیم

برومائیڈ، ہر ایک ۸ ڈرام، ٹنکچر ایکونائٹ ۸ قطرہ، شربت سادہ ۶ اونس سب کو ملا لیں، خوراک ۲۰ قطرہ پانی میں مجلوق و مریض جریان کے لئے مفید ہے۔ مقوی دوا کے استعمال سے پہلے اسے استعمال کریں۔

شاہی اکسیر ـــــ: نسخہ کیا ہے۔ درنایاب ہے۔ قوت باہ کے شائقوں اور نامردوں کی قلبی آرزو ہے۔

شنگرف ۴ تولہ، رس گل کیلہ ۱۵ تولہ، سرکہ ولائتی ۱۵ تولہ، شیر تھوہر ۱۵ تولہ، نرکنجشک ۴۰ عدد، بیضہ مرغ ۴۵ عدد، آب ستیاناسی ۵۰ تولہ آب ہاتھی سونڈی ۲۵ تولہ، روغن زرد ۴ سیر، آردماش۔

ترکیب پہلے شنگرف کو کیلے کے پھولوں کے رس میں ایک ہفتہ تر رکھیں پھر ایک ہفتہ سرکہ اور ایک ہفتہ شیر تھوہر میں تر کر کے خشک کریں بعد ازاں شنگرف کی ڈلی کے دو ٹکڑے کر لیں ایک ٹکڑا ایک عدد نرکنجشک مصفی کے پیٹ میں بند کر کے اوپر سے آردماش لگا کر گھی میں پکا لیں۔ جب سیاہی مائل سرخ ہو جائے نکال لیں۔ اتنے عرصہ میں دوسرا ٹکڑہ شنگرف کا دوسرے چڑا میں بند کر کے تیار کریں۔ اور ڈال دیں۔ اس طرح باری باری سب چڑے اور انڈے ختم کر دیں۔ پھر شنگرف مذکور ایک کڑچھ میں ڈال کر آب ستیاناسی یا آب ہاتھی سونڈی ترتیب وار چوبہ دیں، شنگرف تیار ہے۔

خوراک ایک چاول مکھن میں دیویں، قوت باہ کے لئے اور نامردوں کے لئے تحفہ ہے۔ رعشہ، دمہ، فالج و دیگر امراض بلغمی کو مفید ہے۔ مناسب بدرقہ سے سینکڑوں امراض کا واحد علاج ہے۔

نوٹ آپ بوٹیوں کا رس اس طرح حاصل کریں۔ بوٹیوں کو خشک کر کے جلا کر خاکستر میں چوگنا پانی ڈال کر تین دن ہلاتے رہیں۔ چوتھے دن نتار کر کے آگ پر پکائیں۔ جب ایک حصہ پانی رہ جائے تو کام میں لائیں۔

اکسیر نوجوانی ـــــ: نامرد کو مرد بنانے والی اور چوتھے ہی روز بے چین کر دینے والی اکسیر ہے۔ گندھک آنولہ سار ۶ ماشہ میں ۴۰ تولہ بکھڑہ گھاس کا پانی ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے۔ قریبا پانچ صد گولی بقدر دانہ مونگ تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال! ایک گولی صبح ایک شام کو ہمراہ بالائی کھا کر اوپر سے دودھ حسب خواہش پئیں

ضعف باہ کا نہائت موثر علاج ـــــ: سم الفار سالم ڈلی ایک تولہ، کچلہ سفوف ۶ ماشہ، افیون ۶ ماشہ، سفوف میٹھا تیلیہ ۶ ماشہ، بلادر کوفتہ ۶ ماشہ، تانبہ کی ڈھکنہ دار ڈبیہ ایک عدد سم الفار

کے علاوہ باقی ادویہ کو باہم کھرل کر کے ڈبیہ میں ادویہ کا فرش و لحاف دے کر درمیان ڈلی سم الفار کی رکھ کر ڈھکنہ خوب دبا کر تانبہ کی تار سے باندھ دیں اور خام اینٹ میں ڈبیہ کے برابر کا سوراخ کریں۔ اس کے اندر خوب جما کر اوپر دوسری خام اینٹ رکھ دیں جب ہر دو اینٹ کے خوب ملا کر تار سے باندھ کر سیمنٹ گل روئی آمیختہ سے کریں اور خشک ہونے پر چولھے پر چڑھا کر تین گھنٹہ لگا تار درمیانہ آگ جلا دیں۔ خوب سرد ہونے پر نکال لیں۔ سم الفار کی ڈلی شگفتہ ہو گی۔

مقدار خوراک ! ایک چاول تا حسب برداشت ہمراہ بیضہ نیمبرشت یا یا شیر شہد آمیختہ وغیرہ سے دیں۔

نکتہ ڈبی کے اندر بقایا سوختہ دوا علیحدہ نکال رکھیں۔ حاذق طبیب' اس سے بھی مستفید ہو سکتے ہیں۔

نوجوان ---: شنگرف' سم الفار سفید' ہڑتال ورقی ہر ایک ایک تولہ' نوشادر ۲ تولہ سب کو باریک کر کے دو دن آب شیر آک (مدار کے دودھ کا پانی) میں سحق کر کے ایک بتی سی بنا لیں۔ ایک موٹی لکڑی بیخ اونٹ کٹارہ کی سبز لے کر خلا کر کے بتی کو اس کے اندر رکھ کر لکڑی بیخ اونٹ کٹارہ کے ڈاٹ لگا کر گلحکمت کر کے اڑھائی سیر کنڈا جلا کر جبکہ دھوڑن نکل جائے۔ گلحکمت شدہ دوا کو اس کے اندر دبا دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دوا کو آپ سب سے علیحدہ کر لیں۔ اس کے بعد دوبارہ آب شیر مدار میں سحق کریں۔ ترکیب بالا سے بیخ اونٹ کٹارہ میں رکھ کر آگ دیں۔ اس طرح پانچ مرتبہ مدبر کریں۔ بعد کی شیشی میں رکھیں۔ ۲۱ یوم کے بعد ایک ماشہ کشتہ سم الفار و ہڑتال و شنگرف لے کر مروارید محلول ۳ رتی' عنبر ۳ رتی مشک خالص ۴ رتی لیے تھین (زردی بیضہ مرغ کا جوہر) انگریزی قاعدے سے اڑایا ہوا) ہر ایک انگریزی دواخانہ سے مل جاتا ہے۔ ۳ ماشہ ان سب ادویہ کو خوب سحق کر کے شیشی میں رکھیں اول علی الصبح حلوہ چار پانچ لقمہ کھا کر اوپر سے ایک پاؤ شیر گاؤ پئیں۔ ایک ہفتہ یا کم و بیش دنوں کے استعمال سے حیرت انگیز فوائد ظاہر ہوں گے۔

یہ دوا دیگر امراض پر مختلف بدرقہ سے استعمال ہوتی ہے۔ قابل طبیب کو بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔ نسخہ میں نوادا شر دیسی جس کو نوشادر ٹھیکری کہتے ہیں۔جو چپٹا چپٹا ہوتا ہے۔ وہ استعمال کریں۔

اکسیری روغن ---: ضعف باہ کے مریضوں پر اس کا استعمال جادو کا اثر رکھتا ہے پہلی خوراک اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہتی۔ یا پرہیز استعمال گئے گذرے انسانوں کو دوبارہ زندگی بخشتا ہے۔

"ہوالشافی" بیج کنیر سفید ایک سیر' سنکھیا سفید' سونٹھ' مرچ سیاہ فلفل دراز' جلوتری' ناگ کیسر ہر واحد ایک تولہ' دودھ چار سیر' پانی دو سیر۔

ترکیب تیاری بیج کنیر کو جو کوب کر کے دودھ اور پانی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب چار پانچ جوش آ جائیں۔ تو باقی ادویہ کو فتہ بھی شامل کریں۔ جب پانی سوکھ جائے تو اتار کر دہی جما لیں۔ دہی میں سے حسب دستور مکھن حاصل کریں۔ جو چھاچھ بچے اس کو زمین میں دفن کر دیں۔ بعد ازاں مکھن کو نرم آنچ پر گھی بنا لیں۔

ترکیب استعمال ایک تنکا سے لگا کر پان یا حلوہ میں دیں اور دودھ گھی خوب استعمال کریں۔

فوائد ایک ہفتہ کا باپرہیز استعمال نامردوں کو مرد بنا دے گا اور موافق آنے پر تمام ادویات سے بے نیاز کر دے گا۔

جریان - احتلام
سرعت انزال

جریان منی ---: دھات پڑنا' سپرمے ٹوریا' سیلان منی
SPER MATORRHOEA.

احتلام ---: خواب میں پلید ہو جانا- ناک ٹرنل امشن
NOC TURANL EMISSION.

سرعت انزال ---: جلدی ------- ہو جانا- پری میچور اجاکولیشن-
PRE MATURE EJACTULATION.

دافع حدت مثانہ ---: موصلی سفید ایک حصہ ثعلب مصری دو حصہ' شقاقل' مصری تین حصہ کیرا چار حصہ' ست اسبغول پانچ حصہ' سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں اور بوتل میں بھر رکھیں' بوقت ضرورت ایک پاؤ شیر بز میں حسب پسند مصری ملا کر ۳ تولہ سفوف مذکور ڈال کر (تھوڑا تھوڑا) چمچہ کی مدد سے ملائیں- فالودہ کی صورت خوش ذائقہ حریرہ تیار ہو گا چمچہ کی مدد سے ملائیں- فالودہ کی صورت خوش ذائقہ حریرہ تیار ہو گا اس کو بوقت صبح نوش جان فرما دیں- یہ نسخہ حدت مثانہ کو دور کرنے کی بے نظیر دوا ہے- اس کے استعمال سے سرعت انزال دونوں میں دور ہو گا- مغلظ و مولد منی ہے- غذا کی غذا اور دوا کی دوا ہے خاص سینہ کا راز ہے- بڑے شوق سے تجربہ فرمائیں اور حکمائے متقدین کی داد دیں-

برائے جریان ---: درخت بوہڑ کی سرخ سرخ پتیاں ۵ تولہ تازہ بتازہ لے کر گھوٹیں کونڈی موسلا پتھر کا ہو' ساتھی ہی مغز بادام مقشر ۲۰ عدد' دانہ الائچی سفید ۶ ماشہ سب کو پیس کر نصف سیر شیر گاؤ میں پکا دیں- مگر بالائی نہ آنے دیں- پھر کپڑے میں پن کر نصف چھٹانک شیر ڈال کر نوش کریں- اگر ساتھ بقدر ۶ ماشہ بوہڑ کے پھل پسے ہوئے پھانک لیا کریں- تو اور بھی مفید ہے- پرہیز لال مرچ' تیل ترشی' گڑ اور گرم اشیاء سے کریں- جریان' احتلام' سرعت دور ہو کر زبردست طاقت عود کر آئے گی- کثرت مباشرت یا دیگر غلط کاریوں اور بے اعتدالیوں سے پیدا شدہ جملہ شکایات چند روز میں دور ہر کر جسم کندن بن جائے گا-

برائے جریان ---: گوند چھوہارہ ۶ ماشہ- ۱ تولہ تلنگو' اسبغول ۱ تولہ حسب موقع برداشت صاحب ضرورت لے کر ململ دھجی میں جدا جدا پوٹلیاں ڈھیلی باندھ کر دو تین پاؤ شیر میں معمولی

پانی ملا کر قلعی دار برتن میں جوش دیں۔ پوٹلیاں نکال کر نرم ہاتھ سے ملیں، پوٹلیاں لٹکائیں بعد ازاں مصری ملا کر شیریں کر کے پی لیں۔ پانی بھی خشک ہو جائے اور کم از کم نصف پاؤ دودھ بھی خشک ہو جائے۔ تب پئیں۔ انشاء اللہ اس طریقہ سے ضعیف الباہ تھوڑے ہی عرصہ میں حریص جماع ہو جائے گا۔ صدہا مرتبہ کا تجربہ شدہ نسخہ ہے۔ دو ہفتہ استعمال کرنے سے ممسک، مقوی اور جریان کو مفید ہے۔

سفوف جریان ---: ثعلب مصری ۳ تولہ، شقاقل، موصلی سفید، موصلی سیاہ، تودری سرخ، تودری زرد، بہمن سرخ، دار چینی، آرد سنگھاڑہ ہر ایک ۲ تولہ، مصری ہموزن ادویہ سب کو سفوف بنا دیں۔

خوراک ایک تولہ ہر دو وقت ہمراہ شیر گاؤ جوش دیا ہوا دیں۔

فوائد جریان، احتلام، سرعت وقت ضعف باہ کے واسطے بہت ہی مفید ہے۔

سفوف مغلظ منی برائے جریان ---: موصلی سفید، ثعلب مصری، شقاقل مصری، مغز تخم کونچ مقشر بذریعہ شیر گاؤ، تا لمکھانہ پروردہ بہ بشیر گاؤ ہر ایک ۵ تولہ، کشتہ سہ دھاتا ۲ ماشہ، کشتہ قلعی بذریعہ قشر بیضہ مرغ ۳ ماشہ، سب کو کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

فوائد مولد و مغلظ منی و مبہی ہے۔ جریان و سرعت کو مفید ہے۔

خوراک ۲ ماشہ سفوف میں ایک تولہ ا-سبغول اضافہ کر کے ہمراہ نیم گرم شیر استعمال کریں۔ دوران استعمال میں دودھ گھی وغیرہ مرغن اغذیہ زیادہ استعمال نہ کریں۔ بعد ختم کرنے دوائی کے استعمال کر سکتے ہیں۔ دوران استعمال میں مغلظ ادویہ وا غذیہ کی کثرت بھی ضروری ہے۔ تیل، ترشی، گرم اشیاء، دیر ہضم اور جماع سے پرہیز لازمی ہے۔

حرزجان یعنی حبوب اکسیر جریان ---: طبا شیر، دانہ الائچی خورد، سلاجیت آفتابی ہر ایک ایک تولہ، کشتہ قلعی ۲ تولہ، افیون ۲ ماشہ، ایکسٹریکٹ بیلا ڈونا ۲ ماشہ، ورق نقرہ ۳ ماشہ، شیر برگد ۵ تولہ، درخت شیشم، ببول، پیپل، برگد ان درختوں کی ایک ایک لکڑی تازی لے کر ایک سرا آگ میں رکھ کر دوسری طرف سے جو پانی ٹپکے وہ اس میں بقدر کل ۲۰ تولہ پہلے طبا شیر اور ورق کھرل کر کے باقی ادویات ملا کر شیر برگد میں کھرل کر کے بقدر ۴ رتی گولیاں تیار کریں۔

خوراک ایک گولی ہمراہ دودھ وغیرہ کے دیں۔

فوائد جریان کا جانی دشمن ہے۔ بدن کو مانند فولاد بناتا ہے۔

احتلام کو روکنے کا تعویذ ---: اگر احتلام ہونے کی عادت ہو گئی ہو۔ تو سیاہ دھتورہ کی

جڑ تھوڑی سی مقدار میں کر میں بطور تعویذ باندھ رکھنے سے احتلام نہیں ہو گا۔

دیگر اگر دماغی خرابی کی وجہ سے احتلام ہو۔ تو بھنگری سفید کی ایک ڈلی بقدر ۱۰ تولہ رات کو سرہانے دکھ دیں۔ احتلام ہرگز نہ ہو گا۔

دیگر ایک ململ کے کپڑے کا چھوٹا سا سرہانہ بقدر پونے دو انچ لمبا اور تین چار انچ چوڑا بنا کر اس میں بقدر ۲ یا ۳ چھٹانک بھنگری کا ذرا موٹا سا سفوف بنا کر بھر دیں۔ اور اس نرم تکیہ کو رات کو سرہانے رکھ کر سو جائیں۔ احتلام جو دماغی ہو ہرگز نہ ہو گا۔ کئی دواخانے اس تکیہ کو تین چار روپیہ میں فروخت کر رہے ہیں۔

جریانول ---: شنگرف مدبر ۱۰ تولہ لے کر ایک کڑاہی میں ڈالیں اور اس پر یکمد بیضہ مرغ کی زردی ڈال دیں۔ پھر اس پر دو سیر گھی ڈال کر نیچے درمیانی آنچ جلائیں۔ متواتر چار پانچ گھنٹہ آنچ جلانے کے بعد کڑاہی کے اوپر آگ لگ جائے گی۔ جب اوپر آگ لگ کر خود بخود بجھ جائے تو کڑاہی چولہے سے نیچے اتار لیں۔ سرد ہونے پر سیاہ رنگ کی کھکر خانہ زنبور کی مانند) کے نیچے سے کشتہ شنگرف نکال لیں۔ جو وزن میں پورا ہو گا۔ ایک رتی بھر بھی کم نہ ہو گا۔ پھر اسے اچھی طرح سے اوپر کی سیاہی دور کر کے صاف کریں۔ ایک بوتل شراب برانڈی ایکشا نمبر ا میں کھرل کریں۔ بس کشتہ شنگرف بے نظیر تیار ہے۔

نامردی جریان سستی وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔

خوراک بقدر چار چاول مکھن میں دیں۔

برائے جریان کہنہ و مقوی باہ ---: اس کے ایک ہفتہ کے استعمال سے ناقابل ضبط قوت آ جاتی ہے اور دس سالہ جریان جاتا رہتا ہے۔ بڑا عجیب نسخہ ہے۔

ایک گف کپڑا (موٹا کپڑا) اس میں ۴ ماشہ بھوسی اسبغول رکھیں۔ اور اس کے اوپر ایک تولہ پارہ مصفی رکھ کر دوبارہ اوپر اور بھوسی اسبغول رکھ کر پوٹلی بنا کر تین پاؤ شیر گاؤ میں مثل ڈول جنتر غرقی کے پکا دیں۔ جب نصف دودھ جل جائے۔ پوٹلی نکال کر دودھ میں مصری، کوزہ تھوڑی سی ملا کر پی جائیں۔

سفوف جریان کہنہ و احتلام و سوزاک ---: رال کے صاف سفید ٹکڑے لے کر بار بار کھرل کر کے کپڑے سے چھان لیں کہ غبار ہو جائے۔ ایک چھٹانک مکھن میں چار ماشہ رال ملا کر ہر روز صبح کھا کر بعد میں گائے کا تازہ دودھ بغیر میٹھا ملائے پینے سے پرانے سے پرانا سوزاک جریان احتلام دور ہو جائے گا مدت استعمال دوا مرض کی حالت پر منحصر ہے۔

حبوب برائے جریان کہنہ ---: چھلکا اسبغول ۵ تولہ' سفوف تالمکھانہ ۵ تولہ' سفوف

مازو اڑاھائی تولہ' کشتہ قلعی اڑھائی تولہ' بھیڑ کا دودھ ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ اور گولیاں بقدر ۴ رتی بنالیں۔ یا ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ کے قرص تیار کریں۔

دونوں وقت ایک قرص یا تین گولیاں دودھ سے استعمال کریں۔ جریان خواہ کسی وجہ سے ہو۔ کہنہ سے کہنہ ہو کر مفید ہے۔

سفوف مغلظ منی —: ماش کی دال ۵ تولہ' عرق پیاز میں ایک رات بھگو رکھیں۔ صبح مقشر کر کے سایہ میں خشک کریں۔ موصلی سفید ۵ تولہ' تخم تمرہندی اڑھائی تولہ' خستہ خرما (کھجور کی گٹھلی) ۱ تولہ' شکر سفید ۱۰ تولہ' سب ادویات کو الگ الگ کوٹ کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ بعد از طعام ایک ساعت ۱۴ یوم کے استعمال کرنے سے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

حب قلعی —: کشتہ قلعی ۶ ماشہ' ست سلاجیت ۶ ماشہ' افیون خالص ۳ ماشہ' سب کو کوٹ پیس کر حبوب بقدر دانہ مونگ بنالیں۔

خوراک ایک گولی صبح ایک شام کو ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

فوائد جریان و ذکاوت حس کے لئے تحفہ ہے۔

اکسیر جریان —: درخت کیکر کے پانچوں انگ یعنی برگ' گل ثمر پوست گوند' ہر ایک ۲ تولہ' چھلکا اسبغول ۵ تولہ' کھانڈ ۱۵ تولہ' سب کا باریک سفوف تیار کریں۔

خوراک ایک تا دو تولہ ہمراہ شیر گاؤ بوقت صبح استعمال کریں۔

فوائد جریان کا واحد علاج ہے۔ درد کمر کو بھی مفید ہے مگر قبض ہرگز نہ ہونے دیں۔

اکسیر جریان خاص الخاص —: یہ سہل نسخہ پرانے سے پرانے جریان کو دور کرتا ہے۔ مغلظ منی ہے سوزش بول کو مفید ہے۔ لطف یہ ہے کہ قبض کشا بھی ہے مغز تخم املی مدبر بہ شیر گاؤ' چھلکا اسبغول' گوند کیرا موصلی سفید ہر ایک ۴ تولہ' کشتہ قلعی ۳ ماشہ' کشتہ سہ دھاتہ اڑھائی ماشہ' کشتہ جات و چھلکا کے سوا باقی کی ادویہ باریک کر کے پھر سب کو ملالیں۔ بس اکسیر تیار ہے۔

خوراک ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ اور رات کو دودھ سے۔

سفوف افضل —: جریان احتلام اور تغلیظ کے لئے خاص چیز ہے۔ تقویت اور امساک بھی خوب ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

آرد سنگھاڑہ، آرد پھلی خام ببول، آرد عقر قرحا ہر ایک ۵ تولہ، کشتہ قلعی ا تولہ، کشتہ سم الفار ا ماشہ، ہر دو کشتہ جات کو باریک کھرل کریں۔ پھر باقی کی ادویات کا سفوف ملا کر شامل کر لیں۔

خوراک ناشتہ کے بعد ایک گھنٹہ ہمراہ شیر کھائیں۔

سفوف جریان :- ستاور ۵ تولہ، کشتہ ہڑتال گودنتی ۱۵ تولہ، ہر دو کو باریک پیس کر سفوف بنا لیں۔ خوراک بقدر ۶ ماشہ ہمراہ شیر جوش دیں دن میں دوبار دیں۔ اس نسخہ کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ یہ ایک بہترین دافع جریان دوا ہے اور مجرب المجرب ہے۔

ترکیب کشتہ ہڑتال گودنتی حسب ضرورت ہڑتال کے چند برابر ٹکڑے کر لیں۔ پھر چار گنا تازہ بھنگ کے نغدہ میں یا برگ کیکر کے نغدہ میں فرش و لحاف دے کر معمولی گلحکمت کر کے دس سیر کی آنچ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں۔ کشتہ تیار ملے گا۔ اسی کو داخل نسخہ کریں۔

سفوف جریان :- مقوی باہ و دماغ و ہاضم و سستی اعضا خاص کو مفید ہے۔ سختی پیدا کرتا ہے۔

تالمکھانہ، پیجند، سمندر سوکھ، نشاستہ گندم، اسبغول، ست گلو، تخم انگن، گوند ڈھاک، گوند کیکر، بیخ سنبل ہر ایک ۳ ماشہ، لسوڑیاں ۵ ماشہ، تعلب مصری، گوکھرو، رتن جوت، دارچینی، کشتہ قلعی ہر ایک دو تولہ، موصلی سیاہ، موصلی سفید، برہم ڈنڈی، اسگندناگوری، ستاور، بھوپھلی، طباشیر، جاوتری، گل منڈی، دانہ الائچی خورد، زعفران، پوست، بیخ اونٹ کٹارہ، ہر ایک ۲ ماشہ مصری دو چند سفوف بنا دیں۔

خوراک ۹ ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

سفوف سرعت و جریان منی :- بہمن سرخ، بہمن سفید، ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ، چھلکا اسبغول ۹ ماشہ، گوند کیکر ۹ ماشہ، مغز تخم تمر ہندی ساڑھے آٹھ تولہ، سفید شکر ہم وزن ادویہ ملا کر سفوف تیار کریں۔ ۶ ماشہ ہر دو وقت ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ نہائت ہی مفید اور مجرب چیز ہے۔

سفوف مقوی باہ دافع رقت سرعت مولد و مغلظ منی :- عقر قرحا، موچرس، اندر جو موصلی سیاہ، موصلی سفید بھوپھلی، گوکھرو، کشتہ مرجان، گلو، لسوڑیاں، کبابہ، مصطگی، آرد سنگھاڑہ، تخم بیل، تخم اونٹگن، تخم کونچ، ہر ایک ۶ ماشہ شکر سفید ۱۲ ستولہ، سفوف بنائیں اور ۶ ماشہ صبح دودھ سے کھائیں۔

سفوف جریان سوزاکی :- یہ سفوف اس شخص کے لئے اکسیر الاثر ہے۔ جسے بعد سوزاک کے جریان ہوا ہو اور پیشاب مثل دودھ کے سفید آتا ہو اور رسوب غلیظ بھی پیشاب کے

نیچے منجمند و مجتمع ہوتا ہو مفید ہے۔ چھلکا اسبغول ۶ تولہ' مغز نارجیل ۶ تیولہ' کشتہ قلعی ۶ ماشہ' بنات سفید ۲ تولہ' سفوف بنائیں ایک تولہ رات کو آدھ پاؤ شیر گاؤ سے استعمال کریں۔

سفوف ثعلب ---: ثعلب مصری قسم اعلیٰ موصلی سفید ہر ایک ۵ تولہ' تخم ریحان ۳ تولہ' پہلی دونوں دواؤں کو باریک کپڑ چھان رک کے تخم ریحان مصفیٰ کر کے سالم ہی شامل کر لیں۔ تیار ہے۔ روزانہ ایک پاؤ دودھ خام لے کر ۶ ماشہ سفوف ثعلب ڈالیں اور نرم آنچ پر پکائیں چمچ سے ہلاتے رہیں تاکہ دوا نیچے نہ بیٹھ جائے۔ جب دودھ فرنی کی مانند غلیظ ہو تو آگ سے برتن اتار کر بقدر ذائقہ میٹھا ڈالکر چمچہ سے کھائیں۔

اکیس یوم کے متواتر استعمال سے منی بکثرت پیدا ہو گی جسم طاقتور اور سڈول ہو گا۔ چہرہ کا رنگ نکھر آئے گا۔ صفراوی مزاجوں کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ ہزاروں نسخوں سے یہ مختصر اجزاء کا نسخہ بہتر ہے۔ اعلیٰ درجہ کا سمن بدن نسخہ ہے موٹا تازہ بننے کے تمنائی آزما کر دیکھ لیں۔

حب اذراقی برائے جریان احتلام و سرعت ---: اذراقی (کچلہ مدبر) مدبر' سونٹھ' کھاں' مرچ سیاہ' دار چینی' ہر ایک ایک تولہ' افیون خام ۳ ماشہ' جملہ ادویہ علیحدہ علیحدہ کھرل کریں افیون کو عرق گلاب میں کھرل کریں اور مویز منقہ یا مقل ارزق مدبر مناسب مقدار میں ملا کر گولیاں نخودی تیار کریں۔

خوراک ایک تا دو گولی بعد از غذا صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

فوائد کچلہ مقوی اعصاب و معدہ' سونٹھ و افیون محلل اورام و دافع سوزش اور مسکن ہے۔ اس لئے یہ حبوب جریان احتلام سرعت کے واسطے بلا خوف و خطر استعمال کریں۔ احتلام پہلی خوراک سے نیست و نابود ہو گا۔ کچھ عرصہ کے استعمال سے جریان و سرعت کا بھی نشان نہ رہے گا۔ اس مقصد کے واسطے شیر گاؤ بدرقہ مفید ہے۔ اگر بدرقہ بھو پھلی ا تولہ' مغز بادام ۱۰ دانہ خشخاش ۶ ماشہ' سبوس اسبغول ا تولہ تجویز کیا جائے تو زیادہ موزوں ہے۔ استرخا مخصوص کے لئے اور باہ کو برانگیختہ کرنے کے واسطے گاہ بگاہ کسی محرک چیز کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

حب مسکن برائے مجلوقین ---: بچھناک مدبر ا تولہ' جدوار خالص ا تولہ' کشتہ قلعی پارہ شورے والا ا تولہ' افیون ۶ ماشہ' چرس خالص ۹ ماشہ' شیر برگد ۳۰ تولہ۔ پہلے پوست اندرون مغیل ایک سیر لے کر چار سیر پانی میں جوش دیں۔ حتیٰ کہ آدھ سیر رہ جائے تو اس پن چھان کر جوش دیں۔ یہاں تک کہ جوشاندہ مذکور قریب الختم ہو جائے تو پن چھان کر نکال کر بیرونی پوست دور کر کے شامل نسخہ کریں۔ سب ادویات کو کھرل کر کے نخودی گولیاں تیار کریں۔ مجلوقین کے خیالات فاسدہ کو دور کرتی ہیں۔ غدد کی سوزش رفع کرتی ہیں۔ جریان احتلام اور سرعت کو نافع

ہیں۔

حبوب لاجواب ---: سرعت انزال ذکاوت حس، جریان و احتلام وغیرہ کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے۔ ایک ہفتہ میں حیرت انگیز اثر ہوتا ہے۔

جوہر کافور، ایکسٹریکٹ بیلیے ڈونا، کشتہ قلعی، کشتہ سہ دھانہ ہر ایک ا تولہ، افیون ۶ ماشہ، تمام ادویات کو باریک پیس کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنا لیں اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

بوقت ضرورت ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام کو ہمراہ شیر گاؤ خام یا آب تازہ سے استعمال کریں۔ ایک ہفتہ میں حیرت انگیز اثر ہوتا ہے مجرب المجرب حکیم عنائیت اللہ علی چکوی

اکسیر لقمانی ---: احتلام و جریان کے لئے تریاقی اثرات کی حامل ہے۔ جریان کہنہ جو کسی دوا سے اچھا نہ ہو۔ یہ دو تین دن میں اچھا کر دے گی۔

ا۔ سپرین ا ماشہ، ڈورس پاؤڈر، ا تولہ ۳ ماشہ، سوڈا سیلی سلاس، تولہ ۔۳ ماشہ سفوف بنا دیں۔

خوراک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ آب دیں۔

جریانول (معجون برائے جریان) ---: تا لمکھانہ مدبر کردہ بہ شیر برگد ۵ تولہ، چار مغز ۴ تولہ، مغز بنولہ، دانہ الائچی سفید، موصلی سفید ہر ایک ۳ تولہ، ثعلب مصری سنبھل کی جڑ اندر جو شیریں، کمرکس، بھوپھلی، تخم اونگن ہر ایک ۲ تولہ صندل سفید، مغز تخم تمر ہندی، کشتہ قلعی در مندی ہر ایک ا تولہ، ورق نقرہ ایک دفتری سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں اور مصری کے قوام نصف سیر یا شہد خالص میں ملا کر کسی شیشے یا چینی کے برتن میں نگاہ رکھیں۔

خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر جوش دیا ہوا جس میں حسب خواہش میٹھا ملا لیا گیا ہو۔ اکیس یوم میں تمام امراض متعلقہ مادہ منویہ دور ہو جائیں گے۔

اکسیر صدفی برائے جریان ---: جریان کے لئے یہ نسخہ کم خرچ اور بالا نشین ہے۔ پندرہ یوم میں مرض کو نیست و نابود کر دیتا ہے۔ یہ بھی ایک صدری نسخہ ہے۔

دو عدد صدف مروارید ی لے کر ایک میں بھنگڑہی سفید جتنی آسکے بھر دیں اور دوسرا صدف اوپر رکھ کر خوب گلحکمت کریں۔ خشک ہونے کے بعد چار سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ سفید رنگ کا کشتہ ہو گا باریک کر کے رکھ لیں چار چار رتی دو وقت کھانڈ کے درمیان رکھ کر دیا کریں۔ اوپر سے دودھ نصف سیر گائے کا تازہ پلا دیا کریں۔ انشاء اللہ پندرہ یوم میں جریان چاہے کسی قسم کا ہو دور ہو جاتا ہے۔

معجون مغلظ ---: مازو سبز، موصلی سفید، موصلی سیاہ، بہمن سفید گوند کیکر، گوند کیرا، موچ

س، کرکس نا لکھانہ، ستاور، بیجبند، مغز تخم املی، مصطگی رومی، سپاری کلاں- بو چھلی، طباشیر نقرہ، خار خشک، الائچی خورد، نشاستہ، ہر ایک ایک تولہ ثعلب مصری ۲ تولہ، شقاقل ۲ تولہ، ورق نقرہ ۶ ماشہ، شہد خالص سہ چند ادویات کا سفوف بنا کر شہد میں حل کر کے ورق ملا لیں-

مقدار خوراک ---: سات ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ جریان، احتلام سرعت، رقت کو مفید ہے بدن کو موٹا اور سرخ بناتا ہے-

جریان کی اکسیری گولیاں ---: اجوائن خراسانی ۲ تولہ، رسوت خالص ۲ تولہ، کشتہ مرجان ا تولہ کشتہ قلعی ۶ ماشہ سب کو زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں اور بعد ازاں بھنگ کے رس میں تین دن متواتر کھرل کر کے چوتھے روز ۲ سے ۴ رتی تک گولیاں تیار کریں-

ترکیب استعمال! ایک گولی صبح ایک شام کو دودھ یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں-

فوائد چند روز کے استعمال سے جریان رقت منی، سرعت انزال کا عارضہ جاتا رہتا ہے-

سفوف دافع احتلام ---: موچرس، کتیرا، تالمکھانہ، موصلی سفید، کوکنار ہر ایک تولہ تولہ کشتہ فولاد ۳ ماشہ سب کو باریک سفوف بنا دیں-

خوراک ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ-

سفوف برائے سرعت گوند ڈھاک، گوند کیکر، چھال، کیکر، پھلی کیکر، موصلی سیاہ، موصلی سفید موصلی سنبھل، تالمکھانہ، اندر جو، بہمن سرخ سب کو ہموزن لے کر سفوف تیار کریں- ہم وزن شکر سفید شامل کر لیں-

خوراک ایک تولہ بوقت صبح نیم گرم دودھ سے-

سفوف برائے سرعت انزال ---: مغز تخم املی مقشر، دال ماش مقشر ستاور، بہو پھلی، سب ہموزن کھانڈ دیسی سب کے برابر کشتہ سہ دھاتہ ایک رتی فی خوراک سب کا سفوف تیار کریں-

خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر

سفوف جریان احتلام سرعت رقت وغیرہ ---: موصلی سفید، ثعلب مصری، شقاقل مصری، اسگند ناگوری، بداری قند تخم کونچ، تخم بھنگ ہر ایک ایک پاؤ، تخم سروالی، دانہ الائچی خورد ہر ایک ۱۰ تولہ، رومی مصطگی، کشتہ قلعی ہر ایک ۵ تولہ، کشتہ مرجان اڑھائی تولہ، کافور ا تولہ، شکر سفید سب ادویہ کے ہموزن سب کا باریک سفوف تیار کریں-

خوراک سات سات ماشہ ہر دو وقت ہمراہ شیر گاؤ-

فوائد:۔ دافع جریان، احتلام، سرعت، رقت وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

برائے احتلام:۔ ایک تولہ کیرا پیس کر ایک پاؤ شیر گاؤ میں ڈال کر آگ پر رکھ کر دس منٹ تک پکائیں۔ پھر مصری سے میٹھا کر کے رات کو رکھ چھوڑیں۔ صبح نہار منہ کھائیں تین ہفتہ تک غذا سادہ دودھ مکھن، دلیا گندم بریان وغیرہ پھر ایک پاؤ دودھ گرم مادہ گاؤ میں ۶ ماشہ روغن بادام ایک تولہ ترنجبین ڈال کر رات کو سوتے وقت نوش فرمائیں تین ہفتہ تک اس کے بعد کچلہ مدبر ۴ تولہ، زعفران ۱ تولہ مصطگی رومی ۲ تولہ، روغن دار چینی ۱ تولہ کاڈلیور آئل ۱ تولہ۔ کشتہ سم الفار ۶ ماشہ، سب کو کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ ماش تیار کریں۔ صرف ایک گولی کھانا کھانے کے بعد ہمراہ نیم سیر دودھ استعمال کر لیا کریں۔ صبح کو روٹی مکھن کے ساتھ دال ماش، سری پائے بریاں بروغن زرد کھلائیں دوسری چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد جریان و احتلام رفع ہو جاتا ہے۔

دافع جریان:۔ مکھن بوٹی ایک تولہ، تخم الائچی خورد، ۶ ماشہ، طباشیر نقرہ ۶ ماشہ، کھانڈ ۲ تولہ، باریک پیس کر ملا لیں۔ خوراک ۴ ماشہ تک دن میں دو بار اکیس یوم دودھ کے ساتھ کھلانے سے پرانے سے پرانا جریان دور ہو گا۔

فوائد سوزاک، گرمی مثانہ، سوزش بول، سوزش گردہ، ضعف مثانہ، جریان، احتلام کے لئے مفید ہے۔

سفوف ستاور:۔ نامرد مریضان جریان کے لئے معمولی ہے۔ ستاور، سنگجراحت شگفتہ ہر دو ہم وزن باریک کر کے شکر سفید ملا کر بقدر ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیں۔ اگر اس سے پہلے قبض ہو تو رفع قبض ضرور کر لیں۔ نہایت ہی مفید ہے۔

محلول برائے جریان احتلام ذکاوت حس وغیرہ:۔ جریان و احتلام ذکاوت حس، دائمی قبض، بواسیر بادی و خونی کو از بس مفید ہے۔ سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک ۴ اونس، ٹنکچر بیلا ڈونا ایک اونس ایکسٹریکٹ کس کا سکریڈا لیکوئیڈ ۴ اونس، ایکسٹریکٹ آف لیکورس لیکوئیڈ ۶ اونس گلیسرین ۱۲ اونس، سب ایک بوتل میں ملا کر حل کر لیں تیار ہے۔

دائمی قبض کے لئے ۹ ماشہ رات کو سوتے وقت پانی میں ملا کر پئیں ایک مریض کے لئے بیس خوراک دوا کافی ہے۔

دیگر نسخہ برائے جریان:۔ گل مہندی نہایت باریک پیس کر قند سیاہ ملا کر گولیاں بقدر دانہ نخود تیار کر لیں۔

خوراک ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی نیم گرم استعمال کریں- ہفتہ عشرہ کا استعمال کافی ہے-

سفوف جریان ستا نسخہ تحفہ غرباء —: فی الحقیقت یہ نسخہ ستا ہے- سب سے افضل ہے- سب سے اعلیٰ ہے ستا سراپا ستا ہی ہے-

ستاور، سنگ جراحت، تخم املی، سب ہم وزن کوٹ پیس کر سفوف بنا لیں اور سب کے ہم وزن مصری پسی ہوئی شامل کر لیں- بس سفوف ستاور تیار ہے- اگر اس میں ایک حصہ چھلکا اسبغول اور کچھ کشتہ قلعی کا اضافہ کرلیا جائے- تو زیادہ مفید ہو جاتا ہے-

مقدار خوراک بقدر ایک تولہ ہمراہ شیر یا آب تازہ ہر دو وقت استعمال کریں- ترشی و بادی اشیاء اور تیل والی اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں- وقتی طور پر امساک کیلئے دو گھڑی قبل ایک خوراک ہمراہ دودھ استعمال کریں-

فوائد جریان و احتلام، لیکوریا، استحاضہ کو مفید ہے- امساک پیدا کرتا ہے- تولید و تغلیظ منی اس قدر ہوتی ہے کہ جریان کہنہ سے کہنے کی بیخ کنی ہو کر طبعی امساک پیدا کرتا ہے- نقائص ایام ماہواری کو از حد مفید ہے-

سفوف جریان —: موصلی سفید ۲ تولہ، ثعلب مصری ۲ تولہ، سریشم ماہی ۱ تولہ، سورنجان ۱ تولہ، کھانڈ سفید ۶ تولہ، تمام ادویات کا باریک سفوف بنا لیں-

خوراک چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام استعمال کریں-

اکسیر جریان و احتلام —: موصلی سفید، موصلی سیاہ، تودری سرخ، کونچ کے بیج، موچرس، سمندر سوکھ، تخم اوٹنگن، ہر ایک ایک تولہ، ثعلب دانہ، تالمکھانہ گوند کیرا، برہمی بوٹی ہر ایک ۲ تولہ، چہار مغز ۴ تولہ، کشتہ قلعی، کشتہ فولاد، کشتہ مرجان، کشتہ ابرک، ست سلاجیت ہر ایک تین ماشہ، سب ادویات کا سفوف تیار کر کے کشتہ جات شامل کر لیں اور محفوظ رکھیں-

مقدار خوراک تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں-

اکسیر برائے جریان —: کشتہ قلعی کشتہ فولاد، کشتہ عقیق، کشتہ مرجان، کشتہ صدف مروارید، ست سلاجیت، ہر ایک ۱۵ رتی طباشیر ۶ ماشہ کو باریک کر کے کشتہ جات وغیرہ میں ملا لیں- بس تیار ہے-

مقدار خوراک چار رتی صبح ہر روز مکھن میں رکھ کر استعمال کریں-

جریان احتلام و سرعت اور کمزوری کا لاجواب نسخہ —: کچلہ مدبر دودھ میں کیا

ہوا۔ تا لکھانہ مدبر در شیر برگد ۲ تولہ' زعفران جائیفل' دانہ الائچی خورد' افیون ہر ایک ایک تولہ' تودہ کیرا' گوند کیکر' گوکھرو یعنی بھکڑا خصیتہ الثعلب ہر ایک ۲ تولہ' توند چھوہارہ' مغز بادام مقشر' سلاجیت سورج تاپی' شیر برگد ہر ایک ۴ تولہ' کشتہ چاندی ۲ تولہ' کشتہ فولاد ۳ تولہ' کشتہ سہ دھاتہ ۳ تولہ۔

ترکیب تیاری افیون کو ۱۲ عدد چھوہاروں میں بھر کر اوپر مضبوط دھاگہ لپیٹ کر ایک سیر پختہ دودھ گاؤ میں پکائیں جب دودھ خشک ہو جائے تو چھوہاروں کو معہ افیون کوٹ لیں۔ پھر باقی ادویہ کا سفوف اور سلاجیت اور شیر برگد ملا کر تین تین رتی کی گولیاں بنا لیں۔

خوراک ایک گولی صبح اور ایک شام کو ہمراہ شیر گاؤ نیم سیر استعمال کریں۔ ترشی اور جماع سے پرہیز کریں۔

فوائد جریان' احتلام' سرعت اور کمی باہ کے لئے جادو اثر نسخہ ہے۔

حبوب برائے جریان ---: موصلی سفید ۴۰ تولہ' ستاور ۱۰ تولہ' ثعلب مصری ۱۰ تولہ' ناگ پھنی تھوہرہ سیر پانی ۱۰ سیر ناگ پھنی تھوہر خار دار کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے دس سیر پانی میں ڈال کر لوہے کی کڑاہی میں پکائیں۔ جب آنچ کی گرمی سے نصف پانی رہ جائے اتار کر ایک بہت موٹے کپڑے یا ستھرے ٹاٹ یا بوری میں ڈال کر اچھی طرح سے نچوڑ کر پن چھان کر اس پانی کو پھر آگ پر خشک کریں۔ جب غلیظ ہو جائے تو ادویہ بالا کا سفوف شامل کر کے اچھی طرح سے کوٹ کر گولیاں نخودی تیار کریں۔

ہر قسم کے جریان کے لئے تیر بہدف ہیں لاعلاج جریان کو مفید ہیں۔

خوراک! دو گولی صبح و شام کو ہمراہ شیر یا آب تازہ کے دیں۔

شربت برائے سرعت ---: آب ناگ پھنی نار' ثعلب مصری ۵ تولہ' قند سفید' مار حسب دستور شربت تیار کریں۔ بقدر سوا تولہ پئیں۔ سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔

سفوف مسکن ---: پوست خشخاش ۳ تولہ' گوکھرو یعنی بھکڑہ ۵ تولہ' مصطگی رومی ۹ ماشہ کشتہ قلعی ۳ ماشہ' کشتہ مرجان بھنگ والا ۳ ماشہ' شکر خام ۳ تولہ سب کو باریک سفوف کر کے کشتہ جات شامل کر کے بقدر ایک تولہ صبح و شام خام دودھ یا تازہ پانی سے دیں۔ کہنہ سے کہنہ کثرت احتلام' جریان ذکاوت حس رفع ہو گی۔ غذا زود ہضم سبز ترکاری استعمال کرائیں۔ قبض نہ ہونے دیں۔ اکسیر الاثر نسخہ ہے۔

مقوی و مغلظ حلوائے بادام ---: مغز بادام مقشر ۱۰ تولہ' مغز پستہ ۱۰ تولہ' بالائی شیر ۲۰

تولہ، کھویا ۳۵ تولہ، گوند کیکر ۵ تولہ، کھانڈ ۲۰ تولہ، نشاستہ ۱۵ تولہ، روغن زرد ۳۵ تولہ کھویا، بالائی، گوند، نشاستہ روغن زرد میں علیحدہ علیحدہ بریاں کر کے اور کھانڈ کا قوام بنا کر ادویہ مذکورہ ڈال دیں، حلوہ بن جائے گا۔

خوراک ۲ سے ۵ تولہ تک روزانہ صبح و شام کھلائیں۔

فوائد مقوی دماغ مولد و مغلظ منی، ممسک و مبہی، ملذذ دافع درد کمر و ضعف کلیہ جو کہ کثرت جماع کی وجہ سے ہو۔

حب جدوار جدوار خطائی ۳ ماشہ، زعفران ایک تولہ، عروسک ۶ ماشہ، مشک خالص ا ماشہ، خرما کلاں ۳ عدد، افیون ڈیڑھ ماشہ خرما سے گٹھلی نکال کر افیون کے برابر حصے کر کے اس میں بھر کر اوپر دھاگا لپیٹ کر آرد گندم کا لیپ کر کے گرم بھوبھل میں دبا دیں۔ جب آٹا سرخ ہو جائے۔ تو آٹا دور کر کے چھوہارہ معہ افیون اور ۳ تولہ شیر برگد کھرل کریں۔ پھر باقی ماندہ ادویہ ڈال کر کھرل کر کے گولیاں نخودی تیار کریں۔

خوراک ایک گولی صبح ایک شام کو ہمراہ دودھ دیں۔ نہایت مقوی، ممسک اور سرعت انزال کو مفید ہے کچھ عرصہ استعمال سے جریان جڑ سے جاتا رہتا ہے۔ قبل از وقت ایک گولی کھا کر غذا زود ہضم کھائیں۔ تو شوقین مزاجوں کی خواہش پوری ہوتی ہے۔

آم پاک ---: نہائت عمدہ پختہ آم لے کر نچوڑ کر رس نکال کر چھلنی سے چھان لیں۔ یہ رس آٹھ سیر کھانڈ دانہ ۲ سیر روغن گاؤ ایک سیر پانی ۲ سیر سونٹھ پاؤ بھر مرچ سیاہ ۲ چھٹانک، کھاں ایک چھٹانک ان تینوں کا سفوف کر کے ڈالیں اور سب کو مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں اور لکڑی سے ہلاتے جائیں۔ جب پکتے پکتے گھی جدا ہو جائے تو نیچے اتار کر رکھ لیں۔ اس کے پکانے میں نہایت ہوشیاری اور احتیاط سے کام لیں۔ ورنہ کچا رہ جائے تو بہت جلد خراب ہو جاتا ہے۔ اگر زیادہ پک جائے تو بھی اس کے گن جاتے رہتے ہیں۔ پھر مندرجہ ذیل ادویہ کا سفوف گھی میں بھون کر شامل کر لیں۔ پپلا مول، ناگر موتھ، جل دھنیا، زیرہ سیاہ، زیرا سفید، لونگ، ناگ کیسر، دار چینی تالیس پتر ہر ایک ۸ تولہ گوکھرو پاؤ بھر سب ادویہ کو کوٹ کر شامل کر لیں اور آم پاک کو کسی برتن میں گھی لگا کر جما دیں۔ اور حسب ضرورت چاندی سونا کے ورق بھی لگا دیں۔ جب اچھی طرح سے خشک ہو جائے۔ تو برفی کی طرح چاقو سے کاٹ کر حفاظت سے رکھیں۔

خوراک چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ سے دیں۔

فوائد! جریان، احتلام سرعت انزال نامردی وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ اس کے متواتر استعمال سے

قدرتی امساک پیدا ہوتا ہے۔ کہ مرد کئی کئی گھنٹہ تک مشغول رہ سکتا ہے اس کے علاوہ کھانسی نزلہ، زکام اور دمہ جگر روگ اور پیشاب جملہ امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔ قوت ہاضمہ کو بڑھاتی ہے۔ بھوک دگنی ہو جاتی ہے یرقان مورچھا روگ بواسیر اور ہر قسم کے بخاروں میں بھی اس کا استعمال تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔

دوائے خاص ڈپٹی صاحب والی :--- مرچ سفید ۲ تولہ، پارہ مدبر ۶ ماشہ، قلعی ایک تولہ، میٹھا تیلیہ ۳ ماشہ پارہ و قلعی کو چھلبند کر کے ماسبق ادویہ ملا کر مانند غبار کھرل کریں۔

خوراک ۲ چاول ہمراہ مسکہ، جریان، احتلام ذکاوت حس کو مفید ہے۔

ممسکات

حب ممسک :--- عقر قرحا ۱ درہم، قند سفید ۹ درہم، تخم ریحان ۸ درہم سب کو کوٹ چھان کر گولیاں بقدر ایک درہم بنا دیں۔

خوراک ایک گولی کھانے کے بعد جماع کریں۔ جب تک عرق لیمون نہ پئیں گے انزال نہ ہو گا۔ اس نسخہ سے مثانہ سرد ہو جاتا ہے۔ بعد ازاں قوت باہ کی دوائی کھائیں۔

ممسک لیپ :--- سیم سینی کافور اور افیون ایک رتی پیسیں اور قضیب پر لیپ کریں۔ خشک کر کے جفت کریں۔ بہت لذت و لطف اور امساک ہو گا۔

کشتہ شنگرف :--- شنگرف رومی ایک تولہ کو چینی کے پیالہ میں رکھ کر عرق لیمون اس قدر ڈالیں کہ ۳ انگل اوپر رہے۔ ایک دن رات بھگوئے رکھیں۔ بعد اس عرق میں کھرل کر کے جب تمام عرق جذب ہو جائے۔ غلولہ بنا کر ایک دھتورے کے پھل میں داخل کر کے اجزاء متخرجہ سے بند کر کے روغن ارنڈی میں کپڑا یا ٹاٹ تر کر کے اس قدر لپیٹیں کہ تربوز کے برابر ہو جائے تب ایک لوہے کی تار سے باندھ کر کسی معلق جگہ میں لٹکا دیں اور آگ دیں۔ جب شعلہ ختم ہو جائے تو زمین پر رکھ کر ایک بڑے برتن میں ڈھانک دیں اور ایک روز کے بعد سرد ہونے پر نکال لیں۔ شنگرف شگفتہ برنگ سفید بر آمد ہو گا۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مسکہ۔

حسب ممسک مقوی :--- افیون خالص ۶ ماشہ، اسم الفار ۶ ماشہ، عرق گلاب دو آثہ آدھ سیر پختہ کھرل میں ڈال کر عرق جذب کریں۔ جب بقدر مسور بنا دیں۔

خوراک ایک حب بوقت چار بجے ایک گھنٹہ بعد اڑھائی تولہ دال نخود بھنی ہوئی کھادیں اور بعد گھنٹہ کے مشغول ہوں۔

ممسک ـــ: سہاگہ ۶ ماشہ ' بالائی شیر گاؤ ۵ تیولہ ' شیر گاؤ نیم سیر سہاگہ باریک پیس کر بالائی میں رکھ کر کھائیں بعد ازاں دودھ نیم گرم پیں ایک گھنٹہ کے بعد مشغول ہوں امید سے زیادہ اساک ہو گا۔ آب زر سے یہ نسخہ لکھنے کے قابل ہے۔

حب ممسک ـــ: اساک کے لئے ایک بے نظیر ہے کم خرچ بالا نشین ہونے کے علاوہ قیمتی ادویات کے مقابلہ میں کامیاب ہو چکی ہے۔ ایک کثروم سیاہ لے کر لیموں کا غذی میں چار یا چھ ڈنگ لگوائیں بعد ازاں مصطگی رومی اصلی بقدر ضرورت پیس کر لیموں کا عرق نچوڑ کر تھوڑی دیر کھرل کر کے گولیاں بنا لی جائیں۔

خوراک بقدر ضرورت ایک ساعت قبل بقدر ۲ ماشہ دوودھ سے کھائیں۔

حب اکسیر ممسک ـــ: شنگرف' افیون' عقر قرحا' جائیفل' کافور' نبات سفید' ہر ایک ۳ ماشہ بیر بہوٹی ۱۰ عدد' زعفران' جند بیدستر ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' سب کو کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

خوراک! جماع سے دو تین ساعت قبل ایک دو گولی دودھ سے کھائیں سرعت انزال دور کر کے اساک شدید پیدا کرتی ہے۔

حب ممسک خاص ـــ: شنگرف' کباب چینی' افیون' عقر قرحا' گوند کیکر سب ہم وزن کوٹ پیں لیں اور پانی سے نخودی گولیاں تیار کر لیں۔

خوراک ایک گولی غذا سے تین گھنٹہ بعد کھائی جائے۔ یا بوقت دیگر شیربز سے کھائیں۔ پیاس لگے تو دودھ پئیں۔ پرہیز مرچ ترش و تیل کی اشیاء سے کریں۔ اور غذا کم کھائیں

برائے اساک ـــ: چنے بھنے ہوئے ۵ تولہ لے کر اور ۵ تولہ مصری ملا کر ایک گھنٹہ پیشتر کھا لو' مگر شرط یہ ہے کہ پانی نہ پیو اور ایک گھنٹہ بعد صحبت کرو۔ انزال نہ ہو گا جس وقت انزل کرنا ہو۔ آدھ سیر یا تین پاؤ دودھ گرم گرم پئیں۔ تھوڑی دیر میں انزال ہو جائے گا۔

ممسک ـــ: کوکنار ۳۲ ماشہ بجھکنی ۳۵ ماشہ' تخم پٹھ کنڈا ۳۲ ماشہ ہانڈی گلی میں ۵ سیر پانی میں سر پوش دے کر پکائیں بعد چند جوش آنے کے اتار کر سرد کر کے چھان کر بوتل میں بھر رکھیں۔ بوقت ضروریات ایک سے دو تولہ تک پانی پی لیں۔ پھر ایک گھنٹہ کے بعد مشغول ہوں۔ قضیب سخت رہے گا اور انزال نہ ہو گا۔ جب تک کہ ترشی نہ کھائیں۔ بغیر عورت کے ہر گز استعمال نہ کریں۔

ممسک و ملذذ چراغ ـــ: بیر بہوٹی گلاب میں حل کر کے چربی بنا کر فلیتہ بنا دیں۔ روغن

کنجد کے چراغ میں ڈال کر جلا دیں۔ جب تک چراغ روشن رہے گا۔ سرخ روشنی ہو گی ہوائی آمد و رفت قطعی مسدود کر دیں۔ نہ اور کوئی روشنی ہو۔ غرضیکہ دودھ چراغ کا کمرے کے اندر محبس رہے۔ جب تک چراغ روشن رہے گا انزال نہ ہو گا۔

حب امساک ---: ریگ ماہی، شنگرف ۴ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، مازو ۴ ماشہ، زعفران ۲ ماشہ سب کو پیس کر حبوب نخودی تیار کریں۔

خوراک ایک گولی دودھ سے کھائیں، مقوی باہ و ممسک ہے۔

کباب ممسک تاترشی ---: کچلی سیمابی ۲ تولہ (گندھک، سیماب ہر ایک ایک تولہ باریک شدہ) روغن دھتورہ ۴ تولہ (بیختہ دہ یوم درگندم یا در سرگین اسپ بدارند ---- ازیں خط برکباب بز بے نمک کہ در روغن زرد یا سیاہ بریاں کردہ باشند کشند، نمک خواند تا نمک نخود و انزال نشود (روغن زرد شیر گاؤ دہند اگر سرخی در چشم پذیر آئید).

ممسک بلا افیون ---: موچرس ایک چینی کے برتن میں ڈال کر شیر برہ میں تر و خشک کریں سات بار کریں۔ اور حبوب نخودی تیار کریں۔ جب تک نخود بریاں نہ کھائیں انزال نہ ہو گا۔

روغن بھنگ ممسک ---: نصف سیر بھنگ ابالیں اور چھان کر پانی گرا دیں۔ پھر دودھ میں گھوٹ کر چار سیر پختہ دودھ ڈال کر دہی جما کر مکھن نکال کر گرم کر کے گھی نکالیں۔

چند قطرہ کسی عطر میں ملا کر استعمال کریں۔

کشتہ شنگرف مقوی باہ و ممسک ---: سوا سیر کچلوں کا سفوف کڑاہی میں ڈال کر درمیان ۵ تولہ شنگرف کی ڈلی رکھ کر اوپر اڑھائی سیر گھی ڈال کر نیچے آگ جلا دیں۔ جب گھی اور کچلہ جل جائے تو اتار کر پیس لیں۔

خوراک دو چاول بھر۔

بند کشاد امساک کے لئے سفوف ---: مشک زعفران، بدھارا، اجمود، موچرس، مازو، جائیفل، بھنگڑی ہر ایک ۹ ماشہ، افیون ساڑھے چار ماشہ، عقر قرحا ۶ ماشہ سفوف کریں۔

خوراک ۲ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ ترشی اور بادی سے پرہیز کریں۔ اگر انزال کی خواہش ہو۔ تو کافور ایک سرخ ہمراہ مصری استعمال کریں۔

حبوب ممسک بدرجہ غایت ---: افیون ۴ رتی لے کر سیخ آہنی پر لپیٹ کر ایک دانہ کچلہ دھکتے ہوئے کوئلہ پر رکھ کر اس کا دھواں اس پر لپیٹ میں حتیٰ کہ سب کچلہ جائے دو گولی

بنالیں اور اس پر گڑ کا خول چڑھالیں۔

خوراک ایک حب بوقت عصر کھا کر نخود مقشر، ثار، نارجیل، مصری ہر ایک ۲ تولہ کوٹ کر دو حصہ کرلیں ایک حصہ کھالیں۔ دوسری گولی بوقت عشاء کھا کر بقیہ نصف اوپر سے کھالیں اس کے سوا اور کچھ نہ کھائیں نہ پئیں۔ بعد فراغت دودھ جلیبی کھائیں۔ عاجز کر دیتا ہے اور عموماً ضرورت تریاق کی پڑتی ہے۔

مقوی و ممسک گھی ---: پھول کنیر سفید کا عرق ۵ تولہ ایک سیر دودھ میں ملا کر جوش دے کر گھی حاصل کریں۔ اور ایک قطرہ ہمراہ بتاشہ نوش کریں۔

کشتہ شنگرف مقوی و ممسک ---: شنگرف ڈلی ایک تولہ تربوز وزنی ۴ سیر سے کم نہ ہو کہ سوراخ میں ڈلی داخل کریں۔ اوپر دہی ڈال کر دیگر منہ بند کر کے دو انگل موٹائی چیتھڑے لپیٹیں اور خشک ہونے کے بعد کسی چاقو چھری سے پھاڑ دیں۔ محفوظ الہوا ۲۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید شگفتہ ہو گا۔ جو حصہ خام رہے وہ پھر علیحدہ کر کے دوسرے تربوز میں کشتہ کرلیں۔ دماغی و عصبی امراض کو مفید ہے۔ خوراک ایک رتی۔

ممسک گولی ---: کچلہ ۱ عدد، نخود مقشر ثار، نارجیل ثار، افیون ۴ رتی مصری ۲ تولہ گڑ ایک نخودی افیون کو لوہے کی سیخ کی نوک پر لپیٹ کر کچلہ کو ایک کوئلہ پر رکھ دو کہ وہ جلنے لگے اور جو دھواں اس سے برآمد ہو۔ وہ اس افیون میں لپیٹتے جائیں اور سیخ کو پھیرتے جاؤ یہاں تک کہ تمام کچلہ جل جائے بس اس افیون کے دو حصے کر کے گڑ میں دو گولی باندھ لو گویا گڑ کی دو ٹکیاں باندھ کر درمیان میں افیون کے رکھ کر گولی بنالیں اور نخود و کھوپرا وغیرہ کوٹ پیس کر رکھ لیں۔

خوراک ایک حب بوقت عصر کھا کر اوپر سے نصف یہ لوازمہ کھا لو دوسری خوراک بوقت عشا کھا کر اور کچھ نہ کھاؤ پیو، بعد الفراغ دودھ یا دودھ جلیبی استعمال کرو۔

سفوف ممسک ---: بیجبند ۱۵ تولہ، سمندر سوکھ، تخم بھنگ، ثعلب مصری ہر ایک ۳ تولہ کوکنار مسلم ۵ تولہ، پوست تخم دھتورہ ایک تولہ مصری شنگرفی ۳۰ تولہ سفوف بنا دیں۔

خوراک چھ ماشہ صبح و شام آدھ سیر دودھ سے کھا لیا کریں۔ ترشی سے پرہیز رکھیں۔ بے ضرر ممسک ہے۔ طبعی امساک پیدا کرتا ہے علاوہ ازیں جریان احتلام سیلان الرحم کو بھی مفید ہے۔

حبوب ممسک ---: افیون سیماب تخم دھتورہ سیاہ، بھنگ، اجوائن خراسانی سب ہم وزن پہلے افیون اور پارہ کو کھرل کرلیں۔ تھوڑے سے پانی کا پر کا دیتے جائیں پھر باقی اجزا ملا کر کھرل کر کے گولیاں بقدر ایک رتی باندھ لیں۔ صرف ایک گولی تین گھنٹہ قبل از جماع کھائیں از حد ممسک ہے۔

حب ممسک ـــ: بیر بہوٹی ۱ ماشہ' چرس جائیفل ہر ایک ۶ ماشہ اجوائن خراسانی ۴ ماشہ تخم دھتورہ سیاہ ۳ ماشہ' زعفران ۴ ماشہ' قرنفل ۳ ماشہ سب کو باریک کر کے تنکچر نکوامیکا کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

خوراک ایک تا دو گولی دودھ سے کھائیں بیحد ممسک ہے دافع کثرت احتلام اور سرعت کو مفید ہے۔

حب مسکن ـــ: مارفیا ہائیڈروکلوراس ایک ماشہ' پوٹاش برومائیڈ ایک تولہ' مصطگی رومی ایک تولہ ۱۲۰ گولیاں بنا دیں ایسی چار گولیاں اسہال کے واسطے ایک گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ شربت صندل کے دیں اور اندرونی درد کے واسطے ایک گولی ہمراہ آب امساک کے واسطے ۳ گولیاں چار گھنٹہ قبل از جماع اور نیند لانے کے لئے چار گولی دیں۔

حب ممسک ـــ: خولنجاں' ثعلب مصری ہر ایک ۶ ماشہ' جلوتری' جدوار ہر ایک ۳ ماشہ افیون ساڑھے چار ماشہ سب کو آب برگ پان میں کھرل کر کے نخودی گولیاں تار کریں۔ ایک سے دو گولی تک بوقت شام کھا کر اوپر سے دودھ پئیں اور کوئی چیز نہ کھائیں۔ تین چار گھنٹہ بعد امساک اثر پیدا کر دیں گی امساک کے لئے مفید ہے۔

حب ممسک و مقوی ـــ: قلعی اڑھائی تولہ' پارہ ڈیڑھ تولہ' بھلبند کریں۔ ورق نقرہ دار فلفل عقر قرحا' نرکچور' سونٹھ ملٹھی ہر ایک ۱ تولہ شیرہ برگ پان ۳ تولہ آب اورک ۳ تولہ' آب بھنگرہ ۳ تولہ سب کو باریک پیس کر شیرہ میں کھرل کریں۔ اور گولیاں نخودی تیار کریں۔

خوراک ایک گولی ہمراہ شیر استعمال کریں اور بعد فراغت ایک گولی عجیب الاثر دوا ہے۔

طلسم امساک ـــ: مارفیا ۵ گرین' زعفران ۳ ماشہ' طباشیر ۶ ماشہ' سب کو کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

چار چاول تک بالائی میں قبل از وقت استعمال کرو جب تک کوئی نمکین چیز نہ کھائیں۔ تب تک امساک قائم رہے گا۔ نہایت ہی مفید اور تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

حبوب امساک ـــ: افیون' عقر قرحا' دار چینی' جائیفل' خولنجاں' ہر ایک ۶ ماشہ' مصطگی رومی ۴ ماشہ سب کو پیس کر ہمراہ شہد نخودی گولیاں بنائیں۔

ایک گھنٹہ قبل از ضرورت ایک گولی استعمال کریں۔

حبوب ممسک و مقوی باہ ـــ: نربسی' ثعلب' افیون' زعفران' خولنجاں' جائیفل' جاوتری دار چینی مغز بادام' ہر ایک ۳ ماشہ' بھنگ ڈیڑھ تولہ' سب کو ملا کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ شیر جوش دیا دوران استعمال میں گھی دودھ زیادہ کھائیں۔

حبوب قلعی ممسک ---: قلعی، سیسہ، جست، ہر ایک ۳ ماشہ، سب کو باہم ملا کر پگھلائیں اور شکر سرخ قدرے قدرے اوپر ڈال دیں۔ کہ وہ کشتہ ہو جائے۔ پھر افیون ۳ ماشہ ملا کر بقدر مونگ گولیاں بنائیں۔

شام کو ایک گولی کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں امساک کو مفید ہے۔

دوائے امساک ---: کچھکنی ۳ رتی، کائپھل ۶ رتی، لونگ ۴ رتی دار چینی ۱ ماشہ ریگماہی ۱ ماشہ پیس کر کھالیں اور اوپر سے دودھ پی لیں یہ ایک خوراک ہے امساک کے لئے ایک عجیب شے ہے۔

حب ممسک مسیح الملک والی ---: یہ گولیاں حکیم اجمل خان صاحب مرحوم نے سفیر کابل کے لئے تیار کرائیں تھیں مشک خالص ۱ ماشہ، ریگماہی ۱ ماشہ، دار چینی ۱ ماشہ، زعفران شنگرف مازو، ورق نقرہ ورق طلا نصف ماشہ کچھکنی، کائپھل، لونگ ہر ایک ۳ رتی افیون ۷ رتی سب کو پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

ایک گولی شیر گاؤ کے ہمراہ کھا کر لطف اندوز ہوں۔

مقوی و ممسک لاثانی تحفہ گولیاں ---: کمزوری سستی اور نامردی کے مریضوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے گمشدہ طاقت کے چند روز میں واپس لاتا ہے۔ سرعت رقت اور جریان کو مفید ہے۔ غلط کاریوں سے پیدا شدہ عوارضات کو دور کرنا اسی کا کام ہے کشتہ فولاد ۵ ماشہ کشتہ مرجان کشتہ قلعی کشتہ پوست بیضہ مرغ زعفران، مشک خالص ہر ایک ۳ ماشہ، افیون ۱ ماشہ، ایکسٹریکٹ بیلا ڈونا نصف ڈرام، گولڈ کلورائیڈ ۱ ٹیوب، ورق نقرہ ۱ عدد سب کو کھرل کر کے ایک سو گولیاں بنائیں۔

ایک گولی چار بجے شام ہمراہ شیر گرم کھائیں امساک کے لئے دو گھنٹہ پیشتر استعمال کریں۔

حبوب لطف امساک ---: سم الفار سفید افیون سیماب چرس، ہر ایک ایک تولہ آب برگ دھتورہ مقطر ۱۵ تولہ آب برگ پان، ۱۰ تولہ تمام ادویات کو کھرل میں ڈال کر باریک کریں۔ اور تھوڑا تھوڑا آب دھتورہ ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں۔ حتیٰ کہ تمام پانی ختم کر دیں۔ پھر اسی طرح برگ پان کا پانی کھرل کر کے جذب کریں۔ حبوب بقدر نصف رتی تیار کریں۔

جس دن خیال ہو اس دن رات کو غذا نہ کھائیں اور ایک گولی نیم سیر دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ بعد ایک گھنٹہ کے اس کا فائدہ دیکھ لیں۔ سرعت کے لئے ایک گولی روزانہ استعمال

کریں۔

مقوی و محرم باہ و ممسک نسخہ ہے۔

سفوف موصلی ممسک و مقوی باہ:۔ شگوفہ نرم درخت برگد ۲ تولہ، موصلی سفید ۲ تولہ ا۔سبغول ۵ تولہ روغن زرد ۵ تولہ، کھانڈ ۵ تولہ سب ادویہ پیس کر ا۔سبغول میں ملا لیں اور بقدر ڈیڑھ تولہ دوا کھا کر اوپر سے روغن زرد نوش کریں۔ چند روز اسی طرح سے کریں۔

حبوب ممسک و محرک باہ:۔ شنگرف رومی، خولنجاں، دانہ الائچی خورد، عقر قرحا ہر ایک ۳ ماشہ افیون ۱ ماشہ ا۔سڈ آرسینک، اسٹرکنیا، کوکین، ہر ایک اگرین، پل فاسفورس ۳۰ گرین پہلی چار ادویہ کو باریک کر کے رکھیں افیون کو چھوہاروں میں ڈال کر بھوبل میں تشویہ دے لو پھر سب کو باریک کر کے ملا دو اب باقی کی ادویہ ملا کر یکجان کر کے شہد یا گلیسرین کی مدد سے ساتھ گولیاں بنا دیں۔

خوراک بوقت ضرورت قبل از وقت ایک گھنٹہ استعمال کر کے مشغول ہوں۔ بہتر ہے کہ شام کو کھانا نہ کھائیں بلکہ دودھ ہی پی لیں۔

ممسک پلاؤ برائے غرباء:۔ ڈھاک کے درخت کا نرم نرم اندرونی چھلکا چھٹانک بھر لے کر اسے ایک سیر پانی میں پکائیں۔ جب پانی اس قدر باقی رہے۔ کہ جس میں آدھ پاؤ چاول پک سکیں۔ تب اتار کر چھان کر اس میں چاول پکائیں تیار ہونے پر آدھ پاؤ گائے کا گھی اور آدھ پاؤ کھانڈ ملا کر صبح کے وقت کھا لیں۔ اس طرح متواتر چند یوم استعمال کریں۔ اس کے تین یوم استعمال کے بعد ناقابل برداشت قوت باہ پیدا ہو جاتی ہے اگر ایک ہفتہ جماع سے باز رہیں۔ تو حسب خواہش باہ و امساک میں ترقی ہو گی۔

مقوی باہ و ممسک:۔ عقر قرحا، سونٹھ، لونگ، زعفران، جاوتری، فلفل دراز صندل سرخ کلد ۲ تولہ، شنگرف مصفی گندھک آنولہ سار مصفی ہر ایک ۶ ماشہ، افیون ۸ تولہ سب کو کھرل کر کے گولیاں بقدر ڈیڑھ رتی کی تیار کریں۔

مقدار و ترکیب استعمال ایک سے ۲ گولی تک ہمراہ دودھ قبل از وقت ۲ گھنٹہ دیں۔

فوائد ممسک ہے امساک کے حاجتمندوں کی ضرورت کو اکثر پورا کرتی ہے۔ قوت جماع کو بڑھاتی ہے۔

پرہیز کھٹائی اور کھار والے اجزاء کا پرہیز لازمی ہے۔

گولیاں برائے امساک:۔ کوکنار نیم سیر (جس میں افیون نہ نکالی گئی ہو) رات کو

ایک سیر پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر جب نصف رہ جائے صاف کر کے مصطگی رومی اصلی دار چینی ثعلب مصری مکد ا تولہ کوٹ پیس کر داخل کریں۔ آرد نخود بریاں ۱۴ ماشہ۔ مصری ۱۴ ماشہ ڈال کر بقدر ایک ماشہ کے قرص تیار کریں۔ ایک گھنٹہ قبل از وقت ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ وہ اصحاب جو مریض نہ ہوں۔ اور شوقیہ طور پر اس کو استعمال کریں۔ تو مفید ہے۔ مریضوں کے لئے اتنا مفید نہیں ہے۔

حب عجائب ـــــ: جند بید ستر ڈیڑھ ماشہ' زعفران کشمیری ڈیڑھ ماشہ کافور افیون' شنگرف' عقر قرحا' جائیفل مکد ۳ ماشہ کرم مخمل ۱۰ عدد سب ادویہ کو کوٹ کر گولیاں نخودی تیار کریں۔

خوراک ایک گولی ۲ گھنٹہ قبل از جماع ہمراہ جوش دیئے ہوئے دودھ کے دیں۔ نہایت ممسک اور بے عدیل گولیاں ہیں۔

حب امساک ـــــ: لونگ' کنجد' تخم حرمل' دار چینی' افیون مکد ۶ ماشہ' جلوتری ایک تولہ اول افیون کو لوہے کی سلائی پر چڑھا کر آگ پر نرم کرلیں اور ادویہ کے سفوف میں ملا کر گولیاں شہد کی مدد سے بقدر کنار دشتی تیار کریں۔ ۲ تا ۴ گولی شیر سے استعمال کریں۔ مستقل فائدہ کے لئے جماع سے پرہیز کریں۔

مستقل امساک ـــــ: بوٹی ستیاناسی کے تخم پہلے دن ایک رتی علی الصباح پانی سے نگل جائیں دوسرے دن دو رتی اسی طرح جہاں تک موافق آئیں بڑھاتے جائیں۔ مگر زیادہ سے زیادہ ان کی ایک ماشہ خوراک ہے۔ اس سے تجاوز نہ کریں۔ پھر روزانہ اسی مقدار میں استعمال کر کے پھر صحبت کریں۔ تب اس کا وہ کرشمہ معلوم ہو گا۔ جس کو استعمال کرنے والا ہی جان سکتا ہے۔

اکسیر ممسک و مقوی باہ امرت موتی ـــــ: شنگرف رومی ایک تولہ لے کر کچے دھاتورہ کے ڈوڈوں (پھل خام) کے ۴ تولہ پانی میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر جتنا وزن ہو اس سے تین گنا کشتہ فولاد شامل کر کے محفوظ رکھیں تیار ہے۔

مقدار خوراک ۲ رتی ہر دو وقت برائے طاقت و امساک کے دیں۔ بہترین دوا ہے زیادہ تعریف فضول ہے۔

فوائد ہاضم' دافع قبض' مولد خون' مقوی دماغ اور مردانہ قوت کو ترو تازہ کر کے ابھارنے والی رسائن ہے۔

کھویا ممسک و مغلظ و مولد منی مقوی باہ برائے مجلوق ـــــ: ان پچھے پوست جن سے کہ افیون نہ نکالی گئی ہو آدھ سیر خشخاش ان سے نکال لیں اور دو سیر پانی میں رگڑ کر اس کا دودھ نکال لیں چھاننے کی ضرورت نہیں ہے۔ عمدہ خشک چھوہارے گٹھلی دور کئے ہوئے آدھ

سیر لیں اور دو سیر شیر گاؤ تازہ میں سب کو ملا کر نرم آنچ پر کھویہ تیار کریں۔ کڑچھی سے ہلاتے رہیں۔ جب کھویا بن جائے اتار کر پاؤ بھر گائے کے گھی میں بھون لیں۔ پھر اتار کر ہم وزن کھانڈ ملا کر رکھ چھوڑیں۔

خوراک ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ گرم کے ساتھ کھائیں۔ مجلوق کے لئے مفید ہے۔ مغلظ و مولد منی ہے۔ مسمن بدن ہے۔ خشک اور دیرینہ کھانسی سل، دق میں مفید ہے متواتر استعمال سے پرانہ دمہ رفع ہوتا ہے۔ جریان اور امراض بول تنگی وزیادتی و سرعت کی مفید ہے۔

حبوب ممسک و مقوی باہ ---: یہ دوا اعلیٰ درجہ کی ممسک ہونے کے علاوہ قوت باہ کو بڑھانے میں بھی عجیب چیز ہے۔ مایوسوں کے لئے تحفہ ہے۔

عقر قرحا سونٹھ، کنکول پیپل، جائیفل، لونگ، برادہ صندل سفید مکد ا تولہ، زعفران ۲ تولہ، افیون ۴ تولہ، سٹرکنیا (ست کچلہ) ساڑھے تین ماشہ چھوہارے جوش دیا ہوا دودھ آٹھ عدد، چھوہاروں کو اچھی طرح کوٹ کر پھر اس میں ست کچلہ کے علاوہ باقی ادویہ کو باریک پیس کر ملا کر رکھیں۔ پھر ست کچلہ کو الگ ہمراہ ہموزن کھانڈ کے کھرل کر کے سب کو ملا کر گولیاں بقدر ۲ رتی تیار کریں۔

احتیاط رہے کہ یہ دوا فربہ جسم آدمی نہ استعمال کرے۔ ایک گولی ہمراہ دودھ ایک گھنٹہ پیشتر کھادیں۔ غذا نہ کھائیں بلکہ دودھ ہی پئیں۔ پھر مشغول ہوں۔

سرعتینہ ---: شنگرف بدبر، افیون، لوبان کوڑیہ، کافور، چاروں ہم وزن یکے بعد دیگرے کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ چیک پیدا ہو کر گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے۔ گولیاں بقدر چنا تیار کریں۔

غذا سے ڈیڑھ گھنٹہ پیشتر ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ پندرہ روز کا استعمال کافی ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ اگر کوئی مغلظ منی نسخہ بھی کھاتے رہیں۔ تو بہتر ہو گا۔ سرعت انزال کے لئے تیر بہدف نسخہ ہے۔ صرف وقتی امساک کی دوا نہیں۔ جریان و احتلام کے لئے مفید ہے۔ شنگرف کو بلادر مال کنگنی وغیرہ کی ترکیب سے تدبیر کر لیں۔

حبوب امساک ---: پارہ ایک تولہ جل پپلی بوٹی کے پتے تازہ قریبا چالیس عدد افیون مصفی ا تولہ پہلے پارہ اور جل پپلی کے پتوں کو کھرل کریں۔ جب پارہ تھوڑی دیر میں ناپید ہو جائے اور مسکہ کی شکل اختیار کر لے۔ تو افیون ڈال کر ہمراہ عرق برگ پان معطر ۵ تولہ کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ ماش تیار کریں۔

ایک گولی ہمراہ شیر گرم استعمال کریں۔ ایک گھنٹہ کے بعد اس کے فوائد سے نتیجہ اخذ کریں۔ وقتی چیز ہے۔

حب نشاط ـــ: ہندوستانی دوا خانہ دہلی کی خاص چیز ہے۔ اس میں کوئی نشہ آور دوا نہیں ہے۔ اس لئے بے ضرر ممسک ہے۔ موسم سرما کا عجیب تحفہ ہے۔ زعفران، ریگ ماہی، جاوتری، ملکہ ڈیڑھ تولہ سمندر سوکھ ۹ ماشہ، جائیفل ۹ ماشہ، زہر مہرہ اصلی ڈیڑھ ماشہ مشک خالص ڈیڑھ ماشہ، کشتہ نقرہ ساڑھے چار ماشہ، سب کو پان کے عرق میں کھرل کر کے گولیاں بقدر کنار صحرائی تیار کریں۔ ایک گولی صبح ایک شام کو ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

حب ممسک ـــ: قوت امساک کے لئے اور باہ کے شائقین اصحاب کے لئے نوادرات طب سے ہیں۔ بغیر نشیلی اجزاء کے محرک ملطف ملذذ و ممسک و مقوی نسخہ ہے۔

بیر بہوٹی ۲ ماشہ، جدوار خطائی ا ماشہ، زعفران ۴ ماشہ، مشک خالص ۲ رتی سب کو باریک کر کے ۶ ماشہ شیر برگد میں حل کر کے پھر چراغ کی لو پر ادویات کو گرم کر کے ہاتھ سے یکجان کرنے کے بعد گولیاں نخودی تیار کریں۔ ممسک و مقوی باہ بیحد ہیں۔

حبوب مقوی و ممسک اعلیٰ ـــ: افیون ایک تولہ، زعفران ۶ ماشہ، دال ماش شستہ ۳ تولہ خرما ہندی ۲ عدد، شیر برگد ۵ تولہ، روغن زرد ۴ تولہ، عقر قرحا ۶ ماشہ سب کو کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر استعمال کریں۔

برائے امساک ـــ: مقل (یعنی گوگل) سفید ۵ تولہ، افیون خام ۲ تولہ، دونوں کو ایک بوتل شراب برانڈی میں کھرل کرکے پھر ایک ڈنڈا درخت کیکر کا تین فٹ طویل اور دو فٹ موٹا لے کر اس کے ایک سرے پر سوراخ کرکے اس دوا کو بند کردیں۔ اور کسی حلوائی کے چولھے میں رکھ کر جلائیں۔ جب دوا سے دو انگل اوپر تک جل جائے تو دوا نکال کر پھر نصف پاؤ شراب برانڈی میں کھرل کرکے گولیاں بقدر ایک رتی بنالیں۔ اگر درخت ببول یعنی کیکر کے مروق پانی کا تصفیہ اور تشفیہ کرلیں تو احتراق کا خدشہ بھی نہ ہوگا۔ اور کیکر کے اتنے موٹے لٹھ کی بھی ضرورت نہ ہوگی۔ گو میرے خیال میں یہ بہتر بات ہے۔ پیر ہفتاد سالہ اگر جوانی کی نورانی راتوں کو پھر دیکھنا چاہیں تو وہ اس سے مستفید ہوسکتے ہیں۔

گرم مزاج والے کو ایک گولی سرد دودھ کے ساتھ اور سرد مزاج والے کو گرم دودھ کے ساتھ ضرورت سے پہلے کھلا دیں تو ان کی ندامت دور ہوسکتی ہے۔

حبوب ممسک و محرک

افیون، جائفل، الائچی سفید، سمندر سوکھ، ہر یک ایک ماشہ، لونگ ۳ عدد، عقر قرحا ۵ ماشہ، تخم برگد ۶ ماشہ، کلتھی ا تولہ، شکر سفید ۹ ماشہ، شیرہ برگ پان ایک تولہ، شیرہ برگ دھتورہ ۲ تولہ، تمام ادویات کو کوٹ چھان کر ہر دو شیرہ میں کھرل کرکے گولیاں بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

ایک گولی ڈھائی گھنٹہ پیشتر کھا کر اس کی تاثیر دیکھیں۔ جب کمی محسوس کریں تو ذرا سا نمک چاٹ لیں۔

یہ گولیاں محرک اور ممسک بھی ہیں اور راحت افزا بھی۔

امساکی --: عقر قرحا، افیون، جائفل، لونگ، عود سب ہم وزن کھرل کرکے گولیاں بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

ایک گولی قبل از وقت ایک گھنٹہ ہمراہ شیر جوشیدہ استعمال کریں۔ اچھا امساک پیدا کرے گا۔

حب ممسک عجیب الاثر

زربی، دارچینی، لونگ، برہمی، دانہ الائچی خورد، بہمن سفید، بہمن سرخ، شقاقل، عقر قرحا، ہر ایک ساڑھے چار ماشہ، زعفران کشمیری، سوا تین ماشہ، مایہ شتر اعرابی سوا دو ماشہ، ورق نقرہ ۵۱ عدد۔ ورق طلاء ۳۰ عدد، عنبر خالص ۴ رتی، کستوری نیپالی ۴ رتی، افیون ساڑھے چار ماشہ، جائفل ۶ عدد، افیون کو جائفل میں بریاں کریں۔ بعدہ تمام ادویات کو باریک پیس کر گولیاں نخودی تیار کریں۔

خوراک --: ایک گولی صبح اور ایک شام ضرورت سے قبل بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

سفوف ممسک --: موصلی سفید، تودری سرخ، تودری سفید، بہمن سرخ، بہمن سفید، ثعلب مصری، شقاقل مصری، موچرس، تالمکھانہ، تخم لاجونتی، کشتہ قلعی مکد ا تولہ، مصری کوزہ ۲ تولہ، سب کو باریک سفوف بنالیں۔ بقدر ۶ ماشہ ہر دو وقت ہمراہ شیر جوشیدہ کے دیں۔ جریان، احتلام، سرعت رقت کو دور کرکے قوت وامساک پیدا کرتا ہے۔

حبوب ممسک و مغلظ منی --: مصطگی رومی، اسپند، مازو سبز، افیون، جاوتری، جائفل، زعفران، اجوائن خراسانی طباشیر، دانہ الائچی خورد، چھالیہ، گل سپاری، تج قلمی، موچرس، ناگ کیسر، مکد ۳ ماشہ، سب کو کھرل کرکے لعاب بہیدانہ میں نم دے کر کو کن بیر برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک --: ایک گولی ہمراہ دودھ بوقت صبح استعمال کریں۔ اسماک کے لئے دو گھنٹہ قبل

دودھ سے استعمال کریں- جریان، کثرت احتلام، سرعت، رقت کو مفید ہے- مقوی باہ ہے-

سفوف اوٹنگن ---: تج، تالمکھانہ، تخم اوٹنگن، موصلی سفید، موصلی سیاہ مکد ۳ ماشہ اس کی ۹ پڑیاں بنائیں- رات کو سوتے وقت شیربز میں ایک پڑیہ ملاکر جوشدیں اور میٹھا ملاکر پی جائیں- قوت باہ وامساک کو مفید ہے-

مغلظ و ممسک حلوہ ---: مغلظ و ممسک، قوت بدن، مسمن بدن، دافعہ سستی ہے- بعد انزال بھی انتشار باقی رہتا ہے- دوران استعمال جماع سے پرہیز کریں- چھلکا اسبغول ۵ تولہ، شنگری مصری ۵ تولہ، الائچی خورد ۶ ماشہ، ثعلب مصری ۳ ماشہ، دودھ گائے ایک سیر میں مصری اور چھلکا اسبغول شامل کرکے آگ پر گرم کریں اور چمچہ سے ہلاتے جائیں- پھر آنچ سے اتار کر ثعلب اور الائچی خورد باریک شدہ ملالیں اور چمچہ سے خوب آمیز کرکے ایک بڑے تھال میں جمادیں- اور ٹکڑے کاٹ کر رکھیں- یہ چار خوراکیں ہیں- ہر دو وقت دو دن کھائیں- دو ماہ استعمال کریں-

ممسک بقائی ---: تخم دھتورہ ۶ ماشہ، چرس، افیون، سم الفار، کچلہ مدبر، فلفل ،سباسہ، گوند کیکر مکد ۲ ماشہ، بھنگ ۵ تولہ کے پانی میں کھرل کرکے حبوب فلفلی تیار کریں- خوراک ایک گولی ہمراہ شیرگاؤ قبل از وقت استعمال کریں-

امساک بیعدیل ---: ایک بیضہ مرغ کو سوراخ کرکے سفیدی نکال کر زردی میں ۹ ماشہ افیون ڈال کر سوراخ پر ٹکڑہ پوست بیضہ کا رکھ کر آزوماش کے اندر لپیٹ کر ڈیڑھ سیر اپلہ کی آنچ دیں- سرد ہونے پر پوست میں زردی کے برابر عقرقرحا ۹ ماشہ، اسپند ۹ ماشہ، مصطگی، کرفس، تخم دھتورہ سیاہ ہر ایک ۹ ماشہ سب کو ملاکر کھرل کرکے گولیاں نخودی تیار کریں- خوراک ایک تا دو گولی آدھ سیر دودھ سے دیں- از حد ممسک ہے-

حب ممسک ---: افیون، سیماب، تخم دھتورہ سیاہ، اجوائن خراسانی بھنگ سب ہموزن پہلے افیون اور پارہ کو کھرل کریں- اور تھوڑے پانی کا بر کا دیتے جائیں- پھر باقی کے اجزاء ملاکر کھرل کرکے بقدر ۱ رتی گولیاں تیار کریں- ایک گولی تین گھنٹہ قبل از جماع دیں- از حد ممسک ہے-

حب ممسک ---: بیربہوٹی ۱ ماشہ، چرس ۶ ماشہ، جائفل ۶ ماشہ، اجوائن خراسانی ۴ ماشہ، زعفران ۴ ماشہ، تخم دھتورہ سیاہ ۴ ماشہ، لونگ ۳ ماشہ سب کو باریک کھرل کرکے ٹنکچر نکسوا میکا میں کھرل کرکی نخودی گولیاں بنالیں- ۱ تا ۲ گولی دودھ کے ہمراہ استعمال کریں- کثرت احتلام اور سرعت کو مفید ہیں-

حب مسکن ---: مارفیا ہائیڈروکلوراس ایک ماشہ، پوٹاسی برومائیڈ ۱ تولہ، مصطگی رومی ۱ تولہ،

سب کو کھرل کرکے ۱۲۰ گولیاں بنالیں- ایسی ۳ گولیاں امساک کے لئے ۴ گھنٹہ قبل از جماع کے دیں- نیند لانے کے لئے ۴ گولیاں دیں- اور اسہال کے واسطے ایک گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ شربت صندل کے دیں اور اندرونی دردوں کے لئے ا گولی ہمراہ آب دیں-

حب ممسک ---: اجوائن خراسانی سوا تولہ' مغز کدو آدھ تولہ' حرمل سوا دو تولہ تخم بھنگ ۲ تولہ' نخود بریان پونے دو تولہ' پوست ۳ تولہ' افیون ۶ ماشہ' پوست کو پانی میں بھگو کر سب ادویہ کو اس میں کھرل کرکے بقدر دو رتی گولیاں بنائیں- ایک گولی قبل از وقت دودھ کے ہمراہ استعمال کریں- از حد ممسک ہے-

ممسک تحفہ ---: چھوہارہ ایک عدد' شیر مدار ا تولہ' افیون ا ماشہ' پارہ مصفی ۶ ماشہ' پہلے پارہ' افیون اور دودھ کو کھرل کرکے چھوہارہ کی گٹھلی نکال کر اس میں بھردیں- اور سوت کے دھاگے لپیٹ کر گندھے ہوئے آٹے سے اس پر موٹا موٹا لیپ کرکے غلولہ سا بنائیں اور تین چار اپلوں کی قریباً اتنی آگ ہو جس سے چھوہارہ جل جائے- اور پارہ اڑ جائے' اب آرو گندم سے چھوہارہ نکال کر کھرل میں ڈال کر باریک پیس کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں-

ترکیب استعمال ---: ایک گولی دودھ کے ساتھ ہر روز کھالیا کریں-

فوائد صرف ایک ہفتہ کے استعمال سے مایوس نامرد بھی قابل فخر مرد بن جاتا ہے اور غایت درجہ ممسک ہے-

پارہ مصفی کرنے کی کئی ایک تراکیب ہیں- کسی ترکیب سے صاف کرلیا جائے- میرے خیال میں پارہ اس نسخہ میں شامل کرنے کے لئے مندرجہ ذیل طریقہ سے مصفی کریں- حسب ضرورت پارہ لے کر کھرل میں ڈال لیں- اور موصلا کسی نیم پختہ اینٹ کا بنائیں- اس سے سارا دن کھرل کرتے رہیں- اس سے پارہ اتنا صاف ہو جاتا ہے کہ اس پر آنکھ نہیں ٹھہر سکتی- دوسرے دن پارہ ۵ تولہ' ہلیلہ کابلی ۵ تولہ' بھیڑہ ۵ تولہ' آملہ ۵ تولہ' ان کو کوٹ کر ایک مٹی کی ہنڈیا میں ڈال دیں- ساتھ ہی پارہ داخل کردیں- پانی تین سیر ڈال کر چولھے پر سوار کریں- اور نیچے آگ روشن کریں- چار گھنٹہ کے بعد پارہ کو الگ کرلیں- بہترین شدھ ہو جائے گا-

غلولہ کے لئے آزمائش ہونا چاہئے- جس کا وزن کم از کم دس تولہ ضرور ہو- آگ اتنی ہونی چاہئے- جس سے چھوہارہ سرخ سیاہی مائل ہو جائے- تو یقیناً مندرجہ بالا فوائد اس میں آموجود ہوں گے- سردی کے موسم میں اس کا ضرور تجربہ کریں-

حب امساک ---: امساک اور سرعت کے لئے بے نظیر چیز ہے- وقتی فوائد کے علاوہ کچھ عرصہ کا استعمال سرعت کو دور کرکے طبعی امساک پیدا کرتا ہے- امساک کے لئے قوی الاثر

ہے۔

سیماب مصفی ۳ ماشہ' افیون خالص ۳ ماشہ' دونوں کو عرق پان میں کھرل کرکے خشک کریں اور یہ عمل کم از کم پانچ مرتبہ کریں۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل اشیاء کا اضافہ کریں۔
عقرقرحا' خولنجاں' بزرالبنج' قرنفل' جوزبوا' کافور' لوبان' شنگرف مدبر' ہر ایک ایک ماشہ' باریک مثل غبار کے کرکے سب کو یکجان کھرل کریں۔ گولی بقدر نخود تیار کریں۔ سرعت کے لئے ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر جوشیدہ۔
امساک کے لئے شام کا کھانہ نہ کھائیں۔ لال مرچ کھٹائی سے اس روز پرہیز کریں۔ ایک سے دو گولی کھاکر تین گھنٹہ بعد مقاربت کریں۔

سفوف برائے رقت منی ---: موصلی سفید' ثعلب مصری' کمد ۵ ماشہ' چھلکا اسبغول ایک تولہ' کھانڈ ہم وزن ادویہ دودھ گرم ڈیڑھ پاؤ کھیر بناکر ٹھنڈی ہونے پر دن میں ایک دو بار کھائیں۔ اگر اس کھیر پر کشتہ چاندی ایک رتی' کشتہ قلعی آدھ رتی شامل کرلیں تو زیادہ مفید ہے۔

سفوف سرعت ---: مغز تخم املی ۲ ماشہ' بورا چندن سفید ا ماشہ' بیجبند ۲ ماشہ' اسگند ۲ ماشہ' یہ ایک خوراک ہے۔ صبح و شام پاؤ بھر دودھ کے ساتھ چالیس یوم استعمال کریں۔ جماع' کھٹائی' مچھلی' گوشت سے پرہیز کریں۔

اکسیر اعظم ---: یہ نسخہ نامرد کو بالکل مرد بنا دیتا ہے۔ خصیتہ الثعلب بڑا پنجے دار ۵ تولہ' موصلی سفید دکنی ۱۰ تولہ' تخم ریحان ۵ تولہ' ثعلب اور مصری کو کوٹ چھان کر تخم ریحان سالم ۵ تولہ ملالیں۔ یہ سفوف ۶ ماشہ' لے کر آدھ سیر دودھ گائے میں ڈال کر نرم نرم آنچ پر پکائیں جب فرنی کی طرح گاڑھا ہو جائے تو اتار کر سرد کرکے ایک رتی کشتہ سہ دھاتا ملاکر بوقت صبح چالیس یوم تک استعمال کریں۔ کمال درجہ کے فوائد ظہور میں آئیں گے۔ مولد' مغلظ و ممسک و مقوی باہ و اعصاب کے دافع جریان احتلام سرعت ہے۔ چہرہ چمکنے لگتا ہے۔

ممسک ---: خراطین مصفی خشک ۵ تولہ' بیر بہوٹی ۳ تولہ' ریگ ماہی ۲ تولہ' ثعلب مصری ایک تولہ' جائفل ۶ ماشہ' لونگ ۶ ماشہ' عقرقرحا ۶ ماشہ سفوف بنائیں۔ ۴ رتی تا ڈیڑھ ماشہ ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں۔ ایک دفعہ کے استعمال سے دوبارہ کی ہوس نہیں رہتی۔ ممسک مغلظ مقوی باہ انتشار پیدا کرتا ہے۔

برائے سرعت ---: کچلکنی ۳ رتی' ورق نقرہ ۷ رتی' افیون ۶ چاول' کائے پھل ۶ رتی' ریگ ماہی ا ماشہ' دار چینی ا تولہ' کستوری ا ماشہ' ورق طلاء' شنگرف' مازو' لونگ' کمد ۴ رتی' سفوف بنائیں ۶ رتی صبح و شام ہمراہ دودھ دو ہفتہ تک استعمال کریں۔ جتنی دفعہ پیاس لگے دودھ

ہی پئیں۔ گرم، ترش، تیل اور مچھلی و سواری اور جماع وغیرہ سے پرہیز رکھیں۔

الائچی ممسک ---: آب دھتورہ ایک سیر نکال کر اس میں ایک چھٹانک عمدہ الائچی خورد ڈالیں۔ اور نرم آنچ پر پکانا شروع کریں۔ جب تمام پانی جذب ہو جائے نیچے اتار لیں۔ سایہ میں خشک کریں۔ الائچی ممسک تیار ہے۔ بوقت مقاربت ایک گھنٹہ قبل ہمراہ شیر جوشیدہ دیں۔

ممسک و مبہی نسخہ ---: سم الفار تیار شدہ ایک گرین، مس تیار شدہ ایک گرین، کوکین ۴ گرین، مشک خالص ۲ گرین، ورق طلاء ۱۶ عدد، ورق نقرہ ۳۲ عدد، کونین سلفاس ۱۶ گرین، کافور ۸ ٹکیہ، بادام مقشر و منقیٰ میں کھرل کرکے سب کی سولہ یا ۳۲ گولیاں بنالیں۔

برائے امساک وقتی ---: بعد از غذا دو گھنٹہ قبل ایک گولی ہمراہ دودھ دائمی امساک کے لئے ہفتہ میں تین گولی یعنی ایک دن کھائیں ایک دن ناغہ کریں۔

برائے نامردی ---: آدھ نیم سیر چاول، آدھ نیم سیر گڑ، آدھ نیم سیر گھی والے چاول پکائیں۔ آدھے چاول کھاکر ایک گولی مکھن سے کھلائیں اور ورزش کریں۔ جب پسینہ بہے پونچھ کر باقی نصف چاول کھاکر سوجائیں۔

ترکیب تیاری سم الفار ---: کھار سرخ ایک سیر پیس کر تین پاؤ کو گل حکمت کرکے چار سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ اور سرد ہونے پر کمی وزن تین پاؤ پورا کریں۔ پھر بدستور آگ دیں۔ اسی طرح سے باقی ماندہ پاؤ بھر کھار ختم کریں۔ ایک تولہ سم الفار کو نیم پاؤ آب پیاز میں کھرل کرکے خشک ہونے پر کھار مذکورہ کے درمیان رکھ کر کوزہ گلی میں بندو گل حکمت کرکے ۳ سیر اپلہ کی آگ دیں۔ سم الفار تیار ہے۔

ترکیب تیاری مس ---: ایک نانک شاہی ٹکہ یا ایسٹ انڈیا کمپنی کی ادھنی لے کر بھو پھلی بوٹی سبز کے ایک سیر نغدہ میں گل حکمت کرکے پندرہ سیر اپلہ کی آگ دیں۔ سرد کرکے چھلکا اتار لیں۔ صاف ادھنی کو پھر مرغی کے انڈوں کے خول جن سے بچے نکلے ہوں کے نغدہ کے درمیان ایک گلی ٹنڈ جو (چاہ) پر باندھی ہوتی ہے۔ میں فرش و لحاف دے کر درمیان پیسہ رکھ کر گل حکمت کرکے دو من اپلہ کی یا کمہار کے آوہ کی آگ دیں۔ ایک آگ میں نہ ہو تو دوسری آگ دیں۔ سفید شگفتہ کشتہ تیار ہوگا۔

ملذذات

طلائے ممسک و ملذذ ---: عقر قرحا ۱۰ ماشہ، مصطگی رومی ۳ ماشہ، روغن مالکنگنی ۶ ماشہ، عطر گل درجہ اول ۲ ماشہ، ہر دو ادویہ کو سفوف کرکے روغن ملاکر تین یوم کھرل کریں۔ پھر دو گھنٹہ

عطر ملا کر کھرل کریں۔ اور شیشی میں سنبھال کر رکھیں۔ ایک گھنٹہ قبل طلاء کریں۔

عشرت کی گھڑیوں کو لمبا کرنے والہ چٹکلہ :- پوست بیخ کنیر سفید حسب ضرورت کو پوست (کوکنار) کے پانی میں کھرل کرکے عضو تناسل پر لیپ کریں اور ایک ساعت کے بعد مقاربت کریں۔ بے حد ممسک اور بے ضرر ہے۔

ملذذ بے مثل :- یہ ملذذ بے مثل ہے۔ جس کی مثال مشکل ہے۔ اس کے استعمال سے اس درجہ لذت حاصل ہوتی ہے کہ عورت فریفتہ و شیدا ہو جاتی ہے۔ سیاہ کوے کا مغز (بھیجا) شراب برانڈی میں اس قدر حل کریں کہ لگانے کے قابل ہو جائے ذرا سا لے کر حشفہ پر لگا کر مشغول ہوں۔

طلاء عشرت :- یہ عجیب و غریب طلاء اپنی نظیر آپ ہی ہے۔ تخم دھتورہ سیاہ، مالکنگنی ہم وزن لے کر ان کا تیل نکال لو پھر اس تیل میں خالص بخشے شدہ افیون درجہ اول اور عطر فتنہ تینوں چیزیں برابر وزن ملا کر کھرل کریں۔ تیار ہے۔

نمبر ۲ عقرقرحا، اندری ریچھ، عطر حنا عنبری، تینوں برابر وزن لے کر پہلے اندری کو عطر میں کھرل کریں پھر اس میں عقرقرحا کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

نمبر ایک تین حصہ میں نمبر ۲ ایک حصہ ملا کر یکجان کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ مباشرت کرنے میں بہت امساک ہوگا۔ قوت باہ بڑھے گی۔ اور موٹائی ہوگی۔ ملذذ طرفین ہے۔ اگر صرف نمبر ایک کا استعمال کیا جائے۔ تب بھی مذکورہ فوائد حاصل ہوں گے۔ صرف مذکورہ صدر کی نسبت لذت کم ہو گی۔

ملذذات کا سرتاج :- عورت کو تمام عمر غلام بنانے کا عمل حب، لیکن دغا کرنے والے سے خداوند تعالیٰ مواخذہ کرے گا۔ اس لئے سوچ سمجھ کر استعمال کریں۔ کافور، ھیم سینی، سونا مکھی اصلی، دانہ الائچی خورد سفید ہم وزن لے کر ۳۶ گھنٹہ کھرل کریں۔ پھر شہد کی مدد سے زیرہ نما لمبی گولیاں بنالیں۔ سوراخ احلیل میں ایک گولی رکھ کر جماع کریں۔ جب نصف جماع کر لیں تو کسی بہانہ سے جماع کرنا ترک کردیں۔ دوسری دفعہ اگلے دن یا جب موقعہ ہو پورا جماع کر سکتے ہیں۔

ملذذ و ممسک و مقوی باہ :- کپاس کے بیج یعنی بنولوں کا تیل نکالیں۔ عضو پر لگا کر مشغول ہوں ملذذ و طرفین ہے۔

ملذذ عجیب :- فرفیون، عقرقرحا، جائفل، لونگ، سہاگہ، دارچینی، شہد خالص ہر ایک ۲ ماشہ، کافور، عطر گلاب ہر ایک ۳ ماشہ کھرل کرکے یکذات کریں۔ اور عضو پر لگا کر لطف اٹھائیں۔

ملذذات کا سرتاج ---: زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں ہے۔ اوصاف کے لئے نام ہی کافی ہے۔ عجیب پرلطف قابل امراء و رؤسا اور شاہانہ نسخہ ہے۔ تسخیر قلوب یا موہنی منتر ہے۔ نہایت بہتر و لاجواب نسخہ ہے۔

کستوری نیپالی' عنبر اشہب ہر ایک ۲ ماشہ' زعفران کشمیری سورج مارکہ' عقرقرحا' کافور بھیم سینی' سہاگہ سفید' دار چینی' ہر ایک ایک تولہ کرم مخمل بریاں در روغن زرد ۲ تولہ' عطر گلاب' عطر کیوڑہ' عطر خس' عطر موتیا' نائزہ خرس ہر ایک ۴ تولہ' ادویات کو مانند غبار پیس کر عطریات میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں تیار ہے۔

بوقت ضرورت اس سے اپنے دل کی مراد پوری کریں۔

طلائے ملذذ ---: عقرقرحا' سونٹھ' دار چینی' کباب چینی' سہاگہ بریان مکد ۳ ماشہ' مشک اصلی ۲ رتی' سب کو باریک پیس کر عطر نا گیسر ا ماشہ' شہد خالص دو تولہ میں ملا کر رکھیں۔ بوقت ضرورت عضو پر طلاء کریں۔ اچھا خاصا ملذذ ہے۔ دیگر دار چینی' لونگ مکد ا رتی در شہد آس کردہ بر حشفہ گذاشتہ۔

اکسیر ملذذ ---: سہاگہ بریاں شہد میں حل کر کے قدرے مشک ملا کر طلاء کریں۔ یہ نہایت ہی ملذذ ہے۔

دیگر خاص راز' سہاگہ خام ا ماشہ' بیڑہ پان مصالحہ دار میں عورت کو کھلا دیں۔ فوراً منزل ہوگی۔

طلائے ملذذ ---: روغن جائفل' روغن بنولہ' مشک کافور' سہاگہ بریاں' پتہ مرغ' عقرقرحا' مصری زنبور' سب ہموزن سب کو باریک کھرل کر کے ملالیں تیار ہے۔ بوقت ضرورت لگائیں۔ یہ محبت کا تعویذ ہے۔

منزل النساء ---: کسی قدر کافور کو آب برگ املی میں ملا کر طلاء کریں اور خشک ہونے پر مصروف ہوں۔

ملذذ و منزل النساء ---: عقرقرحا ایک ماشہ مثل غبار پیس لیں۔ تولہ شہد میں حل کر کے بکری کے پتے میں ڈال کر سایہ میں لٹکا کر خشک ہو جانے پر پھر چمڑا دور کر کے پیس رکھیں۔ ایک ماشہ کے قریب ہتھیلی پر لعاب دہن میں حل کر کے طلاء کریں۔ اور خشک ہونے کے بعد مشغول ہوں۔ عورت مفتون ہو جائے گی۔ نادرات سے ہے۔

ملذذ خاص ---: سہاگہ' کافور مکد ا ماشہ' شہد ۲ ماشہ' سب کو کھرل کر کے حشفہ گذاشتہ طلاء کردہ بعد خشک مشغول ہوں۔

مقوی باہ و ممسک ملذذ طلسم ---: نائزہ ریچھ تازہ اصلی جو کہ ایک سال سے زیادہ کا نہ
ہو۔ لے کر زہرہ کے شرف میں عطر گلاب قسم اعلیٰ، عطر حنا قسم اعلیٰ میں آمیز کریں اور جب
تک زہرہ اپنے شرف میں رہے دوا کو آسمان کے سایہ میں رکھیں۔ جب نکل جائے۔ تو دوا کو
حفاظت سے رکھیں۔ سونگھنے سے قوت عود کر آتی ہے۔ ساتھ ہی اعلیٰ درجہ کی ملذذ بھی ہے۔

ملذذ اعظم ---: کبابہ، مویز سرخ، دار چینی، عقر قرحا، سب مساوی الوزن پیس کر شہد سہ چند
میں کھرل کرکے اس میں اگر تھوڑا سا کافور ملا دیں۔ تو منزل ہو جاتا ہے۔ ایک گھنٹہ قبل از جماع
عضو پر لیپ کرکے بعدہ کپڑے سے صاف کرکے مشغول ہوں۔ ملذذ طرفین ہے۔ منزل کر دیتا
ہے۔

ممسک و ملذذ لیپ ---: چڑیا کے انڈے کو مکھن میں رگڑ کر کف پا پر لیپ کرنے سے
رکاوٹ ہوگی۔ جب تک زمین پر پاؤں نہ رکھا جائے اس وقت تک انزال نہ ہوگا۔

دیگر ---: کنول گٹہ کی گری شہد میں رگڑ کرنا بھی پر لیپ کریں جب تک لیپ موجود رہے
گا۔ انزال نہ ہوگا۔ عضو کو سخت اور پس و پیش کو برابر کرتی ہے۔ نامردوں کو مفید ہے۔

شوقین حضرات کے لئے جادو اثر ٹوٹکہ ---: نسخہ کیا ہے۔ جادو ہے۔ شوقین
لوگوں کے لئے واقعی نادر و نایاب نسخہ ہے۔ ادرک، گندھک، رائی، سہاگہ، سب ہم وزن لے کر
لیموں کے رس میں سوا گھنٹہ تک پڑا رہنے دیں۔ پھر ہاتھ پر رکھ لیں۔
اگر کسی عورت کو پانچ بار سنگھایا جائے۔ تو وہ فوراً منزل ہو جائے گی۔

دیگر ---: مضیق نسخہ، آنولہ کی چھال کے پانی سے عورت اپنی جائے مخصوص کو دھولے۔ تو
بوڑھی عورت مثل باکرہ ہو جاتی ہے۔ شوقین حضرات فائدہ اٹھائیں۔

ممسک و ملذذ ---: کافور، سہاگہ، پارہ سب ہم وزن لے کر برگ اگست کے رس میں رگڑ
کر پھر شہد میں رگڑیں۔ اور عضو پر لیپ کریں۔ تین گھنٹہ کے بعد دھو ڈالیں۔ اور مقاربت
کریں۔ اس قدر امساک پیدا ہوتا ہے۔ کہ انسان حیران رہ جاتا ہے۔

انزال نہ ہوگا ---: خوک (سوئر) کی دائیں داڑھ اوپر کے حصہ کی کمر میں باندھ کر
مواصلت کریں۔ انزال ہرگز نہ ہوگا۔ نہایت عجیب و غریب ٹوٹکہ ہے۔

دیگر ---: کالے سانپ کی ہڈی لے کر کمر میں باندھنے سے بھی انزال نہ ہوگا۔

دیگر ---: چنبیلی کے پنچانگ کا رس، شہد، کافور، اور پارہ سب اچھی طرح سے ملا کر لیپ
کریں۔ عضو مخصوص کی جملہ خرابیاں دور ہو جاتی ہیں۔ اور بالکل گیا گزرا انسان از سر نو جوان

ہو جاتا ہے۔

دیگر —: شہد، سیندھا نمک، کبوتر کی پنجال (بیٹھ) تینوں ہم وزن لے کر کھرل کریں۔ اور بوقت ضرورت عضو پر لیپ کر کے مواصلت کریں۔ بے حد ملذذ ہے۔ انتہا درجہ کی ملذذ ادویات میں سے ایک ہے

ملذذ نسخہ —: چند بے سوراخ مازو لے کر مثل غبار باریک کریں۔ معمولی پانی کی مدد سے مرد اپنے عضو کے چاروں جانب ضماد کر کے خشک ہونے پر جماع کرے۔ عورت کا بدن خشک اور تنگ ہو تا جائے گا۔ اور بے حد لذت ہوگی۔

دیگر —: ایک حصہ بیر بہوٹی عمدہ ہوں۔ کرم خوردہ نہ ہوں کو چار حصہ گل روغن میں برائے نام بریاں کرنے کے بعد گلی روغن ہی میں بذریعہ کھرل حل کریں۔ اور کھلے منہ کی شیشی یا پیالی میں رکھ دیں۔ بوقت ضرورت مرد اپنے عضو پر اس کی مالش اچھی طرح سے کرے اور مشغول ہو۔ مرد کے عضو میں برقی حرارت ہو جائے گی۔ جس کی وجہ سے عورت کے عضو میں ایسی گرمی پیدا ہوگی۔ جو جوان عورتوں میں ہوتی ہے۔ اس سے ایک دوسرے پر فریفتہ ہوں گے۔

کنواری —: دھنیا، فلفل، زنجبیل، عقرقرحا، دار چینی ہر واحد ایک تولہ، ہینگ، سبکنج، مشک کافور، ہر واحد ۶ ماشہ، جوزبوا، قرومانہ، شکر طبرزد ہر واحد ڈیڑھ تولہ، مائیں، ماجو، پھٹکڑی، رال سک انار ہر واحد ۳ تولہ، بیر بہوٹی، جند بیدستر، زعفران ہر واحد ایک تولہ، افیون ۳ ماشہ، کوٹ چھان کر آب برگ تلسی آدھ سیر میں کھرل کریں۔ اور محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک چٹکی مقام ماؤف کے اندر لگادیں۔ نصف گھنٹہ کے بعد مباشرت کریں۔ بوڑھی عورت کو بھی مثل باکرہ کے کر دیتا ہے۔ خاص مقام میں تنگی ہو جانے کی وجہ سے وہ لذت حاصل ہوتی ہے کہ تعریف نہیں ہو سکتی۔ زیادہ تعریف فضول ہے تیار کریں اور آزما کر دیکھیں۔

ملذذ —: حب النیل (کالا دانہ عشق پیچہ) چمچہ آہنی میں ڈال کر بریاں کریں۔ کہ آسانی سے سفوف ہو جائے۔ اس سفوف میں شہد اس قدر آمیز کریں کہ پتلا ہو جائے۔ بطریق معروف اس سے فائدہ اٹھائیں۔

طلاء ممسک —: نہ کھانے کی ضرورت نہ مقام پر لگانے کی حاجت لطف یہ کہ قطعی بے ضرر مگر سو فیصدی کامیاب اور تیر بہدف، تخم سرس جو کوب کر کے بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ وقت قربت ایک گھنٹہ پیشتر کف پا پر ۳، ۳ ماشہ کی مالش کریں۔

ملذذ —: بیج گل سرس سفید منہ میں رکھنے سے امساک پیدا ہوتا ہے۔

دیگر —: گھونگچی سرخ کا چھلکا دور کر کے اس کا آٹا خالص عطر کیوڑہ میں ملا کر مردانہ

مقام پر طلاء استعمال کریں۔ ملذذ ہے۔

برائے زیادتی بھوگ ---: چھلکا جڑ کنیر سفید کا ۵ تولہ، بینگن جنگلی ۵ تولہ کی چھال پھل کی دودھ ڈیڑھ سیر میں جوش دے کر تین پاؤ رہنے پر جما کر مکھن نکال کر گھی حاصل کریں۔ بیسوں ناخنوں پر اور اندری پر جماع سے نصف گھنٹہ پیشتر مل لیں۔ زیادتی بھوگ ہوگی۔

ملذذ خاص ---: مشک کافور ۱ ماشہ، دار چینی ۶ ماشہ، عقرقرحا ۶ ماشہ، شہد خالص ڈیڑھ تولہ، سرمہ کی طرح پیس کر شہد میں ملالیں۔

بوقت ضرورت حشفہ چھوڑ کر ضماد کریں۔ لیپ خشک ہونے پر کپڑے سے لیپ دور کرکے مشغول ہوجائیں۔ اس کے استعمال سے سرکش معشوق بھی مغلوب ہوکر ہمیشہ کے لئے غلام بن جاتا ہے۔

ملذذ نسخہ جات ---: عطر گلاب ۴ ماشہ، عطر ناگ کیسر ۶ ماشہ، روغن بلسان ۴ ماشہ، روغن نرگس ۲ ماشہ، عطر یاسمین ۱ ماشہ، عنبر خالص ۱ رتی، مشک ۱ رتی، سہاگہ ۲ رتی، زہرہ خروس سفید ۲ عدد، زہرہ کنجشک ۴ عدد، زہرہ ناکیان ۱ عدد، گلیسرین ۶ ماشہ سب کو باہم یکجان کرلیں۔ بوقت ضرورت مالش کرکے مشغول ہوں۔

دیگر ---: دار چینی منہ میں محلول کرکے پھر لعاب دہن ضماد کریں۔

دیگر ---: کافور، چونہ، سہاگہ، پانی ڈال کر عورت کو کھلا دیں۔ اور پھر مشغول ہوں۔ ملذذ طرفین ہے دیگر کسی قسم کا عطر جو اعلیٰ قسم کا ہو، مشغول ہوں۔

حب ملذذ ---: زعفران، عقرقرحا کد ۶ ماشہ، مصطگی رومی ۴ ماشہ، میعہ سائلہ ۲ ماشہ، سہاگہ ۲ ماشہ، موئے سرزن جوان سوختہ ۳ ماشہ مشک خالص ۱ ماشہ، سب کو پیس کر خون کنجشک نر عطر گلاب، دونوں مساوی الوزن بقدر ضرورت چار گھنٹہ کھرل کرکے بقدر دانہ مٹر گولی بنادیں۔ لعاب دہن میں گھس کر قضیب پر لگا کر مشغول ہوں۔ از حد ملذذ طرفین ہے۔ آزما کر دیکھیں۔

ضعف باہ کا خارجی علاج

طلاء ---- لیپ ---- ٹکور ---- پٹی

طلاء بے نظیر ---: ہیرا ہینگ خالص بقدر ضرورت لے کر سہ چند سرکہ خالص ولایتی یا انگوری میں حل کریں۔ پھر موٹے کھدر کے کپڑے سے چھان کر نرم آگ پر رکھ کر قوام غلیظ کرلیں۔ پھر اتار کر کانسی کے تھال میں ڈال کر کانسی کے کٹورے سے رگڑنا شروع کریں۔ اور

قطرہ قطرہ شہد خالص کا ڈال کر رگڑتے جائیں۔ ہر روز کم از کم ایک پہر ضرور کھرل کریں۔ اور ۲۱ دن تک کھرل کریں۔ جس قدر زیادہ اور زور دار ہاتھوں سے تیز تیز رگڑو گے اتنا ہی بہتر ہوگا۔ بعد کھلے منہ کی بوتل میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب عام مروجہ ــــ: عضو کو گرم پانی سے دھو کر نرم اور خشک کپڑے سے رگڑیں۔ خشک کریں تاکہ سرخ ہو جائے۔ پھر برگ پان یا ارنڈ پر ذرا سا پتلا لیپ کر کے حشفہ اور سیون بچا کر باندھیں۔ دو تین گھنٹہ کے بیچ تھوڑی تھوڑی تکلیف مانند سوئی چبھنے کے ہوگی۔ کسی قسم کا فکر نہ کریں۔ کوئی تکلیف نہ ہوگی۔ اول تو پہلی ہی رات انتشار اس قدر ہو گا کہ سنبھالنا مشکل ہوگا۔ دوسرے تیسرے لیپ کے بعد پھر ضرورت نہ رہے گی۔

مقوی طلاء ــــ: سیماب، بیر بہوٹی، سم الفار سفید مکد ۲ تولہ، زردی بیضہ مرغ ۱۰ عدد میں ۵ روز کھرل کریں۔ گولیاں بقدر نخود بنا کر پتال جنتر سے تیل نکالیں۔ بڑا اعلیٰ طلاء ہے۔ اس کا کار قلبی کا پانی خشک کرتا ہے۔

فوری اثر کرنے والا طلاء ــــ: کیسا نووا کریم انگریزی ٹیوب میں آتا ہے۔ فوراً فائدہ کرتا ہی مگر عارضی ہوتا ہے۔

عمدہ طلاء۔ : روغن کنجد ایک سیر، زردی بیضہ مرغ دو درجن، پستہ ایک چھٹانک جمالگوٹہ آدھ چھٹانک، میٹھا تیلیہ ایک چھٹانک، کوٹنے والی اشیاء کو کوٹ کر زردی میں ملالیں۔ اور تیل کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب تیل کڑکڑائے تو اس میں گلگلے تل لیں۔ کڑاہی کو چولھے سے الگ کرنے کے بعد تیل سرد ہو جانے پر کپڑے سے چھان کر محفوظ رکھیں بطور طلاء عضو پر مالش کریں۔ پندرہ یوم میں تمام شکایت دور ہوگی۔

نوٹ: کڑاہی بہت بڑی ہو کیونکہ جھاگ پیدا ہو جاتا ہے۔ جلق اور اغلام والے کو مفید ہے۔

پٹی مجلوق ــــ: یہ پٹی مجلوق کے لئے صدری و اسراری ہے۔ جمالگوٹہ، مغز تخم، ارنڈ کلاں، مغز کچلہ، ہر سہ ادویات کو شراب دو آتشہ میں چھ گھنٹہ کھرل کر کے رکھیں۔ نصف سے ایک ماشہ تک عضو پر ملیں۔ اوپر سے یا باریک کپڑا مضبوط باندھیں کہ عضو مخصوص ادھر ادھر حرکت نہ کر سکے۔

آبلہ انگیز طلاء ــــ: لائیکوار سینی و تیلنی مکھی کا انگریزی پانی روئی سے صرف اوپر کی طرف لگاؤ اور ارد گرد روئی کے ٹکڑے رکھ کر باندھ دھو۔ فوراً چھالا پڑے گا۔ سوئی سے پھوڑ ڈالو۔ زرد رنگ کا بہت سا پانی نکلے گا۔ کسی دوسری جگہ تک یہ پانی نہ لگے۔ پھر یہ مرہم لگاؤ۔

مرہم مذمل چھالا زخم ذکر ــــ: مچھلی کی چربی صاف شدہ انگریزی موم، روغن بیضہ مرغ،

سب ہم وزن قیروطی بنالو۔ اور روزانہ لگایا کرو۔ دیگر و سیلین عمدہ میں کشتہ جست اور بورک ایسڈ ملاکر مرہم تیار کرکے لگایا کریں۔ بہت جلد آرام ہوگا۔

طلاء سرخ مجرب ـــ: شنگرف، تخم ارنڈ، عروسک مکد ۲ تولہ، دار چکنا ۶ ماشہ ـــ سم الفار زرد ۳ ماشہ، سم الفار سفید ۳ ماشہ، جمال گوٹہ تین سے آٹھ عدد، مسکہ گاؤ آٹھ تولہ پہلے تمام دواؤں کو الگ الگ پیس کر باریک کرلیں۔ پھر مسکہ میں ڈال کر چار پہر تک کھرل کریں۔ ایک رتی حسب معمول استعمال کریں۔

طلاء عمدہ ـــ: بیر بہوٹی یک پاؤ، سم الفار، جلوتری، لونگ مکد ایک تولہ بذریعہ پتال جنتر تیل نکال کر کام میں لائیں۔

طلاء عمدہ ـــ: شنگرف ۲ ماشہ، سنکھیا ا ماشہ، میٹھا تیلیہ ۴ ماشہ، کینچوا ۹ ماشہ، جمالگوٹہ ۵ ماشہ، بیر بہوٹی ایک تولہ، مکھن ڈھائی تولہ ۱۰۱ بار شستہ ملاکر رکھیں۔

رات کو مالش کرکے پان کا پتہ باندھیں۔ جس وقت آبلہ پڑے بند کردیں۔ پھر دو چار دن تک بند رکھیں۔ اسی طرح پھر استعمال کریں۔ چند بار ایسا کرنے سے جملہ شکایات رفع ہوں گی۔

عمدہ طلاء ـــ: سنکھیا سیاہ ڈھائی تولہ کو ایک ہفتہ تک مکھن گاؤ ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ پھر شیر مدار میں ڈبو دیں کہ تر ہو جائے۔ پھر تین یوم تک متواتر اس کو پھر کھرل کریں۔ پھر پوٹلی میں باندھ کر معلق جگہ دھوپ میں لٹکا دیں۔ نیچے چینی کا پیالہ رکھیں۔ تمام روغن پیالہ میں جمع ہو جائے گا۔ احتیاط سے روغن علیحدہ کرلیں۔ تاکہ کوئی ذرہ اس کے ہمراہ نہ رہے۔ پھر مندرجہ ذیل دوائیاں اس میں بحساب فی تولہ روغن مذکور کے شامل کرلیں وہ ادویہ یہ ہیں۔ زعفران، مشک خالص مکد ۲ رتی، جاوتری، لونگ، جائفل، عقر قرحا، بیر بہوٹی مکد ایک ماشہ ملاکر خوب کھرل کریں۔ تیار ہے۔ سم الفار بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

مالش بطریق کریں۔ جب پھنسیاں نکل آئیں چھوڑ دیں۔ سیاہ گھی لگائیں پھر اچھے ہونے پر لگائیں۔ اسی طرح تین بار کریں۔ مدار کے شیر میں ایک ہفتہ پہلے رکھیں۔ پھر نکال کر مسکہ گاؤ میں ۳ یوم کھرل کریں۔ پھر تیز دھوپ میں رکھ کر گھی حاصل کریں۔

عمدہ طلاء برائے مالیدنی و خوردنی ـــ: چنبیلی جو دوہرے سفید پھولوں والی ہوتی ہے کی جڑ، دھتورہ کی جڑ، کنیر سفید کی جڑ، درخت ڈھاک کی جڑ، سہانجنہ کی جڑ، سب جڑوں کی چھالیں تولہ تولہ لے کر باریک کریں۔ دو سیر دودھ میں پوٹلی باندھ کر پوٹلی کو دودھ میں لٹکا کر آہستہ آہستہ جوشدیں چھالیں باریک کرکے پوٹلی میں باندھیں۔ پھر ضامن دے کر جمالیں۔ پوٹلی اندر ہی رہے۔ صبح کو پوٹلی نکال لیں دودھ سے مکھن پھر گھی تیار کریں۔

دو بوند مالش اعضاء تناسل پر کریں- بھوج پتر باندھیں- ایک بوند مکھن میں کھائیں- نامرد ٹھیک ہو جائے گا- سات یوم کریں-

ٹکور ـــ: جوان بکرے کی گردن کا گوشت ایک چھٹانک، چھپکلی جس کو کیرلی بھی کہتے ہیں- ایک عدد دونوں کا قیمہ بنا کرتا بہ آہنی پر ایک طرف سے روٹی کی طرح پکائیں- اور نیم گرم ہی آلہ تناسل پر لپیٹ کر اوپر پٹی باندھ دیں- یہ عمل چار یوم ضرور کریں- انشاء اللہ مردہ سے مردہ پٹھوں میں بھی بجلی کی لہر دوڑنے لگ جائے گی- یہ خاص مخفی نسخہ ہے-

حب ضماد ـــ: عضو تناسل کی سستی میں خارجی طور پر ضماد مستعمل ہے- عند الضرورت پانی میں گھس کر سات روز تک ضماد کریں-

شنگرف رومی ۳ ماشہ، سفیدی بیضہ مرغ ۲ عدد میں پیس کر جذب کریں- پھر گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں-

طلائے نادر ـــ: آب برگ چنبہ ۱۰ تولہ، آب برگ جوز ماثل ۱۰ تولہ، روغن کنجد تولہ کٹھ تلخ ا تولہ، سہاگہ خام تیلیہ ا تولہ، حنسل ا تولہ، تمام ادویہ کو باریک کرکے روغن اور پانیوں میں ڈال کر آگ پر پکائیں- جب تمام پانی جل جائے چھان لیں-

ترکیب استعمال ـــ: ایک روز چھوڑ کر دوسرے روز حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں اوپر برگ پان باندھیں-

طلائے مجلوق ـــ: ایکسٹریکٹ بیلے ڈونا ۳ گرین- آیوڈین خالص ۲۰ گرین، پوٹاس آیوڈائیڈ ۳۰ گرین، اسٹرکنیا ۳۰ گرین، وسلین ایک اونس، سب کو اچھی طرح سے کھرل کرکے ملالیں- تیار ہے-

یہ طلاء دونوں وقت ۲۴ روز تک لگانے کے لئے کافی ہے-

ترکیب استعمال ـــ: اس کو رانوں کے اس حصہ پر لگائیں کہ جس کے درمیان اعضائے تناسل اور فوطے دبتے ہیں- قریباً ایک بانشت یعنی ران کے پہلو میں یہ دوائی لگا کر ملنا ہوگی- تاکہ جلد کے اندر جذب ہو جائے- طلاء عضو خاص پر نہ لگایا جائے- اس کے چند روزہ استعمال سے ران پر کچھ خارش معلوم ہو تو خالی وسلین یا چنبیلی کا تیل مل دیں- اگر جلق وغیرہ سے عضو تناسل کی حالت زیادہ خراب ہو تو دوسرے روز دو تین رتی عضو تناسل پر بھی مل دیں- حشفہ اور سیون کو بچائیں مگر ران پر بدستور دوائی لگاتے رہیں- دونوں وقت لگائیں- ہر دوسرے روز استرے سے اعضاء تناسل اور اس کے ارد گرد بال اور میل و کثافت دور کر لیا کریں- سرد پانی سے بچیں- اگر طلاء لگانے کے بعد گرم کپڑے سے سینک لیا کریں- تو بہتر ہے یہ طلاء زہر قاتل

ہے ہاتھوں کو اچھی طرح سے بعد ازاں دھو لیا کریں۔ تو بہتر ہے۔

طلاء مقوی ---: چربی ریچھ ۱ حصہ، کروٹن آئل ۱ حصہ، تیل تل ۷ حصہ، سب کو ملالیں تیار ہے۔ حشفہ و سیون چھوڑ کر دو منٹ تک روزانہ مالش کیا کریں۔ پرہیز کوئی نہیں ہے۔ اس سے کوئی تکلیف نہ ہوگی۔ اور نہ چھالہ نکلے گا۔ اگر چھالہ نکالنا مطلوب ہو تو اس میں چربی نہیں ہونی چاہئے۔ چھالہ نکل پڑے گا۔

روغن مورچہ ---: مورچہ سیاہ کلاں جو قبرستان میں ہوتے ہیں۔ زندہ پکڑ کر سو عدد کو روغن چنبیلی ۲ تولہ میں ایک شیشی میں بند کرکے اکیس روز دھوپ میں رکھیں۔ پھر نہایت باریک کھرل کرکے بطور مالش تقویت باہ میں استعمال کریں۔

طلائے نرگس ---: پوست بیخ مدار، بیخ نرگس، بیر بہوٹی ہر یک ۶ ماشہ، پوست بیخ کنیر، اسگند ناگوری، آنبہ ہلدی، افیون ہر یک ۹ ماشہ سب کو باریک کرکے گدھے کے پیشاب کی تلچھٹ میں کھرل کرکے خشک کرلیں۔ پھر دوا کے سات حصے کرلیں۔ اب ایک حصہ کو دوبارہ تلچھٹ مذکور میں کھرل کریں اور ضماد کریں۔ اسی طرح سات دن تک استعمال کریں ایک ہفتہ میں ہی قوت محسوس ہوگی۔ جلوق کے علاوہ ضعف باہ کے جملہ نقائص بیرونی اس سے رفع ہو جاتے ہیں۔

طلائے مقوی و ممسک ---: پوست خشخاش ۲ تولہ، اجوائن خراسانی ۲ تولہ، پانی ایک سیر میں جوش دیں۔ جب دس تولہ پانی رہ جائے تو روغن کنجد اس میں ۲۰ تولہ شامل کریں۔ جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے تو صاف کرکے ادویہ ذیل ملالیں۔

موم زرد ۴ تولہ، روغن دار چینی ۶ ماشہ، تخم دھتورہ ایک عدد ڈوڈا، افیون ساڑھے چار ماشہ، سب کو خوب باریک پیس کر بیلا ڈونا اگر گیلا ہو تو ۶ ماشہ اگر خشک سفوف ہو تو ۳ تولہ تمام ادویات کو کونپل مذکور میں گھوٹ دیں۔ مرہم تیار ہوگا۔

طلاء مقوی باہ بے حد ہے۔ ممسک بدرجہ اتم اور مقاربت سے پہلے لگائیں تو ملذذ بھی ہے۔

طلائے سیماب ---: سیماب ۲ تولہ، گندھک ۴ تولہ دونوں کو تین روز تک کھرل کریں۔ پھر حسب ضرورت روغن کنجد ملاکر کپڑے پر لگا کر فتیلہ بناکر ایک طرف سے روشن کرکے لٹکائیں۔ اور کسی قدر روغن اوپر بھی ڈالیں تاکہ تمام جلنے لگے نیچے جو تیل ٹپکے اس کو باحفاظت رکھیں۔ اور کام میں لائیں۔ قضیب کی سستی کے لئے نہایت مفید ہے۔

طلائے سیماب شہد والا ---: سرگین کبوتر صحرائی، پنجال، کنجشک خانگی، سیماب، عقرقرحا، ہر یک ساڑھے ماشہ، شہد ۷ ماشہ، شیر مدار ساڑھے دس ماشہ، روغن گاؤ ۶ تولہ، تمام اجزاء کو آہنی کڑاہی میں ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں۔

بوقت شب تھوڑا پانی پر لگا کر عضو پر باندھیں اور صبح کو کھول دیں۔ یہ عمل سات یوم تک کرنا چاہئے۔ تقویت کے لئے بہترین چیز ہے۔

طلائے مجلوق ---: سم الفار بلوری ۴ ماشہ، روغن کنجد ۲ ماشہ، شیر مدار ۵ تولہ، روغن مالکنگنی ایک تولہ، روغن قرنفل ا تولہ، روغن دار چینی ۶ ماشہ، روغن سانڈہ ا تولہ، جند بید ستر ۴ ماشہ، عروسک ا تولہ، مغز کچلہ تین ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، جو زبوا تین ماشہ۔

پہلے سم الفار کو شیر مدار میں خوب کھرل کریں بعد میں روغن کنجد ملا کر حل کریں۔ پھر کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ دو تین جوش آنے کے بعد اتار لیں اور اس برتن کو احتیاط سے رکھیں۔ جب روغن اوپر آجائے اور فضلہ تہ نشین ہو جائے تو اوپر سے روغن نتھار لیں۔ مگر یہ خیال رہے کہ جسمیت بالکل نہ آنے پائے۔ ازاں بعد کچلہ، جوزبوا، جندبیدستر، زعفران وغیرہ کو اس قدر باریک کھرل کریں کہ سرمہ سے بھی زیادہ باریک ہو جائے۔ تو عروسک ڈال کر کھرل کریں۔ خوب باریک ہونے کے بعد سب روغن وغیرہ ڈال دیں۔ اور خوب حل کریں یہاں تک کہ تمام ادویہ یکجان ہو جائیں۔ پھر کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

رات کو سوتے وقت بقدر ۴ رتی دوا لے کر حشفہ اور سیون چھوڑ کر عضو پر مالش کریں اور دوا جذب ہونے کے بعد اوپر برگ پان لپیٹ کر ململ کی ہلکی سی پٹی باندھ لیں۔ صبح کو آلہ تناسل کو گرم پانی اور صابن سے صاف کرکے تولیہ سے پونچھ کر صاف کر لیا کریں۔ رات کو اسی وقت مقررہ پر یہ عمل کرتے رہیں۔ دوران استعمال میں سرد پانی سے غسل اور استنجا منع ہے۔

بعض لوگوں کو اس طلاء سے آلہ تناسل پر پت کی طرح دانے نکل آتے ہیں۔ اگر یہ نکل آئیں تو اس روز سے طلاء لگانا بند کردیں۔ اور دانوں پر روغن بیضہ مرغ یا روغن چنبیلی لگاتے رہیں۔ دو تین یوم میں دانہ معدوم ہو جائے گا تو پھر بدستور طلاء لگانا شروع کردیں۔ اسی طرح تین چار مرتبہ کے عمل سے **انشاء اللہ** آلہ تناسل کی تمام اندرونی و بیرونی خرابیاں دور ہو کر نامرد سے نامرد بھی کامل اور شیر مرد کہلانے کا حقدار ہو جاتا ہے۔ بڑی تجربہ کی چیز ہے قدرے محنت طلب ضرور ہے مگر ہے بہت مجرب اور نسخہ جات تیار کرنے سے پہلے اسی کو بنائیں آپ شرطیہ آرام اور فضول پیسے خرچنے سے محفوظ رہیں گے۔

طلاء کامل ---: یہ طلاء جلق کے جملہ نقائص کو دور کرنے میں مفید و معمول مطب ہے۔ شنگرف، جمالگوٹہ، موم مکد ۲ تولہ، سم الفار ۴ ماشہ، مکھن تازہ ۱۲ تولہ، ہرسہ ادویہ کو باریک کریں۔ موم کو گرم کرکے مکھن میں ملا کر شامل ادویہ کریں۔ تیار ہے یہ طلاء آبلہ انگیز ہے مالش اور ٹکور کے بعد اس کا استعمال کریں اور فوائد لکھیں۔

طلائے مجلوق ---: سم الفار سفید ۳ ماشہ، روغن پستہ ا تولہ، روغن بنولہ ا تولہ، شیرمدار ۴

تولہ، تمام اجزاء کو ایک چینی کی رکابی میں نصف گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ اور رکابی کو دھوپ میں ٹیڑھا کرکے رکھیں۔ جب روغن الگ ہو جائے یعنی سم الفار کی جسمیت اور شیرمدار کا فضلہ نہ آنے پائے پھر مقطر روغن میں عقرقرحا ۳ ماشہ، باریک کرکے ملالیں تیار ہے بوقت شب دو تین قطرے حشفہ و سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ اور اوپر برگ پان باندھ دیں صبح کھول کر گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ جلوقین کے لئے مفید طلاء ہے۔

اکسیری طلاء —: سم الفار سیاہ ۲ تولہ، قلمی شورہ ۴ تولہ، روغن کنجد اصلی ۱۰ تولہ، ہرسہ ادویہ کو کوٹ کر لوہے کی کڑاہی میں کسی علیحدہ مکان میں آگ پر رکھیں جب تمام جل جائیں تو نیچے اتار کر ایک طشتری میں ڈال کر نمناک جگہ یا اوس میں رکھیں۔ جتنا تیل ہفتہ عشرہ میں برآمد ہو۔ شیشہ میں سنبھال کر رکھیں۔ بوقت ضرورت تنکہ بھر حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں اور اوپر بنگلہ پان باندھیں۔ دوا نہایت تیز ہے۔

طلائے نایاب —: چربی شیر ۲ تولہ، چربی خوک ۲ تولہ، جائفل میٹھا تیلیہ، عقرقرحا، جندبیدستر، خراطین مصفی، بیر بہوٹی مکد ڈیڑھ ماشہ، ۱۰ جوائن خراسانی، لہسن مقشر، ہیرا ہینگ، کافور، سہاگہ، لونگ، جاوتری، زعفران، ما لکنگنی، چرک گوش انسان، شنگرف رومی، پوست بیخ کنیر سفید مکد ۳ ماشہ، پیاز نرگس ایک عدد، مغز کنجشک خانگی ۲ عدد، مغز نیولا ایک عدد، ادویہ کو کھرل کرکے مغز اور چربیاں ملاکر بارہ پہر کامل زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں۔ جس قدر زیادہ کھرل کریں گے اتنا ہی مفید ہے۔ شناخت طلاء ایک عدد پھلی کیلہ پختہ کی لے کر اسے ہاتھ سے دبا دبا کر نرم کرلیں۔ پھر اس دوا کا لیپ کرکے رات بھر رکھیں صبح کو پھلی پختہ سخت ہو تو طلاء درست ہے۔ ورنہ پھر دوبارہ کھرل کریں۔ یہاں تک کہ مطلوبہ صفت پیدا ہو جائے۔

ترکیب استعمال —: کپڑے کی ایک پٹی عضو تناسل کے برابر بناکر اس پر دوا کر لیپ کریں۔ اور عضو تناسل پر باندھیں۔ تین چار دن کے بعد کھول کر دوسری پٹی باندھ دیں۔ اس کے بعد تیسری مفید ہے۔

فوائد کی عضو مخصوص، فربہی، درازی، سستی کمزوری، کجی، خمی لاغری جڑ کے پتلا پن کو مفید ہے۔

طلائے جلوق —: نوجوان بز جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو۔ کی آدھ سیر کلیجی یعنی جگر لے کر اسے چاقو سے پچھنا لگا کر اوپر ایک تولہ نوشادر باریک شدہ چھڑک کر مٹی کے روغنی برتن میں بند کرکے ۲۴ گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ اس میں کرم پڑ جائیں گے۔ انہیں جھٹ سے چن کر ان کے ہموزن بیر بہوٹی شامل کرکے ایک آتشی شیشی میں ڈال کر بند کرلیں۔ اور ڈھاگری یعنی اروان کے بھرمی کے دم پختہ حالت میں شیشی کو رکھ دیں تیل ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال ---: تنکا سے اعضاء تناسل پر سات لکیریں کھینچ دیں۔ تمام آبی مادہ آبلہ کی صورت میں یکجا ہو جائے گا۔ اسے سوئی سے چھید کر کے نکال دیں۔ اور بعد ازاں مسکہ گاؤ لگائیں تاکہ زخم درست ہو جائیں۔

نورانی طلاء ---: سم الفار ایک تولہ، خراطین ۲ تولہ، زردی بیضہ مرغ ۶ عدد، بیر بہوٹی ایک تولہ، دار چینی، لونگ، عقر قرحا، نکد ۶ ماشہ، سب ادویہ کو زردی بیضہ مرغ میں کھرل کر کے گولیاں تیار کریں۔ اور بذریعہ پتال جنتر تیل کشید کریں۔

ترکیب استعمال ---: طلاء کے اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ جب جلن ہو تو اتار کر گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ سرد پانی سے پرہیز کریں۔ اور بھنسیوں پر مکھن سوختہ لگایا کریں۔ خواہ کیسی ہی کمزوری کجی عضو میں آگئی ہو دور کرتا ہے جو بنائے گا انشاء اللہ فائدہ پائے گا۔

طلاء ---: بیخ دھتورہ سیاہ ۲ درم، پوست بیخ کنیر سفید ۲ درم، عقر قرحا گجراتی ۲ ماشہ، زعفران ا ماشہ، جوزبوا ایک عدد، تمام ادویہ کو شیر بیخ کیوڑہ میں سحق کر کے قضیب پر طلاء کریں اور اس پر پان لپیٹ کر کچا سوت باندھیں۔ سات روز تک کافی ہے۔

طلاء اکسیر اعظم ---: شیر مدار، روغن زرد مکد ۲ تولہ، دونوں کو ملا کر جوش دیں کہ دودھ جل کر صاف روغن رہ جائے۔ پھر اس روغن کو کھرل میں ڈال کر سم الفار سفید ا ماشہ، بیر بہوٹی ا ماشہ، خراطین ا ماشہ، ڈال کر اس قدر کھرل کریں کہ یکذات ہو جائیں۔ محفوظ رکھیں اور تین چار رتی بوقت شب مالش کریں۔

طلاء سانڈہ ---: روغن بیر بہوٹی، روغن سانڈہ، چربی مار سیاہ، روغن بیضہ بطخ کلاں، روغن قرنفل، چربی مینڈک صحرائی، کارڈلیور آئیل (مچھلی کا تیل) چربی شیر، فاسفورس آئیل سب ہموزن ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال ---: اول رات کو سوتے وقت ایک ماشہ یا اس سے زائد رائی بناری عرق ادرک میں پیس کر حشفہ و سیون بچا کر عضو پر لگائیں۔ جب سخت جلن محسوس ہو علیحدہ کر دیں۔ اور عضو کو شیر گاؤ آب نیمگرم سے صاف کرلیں (شیر گاؤ بہتر ہے) ۱۰ منٹ کے بعد ایک ماشہ یا سوا ماشہ طلاء لے کر ہر مقام پر عضو کے لگا کر آہستہ آہستہ پندرہ بیس منٹ مالش کریں۔ اوپر سے بنگلہ پان گرم کر کے لپیٹ کر دھاگا خام باندھیں۔ دانہ آبلہ کچھ نہ آئے گا۔ اور نہ جلن سوزش ہوگی۔ مجلوق کمزور ست ناکارہ ہر شخص کے لئے مفید ہے۔ علاوہ ازیں درازی اور فربہی بھی آجاتی ہے۔

شاہی طلاء مجلوق ---: سم الفار سفید ایک تولہ، قلمی شورہ ۵ تولہ، روغن سرسوں ۶ تولہ،

تینوں کو کڑاہی میں ڈال کر نیچے آگ جلا دیں خود الگ ہو جائیں تاکہ دھواں آنکھوں کو نہ لگے۔ جب سب کچھ حل ہو جائے سم الفار کو نکال کر شبنم ۶ تولہ میں ڈال کر شیشے سے ہلائیں۔ سب سم الفار حل ہو جائے گا۔ اور سبزسا خوشنما پانی ہوگا۔ پانچ روز اس کی روزانہ تین وقت صبح دوپہر شام پشت ذکر پر بطور طلاء کے لگائیں۔ حشفہ اور فوطوں کو بچائیں پہلے دن کچھ معلوم نہیں ہوگا۔ دوسرے روز ایسا معلوم ہوگا جیسے چیونٹیاں کاٹتی ہیں۔ تیسرے روز خشخاش کے دانہ کے برابر پھنسیاں نکل آئیں گی۔ چوتھے روز ورم ہو جائے گا۔ پانچویں روز اگر لگائیں تو تکلیف تو زیادہ ہو گی۔ مگر ساری عمر پھر کسی اور طلاء کی ضرورت نہ رہے گی۔ زخم کے لئے روغن گاؤ لگائیں۔ یا پانچ تولہ روغن کنجد میں ایک تولہ تخم ترب نیم کوفتہ جلائیں۔ اور روغن کو صاف کرکے لگائیں یا قدرے لونگ، جائفل، جاوتری، روغن سرشف میں جلاکر لگائیں یا چربی شیر لگائیں۔

شاہ لیپ ۔۔۔: خراطین خشک ۶ ماشہ، بیر بہوٹی ۶ ماشہ، جو خشک ۶ ماشہ، عقرقرحا ۶ ماشہ، لونگ ۳ ماشہ، جائفل ۳ ماشہ، چربی شیر ایک تولہ، پوست بیخ کنیر سفید ایک تولہ، روغن مالکنگنی ۳ تولہ، روغن چنبیلی حسب ضرورت تمام کوٹنے والی ادویات کو مانند سرمہ باریک کرکے پھر روغنیات اور چربیوں کو گرم کرکے ادویات ملاکر یکجان کریں۔ رات کو سوتے وقت یہ ترکیب مشہورہ عضو پر طلاء کرکے اوپر پان کا پتہ باندھ دیں۔ صبح گرم پانی سے دھویا کریں۔ دو ہفتہ میں کجی، کوتاہی، کمزوری، نرمی دور ہو کر فربہی و توانائی و قوت آجائے گی۔ جملہ نقائص دور ہوں گے۔ یہ طلاء آبلہ انگیز نہیں ہے اس لئے اس کا استعمال کچھ عرصہ چاہتا ہے۔

طلاء حیرت انگیز ۔۔۔: سم الفار سفید، سم الفار زرد، سم الفار سرخ، سم الفار سیاہ، زعفران، ہینگ، بیر بہوٹی ہر واحد ایک تولہ، ان سب کو زردی بیضہ مرغ ۶ عدد میں کھرل کرکے گولیاں بقدر کنار دشتی بناکر تیل بذریعہ پتال جنتر نکالیں۔ ۲ قطرہ روزانہ حشفہ و سیون چھوڑ کر عضو مخصوص پر مالش کریں۔ اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھیں۔ صبح کھول کر گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ اگر بعض طبائع میں ثبورات پیدا ہوں تو کمی سختہ لگائیں۔ ۸/۱۰ یوم تک۔

فوائد عضو خاص کی سستی اور کمزوری کو نہایت مفید ہے۔ بغیر آبلہ کے پوری طاقت دے دیتا ہے۔

روغن طلاء بغیر آبلہ ۔۔۔: مالکنگنی، ناگ کیسر، ریگ ماہی، خراطیں، جونک، عروسک، مغز پستہ، مغز چلغوزہ، مغز بادام، عقرقرحا، تخم پیاز ہر واحد ایک تولہ، زعفران، مشک مکد ۶ ماشہ، چربی شیر، چربی ریچھ، روغن سانڈہ، روغن لونگ، روغن دار چینی، ہر واحد چار ماشہ، روغن چنبیلی، روغن کنجد مکد ۵ تولہ، تمام خشک دوائیوں کو کوٹ کر پیس کر چربی اور تیل کے ساتھ ملاکر کھرل کریں۔ تین روز لگاتار گھوٹیں پھر پتال جنتر سے تیل نکالیں۔ اس تیل کو حفاظت سے رکھیں۔

رات کو سوتے وقت اس کی مالش کر کے پان کو گرم کر کے اوپر باندھ دیں پہلے ہی روز اس کا اثر معلوم ہو جاتا ہے۔ مگر دو ہفتہ اس کا استعمال کرنا چاہئے۔ اس سے بلا کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے اور مدت تک قائم رہتی ہے۔ نازک مزاج انسان بھی اس کو استعمال کر کے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کیونکہ اس سے چھالا یا آبلہ نہیں پڑتا۔ ہر موسم میں استعمال ہو سکتا ہے۔

آتشک یا باد فرنگ

کہنہ و جدید نر و مادہ موروثی و متعدی مشترکہ آتشک و سوزاک

اردو نام --- طبی نام --- عربی و فارسی --- ڈاکٹری نام

Syphilis.

آتشک ___ زہری آبلہ فرنگ ___ سفلس

Hard, Changre.

باد فرنگ --- کوفت --- سفلس --- ہارڈ شینکر

برائے آتشک ---: رسکپور مدبر درمولی ۳ ماشہ' جمالگوٹہ ۳ ماشہ' ہلیلہ سیاہ ٦ ماشہ' تربد ٦ ماشہ سب کو کھرل کر کے کوری رکابی میں رات بھر رکھو۔

خوراک ایک تنکہ حلوہ میں۔ مریض کے اندر سے کیڑے نکلیں گے اور تندرست ہو جائے گا۔

آتشک نر و مادہ ---: پہلے مریض کو جلاب دے کر بعد ازاں تین عدد عمدہ تازے موٹے ریٹھے لے کر بھوبھل میں کچے بھٹے کریں۔ پھر دھوپ میں خشک کر کے گٹھلیاں نکال کر چھلکے کا سفوف بنا کر سات پڑیاں بنا کر ایک پڑیہ مکھن میں کھائیں۔ انشاء اللہ تیسرے روز ہی آرام آجائے گا۔ اگر سات پڑیوں سے آرام نہ آئے تو اور سات کھلائیں۔ پرہیز ہر قسم کا پورا رکھیں۔ غذا صرف چوری ہی کھلائیں۔

دیگر ---: اسی طرح اس سفوف کی نخودی گولیاں بھی تیار کر کے استعمال کی جاتی ہیں۔

برائے آتشک ---: جمالگوٹہ ایک چھٹانک' بیلے کی بند کلیاں آدھ پاؤ' رات کو مٹی کے پیالہ میں اول ایک چھٹانک کلیاں پانی میں تر کر کے پیالہ میں پھیلائیں اوپر جمالگوٹہ نیم کوفتہ بچھائیں۔ پھر باقی کلیاں اوپر ڈال کر ایک کپڑا بھگو کر ڈھک دیں اور قدرے پانی چھڑک دیں۔ اور ہوا میں رکھ دیں صبح تک تمام کلیاں کھل جائیں گی۔ جمال گوٹہ پھینک دیں۔ پھول احتیاط سے رکھ لیں۔ مریض آتشک کو ایک پھول سنگھانے سے ایک دست ہو گا دو پھول سے دو دست۔ علیٰ

ہذا القیاس ۔بفضلہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

برائے آتشک ---: شنگرف رومی، مین پھل، برگ کیکر نورستہ، کمد ۱ تولہ، آب لیموں ۸ عدد، اول مین پھل کو باریک کوٹ کر شنگرف میں یکجان کریں پھر برگ ببول ملاکر یکجان کریں۔ پھر آب لیموں میں خوب کھرل کرکے تین ٹکیہ چپٹی بناکر سایہ میں خشک کرلیں۔

اول منہ میں ذرا مسکہ چپڑلیں۔ اور بوقت صبح نہارمنہ ایک عدد ٹکیہ چلم میں رکھ کر خالی از آب حقہ پر رکھ کر کش لگائیں۔ اسی طرح دوسری ٹکیہ بوقت دوپہر اور تیسری بوقت شام کشید کریں۔ غذا صبح بالکل ناغہ کریں۔ بعد دوپہر کے دال اوپر کی۔ روغن زرد خالص ہم وزن ملاکر پکائی ہو۔ معمولی نمک بغیر مرچ کے پیٹ بھر کر نوش کریں۔ اول تو پہلے روز ہی صحت ہوگی۔ ورنہ دوسرے تیسرے دن کا استعمال ہمیشہ کے لئے قہر الٰہی سے نجات دے گا۔ جذم تک نوبت پہنچ گئی ہو تو تین یوم استعمال کریں حقہ سے برآمد شدہ خاکستر زخموں پر ملیں۔ فوراً مندمل ہوں گے۔

برائے آتشک ---: ریتاں سفید ۶ عدد، سندھور ۲ رتی، ریتوں کو رات کے وقت پانی میں بھگوئیں۔ صبح کو اوپر کا چھلکا اتار کر سندھور ۲ رتی ملاکر ۸ گولیاں بنائیں۔

ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی مریض آتشک کو کھلائیں اور اپنے پیشاب میں گھس کر زخموں پر لگائیں۔ غذا صرف روٹی اور گھی کھلائیں۔

سفوف زرد اکسیر آتشک ---: مردار سنگ اصلی زرد رنگ والا سفوف ایک تولہ، مقدار خوراک آتشک کے لئے ۳ ماشہ سفوف کو حسب ذیل طریقہ سے استعمال کریں۔ اول 5.5 تولہ دو گندم کے آٹا کی ٹکیہ بنائیں اور اس میں سفوف ۳ ماشہ بیچ میں رکھ کر دونوں ٹکیوں کے لب ملاکر ہتھیلی برابر روٹی تیار کرکے آگ پر خوب اچھی طرح سے پکائیں۔ بعدہ اس کو باریک کرکے ملیدہ بنائیں۔ گھی اور گڑ ملاکر صبح نہار کھلائیں اوپر سے چھ گھنٹہ بعد پینے کو پانی دیں پہلے پانی ہرگز نہ دیں۔ بعدہ کوئی مناسب غذا کھانے کو دیں۔ اسی طرح سے ۴/۵ روز استعمال کرائیں۔

فوائد آتشک جڑ سے چلا جائے گا۔ شرطیہ دوائی ہے اس کی تصدیق ۱۰ بار ہو چکی ہے۔ زخم پر بھی سفوف چھڑکائیں صدری اور اسراری سو فیصدی مجرب ہے۔

اکسیر آتشک ---: نیلہ تھوتھا تولہ کی ڈلی، پاؤ بھر چھلکا ریٹھوں کا درمیان میں رکھ کر کوزہ میں بند کرکے ۳ سیر اپلہ کی آگ دیں۔ سفید ہوگا۔ مریض آتشک کیسی بھی ردی حالت میں ہو۔ ایک رتی کشتہ بالائی یا مکھن میں دیں۔ پیاس لگنے پر پانی کی بجائے روغن زرد پلائیں۔ پانی ہرگز بھول کر بھی نہ دیں۔ چھ گھنٹے کے اندر درد اور زخم کا نام و نشان نہ رہے گا بارہ گھنٹہ کے بعد پانی پلائیں۔ اس کے بعد کچھ ہلکی سی دوائی کھلائیں۔ ہمیشہ کے لئے نجات ہوگی۔

آتشک قدیم و جدید، سوزاک، ناسور، گھمبیر وغیرہ ---: سم الفار ایک تولہ، دار

چکنا ایک تولہ، رسکپور ایک تولہ، ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ، طوطیا ٦ ماشہ، دانہ الائچی خورد، لونگ مکد ٦ ماشہ ان سب ادویات کو خوب باریک پیس کر عرق لیموں تعدادی ۵۰ عدد میں خوب کھرل کریں۔ اور حبوب نخودی بنا کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔

فوائد:- پرانے سے پرانا آتشک ایک ہفتہ کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ سوزاک اور بواسیر کے لئے بہت مفید ہے۔ ناسور اور گھمبیر کے لئے بھی جادو کا اثر رکھتی ہے۔ ان کے مریض کو چالیس دن کھلانی چاہئے اور گولی پانی میں گھس کر اوپر لگانی چاہئے۔ گوشت میں لال مرچ خوب ڈال کر کھلائیں۔

خوراک:- ایک گولی صبح و شام آم کے اچار جو کہ سرسوں کے تیل میں ڈالا ہوا ہو کے نغدہ میں لپیٹ کر کھلائیں۔

برائے آتشک:- ر-ٹھ کا چھلکا باریک کپڑ چھان کرکے پانی کی مدد سے گولیاں دانہ مسور کے برابر بنائیں۔ ایک گولی روزانہ آدھ رڑ کا ایک پاؤ سے ۱۴ یوم تک کھلائیں۔ دودھ گھی خوب کھلائیں۔ شرطیہ آرام ہوگا۔

اکسیر آتشک:- سم الفار ایک تولہ، رسکپور ٦ ماشہ، دارچکنا ٦ ماشہ، سب کو آب کھٹل بوٹی میں کھرل کرکے دو پیالوں میں جوہر حاصل کریں۔

خوراک:- ایک رتی آم کی چھال میں یا حلوہ میں لپیٹ کر استعمال کریں۔ اگر اس دوا سے کسی مریض کا شرطیہ علاج کیا اور انعام دینے سے انکار ہے تو ایک خوراک کھلا کر سرد پانی سے غسل کرا دیں مرض پھر عود کر آئے گا۔ آتشک کی اکسیر ہے۔

اکسیر آتشک:- رسکپور ٦ ماشہ، جمالگوٹہ مصفی ۲۰ دانہ، تلفل سفید ۱۱/ دانہ، شیر گاؤ ۱۱ تولہ، جملہ ادویات کو کیکر کی سبز لکڑی سے گھوٹ کر خشک کریں اور حبوب نخودی بنائیں۔ بس اکسیر تیار ہے۔

خوراک:- دو گولی ہمراہ مسکہ صبح و شام دیں۔ جملہ عوارضات آتشک کو ایک ہفتہ میں نیست و نابود کر دیتا ہے۔ بڑا اکسیر ثابت ہوا ہے۔

برائے آتشک:- سیماب مصفی ۳ تولہ، سم الفار ۳ ماشہ، چہار اجوائن ہر ایک ۳ تولہ سب کو یکجان کرکے اور لوہے کی ہاون دستہ میں خوب کوٹیں۔ حتیٰ کہ پوری ایک لاکھ ضرب ہو جائے۔ ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کریں۔

خوراک:- ایک گولی گھی بکثرت استعمال کریں۔ خوب ہضم ہوتا ہے۔ ایک ماہ کا استعمال

تمام عمر کے لئے کافی ہے۔ مقوی بدن ہے۔

حب آتشک ---: برگ تھوہر ایک ساڑھے تین ماشہ' ادرک ایک گرہ' جمالگوٹہ ایک عدد فلفل سیاہ دو دانے' سب چیزوں کو باریک پیس کر ایک گولی بنائیں۔ اور مضبوط آدمی کو ایک گولی اور کمزور کو ایک گولی کی تین خوراکیں بناکر تین دن تک پانی کے ساتھ دیں۔ آتشک کے لئے ازحد مفید ہے

بادفرنگ ---: برگ نیم' فلفل گرد' بیخ حنظل ہر ایک ۵ ماشہ' لونگ' الائچی خورد ہر ایک ۴ ماشہ' جمالگوٹہ ۴ عدد' رسکپور ۲ ماشہ' سب کو بکن بوٹی کے پانی میں کھرل کرکے چھاردہ حب تیار کریں۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ مسکہ گاؤ سات یوم تک استعمال کریں۔ غذا کھچڑی مونگ مالیدہ نان بے شیرینی کھلائیں۔ منہ نہیں آئے گا۔ مادہ بذریعہ اسہال خارج ہوگا۔

مرہم شبورات بادفرنگ ---: بان کہنہ چارپائی خاکستر کردہ ۹ ماشہ' ۹ ماشہ' پوست پیاز خاکستر ۶ ماشہ' برگ نیم خشک ۶ ماشہ' موم سفید ڈیڑھ تولہ' سبوت ۶ ماشہ' روغن کنجد نیم پاؤ۔ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ پیس کر روغن کنجد اور موم ملاکر کھرل کریں۔ حتیٰ کہ لیسدار قوام مرہم ہو جائے۔ شبورات پر لگائیں۔

اکسیر آتشک خالص الخاص ---: رسکپور' دار چکنا' قرنفل ہر ایک تولہ' ہرسہ کو لوہے کے کھرل میں ڈال کر لوہے کے دستہ سے گھوٹیں۔ جب خوب باریک ہو جائے تو تھوڑا تھوڑا بکری کا دودھ ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ یہاں تک کہ دو سیر دودھ جذب کرائیں۔ اور گولیاں بقدر کنارشتی تیار کریں۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام حلوے یا کسی اور مرغن چیز میں لپیٹ کر استعمال کرائیں۔

نوٹ: آتشک کے علاج سے پہلے کسی تیز مسہل کا دے لینا ضروری ہے۔

برائے آتشک ---: ہلیلہ زنگی' پوست ہلیلہ زرد' پوست ہلیلہ کابلی' اجوائن دیسی' اجوائن خراسانی' کتھ سفید' لونگ کلاہ دار' زرد کوڑی سوختہ' مرچ سیاہ' مردارسنگ' سنگ جراحت' دانہ الائچی کلاں' عقرقرحا' گل سپاری ہر واحد ایک تولہ' نیلا تھوتھا بریاں ۳ ماشہ سب کو نہایت باریک کوٹ کر کپڑ چھان کریں۔ اور لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر کاغذی لیموں کا ڈیڑھ پاؤ عرق جذب کریں۔ ایک ڈنڈا نیم کی لکڑی کا لے کر اس کے منہ میں تانبہ کو موٹا پیسہ لگاکر کڑاہی میں عرق لیموں سے گھوٹنا شروع کریں۔ جب گھوٹتے گھوٹتے گولی بنانے کے قابل ہو جائے تب جھڑبیری کے بیر جتنی گولیاں بنالیں۔ اور دھوپ میں خشک کریں۔ ایک گولی صبح ایک شام تازہ پانی کے ۳ گھونٹ کے ساتھ نگلوا دیا کریں۔ ساتھ قبض کشا سفوف کا استعمال رکھیں۔ چودہ روز میں فائدہ

ہوگا۔ بعض کو یہ دوا چار ہفتہ بھی کھانی پڑتی ہے۔ نیا اور پرانا آتشک بغیر کسی تکلیف کے رفع ہو جاتا ہے۔ بدن سے داغ دھبے سب دور ہوں گے۔ سرخ مرچ، گڑ، تیل، ترشی، مچھلی، گوشت، شراب، مونگ کی دال سے پرہیز کریں۔ گندم کی روٹی، جو یا چنے کی روٹی اڑد اور مسور چنے کی دال، کدو، توری، آلو، گاجر کی تیری ۵ تولہ یا اس سے کم گھی ڈال کر خاص خوبی اس دوا کی یہ ہے کہ اولاد پر آتشکی مادہ کا اثر نہیں پڑتا۔

دیگر ـــ: سیماب ۶ ماشہ، ورق نقرہ ۲۰ عدد، سحق کر کے ۶ گولیاں بنالیں۔ عرق برگ پان سبز ۱۵ عدد، نمک لاہوری پسا ہوا، ایک ماشہ علیحدہ رکھیں۔ ایک گولی مریض اپنے ہاتھ پر رکھے قدرے عرق پان گولی پر ڈالے اور قدرے نمک کو پھر دونوں ہاتھوں سے خوب ملیں۔ جب گولی ہاتھ میں جذب ہو جائے بس کریں۔ یہ عمل چھ روز کریں کیسا ہی مزمن مرض ہو۔ آرام ہوگا۔ غذا نان نخود بلا نمک۔

برائے آتشک و جذام ـــ: سم الفار ۲ تولہ، دار چکنہ، شنگرف رومی مکد ایک تولہ، سب کو عرق لیموں کاغذی میں کھرل کر کے جوہر اڑائیں۔ اور ایک چاول بالائی میں رکھ کر یا لپیٹ کر کھلائیں۔

آتشک کا ایک روزہ علاج ـــ: پوست ریٹھہ ۲۰ تولہ، کی نغدی میں ۴ تولہ طوطیا رکھ کر ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ ہوا سے بچا کر دیں۔ کشتہ سفید تیار ہوگا۔

خوراک ـــ: ایک چاول روغن زرد کے ہمراہ بوقت شام دیں جب پیاس معلوم ہو تو گھی پلائیں۔ دوسری شام تک کھانا اور سونا سخت منع ہے۔ ورنہ ہلاکت کا خطرہ ہے۔ تمام زخم خشک ہوکر بدن کندن کے موافق ہو جائے گا۔ جس مریض کو دوا دی جائے طبیب کو چاہیئے کہ خود اس کی نگرانی کرے۔

برائے آتشک ـــ: دار چکنہ ایک ماشہ، تخم حب السلاطین ۸ عدد، ہلیلہ خورد ۸ عدد، ہرسہ ادویہ بغیر مدبر کئے ۳ گھنٹہ کھرل کر کے ۱۲ حبوب تیار کریں۔ اور مریض کو ایک گولی صبح اور ایک بارہ بجے کھلائیں۔ دودھ گھی جس قدر پی سکے پلائیں۔ ایک ہفتہ میں بغیر کسی تکلیف کے صحت ہوگی۔

برائے آتشک ـــ: ایک تولہ رسکپور، مرچ سفید ۴ دانہ، شیربز ایک پاؤ کے قدر میں کانسی کے تھال میں کانسی کے برتن رگڑیں، نیلگوں ہونے پر گولیاں بقدر کوکن بیر سے بڑی تیار کریں۔

ایک گولی صبح ایک شام کو ہمراہ حلوہ لپیٹ کردیں۔ دو چار یوم کے بعد وقفہ کریں۔ پھر کل

دس بارہ گولی کھانے کے بعد مکمل صحت ہوگی۔

غذا ـــ: دال مونگ، پھلکا کھلائیں۔

اکسیر آتشک ـــ: دار چکنا، رسکپور، شنگرف، ہم وزن لے کر ایک مینڈک کلاں برسائی زرد رنگ کے پیٹ میں بھر کر سی لیں۔ اور گل حکمت کر کے ۱۰ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کشتہ نکال لیں۔ اگر آگ پر دھواں دے تو ایک اور مینڈک میں بند کر کے دوبارہ بدستور آگ دیں۔

خوراک ایک رتی گوشت مصالحہ دار جس میں گھی ایک پاؤ ڈالا گیا ہو۔ ملا کر کھلائیں۔ اور قدر کا تماشہ دیکھیں۔ کہ ایک ہفتہ میں گلا سڑا مریض کندن کی طرح صاف ہو جائے گا۔

اکسیر آتشک ـــ: چہار اجوائن ۲ تولہ، رسکپور ۳ ماشہ، گندھک ۳ ماشہ، پارہ ۳ ماشہ، پہلے گندھک و پارہ کی کجلی بنائیں۔ پھر رسکپور ڈال کر کھرل کریں۔ اس کے بعد اجوائن کی آہنی کھرل میں مثل سرمہ کر کے مذکورہ بالا ادویات میں ملا کر بذریعہ شہد خالص حبوب نخودی تیار کریں۔

خوراک ـــ: ایک گولی روزانہ اور ایک گولی لعاب دہن سے حل کر کے زخموں پر لگائیں۔ غذا میں نخودی (بیسنی روٹی) اور گھی دو ہفتہ تک استعمال کریں۔ ہاں ان کے استعمال سے پہلے جلاب لینا نہایت ضروری ہے۔

حبوب آتشک ـــ: کمیلہ، رسکپور، کتھ سفید، قرنفل، چھالیہ (سپاری) طوطیا سبز، الائچی سبز، مردار سنگ، سب ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور گائے کے دہی میں کانسی کے دستہ سے چار پہر تک خوب کھرل کریں۔ جب گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو گولیاں نخودی تیار کریں۔ ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔ آتشک کے لئے پہلے قوی مسہل دینا بہتر ہے۔

آتشک میں ریٹھا ـــ: ریٹھے کا چھلکا ۵ تولہ، لیموں کا رس ۱۰ تولہ، دونوں کو کسی تانبہ کے برتن میں ڈال کر دھوپ میں خشک کریں۔ اور یہی عمل تین دفعہ کریں۔ بعد ازاں خوب کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ۔

مرہم آتشک ـــ: سندھور، مردار سنگ، کتھ سفید ہر ایک ۳ ماشہ، نیلہ تھوتھا ۳ ماشہ، سپاری سوختہ ایک عدد، کوڑے سوختہ ایک عدد سب کو باریک پیس کر روغن گاؤ میں ملا کر مرہم بنالیں۔ بوقت ضرورت پھاہیہ پر لگا کر ذرا گرم کر کے لگائیں۔ چند دنوں میں شفا ہوگی۔ مجرب ہے۔

سوزاک

اردو نام — طبی نام — ڈاکٹری نام
سوزاک — سوزاک — گنوریا

Gonorrhoea سیلان زہری

علاج مشترکہ —: رسونت، مردار سنگ، بل کتھ، پھٹکڑی سفید، نسپال، سپاری کاٹھی، نمک سیاہ، مازو ہر واحد ایک تولہ (اگر مرض بہت سخت ہو تو) تور سکپور، سرد چینی ۳/۳ ماشہ بھی شامل کرلیں ان، تمام دواؤں کو کھرل کرکے ۲ رتی دوائی عورت اپنی شرمگاہ میں رکھے اور دو چاول کے برابر مرد اپنے سوراخ عضو (احلیل) میں رکھے اور پھر دونوں ———— بعد فراغت عرق کے پانی سے اپنے مقامات کو دھو ڈالیں- یہ دوائی اس وقت استعمال کرائیں- جبکہ بیوی اور خاوند دونوں کو سوزاک ہو- اس طلسمی دوائی کے صرف ایک روز کے استعمال سے اس موذی مرض سے نجات مل جاتی ہے- عجیب نسخہ ہے-

دیگر —: نیلا تھوتھا ۲ ماشہ، پوست ہلیلہ ۵ ماشہ، پوست بھیڑہ ۳ ماشہ، برگ حنا ۳ ماشہ، پوست آملہ ۵ ماشہ، پھٹکڑی بریاں ۲ ماشہ، رات کو آب میں تر کریں- اور صبح کو مل صاف کرکے حفاظت سے رکھیں- دن اور رات میں تین دفعہ پچکاری کریں-

اکسیر سوزاک —: ایک تولہ پھٹکڑی کو آگ پر کھیل کرلو- موٹی موٹی مولیاں چار عدد لے کر ان کا عرق نکال کر پھٹکڑی اس میں ڈال کر خوب کھرل کریں- عرق کم ہو تو اور نکال لیں- جب اچھی طرح کھرل ہو جائے- تو گولیاں بقدر نخود تیار کریں-

کچے دودھ کی لسی سے ایک ایک گولی صبح دوپہر و شام کھالیا کریں- کہنہ و جدید سوزاک جڑ سے چلا جاتا ہے- بےضرر نسخہ ہے-

برائے سوزاک —: پوست ریٹھہ، جوکھار، قلمی شورہ، طباشیر، دانہ الائچی معہ پوست، پوست بیخ مدار ہر ایک ۶ ماشہ، بروزہ مصفی ۹ ماشہ، روغن صندل اس قدر کہ مرہم بن جائے-

خوراک —: ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری

سوزاک کا ایک روزہ مجرب علاج —: روغن صندل، الائچی سبز معہ پوست، لوبان کوڑیہ ہر ایک ۲ ماشہ، تخم بھنگ ۳ ماشہ پہلے گوشت خوب مرچ ڈال کر مریض کو کھلائیں- یہاں تک کہ بدن میں سرگرمی معلوم ہو وے- تب مذکورہ ادویہ ایک خوراک کھلائیں یہ سب ایک خوراک ہے-

خوراک کا مجرب علاج —: اسبغول ایک روپے کا لے کر ایک سیر دودھ میں کھیر

پکائیں- چار حصہ کرکے چار تھالیوں میں ڈال کر شبنم میں رکھیں اوپر الائچی خورد ۴ ماشہ طباشیر باریک کرکے چھڑک دیں اور چار دن کھائیں- مگر چار یوم شبنم پڑی رہے- اور پانی کے گھڑے میں کتھ ملاکر رکھیں اور وہ پانی پیا کریں- بعض لوگ صرف گاچنی مٹی کا نتھرا ہوا پانی ہی پیتے ہیں- بڑی اچھی چیز ہے-

اکسیر سوزاک ---: سنگجراحت ۲۰ تولہ' گل مدار کونپل شاخ نورستہ ۲۰ تولہ کے درمیان سنگجراحت دے کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے ۱۰ سیر اپلہ کی آگ دیں- سرد ہونے پر نکال لیں- اور بھنگڑی ایک پاؤ پھول کرکے باہم ملاکر کھرل کریں- گیرو' سندھور' بیکانری ڈیڑھ تولہ ملاکر پھر کھرل کریں- خوراک ۲ تا ۴ رتی بالائی یا مکھن میں دیں- یہ انسانی خوراک ہے ہفتہ عشرہ میں آرام آجائے گا- سوزاک کہنہ و جدید کا شافی علاج ہے- حیوان کے ناسور (سوک) کو بھی مفید ہے- ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک آرد یا جوار میں ملاکر دیں-

دوائے سوزاک ---: شورہ قلمی ۱۲ تولہ' گندھک آنولہ سار ایک تولہ' دونوں کو مٹی کے کورے برتن میں ڈال کر کوئلوں کی آنچ پر رکھیں- جب شورہ مشتعل ہوکر ساکن ہو جائے- اور دونوں چیزیں پانی کی مانند ہو جائیں- تانبے کے قلعی دار برتن میں ڈالیں منجمد ہو جائے گا- یہ منجمد شورہ اور گل ارمنی' بھنگڑی بریاں' مصری چاروں ہم وزن لے کر سفوف بنائیں اور کپڑے سے چھان کر رکھیں-

یہ سفوف ۹ ماشہ دودھ کی لسی کے ہمراہ برائے سوزاک بہترین ہے-

اکسیر قرح و سوزاک ---: اول مریض کو چار بجے شام بکرے کا گوشت حسب خواہش لے کر گھی میں بھون کر خوب گرم مصالحہ ڈال کر لال مرچ زیادہ ڈال کر پکائیں- مرچیں اتنی ہوں کہ بدن میں آگ لگ جائے- یہ گوشت شکم بھر کر کھلائیں- ایک آدھ گھنٹہ بعد لوبان کوڑیہ کم از کم ۵ ماشہ زیادہ سے زیادہ ایک تولہ باریک کرکے روغن صندل کم از کم ۶ ماشہ زیادہ سے زیادہ ایک تولہ میں ملاکر سب کی ایک خوراک ہمراہ شربت بزوری یا دودھ سے ویسے ہی مریض کو کھلائیں- دو تین گھنٹہ تک پانی ہرگز نہ پینے دیں- انشاء اللہ ایک خوراک سے آرام ہوگا- پیپ اور ٹیس کو آرام آئے گا- اگر ایک خوراک سے فائدہ نہ ہو تو ایک دن کا وقفہ دے کر ایک خوراک اور استعمال باطریق بالا کریں- تین خوراک تک استعمال کرسکتے ہیں- اگر مرض بہت پرانی ہو تو ادویہ ذیل کی پچکاری بھی ساتھ کریں-

نسخہ پچکاری ---: مہندی' برگ نیم' ہلیلہ زرد' رسوت مکد ایک تولہ ایک بوتل پانی میں جوش دے کر پن چھان کر پچکاری کریں- اگر نسخہ بالا کے استعمال سے قے آنے کا احتمال ہو تو ناک بند کرکے دوائی کھائیں- اور الائچی وغیرہ چبا کر ناک کو چھوڑ دیں- ورنہ خوشبو دماغ کو چڑھ

جائے گی۔ اگر قے ہو جائے تو بھی مفید ہے۔ تین چار حدسات خوراک سیں صحت ہوگی۔ صبح کو پانی سے خوب نہلائیں۔ یہ ایک خوراک قوی آدمی کے لئے ہے۔

دیگر ـــ: سہ پہر کو روغنی روٹی کھلا کر شب کو سوتے وقت ایک تولہ روغن صندل ۶ ماشہ لوبان کوڑیہ' ناک بند کر کے چبائیں۔ سوزاک جڑھ سے چلا جائے گا۔

اکسیر سوزاک ـــ: شکر سرخ ۳ تولہ' شراب برانڈی ۵ تولہ' روغن صندل ۲ تولہ' روغن گاؤ ۲ تولہ' سب کو مخلوط کریں۔ تیار ہے۔ تمام کی دوا آٹھ خوراک بنائیں۔ ہر چار گھنٹہ کے بعد ایک خوراک ہمراہ شربت مصری دیں۔ دو یوم میں آرام آئے گا۔ سوزاک کہنہ ہو یا جدید رفع ہو گا۔

دیگر ـــ: روغن صندل ایک تولہ' سپرٹ ریکٹا فائیڈ ایک تولہ' ہر دو کو ایک بوتل میں جو چوبیں اونس کی ہو۔ میں ڈال کر حل کریں۔ تمام دوا دو دن میں ختم کریں۔ پیپ و جلن اور ٹیس وغیرہ کو ایک دن میں آرام دیتا ہے۔

برائے قرحہ کہنہ ـــ: گیرو' سنگجراہت' بھنکڑی' ہلدی' سب کو ہم وزن سفوف بنائیں۔ بقدر ۴ ماشہ ہمراہ دودھ کی لسی' سوزاک کی ہر حالت میں مفید ہے۔ ایک ہفتہ میں صحت ہوگی۔

برائے سوزاک ـــ: روغن صندل ۸ ماشہ' روغن کباب چینی ۸ ماشہ' روغن بلسان ۶ ماشہ' سب کو ملا کر ۱۵/۱۵ قطرہ صبح و شام بتاشہ یا کیپسول میں ڈال کر کھلائیں۔ پرہیز۔ سرخ مرچ' کھٹائی' گوشت' نہ کھائیں میٹھا جس قدر زیادہ پئیں بہتر ہے۔

پچکاری سوزاک ـــ: بھنکڑی ۳ ماشہ' طوطیا ۲ ماشہ' برگ حنا ۶ ماشہ' رسوت ایک تولہ ہلیلہ ڈیڑھ تولہ' عرق برگ نیم ۳ تولہ' سب کو مٹی کے برتن میں تین یوم تر رکھیں۔ پھر زلال لے کر اس کی پچکاری کریں۔ تین یوم میں فائدہ ہو گا۔

برائے سوزاک ـــ: روغن صندل ایک اونس' لیکوار پوٹاسی ایک اونس' سپرٹ ایتھر نائیٹروسی ایک اونس' سپرٹ ریکٹیفکٹن ایک اونس۔ ٹنکچر کارڈیم نصف اونس۔ سب کو ملالیں۔

خوراک ـــ: ایک چمچہ چاء بھر ایک وائن گلاس بھر کر پانی کے ہمراہ دن میں دو تین مرتبہ دیں۔

پرہیز ـــ: تیل' مرچ' ترشی' گھوڑے کی سواری وغیرہ اگر اس کے ساتھ کوئی پچکاری مثلاً انجکشن آف میٹیکویا زنک لوشن وغیرہ کی بھی کی جائے تو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔

برائے سوزاک ـــ: نیلا تھوتھا خام ۱ رتی' گیرو ۱ رتی' باریک کر کے تین پڑیاں بنالیں۔

بھینس کا دودھ دوھ کر ابھی زمین پر نہ رکھا گیا ہو۔ جھاگ موجود ہو اور گرم ہو۔ ایک لیموں نچوڑ کر اور پڑیہ کھاکر فوراً پی لو۔ زخم پیپ وغیرہ تمام شکائتیں دور ہوں گی۔ اگر قے بھی ہو جائے تو بھی بہتر ہے۔ اس نسخہ میں بھنگڑہ کا ابھی اضافہ کرلیا جائے تو بہتر ہے۔

برائے سوزاک ـــــ: رسکپور ۵ تولہ' کافور ۵ تولہ' شراب برانڈی ایک بوتل میں کھرل کرکے قرص بٹن نما بناکر کوری ہانڈی میں جوہر حاصل کریں۔

خوراک ـــــ: تین چاول ہمراہ بالائی یا مکھن کے دیں۔ چار پانچ گھنٹہ بعد پیشاب بے قرار کرے گا۔ اب پوٹاسی پر مگناسی محلول کی پچکاری کریں۔ فوراً قرحہ بہ کر صاف ہوگا۔ دوسرے دن دوائی ہی دینے کی ضرورت نہیں رہتی۔

برائے سوزاک ـــــ: رال سفید' طباشیر' الائچی خورد' روغن صندل مکد ۶ ماشہ' جوکھار' زیرہ سفید' مازو سبز' لوبان کوڑیہ' مکد ۴ ماشہ' باریک سفوف کرکے روغن صندل مذکور میں آمیز کریں۔

خوراک ـــــ: تین ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۴ تولہ کے دیں۔

اکسیر سوزاک ـــــ: جاوتری پونے دو ماشہ' کشنیز خشک پونے چار ماشے' زعفران ۶ ماشہ ان تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

نوٹ: ان ادویات کو الگ الگ تیار کرکے ملائیں۔

ترکیب استعمال ـــــ: ناریل سالم سبز تین عدد لے کر پانی میں دو تین جوش پکا کر گرم پانی سے نکال کر تین روز تک ناریل کو ٹھنڈا کرکے اسی رات کو ایک ناریل کو لے کر منہ بناکر مذکورہ سفوف تیسرا حصہ ناریل کے منہ میں ڈال کر تھوڑا ہلاکر اسی تنہ سے بند کرکے شبنم میں رات بھر رکھ کر علی الصباح نہار پیٹ بیمار کو استعمال کرائیں۔

غذا ـــــ: سوائے مونگ اور چاول کی کھچڑی اور گھی گائے کے اور کوئی چیز نہ کھائیں۔ اگر زیادہ پیاس لگے تو گائے کا دودھ یا سبز ناریل کا پانی بے جوش دیئے پی سکتے ہیں۔ سوائے مذکورہ غذا کے اور کچھ تین روز تک استعمال نہ رکیں۔ ساتویں روز کم خرچ اور کم کھٹائی کا کوئی بھی پکوان استعمال کرسکتے ہیں۔

نوٹ: مذکورہ ناریل سبز تین عدد جو جوش دیئے ہیں۔ وہ بالکل پختہ نہ ہوں۔ بلکہ اندر پتلی سی ہو ایسا ہو کہ استعمال کے قابل ہو۔

برائے سوزاک ـــــ: سنگجراحت' بھنگڑہ' گیری' ہم وزن سفوف کریں۔ نصف تا ۲ ماشہ

تک ہمراہ کچی لسی یا دہی کے صبح و شام استعمال کریں۔

دیگر ---: گیرو، بھنگڑی ہم وزن کھرل کرکے قند سیاہ برابر ملاکر ۳ ماشہ شربت بزوری سے دیں۔ سوزش بول، سوزاک جدید کو مفید ہے اور خاص کر ریم کو روکتا ہے۔

سوزاک کی لاجواب دوا ---: کسی انگریزی دوا فروش سے لیجئے۔ کینیس انڈیکا۔ یہ ہندوستانی بھنگ کا محلول ہے۔ پانچ چار تولہ لے لیں۔ اور تازہ پانی میں پانچ سات قطرے پلائیں۔ سوزش بول اور ابتدائی حالات سوزاک میں مجرب ہے۔ جب پیشاب کی جلن بند ہو جائے۔ تو بعد میں کوئی اور مناسب دوا استعمال کرائیں۔ یا مندرجہ ذیل ہی کرائیں۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۳ گرین۔ سوڈا بائیکارب ۶ گرین، ٹنکچر کنے بس انڈیکا ۶ منم، سپرٹ ا ستھر ٹائیروسائی ۱۸ منم، آب مقطر ایک اونس۔ یہ نسخہ سوزاک کے لئے بہتر چیز ہے۔

سوزاک و آتشک ---: سم الفار سفید ایک تولہ کو ایک بڑے مینڈک کے پیٹ میں بھر دیں۔ پھر اس کو کوزہ گلی میں بند و گل حکمت کرکے ۱۰ سیر اپلہ کی آنچ دیں۔ دوا پونے چرنکا مینڈک کے پیس لیں۔ ایک دو چاول مکھن یا بالائی میں رکھ کر نگلوائیں۔ سوزاک کے لئے قلمی شورہ ۳ ماشہ جوکھار ۳ ماشہ، نوشادر ۴ چاول کے سفوف میں ایک چاول دوا مذکورہ ملاکر دودھ کی لسی سے دیں۔ یہ نسخہ آتشک سوزاک دونوں کے لئے ہے۔

دوائے محلول برائے سوزاک ---: آب باراں ایک بوتل، صمغ عربی (گوند کیکر ۳ تولہ، روغن بادیان یعنی (روغن سونف) ایک تولہ، روغن صندل خالص سوا ایک تولہ، بھنگڑی بریاں، پونے دو تولہ، کباب چینی ۲ تولہ، طین قیمولیا (گل قیمولیا) ۲ تولہ۔

اول روغن صندل اور روغن بادیاں کو قدرے پانی میں داخل کرکے یا کسی بوتل میں ڈال کر اچھی طرح جھٹکا دے کر ملائیں تاکہ یکجان ہو جائے بعد ازاں دوسرے اجزاء شامل کرکے دھوپ میں رکھ دیں۔ یہ دوا چار روز کی ہے۔ روزانہ صبح دوپہر شام کے وقت پی جائیں۔ اور حسب ضرورت استعمال جاری رکھ جائے۔ دیرینہ سے دیرینہ کا سوزاک کا قلع قمع کرنے میں اکسیر ہے۔

سوزاکین ---: روغن صندل خالص ۶ ماشہ، شراب برانڈی ۲ تولہ، آب کشنیز سبز ۱۰ تولہ، تینوں ادویہ کو باہم ملاکر رکھیں۔ ایک تولہ صبح ایک تولہ دوپہر ایک تولہ شام کے وقت پلائیں۔ اگر آب کشنیز سبز میسر نہ آسکے تو دھنیا خشک پانچ تولہ کو تیس تولہ پانی میں رات کے وقت بھگو رکھیں۔ صبح کے وقت جوش دیں۔ جب تہائی پانی باقی رہے۔ دوا مذکور میں ملاکر استعمال کرائیں۔ یہ عرق سوزاک کہنہ و جدید کے لئے نہایت مفید ہے۔ اور بارہا کا مجرب ہے۔

سوزاکین ---: مازو سبز ایک تولہ، کتھ سفید ۲ تولہ، طباشیر سفید ۶ ماشہ، کشتہ مرجان ساڑھے

چار ماشہ سب کو باریک پیس کر روغن صندل خالص تین تولہ ملا کر سات حصے کریں۔ ایک حصہ کھلا کر اوپر سے چار تولہ شربت بزوری پلائیں۔ اگر دست آئیں تو شیرہ مغز بادام شیریں سات عدد پانی میں نکال کر مصری ۲ تولہ سے شیریں کر کے پلائیں۔ سوزاک کہنہ و جدید کے لئے معمول و مجرب ہے۔

برائے سوزاک ــــ: پتھر کا کوئلہ ۲ تولہ کپڑ چھان کر کے ڈیڑھ پاؤ پانی میں رات کو مٹی کے برتن میں بھگوئیں۔ صبح اس کا آب زلال لے کر شکر خام ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ اسی طرح صبح کو بھگویا ہوا پانی شام کو پلائیں۔ نئے سوزاک کو پہلے ہی دن سے فائدہ ہونا شروع ہو جائے گا۔ سات یوم میں پورا آرام آجائے گا۔

برائے سوزاک ــــ: نئے سوزاک کے لئے جبکہ پیشاب نہایت درد اور جلن اور رکاوٹ کے ساتھ آتا ہو مفید ہے۔ بقدر ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی یا کاڑھا کلتھی کے دیں۔ سنگجراحت، حجر الیہود، پوٹاشیم کاربونیٹ، تینوں اشیاء برابر وزن لے کر سفوف تیار کریں۔ اور مندرجہ بالا طریقہ سے استعمال کریں۔

برائے سوزاک و جریان ــــ: برگ سدا سہاگن رات کو پانی میں تر کر کے علی الصباح مل چھان کر ۲/۳ پتاشہ ملا کر پئیں۔ گرم اشیاء سے پرہیز رکھیں۔ مجرب ہے۔

حب سوزاک ــــ: سوزاک چاہے نیا ہو یا پرانا ہو سب کے لئے مفید اور سو فیصدی مجرب نسخہ ہے جو کبھی خطا نہ ہوگا۔ برگ تما آدھ سیر اس کو دن رات پانی میں بھگوئیں۔ صبح کو مل چھان کر اس میں پھٹکڑی سفید تولہ باریک پیس کر کے اس میں شامل کریں اور لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جب قوام گولیاں بنانے کے قریب ہو اتار کر نخودی گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ بالائی وغیرہ پانچ تولہ کے کھلائیں۔ اور کبھی کبھی عرق اتار بھی پی لیا کریں۔ نیز ضیق النفس کے لئے از حد مفید ہے۔

برائے سوزاک ــــ: طباشیرہ نقرہ ۲ ماشہ، الائچی خورد، سرد چینی، زیرہ سفید، کتھ سفید، گیرد براده صندل، رال، ست لوبان، کبابہ، ہر واحد ۳ ماشہ، ست بہروزہ ۶ ماشہ، تخم کنب ایک ماشہ، قلمی شورہ ۶ ماشہ، سندرس ۲ ماشہ، جوکھار ۶ ماشہ سب کو سفوف بنائیں۔ مصری کالپی ۵ تولہ، سب ادویات کو کوٹ کر چودہ پڑیاں بنالیں ایک پڑیہ صبح ایک شام ہمراہ شیربز ایک ہفتہ میں صحت ہوگی۔ پرہیز ترشی، تیل، بادی اشیاء لال مرچ

حب سوزاک ــــ: برگ تمباکو تلخ کشیدنی ۴۵ تولہ، پانی نصف سیر میں رات کو بھگو کر صبح مل چھان کر اس میں پھٹکڑی سفید ایک تولہ کا سفوف ملا کر آہنی کڑاہی یا کڑچھی پر رکھ کر نیچے

آگ جلائیں۔ جب قوام گولیاں بننے کے قابل ہو اتار کر نخودی گولیاں تیا کریں۔ ایک گولی ہمراہ بالائی یا مکھن پانچ تولہ کے کھائیں۔ اور کبھی کبھی انار ترش بھی کھایا کریں۔ ایک ہفتہ میں پرانے سے پرانہ سوزاک رفع ہوگا۔ نیز ضیق النفس کے لئے از حد مفید ہے۔

نوٹ: اگر غشیاں وغیرہ عارض ہو تب شربت انار پلائیں۔ سوزاک کہنہ و جدید کے لئے ۹۰ فیصدی مجرب ہے۔

اکسیر سوزاک ---: رسکپور ایک تولہ، مشک کافور ۲ تولہ، شراب برانڈی ۱۰ تولہ، ادویات کو پیس کر شراب تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔ پھر مٹی کے پیالہ میں ڈال کر اوپر پیالہ اوندھا کر جو بالکل اس کے برابر ہو اس کے منہ پر رکھ کر مضبوطی سے سمینٹ کرکے خشک کرلیں اور چولھے پر چڑھا کر حسب دستور جوہر تیار کریں۔ پون رتی سے آدھ رتی تک کیپسول میں بند کرکے نگلوائیں۔ پرانے سے پرانا سوزاک کو بیخ و بن سے اڑا دیتا ہے۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے مکمل صحت ہوگی۔

اکسیر کریم ---: ہلدی عمدہ کی ایک گرہ لے کر رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح نکال کر خوب گھوٹیں اور ایک گلاس پانی میں ڈال کر چھان کر پی لیں۔ چوتھے دن اثر شروع ہوگا۔ گیارہ روز میں سوزاک کا صفایا ہو جائے گا۔

دیگر ---: کاجل برائے سوزاک جوان بھینس کے سینگ کا برادہ کسی کپڑے میں رکھ کر بطور بتی کے بنا کر سرسوں کے تیل کے ہمراہ چراغ میں جلا کر اس کا کاجل حاصل کریں۔ دوا تیار ہے۔ پہلے ایک ہفتہ اندری جلاب پلائیں اور ایک روز کا وقفہ کرکے رات کے وقت یہ کاجل آنکھوں میں لگائیں اور چار گھڑی شمع، یا چراغ کے سامنے بیٹھ کر اسے غور سے دیکھتے رہیں۔ پھر سو جائیں صبح پیشاب بکثرت جاری ہو کر آرام ہو جائے گا۔

پچکاری برائے سوزاک مزمنہ ---: جب سوزاک عرصہ تک اچھا نہ ہو تو اس کے واسطے مفید علاج پچکاری ہے۔ نائیٹریٹ آف سلور (یہ چاندی کے تیزاب کافور انگریزی دوا فروشوں سے مل جاتا ہے)۔ ایک گرین یعنی نصف رتی پانی ۳ ڈرام میں ملا کر صبح دوپہر اور سوتے وقت پچکاری کریں۔ ہفتہ عشرہ میں کلی صحت ہوگی۔ جماع گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔

برائے سوزاک کہنہ و جدید ---: سلاجیت، ست گلو، ست بیروزہ، دانہ الائچی خورد، کتھ سفید، طباشیر، سوڑیاں سب ہم وزن سفوف کرکے ہر روز ایک درم کھلائیں۔ سوزاک کے لئے اکسیر صفت ہے۔ سوزاکی جلن ایسی بھاگتی ہے جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔

برائے جریان و سوزاک ---: رال ۵ تولہ کو بھیڑ کے دودھ سے تر کریں۔ اور سایہ میں

خشک کریں اسی طرح دو تین بار تر و خشک کریں پھر اس میں ست اسبغول ۵ تولہ، تخم تمر ہندی ۵ تولہ، کھانڈ دیسی ۱۰ تولہ، سب کا باریک سفوف بنالیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ شربت بزوری دیں۔ جریان جو سوزاک کی وجہ سے ہو۔ بہت جلد رفع ہو گا۔

برائے سوزاک ہر قسم ۔۔۔: بھنگڑی بریاں ۶ ماشہ، بھنگڑی خام ۶ ماشہ دونوں کو پیس کر حفاظت سے شیشہ میں رکھ لیں۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ خیساندہ برگ حنا، برگ حنا کو رات کو ایک برتن میں جو آب نادیدہ ہو میں رکھ کر اور صبح اس کا پانی لے کر پہلے پڑیہ منہ میں ڈال کر اور پھر پانی مذکور نوش کریں۔

سوزاک ایک خوراک ۔۔۔: کیسا ہی کہنہ سوزاک ہو۔ صرف ایک خوراک کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ عوارضات سوزاک کا بھی قلع قمع ہو جاتا ہے۔ یہ ایک ہومیوپیتھک دوا بارہا کی تجربہ شدہ ہے۔ کنے بس سٹائیو نمبر ۱۰۰۰۰۰۰ کی ایک گولی نمبر ۲۰ ملی تھوڑے ر یکٹی فائیڈ سپرٹ میں حل کر کے نیم گرم دودھ ایک چھٹانک میں ملا کر پلائیں۔ ۲ گھنٹہ تک کچھ کھانے کو نہ دیں۔ اس کے بعد کوئی پرہیز نہیں۔